بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تعلیمات نبویہ

ترتیب:
محمد کریم سلطانی

الجزء الخامس

ناشر:
مکتبہ صبحِ نور

جامعہ ریاض العلوم مسجد خضریٰ فیصل آباد

# تعلیمات نبویہ

## (الجزء الخامس)

تالیف

محمد کریم سلطانی

ناشر

مکتبہ صبح نور

جامعہ ریاض العلوم مسجد خضراء فیصل آباد

فون: 041-8730833-34

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | تعلیمات نبویہ (الجزء الخامس) |
| تالیف | محمد کریم سلطانی |
| اشاعت | اوّل ۲۰۰۶ء |
| کمپوزنگ | صبح نور کمپیوٹرز |
| ناشر | مکتبہ صبح نور |
| تعداد | |
| قیمت | |


marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Marfat.com

# مریض کی عیادت

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى اِمَامِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ. اَمَّا بَعْدُ:۔

عیادت مریض کے سلسلہ میں چند احادیث مبارکہ مع ترجمہ پیش خدمت ہیں اور اس سلسلہ میں مریض کے اجر وثواب کے بارے میں بھی چند احادیث مبارکہ ذکر کی گئی ہیں۔

یہ ترجمہ، وتوضیح سیدی وابی حضور فقیہ عصر مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم کے افادات کا مجموعہ ہیں اس میں جو خوبی وکمال ہے وہ حضور سیدی وابی زید مجدہ کا ہے اور اس میں جو نقص، کمی اور کجی ہے وہ میری کوتاہی اور بے علمی کا نتیجہ ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے حسنات کو قبول فرمائے اور سیئات سے درگزر فرمائے اور زندگی کے جتنے سانس باقی ہیں اپنی رضا میں بسر کرنے کی سعادت ارزانی فرمائے۔

محمد کریم سلطانی

Marfat.com

# معمولی سے معمولی تکلیف،
# گناہوں کا کفارہ ہے

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَامِنْ مُصِیْبَۃٍ تُصِیْبُ الْمُسْلِمَ؛اِلَّا کَفَّرَ اللّٰہُ عَنْہُ بِھَاحَتّٰی الشَّوْکَۃِ یُشَاکُھَا.

(صحیح البخاری۔صحیح المسلم)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مرد مسلم کو کوئی بھی مصیبت پہنچتی ہے حتی کہ اگر اس کو کانٹا بھی لگتا ہے تو اللہ تعالی اس کے ذریعے اسکے گناہ مٹا دیتا ہے۔

-☆-

یہ دنیا دار المصائب ہے عالمِ رنگ وبو پریشانیوں اور دکھوں سے بھرپور ہے۔اس جہاں میں راہ چلتے مصیبت آجاتی ہے انسان کتنا ہی دامن کیوں نہ بچائے پھر بھی اسے کوئی نہ کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے کبھی چلتے چلتے کوئی نوکیلا پتھر پاؤں کو زخمی کر دیتا ہے کبھی کسی خار دار جھاڑی میں دامن الجھ جاتا ہے اپنے دامن کو چھڑاتے ہوئے ہاتھ زخمی ہو جاتا ہے کبھی اپنے ہی گھر میں انسان چہل قدمی کر رہا ہوتا ہے کوئی کانٹا یا اس جیسی کوئی چیز پاؤں میں چبھ جاتا ہے جس سے تکلیف ہوتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اے اسلام کا قلادہ اوڑھنے والے

اے بندہ مومن

اے محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام

دیکھ اس قادر و قیوم نے تیرے لئے کتنے انوکھے انعامات مقرر کیے ہیں تجھے کوئی مصیبت پہنچے رب تعالیٰ اسے تیرے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔ معمولی سا کنکر تیرے پاؤں میں الجھ جائے اللہ تعالیٰ اس کے سبب تیری خطا کو معاف کر دیتا ہے اگر کوئی کانٹا تیرے ہاتھ یا پاؤں کو زخمی کر جائے خالق و مالک جل جلالہ اس کے ذریعے تیرے جرم کو معاف کر دیتا ہے۔

یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے معمولی انعام نہیں ہے یہ بہت بڑا انعام ہے وہ خدائے بزرگ و برتر ہمیں نوازنا چاہتا ہے وہ ہمیں کرم سے مالا مال کرنا چاہتا ہے ادھر ہم ہیں کہ اس کی طرف دھیان ہی نہیں دیتے۔ ہم دن رات گناہوں کی دکانداری کرتے ہیں وہ معمولی معمولی بات سے ہمیں پاک فرماتا جاتا ہے ہم صبح سے رات گئے تک اور پھر رات میں خرافات کا وہ اودھم مچاتے ہیں کہ الامان الحفیظ لیکن رحیم و کریم اللہ ہمیں فوراً عذاب دینے کی بجائے ہمیں مہلت دیتا ہے کہ اگر کوئی تکلیف آجائے تو وہ اس کے ذریعے لغزشوں کو معاف کر دیتا ہے وہ کوتاہیوں سے درگزر کر جاتا ہے کیا اب ہم پر فرض نہیں کہ اس کے حضور سچی توبہ کریں اس سے عہد کریں کہ خالق و مالق تو اتنا کریم ہے کہ ہمارے تصورات سے بھی وراء تیرا کرم ہے۔ اب ہم تیرے حضور سر جھکا کر وعدہ کرتے ہیں کہ آئندہ گناہ نہیں کریں گے بلکہ نیکی کر کے تجھے راضی رکھنا اپنی عادت بنائیں گے۔ اب ہمارے حالِ زار پر رحم فرما اور ہمیں خلوص دل سے اپنی جناب میں جھکنے کی سعادت عطا فرما اور کسی بھی لمحے اپنے کرم سے محروم نہ فرما۔

Marfat.com

# بیمار آدمی کو حالت بیماری میں اپنی عبادات واوراد کا پورا ثواب ملتا ہے

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَامَرِضَ الْعَبْدُ اَوْسَافَرَ؛ کُتِبَ لَہٗ مِثْلُ مَاکَانَ یَعْمَلُ مُقِیْمًا صَحِیْحًا۔ (صحیح البخاری)

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مومن بیمار ہوتا ہے یا سفر پر روانہ ہوتا ہے تو اس کے لئے ان اعمال صالحہ کا اجر وثواب لکھا جاتا ہے جو اعمال صالحہ وہ حالت اقامت اور حالت صحت میں سرانجام دیا کرتا تھا۔

-☆-

اگر ایک بندہ مومن پر اللہ تعالیٰ توفیق واعانت کے دروازے کھول دے اسے عبادت کی سعادت سے یوں سرفراز کیا کہ وہ سحری کو اٹھتا ہے اور صلاۃ تہجد ادا کرتا ہے اور رحمت کے لمحات میں استغفار کی کثرت کرتا ہے اور سی طرح بارگاہ لم یزل میں آنسوؤں کا نزرانہ پیش کرتا ہے۔ بات صرف وقت تہجد تک نہ رہی بلکہ وہ صبح سے لیکر شام تک ذکرِ الٰھی کے مزے لیتا ہے شام سے لیکر صبح تک یادالٰھی کی مے نوش کرتا ہے اس کی زندگی کی صبحیں اور اسکی زندگی کی شامیں اسی طرح گزرتی جاتی ہیں نامہ اعمال لکھنے والے کراماً کاتبین اسکے نیکیوں کے دفتر بھرتے

marfat.com
Marfat.com

جاتے ہیں اور مسلسل نیکیاں لکھتے جاتے ہیں۔

اچانک وہ بندہ مومن بیمار ہو جاتا ہے اسے بخار یا اسی جیسا کوئی اور عارضہ آجاتا ہے جس سے اس کے اعضاء مضمحل ہو جاتے ہیں اس کے جسم میں وہ توانائی باقی نہیں رہتی وقت تہجد اٹھنا تو چاہتا ہے لیکن جسم کی نقاہت وکمزوری اسے اٹھنے نہیں دیتی ایسے خدا ترس آدمی پر اس کمزوری وبیماری کے عالم میں انعامات الہیہ ملاحظہ ہوں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ بیمار ہے اور آپ کو معلوم ہے کہ بیماری انسان سے اسکے گناہ مٹا دیتی ہے اس کی معصیتوں کے داغ ختم کر دیتی ہے اسکے نامہ اعمال سے سیاہی کے دھبے دور کر دیتی ہے۔ اگر وہ بندہ پہلے ہی نیک ہے اس کا اعمال نامہ گناہوں کی آلودگیوں سے پاک وصاف ہے معصیتوں کے داغوں سے معراء ہے تو اللہ وحدہ اسکے درجات بلند کر دیتا ہے اسے رفعتوں سے سرفراز فرماتا ہے۔ اسے علیین میں اعلیٰ مقام عطا فرماتا ہے اور اسکے لئے رضا کا پروانہ تیار ہو جاتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ

وہ حالت بیماری میں اٹھ نہ سکا، بخار کی شدت سے تہجد کی صلاۃ ادا نہ کر سکا اپنے اوراد و ظائف پورے نہ کر سکا تو اللہ جل شانہ کا فرشتوں کو حکم آجاتا ہے اے فرشتو اے میرے ملائکہ یہ میرا بندہ حالت صحت میں جو اوراد و وظائف ادا کرتا تھا اور جو سجدہ ہائے بندگی کیا کرتا تھا اتنا ثواب اس حالت میں بھی لکھتے جاؤ کیونکہ اگر یہ صحیح وتندرست ہوتا تو ضرور ان اوراد اور وظائف صلوات کو پورا کرتا اسکی نیت تو اعمال صالحہ بجالانے کی تھی لیکن اس کی صحت نے اسکا ساتھ نہ دیا تو اب اس کے اجر وثواب سے اسے محروم نہ رکھو بلکہ اسے ان صلوات ان نوافل

Marfat.com

اوران اورادکا پورا پورا ثواب لکھ دو۔

اے خالق و مالک

اے احکم الحاکمین

اے رحیم وکریم اللہ

تو کتنا سخی ہے تیرا کرم کتنا زیادہ ہے تیرا بندہ تجھے یادکرنے والا تیرے ذکر سے اپنی زبان وقالب کومعطر کرنے والا اگرکسی عارضہ میں مبتلا ہو جائے تو اسے محروم نہیں رکھتا کیونکہ وہ تیرا ہے اورفقط تیرا ہے اسکا اٹھنا بیٹھنا اسکا چلنا پھرنا،اسکا سونا جاگنا صرف اورصرف تیری رضا کیلئے ہے۔اگراب وہ پہلے والے معمولات ادانہ کرسکا تو غنی ہے تو سخی ہے تیرے دریائے کرم کی موجیں تو اسی طرح اٹھتی ہیں تیرا سحاب جودوکرم تو اسی طرح برستا ہے تو کیسے محروم رکھ سکتا ہے بلکہ تو عطا فرماتا ہے تو بے حد و بے حساب عطا فرماتا ہے ہاں ہمارا اس پر مکمل ایمان ویقین ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُرزُقُ مَنْ یَشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ.

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَاابْتَلَیٰ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ الْعَبْدَ الْمُسْلِمَ بِبَلَاءٍ فِیْ جَسَدِہٖ قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ لِلْمَلَکِ:اُکْتُبْ لَہٗ صَالِحَ عَمَلِہِ الَّذِیْ کَانَ یَعْمَلُ وَاِنْ شَفَاہُ غَسَلَہٗ وَطَھَّرَہٗ وَاِنْ قَبَضَہٗ غَفَرَلَہٗ وَرَحِمَہٗ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جب اللہ تعالی کسی مرد مسلم کواس کی جسمانی بیماری میں مبتلا کرتا ہے تو اللہ عزوجل

marfat.com
Marfat.com

نیکی لکھنے والے فرشتے سے فرماتا ہے: اس کے نامہ اعمال میں روزانہ کے وہ سارے نیک اعمال لکھتے جا جو وہ حالت صحت میں کیا کرتا تھا۔

اگر اللہ تعالی اس بندہ مسلم کو بیماری سے شفا دے تو اس کو تمام گناہوں سے دھو دیتا ہے اور طیب و طاہر کر دیتا ہے اور اگر اس کی جان قبض کرے تو اس کی مغفرت فرماتا ہے اور اس پر رحم وکرم فرماتا ہے۔

Marfat.com

# بیماری گناہوں کو یوں کھا جاتی ہے
# جیسے آگ سونے اور چاندی کی خبث کو

عَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ وَهِيَ عَمَّةُ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ وَكَانَتْ مِنَ الْمُبَايَعَاتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَرِيْضَةٌ فَقَالَ: اَبْشِرِيْ يَا اُمَّ الْعَلَاءِ فَاِنَّ مَرَضَ الْمُسْلِمِ يُذْهِبُ اللّٰهُ بِهٖ خَطَايَاهُ كَمَا تُذْهِبُ النَّارُ خُبْثَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ. (سنن ابی داؤد)

حضرت ام العلاء رضی اللہ عنہا یہ حضرت حکیم بن حزام کی پھوپھی ہیں اور مبایعات میں سے ہیں نے فرمایا: میں مریضہ تھی کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت کی تو دوران عیادت فرمایا: اے ام العلاء تیرے لئے خوشخبری ہے سنو بیشک بندہ مسلم کا مرض (بیماری) اس سے اس کے تمام گناہوں کو ختم کر دیتا ہے جیسے آگ سونے اور چاندی کے خبث کو ختم کر دیتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# بیمار سے گناہوں یوں جھڑ جاتے ہیں
# جیسے خزاں زدہ درخت سے پتے جھڑ جاتے ہیں

عَنْ اَسَدِ بْنِ كُرْزٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْمَرِيْضُ تَحَاتُّ خَطَايَاهُ كَمَا يَتَحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرَةِ. (الترہیب والترہیب)

حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ نے سنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے مریض کے گناہ ایسے جھڑ جاتے جیسے خزاں زدہ درخت کے پتے گر جاتے ہیں۔

-☆-

تغیر وتبدل اس دنیا کا لازمہ ہے اس دنیا کو اس دنیا کی اشیاء کو ثبات نہیں یہاں ہم اپنی آنکھوں سے آئے روز تبدیلی مشاہدہ کرتے ہیں۔ اس دنیا میں کبھی دن ہے تو کبھی رات کبھی گرمی ہے تو کبھی ٹھنڈک یہاں کبھی موسم بہار ہے تو کبھی خزاں۔

جب موسم خزاں آتا ہے تو ہرے بھرے درخت اس خزاں کے اثرات سے محفوظ نہیں رہتے۔ درختوں کے پتے سوکھ جاتے ہیں اور پھر ایک ایک کرکے گر جاتے ہیں۔ اس موسم خزاں میں جتنی زیادہ شدت ہوگی درختوں اور باغوں پر اتنا ہی زیادہ اس کا اثر ہوگا بلکہ یہاں تک دکھائی دیتا ہے کہ اس موسم میں بعض درختوں پر ایک بھی پتہ نظر نہیں آتا۔ وہ شخص جس نے بڑی محنت سے درختوں کو پانی دیا بڑی مشقت سے باغ کی رکھوالی کی لیکن موسم خزاں میں وہ بے بس نظر

Marfat.com

آتا ہے۔اسی طرح شیطان ایک بندہ مومن کو گناہوں کی طرف آمادہ کرتا ہے اسے معصیتوں پر مجبور کرتا ہے۔اس کے دل میں یوں وسوسے ڈالتا ہے کہ الامان الحفیظ۔شیطان اس بندہ کو اپنے شکنجہ میں لے لیتا ہے اس کو اپنے اثرات سے زنجیروں میں جکڑ لیتا ہے۔

اچانک رحمتِ خداوندی جوش میں آتی ہے اس بندہ پر کرم الٰھی متوجہ ہوتا ہے کہ وہ بیمار ہو جاتا ہے۔اس بیماری کے سبب اس بندہ پر موسم خزاں شروع ہو جاتا ہے اس کے سبب شیطان کا شکنجہ ڈھیلا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔شیطانی اثرات آہستہ آہستہ ختم ہونے شروع ہو جاتے ہیں وہ شیطان جس نے بڑی محنت سے اس کے دل میں وسوسے ڈالے تھے اس کے خیالات تک کو جکڑ لیا تھا اس حالت بیماری میں اس شیطان کی گرفت کمزور ہو جاتی ہے اس کے اثرات ایک بندہ مومن کی لوحِ دل سے یوں گرنا شروع ہو جاتے ہیں جیسے خزاں رسیدہ درخت سے پتے گرتے ہیں پھر جتنا موسم خزاں شدید ہوگا اتنا ہی اسکا اثر شدید ہوگا۔اسی طرح جتنی بیماری شدید ہوگی اتنی ہی شدت سے شیطانی اثرات ختم ہونگے۔پھر ایک وقت وہ آئے گا کہ انسانی روح پر شیطان کا کوئی اثر باقی نہیں رہے گا۔اس بیماری اس لاغری کی وجہ سے اللہ تعالی اس کی روح کو طیب وطاہر کر دیتا ہے۔اسے گناہوں کی گندگی سے پاک کر دیتا ہے اس کی روح اسکا باطن پھر اجلا اور مصفا ہو جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنے والا
# گناہوں سے پاک وصاف ہوکر

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِيْ نَفْسِهِ وَوَلَدِهِ وَمَالِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ. (سنن الترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بعض مومن مرد یا مومن عورت پر مصائب و آلام آتے رہتے ہیں کبھی اس کی جان پر کبھی اس کی اولاد پر کبھی اس کے مال پر (ان مصائب و آلام کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ان کے گناہ مٹاتا رہتا ہے) یہاں تک کہ وہ مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملتا ہے کہ اس پر ایک گناہ نہیں ہوتا۔

-☆-

اس دنیا کے مصائب و آلام جیسے کفار پر آتے ہیں ویسے ہی مسلم و موحد پر بھی آتے ہیں ایک اللہ کے منکر پر اس دنیا میں تکلیفیں آتی ہیں تو اللہ کے ماننے والے پر بھی آتی ہیں۔ایک ملحد و بے دین اگر مبتلائے رنج و محن ہوتا ہے تو ایک مومن و دیندار اس دنیا کے رنج و آلام سے محفوظ نہیں رہتا۔

Marfat.com

یہ دنیا کی مصیبتیں تکلیفیں اگر چہ انکی صورت ایک جیسی ہے لیکن حقیقت میں کافر ومسلم پر ان کی نوعیت میں بڑا فرق ہے یہ پریشانیاں اور دکھ ودرد اگر چہ ایک طرح کے محسوس ہوتے ہیں لیکن حقیقتن میں ایک طرح نہیں بلکہ ان میں اتنا اختلاف ہے کہ جو شخص ان کی حقیقت کو جانتا ہے وہ ان کو ایک نام سے ذکر کرتے ہوئے بھی ہچکچاتا ہے۔

مثلاً کافر بے دین کیلئے اس کی بیماری اللہ تعالی کی طرف سے ناراضگی کی ایک صورت ہے لیکن مومن وایماندار کے لئے یہی بیماری اللہ تعالی کی طرف سے انعام واکرام ہوجاتا ہے۔ایک ملحد وبے ایمان اگر بیمار ہوجاتا ہے تو سمجھ لیجیئے کہ اللہ تعالی کی گرفت میں ہے اور رب تعالی اس سے ناراض ہے لیکن اگر نعمتِ ایمان سے سرشار آدمی اگر مبتلائے مصائب ہوتا ہے تو سمجھ لیجیئے کہ رب تعالی کی رحمت اور اسکا لطف وکرم اس کی طرف متوجہ ہے۔ زیرِ نظر حدیث پاک میں غور وتدبر کیجیئے :کبھی آزمائش مومن کی جان پر آتی ہے۔یعنی وہ بیمار ہوجاتا ہے اس کے جسم کے کسی حصہ میں تکلیف ہوتی ہے اسکا کوئی عضو درد محسوس کرتا ہے۔کبھی بندہ مومن کو مختلف لوگ تنگ کرتے ہیں اسے اس کی عزت خطرے میں محسوس ہوتی ہے کبھی اس سے متعلق حاکم وقت کے سامنے جھوٹی باتیں بیان کی جاتی ہیں اور حاکم کو اس سے برگشتہ کردیا جاتا ہے جس کے سبب حاکم اسے قید خانہ میں ڈال دیتا ہے۔

کبھی آزمائش بندہ مومن کی اولاد میں آتی ہے۔اسکا جگر پارہ اس کی نگاہوں کے سامنے بیمار ہوجاتا ہے اسے تکلیف میں دیکھ کر ایمان والے کا اپنا چین چھن جاتا ہے۔کبھی بچہ گھر سے اطلاع دیے بغیر کہیں چلا جاتا ہے جس سے مومن کا قلب مضطرب ہوجاتا ہے اس کا قلبی سکون غارت ہوجاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ بندہ مومن اپنی اولاد کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنا چاہتا ہے اور اسکے لئے اپنی پوری توانائیاں صرف کر دیتا ہے لیکن اسکا جگر پارہ دولت علم سے محروم رہ جاتا ہے۔ اب ایسی صورت میں ایک شفیق باپ اور کے سامنے اور ایک سراپا محبت ماں کے سامنے ایک چلتا پھرتا مردہ بن جاتا ہے جس کے کام نادرست جس کا انداز نامناسب جس کے خیالات ناموافق اوجسکا کردار ناقابلِ رشک۔

اس طرح کبھی بندہ مومن کی حلال وطیب کمائی بغیر کسی ظاہری سبب کے ضائع ہو جاتی ہے۔ اسکا پھل دار باغ اجڑ جاتا ہے اس کی دوکان رات کی تاریکی میں لوٹ لی جاتی ہے کبھی کوئی بااعتماد دوست رقم ادھار لے گیا لیکن واپسی کے وقت وہ سرے سے ہی رقم کا منکر ہو گیا۔

ظاہر ہے ان ساری صورتوں میں کہ مصیبت اس کی جان پر آئے یا اس کی اولاد پر یا آزمائش اس کے سرمایہ میں آئے وہ رنجیدہ ہو جاتا ہے اسے دکھ اور پریشانی لاحق ہوتی ہے اب رحمت والے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنیئے آپ کے ارشادات کی روشنی میں پتہ چلتا ہے کہ یہ مصائب وآلام اسکے گناہوں کو مٹانے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔ رفتہ رفتہ اسکے گناہ مٹتے جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہیں رہتا اس کی لوحِ دل ہر قسم کی نافرمانیوں کی آلائشوں سے پاک کر دی جاتی ہے پھر جب وہ اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے جب اسکی میت کو لحد میں اتارتے ہیں اسے قبر کے سپرد کر دیتے ہیں تو اس کی روح ہر قسم کے گناہوں کے دھبوں سے پاک وصاف ہوتی ہے جس خوش نصیب کا قبر میں داخلہ اس انداز سے ہو کہ اس پر کوئی گناہ اور کسی معصیت کا داغ نہ ہو اس کی لوح دل آئینہ کی طرح چمک رہی ہے اور قطرہ شبنم کی طرح طیب وطاہر ہے اس قبر میں اللہ کے لطف وکرم کا عالم کیا ہوگا۔ لوگ تو سمجھیں گے کہ ہم

Marfat.com

اسے منوں مٹی میں دفن کر آئے ہیں اب یہ اپنے اعمال کی سزا بھگت رہا ہوگا لیکن کسے کیا خبر کہ وہ تو اللہ کی رضا کا پروانہ حاصل کر چکا ہے اور اس معبود برحق کی خوشنودی کے اعزاز سے معزز ہو چکا ہے اور اسکی قبر اب ایک گڑھا نہیں بلکہ رحمت الٰھی سے وہ جنت کا باغ ہے اور جنت کی بہاریں اس کی قبر کی زینت ہیں۔ جسے آج قبر میں سکھ اور چین مل گیا جس کی قبر آج رحمتِ الٰہیہ سے معمور ہوگئی وہ انشاء اللہ روزِ حشر ظلِّ الٰھی کے مزے لے رہا ہوگا اور جنت کی سرمدی نعمتوں سے سرشار ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

# ہر گناہ سے پاک

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ یَبْتَلِیْ عَبْدَهٗ بِالسَّقَمِ حَتّٰی یُکَفِّرَ ذَالِکَ کُلَّ ذَنْبٍ.

(المستدرک)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے:

بیشک اللہ تعالی اپنے عبد (بندہ) کو بیماری میں مبتلا کردیتا ہے حتی کہ وہ بیماری اس سے ہر گناہ مٹادیتی ہے۔

-☆-

Marfat.com

# اللہ کی طرف سے بھلائی وخیر

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یُرِدِاللّٰهُ بِهٖ خَیْرًا یُصِبْ مِنْهُ. (صحیح البخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ جس آدمی سے بھلائی وخیر کا ارادہ فرماتا ہے تو کچھ مصائب اس پر نازل ہو جاتے ہیں۔

-☆-

اہلِ ایمان کیلئے یہ مصائب یہ تکالیف اللہ کی طرف سے خیرو بھلائی کی علامت ہیں جب کوئی بیماری، جسمانی تکلیف یا ذہنی پریشانی ہو تو اس وقت گھبرانا نہیں چاہیے بلکہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

marfat.com
Marfat.com

# جو اللہ کی رضا پر راضی
# اللہ اس سے راضی

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اِذَا اَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاھُمْ، فَمَنْ رَضِیَ فَلَہُ الرِّضٰی، وَمَنْ سَخِطَ فَلَہُ السُّخْطُ. (سنن الترمذی اسنادہ حسن)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جتنی بڑی مصیبت آئے گی اتنا زیادہ ثواب ملے گا بیشک اللہ عزوجل جب کسی قوم سے محبت فرماتا ہے تو انہیں (مصائب میں) مبتلا کر دیتا ہے پھر جو آدمی اللہ کے فیصلے پر راضی ہو تو اللہ تعالی کی طرف سے بھی اس کیلئے رضا اور جو اللہ تعالی کے فیصلے پر ناراض ہو تو اللہ تعالی کی طرف سے بھی اس کیلئے ناراضگی۔

-☆-

Marfat.com

# قیامت کو درجہ کی بلندی

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: صُدَاعُ الْمُوْمِنِ، اَوْشَوْکَۃٌ یُشَاکُھَا اَوْشَیْءٌ یُؤْذِیْہِ؛ یَرْفَعُہُ اللّٰہُ بِھَا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ دَرَجَۃً وَّیُکَفِّرُ عَنْہُ بِھَا ذُنُوْبَہٗ. (ابن ابی الدنیا ورواتہ ثقات)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مومن کا سر درد یا کانٹا جو اسے لگتا ہے یا کوئی چیز جو اسے اذیت دیتی ہے اللہ اس کے ذریعے قیامت کے دن اس کا درجہ بلند کرے گا اور اس کے گناہ مٹا دے گا۔

اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان پر کس درجہ مہربان ہے اس کے رحم وکرم کو کسی ترازو میں نہیں تولا جاسکتا اسکی ایک رحمت ہی اتنی بڑی ہے کہ اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے تو اسکی انگنت رحمتوں کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ اسکے رحم وکرم اسکے لطف وعنایت اسکے فضل واحسان کو اگر تمام مخلوقات لکھنا شروع کردے اور اس کے لئے تمام سمندر روشنائی بن جائیں تو یہ روشنائیاں ختم ہوجائیں گی لیکن کریم اللہ کا کرم ختم نہ ہوگا۔

اب اللہ کا لطف وکرم ملاحظہ ہو

ایک مرد مومن کو دنیا میں سر درد ہوتا ہے یا اس کو کانٹا چبھ جائے ظاہری بات ہے سر درد اور کانٹا سے معمولی تکلیف ہوگی اگر انسان کو لاحق ہونے والی دیگر تکالیف سے ان کا موازنہ کیا

marfat.com
Marfat.com

جائے تو یہ بالکل ہی معمولی نظر آتی ہیں۔لیکن کریم اللہ اس آدمی کو جسے معمولی سردرد ہوا یا جسے کانٹا سے جسم میں معمولی تکلیف ہوئی، اسکا قیامت کے بھرے مجمع میں درجہ بلند فرمائیگا۔

قیامت میں لوگ مارے مارے پھر رہے ہونگے کسی کا پسینہ اس کے گلے تک اور کوئی اپنے ہی پسینہ میں غوطے لگا رہا ہوگا لیکن وہ مومن جسے اس دنیا میں معمولی سا بھی سردرد ہوا یا کانٹا لگا اللہ اس کا درجہ بلند کردے گا۔میدانِ حشر میں جس کا درجہ بلند ہوگا یقیناً وہ حشر کی گرمی حشر کے عذاب سے محفوظ رہے گا بلکہ اس کے لئے ظلِّ الٰھی میں جگہ ہوگی وہ حوضِ کوثر کے جام پی رہا ہوگا۔

لَکَ الْحَمْدُ یَااَللّٰہُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلَکَ الشُّکْرُ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

Marfat.com

# اھلِ بلاء کے اجر وثواب کو دیکھ کر اھلِ عافیت کی تمنا

عَنۡ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُ قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ یَوَدُّ اَهۡلُ الۡعَافِیَةِ یَوۡمَ الۡقِیَامَةِ، حِیۡنَ یُعۡطٰی اَهۡلُ الۡبَلَاءِ الثَّوَابَ؛ لَوۡاَنَّ جُلُوۡدَهُمۡ کَانَتۡ قُرِضَتۡ بِالۡمَقَارِیۡضِ. (سنن الترمذی)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن ان بندوں کو جو دنیا میں مصائب وآلام میں مبتلا رہے، اجر وثواب عنایت کیا جائے گا تو وہ لوگ جو دنیا میں عافیت وآرام سے رہے تمنا کریں گے کہ کاش ان کے جسم کی کھالیں قینچیوں سے کاٹی جاتیں۔

-☆-

اے اللہ

اے وھاب ومعطی

اے منعم ومکرم

تیرے عطیات انگنت ہیں، تیرے خزانے لامتناہی، آج تک کوئی ایسا پیمانہ ایجاد نہ

marfat.com
Marfat.com

ہوسکا جو تیرے خزانوں کو ماپ سکے، آج تک ایسا کوئی ضابطہ معرضِ وجود میں نہ آسکا جو تیرے عطیات کا حساب لگا سکے۔

تو اھلِ بلاء کو ایسے لوگوں کو جنہیں دنیا میں مبتلائے مصائب رکھا تکالیف اور پریشانیاں جنہیں گھیرے رکھیں روز قیامت کتنے کرم سے نوازے گا ان پر تیری نوازشات کی کتنی سہانی برسات ہوگی۔ انہیں دیکھ کر پورا میدانِ حشر عجب رنگ دکھا رہا ہوگا حتیٰ کہ اہل عافیت یعنی وہ لوگ جو اس دارِ فانی میں چین و آرام سے رہے پریشانیاں جن سے دور رہیں وہ تمنا کریں گے کہ کاش اس دنیا میں ان کے جسم قینچیوں سے کاٹے جاتے انکے اجسام کی کھال کاٹ کاٹ کر الگ کردی جاتی کیونکہ جب ایک کانٹے کا اجر گناہ مٹا رہا ہے اور معمولی سا سر درد ڈھیروں اجر سمیٹ رہا ہوگا تو پھر کیوں نہ تمنا پیدا ہو۔ یہ دنیا یہ دنیا کے مصائب عارضی ہیں یہ تکلیفیں ایک دن ختم ہو جائیں گی لیکن ان کے صلے میں اجر دائمی ہوگا ان کے ثمر کے طور پر جو انعام ملے گا وہ سرمدی ہو گا.

اے خالق و مالک اے پاک پروردگار

ان سارے انعامات کے باوجود ہم تیری جناب میں عرض کرتے ہیں کہ تو ہمیں عافیت وکرم سے نواز ہمیں دکھوں اور پریشانیوں سے نجات عطا کر اگر تو چاہے تو بلا سبب بھی ہمیں نوازشات سے سرفراز فرما سکتا ہے بلکہ فرماتا ہے اگر تیرا کرم جو بن پر ہو تو پھر اسے کون روک سکتا ہے۔ تو محض اپنے لطف وکرم سے اپنی رحمت بے پایاں کے طفیل ہمیں اخروی انعامات سے مالا مال کردے اس بھرے مجمع میں اپنی نوزشات کریمانہ سے ہمیں سرفراز فرمادے۔

Marfat.com

# بیمار کی عیادت

## اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِالْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُوْدُواالْمَرِیْضِ، وَاتَّبِعُوْاالْجَنَائِزِ تُذَكِّرُكُمُ الْاٰخِرَةَ. (مسند احمد 48/3)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مریض (بیمار) کی عیادت کرو، جناوزوں میں شرکت کرو، یہ چیز تمہیں آخرت یاد دلاتی رہے گی۔

-☆-

رب العزة کا ارشاد گرامی ہے:

مَاۤاٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَانَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

جس چیز کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں حکم دیں اس پر عمل کرو اور جس چیز سے تمہیں روکیں رک جاؤ۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات گرامی پر عمل پیرا ہونے والا بڑا خوش نصیب ہے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں شب و روز گزارنے والا سعادتوں

marfat.com
Marfat.com

سے لبریز ہے۔رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات مبارکہ کو حرزِ جاں بنانے والا ابدی راحتوں کا سزوار ہے۔

درج بالا حدیث پاک میں اہلِ ایمان کو حکم دیا گیا ہے کہ مریض کی بیمار پرسی کرنے والا آدمی کے پاس جا کر اسے تسلی دینے والا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اطاعت گزار ہے اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وفرمانبرداری کرنے والا اللہ کی رحمتوں سے لبریز ہوا کرتا ہے۔اگر تیمارداری پر اور کوئی بھی اجر وثواب نہ ملے پھر بھی حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وفرمانبرداری کا ثواب کیا کچھ کم ہے۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرنے والا اللہ تعالی کا محبوب ہوا کرتا ہے۔محبتِ الٰھی کو جیتنے والا بلاشبہ سعادت ابدیہ کا امین ہوا کرتا ہے۔

**تذکر کم الآخرة:**

آج گناہ اور معصیتیں اسی لئے عام ہیں کہ انسان آخرت کو بھولا ہوا ہے۔انسان کو یہ یاد ہی نہیں رہا کہ اسے ایک دن علیم وخبیر اللہ کی بارگاہ میں حاضری دینا ہے۔جب اللہ کی بارگاہ میں حاضری ہی ذہن سے محو ہو جائے،العیاذ باللہ من ذالک،تو انسان بے دھڑک ہو کر گناہ کرتا ہے اور اپنی روسیاہی کا سامان کرتا ہے۔

مریض کی عیادت و بیمار پرسی ایسی چیز ہے جس سے انسان کو آخرت یاد آتی ہے۔اس کے ذھن میں یہ بات جاگزیں ہو جاتی ہے کہ ایک دن ہم نے اپنی اپنی قبروں سے اٹھنا ہے اس دن ہماری ساری زندگی،زندگی کی صبحیں اور اس کی شامیں،ہماری خلوتیں اور ہماری جلوتیں سب اس کے سامنے بیان ہونگی۔اللہ رب العزت کی بارگاہ میں پیشی ہوگی،زندگی کی سانسوں

Marfat.com

کا اسکے لمحات کا حساب لیا جائے گا۔ میزان پر ہمارے تمام نیک و بد اعمال تولے جائیں گے۔
قیامت کی ہولنا کیوں اور اسکی تباہ کاریوں کا جب تصور ذہن میں آتا ہے انسان گناہوں سے بچنا شروع کر دیگا جیسے جیسے یہ تصور پختہ ہوتا جائے گا اسی طرح گناہوں سے کنارہ کشی عمل میں آتی جائے گی۔ جب اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے فکر آخرت لاحق ہوگی تو اللہ تعالی کی معصیت و نافرمانی کا تصور تک ذہن سے نکل جائے گا پھر وہ مرد مومن ہر لمحہ ہر گھڑی اسی فکر میں ہوگا کہ اس عظیم دن کے عذاب سے کیسے بچا جائے اور کیسے سرمدی انعامات حاصل کئے جائیں ھر ہر اس کام کی طرف توجہ ہوگی جس کے باعث اللہ ذوالجلال ناراض ہو۔ یہی تصور یہی یاد انسان کو ابدی سعادتوں سے بہرہ ور کرنے کیلئے مہمیز کا کام دیتی ہے۔

فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ

جسے آگ سے دور کر دیا جائے گا اور جنت میں داخل کر دیا جائے گا وہی حقیقی کامیاب و کامران ہوگا۔

آیئے اس فانی دنیا پر فریفتہ نہ ہوں بلکہ باقی کے طلبگار بنیں۔اس کے لئے غفلت و سستی کو خیر باد کہنا ہوگا اور رضائے الٰھی کو اپنا شیوہ بنانا ہوگا۔

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ هَذِى الْاَئِمَةِ رَاغِبًا

فَوَطِّنْ عَلَىٰ اَنْ تَنْتَحِيْكَ الْوَقَائِع

اگر تو اپنے اندر اپنے اسلاف اور بزرگوں کی سیرت و کردار کا آرزومند ہے تو اپنے نفس کو خوگر بنالے کہ مصائب و آلام زمانہ تجھ پر آیا ہی چاہتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

بِنَفْسٍ وَقُوْرٍ عِنْدَ کُلِّ مُلِمَّۃٍ

وَقَلْبٍ صَبُوْرٍ وَھُوَ فِیْ الصَّدْرِ مَانِعٗ

جب بھی کوئی مصیبت نازل ہوتو اس کو برداشت کرو باوقار نفس اور صابر دل کے ساتھ جو دل سینے میں غیر خدا کے ہر تصور کا مانع ہے۔

لِسَانُکَ مَخْزُوْنٌ وَطَرْفُکَ مُلْجَمٌ

وَسِرُّکَ مَکْتُوْمٌ لَدَیْ الرَّبِّ ذَائِعٗ

تیری زبان منہ میں بند رہنی چاہیے اور تیری آنکھوں میں شریعت کی لگام ہونی چاہیے اور تیرا باطن لوگوں سے مستور ہونا چاہیے اور رب تعالیٰ کے سامنے عیاں ظاہر۔

وَذِکْرُکَ مَخْمُوْرٌ وَبَابُکَ مُغْلَقٌ

وَثَغْرُکَ بَسَّامٌ وَبَطْنُکَ جَائِعٗ

تیرا کوئی ذکر نہیں چاہیے (بلکہ ذکر اللہ کا) اور تیری خواہشات کا دروازہ بند چاہیے (اپنے دینی بھائیوں کیلئے تو) تیرے ہونٹ مسکراتے ہونے چاہئیں اور تیرا پیٹ بھوکا ہونا چاہیے۔

وَقَلْبُکَ مَجْرُوْحٌ وَسُوْقُکَ کَاسِدٌ

وَفَضْلُکَ مَدْفُوْنٌ وَطَعْنُکَ شَائِعٗ

اور تیرا دل عشق الٰھی کے تیروں سے مجروح ہو تیرا بازار دنیا (جو اللہ سے غافل کر دے) خسارے والا چاہیے اور تیرے کمالات مدفون اور تجھ پر طعن عام ہونا چاہیے۔

وَفِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَنْتَ جَارِعٌ غُصَّۃً

مِنَ الدَّھْرِ وَالْاَخْوَانِ وَالْقَلْبُ طَائِعٗ

Marfat.com

اور تجھے روزانہ زمانہ اور اہل زمانہ کی طرف سے ملنے والے غم واندوہ کے گھونٹ پینے چاہیں اور تیرا دل اللہ اور اسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطیع چاہیے۔

نَهَارُکَ شُغُلُ النَّاسِ مِنْ غَيْرِ مَنَّةٍ

وَلَيْلُکَ شَوْقٌ غَابَ عَنْهُ طَلَائِعُ

تیرا دن احسان جتلائے بغیر عوام الناس کے بھلائی کے کام کرتے کرتے گزر جانا چاہیے اور تیری رات لقاہائے الٰہی کے شوق میں گزرنی چاہیے کہ اس ذوق وشوق کا کسی غیر کو پتہ نہ چلے.

marfat.com
Marfat.com

# ضمانت الہیہ میں

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مَنْ فَعَلَ وَاحِدَۃٌ مِنْھُنَّ کَانَ ضَامِنًا عَلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ: مَنْ عَادَ مَرِیْضًا اَوْ خَرَجَ مَعَ جَنَازَۃٍ اَوْ خَرَجَ غَازِیًا اَوْ دَخَلَ عَلٰی اِمَامٍ یُرِیْدُ تَعْزِیْرَہٗ وَتَوْقِیْرَہٗ اَوْ قَعَدَ فِیْ بَیْتِہٖ فَسَلِمَ النَّاسُ مِنْہُ وَسَلَّمَ مِنَ النَّاسِ. (مسند احمد)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

پانچ چیزیں ایسی ہیں کہ جس نے ان میں سے ایک بھی چیز ادا کی تو اللہ عزوجل اسکا ضامن ہوگا۔

جس نے کسی بیمار کی تیمارداری کی

جو کسی جنازہ میں شریک ہوا

جو جہاد کرنے کے لئے نکلا

جو کسی امام کے پاس آیا کہ اس کی تعظیم وتوقیر کرے

جو اپنے گھر میں بیٹھا رہا کہ لوگ اس سے محفوظ رہیں اور وہ لوگوں سے محفوظ رہے۔

-☆-

Marfat.com

# اللہ تعالیٰ کی ضمانت سب سے بڑی ضمانت ہے

بیمار کی تیمارداری کرنے والا کتنا خوش نصیب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسکا ضامن ہے جب تک وہ تیمارداری میں مصروف ہے اللہ تعالیٰ اس کو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رکھے گا کیونکہ اللہ نے اس کو اپنی ضمانت میں لے لیا ہے۔

تیمارداری کرنے والے کو اپنے بختوں پر ناز کرنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اسکے جسم و جاں اس کے مال و دولت اور اس کے دین و ایمان کا ضامن ہے۔

شیطان ہر وقت تاک میں رہتا ہے اور بندہ مومن کے ایمان کو نقصان پہنچانے کیلئے بیٹھا رہتا ہے۔ عیادت کرنے والا مومن بے فکر ہو کر عیادت کرے کیونکہ خالق و مالک اب اس کے ایمان و دین کا ضامن ہے۔ شیطان ایسے آدمی سے کوسوں دور بھاگتا ہے۔ جس سے شیطان بھاگے اس کا دین و ایمان محفوظ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# رحمتِ الٰہی میں غوطے لگانے والا

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَاقَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيْضًالَمْ يَزَلْ يَخُوْضُ فِیْ الرَّحْمَةِ حَتّٰی يَجْلِسَ فَاِذَاجَلَسَ اغْتَمَسَ فِيْهَا. (مسند احمد)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

جس مرد مسلم نے کسی مریض کی عیادت تیمارداری کی تو مریض کے پاس بیٹھنے تک وہ رحمت میں گھستا ہےاور جب اس کے پاس بیٹھ جاتا ہےتو وہ اس رحمت میں غوطے لگاتا ہے۔

-☆-

مریض کی تیمارداری کرنے والا تیمارداری کی نیت سے اپنے گھر سے نکلتا ہےتو وہ اللہ کی رحمت میں گھس جاتا ہے۔رحمت اسے چاروں طرف سے گھیر لیتی ہےاور اپنے دائیں آگے اوپر نیچے رحمت ہی رحمت دیکھتا ہے۔وہ آدمی کیا خوب حالت میں ہے جو چاروں طرف رحمت میں گھرا ہوا ہےاور جس کے ہر طرف رحمت ہی ہو وہ زحمت سے کوسوں دور ہے ایسا آدمی یقیناً اللہ کی عنایات کریمہ سے بہرہ ور ہے۔

بعض علماءفرماتے ہیں:

رحمت پہنچنے تک دین وایمان میں گھرا رہتا ہے اس کی تمام حرکات وسکنات عند اللہ

Marfat.com

ثواب کا ذریعہ بنتی ہیں۔ جب تیماردار مریض کے پاس جا کر بیٹھ جاتا ہے اس کی خیرت دریافت کرتا ہے یہ اسے تسلی دیتا ہے اسے بہتر مشورہ سے نوازتا ہے تو اس وقت وہ تیماردار رحمت الٰھی میں غوطے لگاتا ہے وہ سر سے پاؤں تک رحمت میں غرق ہو جاتا ہے۔ غوطے لگانے والا اگر نکلنا بھی چاہے تو بڑا مشکل ہوتا ہے اسی طرح تیماردار کے پاس بیٹھنے والا رحمت میں یوں غوطے لگاتا ہے کہ اگر وہ خود نکلنا چاہے تو نہیں نکل سکتا۔ یہ محض اللہ الکریم کا کرم ہے اور اللہ بہت بڑے فضل وکرم والا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَامِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا غَدْوَةً؟ اِلَّاصَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلِكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ عَادَ عَشِيَّةً؟ اِلَّاصَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ. (سنن الترمذی)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمارہے تھے:

جو مرد مسلم اپنے مسلم بھائی کی دن کو عیادت کرتا ہے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اسکے لئے دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اگر وہ مرد مسلم اپنے مسلم بھائی کی رات کو عیادت کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے صبح تک اس عیادت کرنے والے کیلئے دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں پھلوں سے لدا ہوا باغ ہے۔

-☆-

اے خالق و مالک تو نے تمام اہل ایمان کو بھائی بھائی بنا دیا ہے تیرا ہی ارشاد ہے:

اِنَّمَاالْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

بیشک مومن بھائی بھائی ہیں۔

تیرے نبی رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام اہل ایمان کو ایک جسم کی مانند قرار دیا ہے۔

Marfat.com

عَنْ النُّعْمَان بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَوَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ اِذَااشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ تَدَاعٰى لَهُ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهْرِ وَالْحُمّٰى. (صحیح مسلم 186/44584)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مومنین کی مثال آپس میں دوستی کرنے اور ایک دوسرے سے رحم کرنے اور ایک دوسرے کے ساتھ شفقت کرنے ایک جسم کی طرح ہے جب اس کا کوئی عضو بیمار ہوتا ہے تو بے خوابی اور بخار میں اس کا سارا جسم شریک ہوتا ہے۔

یہ روایت بھی ملاحظہ ہو۔

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُوْنَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ اِن اشْتَكٰى عَيْنُهُ اِشْتَكٰى كُلُّهُ وَاِنْ اشْتَكٰى رَأْسُهُ اشْتَكٰى كُلُّهُ. (صحیح مسلم 186/46589)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

مسلمین (ایک دوسرے سے محبت میں) ایک آدمی کی طرح ہیں اگر اس کی آنکھ کو تکلیف ہو تو اس کے سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے اور اگر اس کے سر کو تکلیف ہو تو سارے جسم کو تکلیف ہوتی ہے۔

-☆-

اللہ رب العزت اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے تمام اہل ایمان کو ایک جسم قرار دیا اگر کسی ایک کو تکلیف ہو تو باقی بھی اس تکلیف کو محسوس کرتے ہیں اگر کوئی ایک دکھ درد میں مبتلا ہو تو تمام مومن اس کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔

اللہ رب العزت ذوالجلال والاکرام کا لطف ملاحظہ ہو جو بندہ مومن اس اخوت ومحبت کا پیکر بن جاتا ہے اپنے ایمانی بھائیوں سے پیار کرتا ہے ان کے دکھ درد میں شریک ہوتا ہے اگر کوئی ان میں بیمار ہو جائے تو اس کی تیمارداری کیلئے روانہ ہو جاتی ہے اس کا تیمارداری کے لئے روانہ ہونا رائیگاں نہیں جاتا بلکہ اسے اتنا اجر وثواب ملتا ہے کہ فکر انسانی اس اجر کی تہہ تک پہنچ نہیں سکتی ہے۔

جب بندہ مومن تیمارداری کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو اللہ کے فرشتے کتنے فرشتے؟ ستر ہزار اس کیلئے دعا کرتے ہیں اور یہ دعا شام تک اس کے لئے جاری رہتی ہے۔ یہ نوری مخلوق جب بحکم الٰھی اس کے لئے دعائیں کرتی ہوگی تو پھر اس کی نیکیوں میں کس قدر اضافہ ہوتا ہوگا اسے تو سوائے علیم وخبیر جل جلالہ کے کون جانتا ہے اور فرشتوں کے استغفار سے اس کے گناہ معاف ہوتے ہونگے بات کتنے گناہوں کی نہیں ہے بلکہ اللہ کریم کا کرم اسکے تمام گناہ مٹا دیتا ہے۔

Marfat.com

اے نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے پر چل آج ان کی سنّتِ مطہرہ کا شیدائی بن جا ان شاء اللہ قیامت کے دن تیرے انوار قابلِ دید ہونگے اور تو گناہوں سے پاک وصاف ہوگا جنت کی راہ چل رہا ہوگا۔

سنن ابی داؤد کی روایت ملاحظہ ہو:

**عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَامِنْ رَجُلٍ يَعُوْدُ مَرِيْضًا من مسيا؛ الا خرج معه سبعون الف ملك، يستغفرون له، حتى يصبح و كانله خريف في الجنة ومن اتاه مصبحا، خرج معه سبعون الف ملك يستغفرون له، حتى يمسي، و كان له خريف في الجنة.** (سنن ابی داؤد 3098 اسناد صحیح صحیح سنن ابی داؤد 273/23089)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا:

جو بندہ مومن کسی مریض کی بوقت شام عیادت کرتا ہے تو اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو صبح تک اس تیماردار کیلئے استغفار کرتے ہیں اور اس کیلئے جنت میں پھلوں کی مہمانی ہوگی اور جو کسی مریض کی عیادت کیلئے صبح آیا تو اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے آتے ہیں جو شام تک اس کیلئے استغفار کرتے ہیں اور اس کیلئے جنت میں چنے ہوئے پھلوں سے مہمان نوازی ہوگی۔

جب کوئی مسلم مرد کسی کی تیمارداری کیلئے گھر سے نکلتا ہے وہ یہ نہ سمجھے کہ وہ اکیلا نکل رہا ہے بلکہ اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو اس تیماردار کیلئے مصروف استغفار رہتے ہیں اور یہ فرشتے مسلسل کئی گھنٹے اس کیلئے استغفار کرتے رہتے ہیں یعنی صبح تیمارداری کرنے والے کیلئے شام تک اور شام کو کرنے والے کے لئے صبح تک۔

marfat.com
Marfat.com

آج چند آدمی اکٹھے کسی گلی سے گزر جائیں تو لوگ نظریں اٹھا اٹھا کر دیکھتے ہیں اوران کا یہ مل کر جانا لوگوں کی نظروں میں محفوظ ہو جاتا ہے۔

جب ستر ہزار فرشتے اکٹھے گزرتے ہوں گے تو دنیا والے نہ سہی عالم بالا والے ضرور انہیں دیکھتے ہوں گے اور یہ منظر ان کی نظروں میں بھی محفوظ ہو جاتا ہوگا۔اس کا فائدہ یہ ہوگا۔

یہ ستر ہزار فرشتے اورانہیں دیکھنے والے فرشتے سب کے سب قیامت کو اس تیماردار کے حق میں گواہی دیں گے اور جس کے حق میں فرشتے گواہی دیں گے وہ یقیناً عذاب سے محفوظ ہوگا اور سزاوارِ جہنم ہوگا۔

Marfat.com

# تیمارداری کرنے والا اہل جنت سے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عُنْہُ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مَنْ عَمِلَھُنَّ فِیْ یَوْمٍ کَتَبَہُ اللّٰہُ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ: مَنْ عَادَ مَرِیْضًا، وَشَھِدَ جَنَازَۃً وَصَامَ یَوْمًا، وَرَاحَ اِلَی الْجُمْعَۃِ وَاَعْتَقَ رَقَبَۃً. (صحیح ابن حبان)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے سنا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے:
پانچ چیزیں ایسی ہیں جس خوش نصیب نے کسی دن ان پر عمل کر لیا تو اللہ تعالی اس آدمی کو اہل جنت سے لکھ دے گا۔

جس نے بیمار کی عیادت کی

جنازہ میں شرکت کی

دن کا روزہ رکھا

جمعۃ المبارک کی ادائیگی کیلئے روانہ ہوا

اور غلام آزاد کر دیا۔

-☆-

درج بالا حدیث پاک میں ان اوصاف کا ذکر کیا گیا ہے جن سے متصف سزاوار جنت ہے اور ابدی راحتیں اس کی منتظر ہیں۔

ان اوصاف میں پہلا وصف عیادت، تیمارداری کو قرار دیا گیا ہے۔ جو مرد مومن اپنی کسی

marfat.com
Marfat.com

مومن بھائی کی تیمارداری کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنی رحمتوں کے در کھول دیتا ہے اور دائمی انعامات کی راہ اس کے لئے کشادہ کر دی جاتی ہے۔

كَتَبَهُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ.

اللہ تعالیٰ ایسے آدمی کو اہل جنت سے لکھ دیتا ہے۔

کے الفاظ قابل غور ہیں اللہ تعالیٰ کا کسی کو جنت دینا اسکا لطف و مہربانی ہے وکسی رنگ میں بھی جنت دے یہ اسکا کرم ہے لیکن اس حدیث پاک میں ایسے آدمی کیلئے جنت لکھ دی جاتی ہے اور اسے اصحاب جنت تحریر کر دیا جاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِیْضًا؛ نَادَاهُ مُنَادٍ مِنَ السَّمَآءِ: طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاکَ وَتَبَوَّاْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا. (سنن الترمذی)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے کسی مریض کی عیادت کی تو آسمان سے ندا دینے والا ندا دیتا ہے (اے مریض کی عیادت کرنے والے) تمہیں مبارک ہو تمہاری تیمارداری کیلئے چلنا تمہیں مبارک ہو تم نے (اس عمل سے) جنت میں گھر بنا لیا ہے۔

مریض کی عیادت تیمارداری کرنے والے پر اللہ ذوالجلال کا کرم ملاحظہ ہو، آسمان سے ندا دینے والا ندا دیتا ہے۔ یہ ندا اللہ کے حکم وارشاد سے ہے تو ندا دینے والا نوری ہے نوری وجود سے نکلنے والی یہ نوری ندا کیسی پر کیف ہو گی۔ وہ تیمارداری کرنے والا ہو سکتا ہے دنیا کی کثافتوں کی وجہ سے اس ندا کو نہ سن سکے لیکن جو عرفان الٰہی کی دولت سے مالا مال ہیں وہ تو اس ندا کو سنتے

Marfat.com

ہونگے پھر ان پر عجیب کیف طاری ہوگا۔

اے بیمار کی بیمار پرسی کے لئے جانے والے تم تمام الائشوں سے پاک ہو تم طیب وطاہر ہو۔

یہ اللہ کی طرف سے کس درجہ خیرات و برکات سے بھرپور انعام ہے اللہ تعالی تیمارداری کرنے والے کے جسم وجان کو طیب وطاہر کردیتا ہے۔اسے ہر قسم کی آلائشوں سے پاک وصاف کردیتا ہے جس کا جسم پاک ہوگا وہ سراپا خیر و برکت ہوگا۔وہ نیکی و بھلائی کا پیکر بن جائے گا۔

حدیث پاک کے کلمات میں دو احتمال ہیں۔

یہ دعائیہ کلمات هیں.

اللہ کے فرشتے دعا دے رہے ہوں کہ اے مریض کی عیادت کرنے والے اللہ تجھے مبارک کرے، تجھے سراپا خیر و برکت بنائے تجھے بھلائی وعمدگی سے آراستہ کرے۔

اللہ تعالی تیرے اس چلنے کو مبارک کرے، تیری یہ روانگی بارگاہ خداوندی میں مقبول ہو اور اللہ تعالی اسے خیر و برکت سے آراستہ کرے۔

تو جنت میں اپنا ٹھکانہ بنائے، خدائے ذوالجلال جنت دائمی انعامات کی جگہ تیرے مقدر میں کردے اور ابدی سعادتوں سے بہرہ ور ہو۔

یہ دعائیں ایک نوری مخلوق کی زبان سے نکل رہی ہیں اور فرشتہ حکم الھی کے بغیر کوئی کام نہیں کرتا گویا اس عیادت کرنے والے کیلئے اگر کوئی انسان دعائیں نہ بھیجے تو کوئی بات نہیں اللہ کے فرشتے دست بدعا ہیں اور اور بحکم الھی دعا کررہے ہیں تو جس آدمی کے بارے میں اللہ کا حکم ہو کہ اس کے لئے دعا کرو بھلا اس کے مقدر کی سربلندی کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔

یہ خبریہ کلمات ہوں

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی جانب سے اسے یہ خبر سنائی جارہی ہے۔

کہ تو اے عیادت کرنے والے تو بڑا خوش نصیب ہے کہ کریم اللہ نے تیرے جسم کو تیری جان کو سراپا خیر و برکت بنادیا ہے تجھے طیب وطاہر قرار دے دیا ہے اسے پاکیزہ بنادے اسے اور کیا چاہیے اب اسے خیال رکھنا چاہیے کہ کریم اللہ نے اسے محض اپنے لطف وکرم سے پاک وصاف کردیا ہے اب وہ دوبارہ گناہوں کی آلائشوں میں ملوث نہ ہوا اپنے جسم وجاں کو گناہوں کی ظلمتوں سے محفوظ رکھے اور اس شفاف جسم کو کسی قسم کے داغ سے داغدار نہ ہونے دے۔

اے مریض کی عیادت کرنے والے تیری جان بھی پاکیزہ وطاہر ہو چکی ہے تیرا چلنا، تیرا آنا جانا پاک وصاف ہے اس میں شیطانی اثرات کا کوئی دخل نہیں رحمان اللہ نے اپنے کرم کے حصار میں تجھے لے لیا ہے اب اس بندہ مومن پر لازم ہے کہ اللہ کی اس عنایت کا خیال رکھے رب تعالیٰ کے عطا فرمودہ حفاظتی قلعہ کی حفاظت کرے اپنے کسی عمل اور کسی کردار سے شیطان کو یہ موقع نہ دے کہ وہ اس حصار میں شگاف ڈال سکے اور اس حصار میں داخل ہو کر ایمان والے کی چادر ایمان کو داغدار کر سکے۔

اے بیمار کی بیمار پرسی کرنے والے تیرا خالق و مالک تجھ سے راضی ہو چکا اس نے تیرے لئے جنت ٹھکانہ بنادیا ہے۔ تیرا دائمی گھر تجھے عطا کردیا انعامات سرمدیہ تیرے انتظار میں ہیں اور تو اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کو اپنے دامن میں سمیٹ چکا ہے۔

یہ کلمات طیبات بتاتے ہیں کہ

اخلاص وللّٰہیت سے مومن کی تیمارداری کرنے والا ان شاء اللہ نعمتِ ایمان سے مالا مال ہوگا اور وہ دنیا سے باایمان رخصت ہوگا۔

# جنتی میووں میں

عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَاعَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِيْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرْجِعَ قِيْلَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَاخُرْفَةُ الْجَنَّةِ؟قَالَ جَنَاهَا. (مسند احمد)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بندہ مسلم جب اپنے مسلم بھائی کی عیادت، تیمارداری کرتا ہے تو واپس لوٹنے تک وہ ''خرفۃ الجنۃ'' میں رہتا ہے۔عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ''خرفۃ الجنۃ'' کیا چیز ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جنت کے چنے ہوئے پھل۔

-☆-

آج کی مادیت زدہ نظریں عالم الغیب کے حقائق کیا جانیں۔ان بے نور نظروں کو کیا خبر کہ اس جہاں کے پرے ایک اور جہاں ہے جس کی نعمتیں اس دنیا کی نعمتوں سے لاکھوں درجہ بہتر جس کی نفاست اس مادی جہاں کی نفاست سے کروڑوں درجہ اعلیٰ۔ان مادی نظروں میں وہ طاقت ہی نہیں کہ اس ارفع واعلیٰ جہاں کا مشاہدہ کرسکیں۔

ہاں وہ قدسی صفات جنہیں بارگاہ خیرالوریٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمہ وقت رحمت کی خیرات ملتی ہے جن کا دامن حضور نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نگاہ عنایت سے لبریز کرتے ہیں اور جنکے سینے رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ اقدس کی تجلیات سے منور ہیں وہ یہاں بیٹھ

marfat.com
Marfat.com

کراس جہاں کا ادراک کر سکتے ہیں۔

مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے بیمار کی عیادت کرنے والے خوش بخت کے بارے میں فرمایا وہ جتنی دیر عیادت کرتا ہے جنتی میووں میں رہتا ہے۔

اے ایمان والے

اے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لاڈلے امتی

اے نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطیع و فرمانبردار

کبھی انجانے میں بھی عیادت کرنے والے کیلئے اس نعمت کا انکار نہ کر دینا۔ عقل کے پیچھے چل کر یا عقل کے پجاریوں کی بات سن کر کبھی بے خبری میں بھی اس بات کو ماننے سے انکار کر دینا کیونکہ یہ بات تیری یا میری زبان سے نہیں نکلی بلکہ اس ذاتِ اقدس واطہر صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکلی ہے جس کے بارے میں اللہ وحدہ لاشریک فرماتا ہے۔

وَمَايَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى.

وہ نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش سے بولتے ہی نہیں بلکہ وہ تو وحی ہوتی ہے جو ان پر نازل کی جاتی ہے یاد رہے سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے لیکن محمدِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکلی ہوئی بات غلط نہیں ہو سکتی۔

بلکہ وہ خوش بخت بننے کی سعی کیجئیے جو اس دنیا میں رہتے ہوئے جنت میووں میں وقت گزارتا ہے کسی ایمان والے کی عیادت کیجئیے پھر رحمت خداوندی کا نظارہ کیجئیے۔

ہاں جسے آج اللہ ذوالجلال جنتی انعامات سے نوازتا ہے کل قیامت کو اسے جنت سے کیسے محروم رکھے گا بلکہ اس خوش بخت کیلئے درِ جنت وا ہوگا اور جنتی انعامات اس کے انتظار میں ہونگے۔

Marfat.com

# جنت میں داخل ہونے والا

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَنْ اُصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا؟
فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ: اَنَافَقَالَ
مَنْ اَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِيْناً؟ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا فَقَالَ
مَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً؟ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ: اَنَاقَالَ
مَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيْضًا؟ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَافَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَااجْتَمَعَتْ هٰذِهِ الْخِصَالُ قَطُّ فِیْ رَجُلٍ (فِیْ يَوْمٍ) اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ.

(صحیح ابن خزیمہ)

- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

آج تم میں سے کون روزے سے ہے؟
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں
پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
آج تم میں سے کس نے مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے

marfat.com
Marfat.com

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

آج تم میں سے کون جنازہ میں شریک ہوا؟

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں نے جنازہ میں نے شرکت کی ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

آج تم میں سے کس نے مریض کی عیادت کی ہے؟

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں نے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کسی بھی آدمی میں ایک ہی دن میں یہ خصائل جمع ہو جائیں وہ جنت وہ داخل ہوگا۔

درد دِل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

اس حدیث پاک میں چار خصال حمیدہ کا ذکر ہے

روزہ رکھنا

مسکین کو کھانا کھلانا

جنازہ میں شرکت کرنا

مریض کی عیادت کرنا

یہ چار اوصاف جس خوش نصیب میں جمع ہو جائیں وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو جنت میں داخل ہوگیا وہ کامیاب و کامران ہوگیا۔ جنتی آدمی کے فوز وفلاح سے متصف ہونے میں کیسے شک رہ سکتا ہے۔

لیکن قربان جائیں غلام مصطفیٰ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے کہ جنہوں نے تعلیمات

Marfat.com

نبویہ کو حرزِ جاں بنایا اور لمحہ بھر بھی اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات وارشادات سے انحراف نہ کیا۔

احادیث مبارکہ کی بڑی بڑی کتب کی ورق گردانی کیجئے آپ کو ہر جگہ صدیقِ اکبر نمایاں شان سے نظر آئیں گے۔ ان کو قسام ازل نے جس فراوانی سے خیرات وبرکات کا منبع بنایا ہے وہ کسی اور کے مقدر میں کہاں۔ اللہ رب العزت ان کے اخلاص وللّٰہیت اور استقامت علی الدین کے طفیل ہمیں بھی صراطِ مستقیم پر چلنا نصیب فرمائے اور ہماری آنکھیں قرآن وسنت کے نور سے منور فرمائے۔

marfat.com
Marfat.com

# کمالِ محبت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَقُوْلُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ: یَاابْنَ آدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِیْ قَالَ: یَارَبِّ کَیْفَ اَعُوْدُکَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ؟ قَالَ: اَمَاعَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِیْ فُلَانًامَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ؟ اَمَاعَلِمْتَ اَنَّکَ لَوْعُدْتَهُ لَوَجَدْتَنِیْ عِنْدَهُ.

یَاابْنَ آدَمَ اِسْتَطْعَمْتُکَ فَلَمْ تُطْعِمْنِیْ قَالَ: یَارَبِّ وَکَیْفَ اُطْعِمُکَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ؟ قَالَ: اَمَاعَلِمْتَ اَنَّهُ اسْتَطْعَمْتُکَ عَبْدِیْ فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَاعَلِمْتَ اَنَّکَ لَوْاَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذَالِکَ عِنْدِیْ.

یَاابْنَ آدَمَ اسْتَسْقَیْتُکَ فَلَمْ تَسْقِنِیْ. قَالَ: یَارَبِّ وَکَیْفَ اَسْقِیْکَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ؟ قَالَ اسْتَسْقَاکَ عَبْدِیْ فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهِ اَمَااِنَّکَ لَوْسَقَیْتَهُ وَجَدْتَ ذَالِکَ عِنْدِیْ. (مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بیشک اللہ عزوجل قیامت کے دن فرمائے گا:

اے ابن آدم میں بیمار ہوا تو نے تیمارداری کیوں نہ کی۔ وہ عرض کرے گا اے میرے رب میں تیری کیسے تیمارداریکر سکتا ہوں تو تو رب العالمین ہے۔ تو اللہ تعالی ارشا فرمائے گا: کیا تجھے علم نہیں اگر تو اس کی تیمارداری کرتا تو مجھے بھی اس کے ہاں پاتا۔

Marfat.com

اے فرزندِ آدم میں نے تجھ سے کھانا مانگا تو نے مجھے کھانا نہیں کھلایا۔ وہ عرض کرے گا اے میرے رب میں تجھے کیسے کھانا کھلا سکتا ہوں تو تو رب العالمین ہے۔ اللہ ارشاد فرمائے گا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرے فلاں عبد نے تجھ سے کھانا مانگا تھا تو نے اسے کھانا نہیں کھلایا کیا تجھے علم نہیں اگر تو اس کو کھانا کھلاتا تو مجھ کو اس کے ہاں پاتا۔

اے آدم کے بیٹے میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا تو نے مجھے پانی نہیں پلایا۔ وہ عرض کرے گا اے میرے رب میں تجھے پانی کیسے پلا سکتا ہوں کہ تو رب العالمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میرے فلاں عبد نے تجھ سے پانی مانگا تھا تو نے اسے پانی نہیں پلایا اگر تو اسے پانی پلاتا تو اس کو میرے ہاں پاتا۔

marfat.com
Marfat.com

# حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بنفسِ نفیس تیمارداری فرمانا

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ غُلَامًامِنَ الْیَھُوْدِ کَانَ مَرِضَ فَاَتَاہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِہٖ فَقَالَ لَہٗ: اَسْلِمْ فَنَظَرَ اِلٰی اَبِیْہِ،وَھُوَ عِنْدَرَأْسِہٖ،فَقَالَ لَہٗ اَبُوْہُ:اَطِعْ اَبَاالْقَاسِمِ فَاَسْلَمَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یَقُوْلُ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْقَذَہٗ بِیْ مِنَ النَّارِ.

(سنن ابی داؤد 3095 اسناد صحیح - صحیح سنن ابن داؤد 3095272/2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہود کا ایک جوان بیمار ہوا تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تیمارداری کیلئے آئے حضور اس کے سر کی جانب بیٹھ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اسلام لے آؤ

اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سر کے پاس تھا۔

تو اس کے باپ نے اس سے کہا:

ابوالقاسم (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم) جو فرماتے ہیں اسے مان لو۔

تو اس جوان نے اسلام قبول کرلیا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

تمام تعریفیں اللہ کیلئے شکر یہ اللہ کا جس نے اس جوان کو میری وجہ سے آگ سے بچالیا۔
صحیح البخاری میں یہ الفاظ ہیں:

كَانَ يَخْدِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

وہ جوان حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔

سبحان اللہ وہ جوان کتنے نصیبوں والا ہے کہ اس کی تیمارداری کیلئے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود تشریف لائیں یہ اس لجپال آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ ہے کہ وہ کسی کو محروم نہیں رکھتے۔ ایک غیر مسلم اور پھر وہ بھی یہودی اگر وہ خدمت کرتا ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسے اپنے دامنِ کرم میں لے لیتے ہیں تو جو کلمہ گو مسلم ہے جو آپ کا امتی ہے آپ کی خدمت کرتا ہے اس پر کیوں نہ کرم ہوگا۔

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا درِ رحمت صرف اس وقت کے لوگوں کے لئے ہی نہیں کھلا تھا بلکہ یہ ابدالآباد تک کھلا رہے گا کوئی صدقِ دل سے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کی کوشش تو کرے وہ کریم نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ضرور کرم فرمائیں گے۔

وہ یہودی جوان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا اے مرے مسلم بھائی تو بھی خدمت سرانجام دے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تجھ پر بھی کرم فرمائیں گے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی امتی کی دستگیری کرنا، اس کے مشکل وقت میں کام آنا، اس کو کسی مصیبت سے چھڑانا، وہ بیمار ہے تو اس کی تیمارداری کرنا، وہ مقروض ہے تو اس کو بارِ قرض سے نجات دلانا وہ قیدی ہے تو اسے قید سے چھڑانا یہ ساری باتیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کر دیتی ہیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہو گئے تو تیرے بگڑے مقدر

marfat.com
Marfat.com

سنور جائیں گے پھر اگر تو کسی وقت بیمار ہوا اور کوئی تیری بیمار پرسی کرے یا نہ کرے لیکن نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم تیری بیمار پرسی ضرور فرمائیں گے۔

اَنْقَذَهُ بِیْ مِنَ النَّارِ.

اللہ نے اسے میری وجہ سے آگ سے بچالیا۔

وہ یہودی جوان اگر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ مبارکہ سے آپ کے واسطہ اور ذریعہ سے آگ سے بچ سکتا ہے تو تو کیوں نہیں آپ کے وسیلہ سے بچ سکتا آج یقین کی دولت سے مالا مال ہو جا تیرے سارے بگڑے بخت سنور جائیں گے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ بیمار ہوئے تو ان کی تیمارداری کیلئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود تشریف لائے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ مبارکہ ملاحظہ ہوں۔

حضرت والد فرماتے ہیں ایک دفعہ مجھے بخار آ گیا اور اس بیماری نے طول پکڑا اور زندگی سے ناامید ہو گیا۔ مجھے اونگھ آ گئی، اس غنودگی میں حضرت شیخ عبدالعزیز ظاہر ہوئے فرماتے تھے، بیٹا حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری عیادت کے لئے تشریف لا رہے ہیں اور ممکن ہے آپ اس طرف سے تشریف لائیں اور تمہارے پاؤں اس طرف ہیں تیری چارپائی کو اس طرح رکھنا چاہیے کہ تیرے پاؤں اس طرف نہ ہوں۔ مجھے افاقہ ہوا بات کرنے کی مجھ میں طاقت نہیں تھی۔ میں نے حاضرین کو اشارہ کیا کہ انہوں نے میری چارپائی اس طرف پھیر دی۔ اسی وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا: کَیْفَ حَالُکَ یَا بُنَیَّ؟ بیٹا تیرا کیا حال ہے؟ ان کے الفاظ کی حلاوت مجھ پر غالب آ گئی عجیب وجد اور آہ و بکا کا مجھ سے ظہور ہوا حضور صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس طرح گود میں لے لیا کہ آپ کی ریش مبارک میرے سر پر تھی آپ کی قمیص مبارک آنسو سے تر ہو گئی۔

آہستہ آہستہ اس وجد کو سکون آ گیا۔ پھر میرے دل میں خیال گزرا کہ ایک عرصہ سے مجھے موئے مبارک کی آرزو ہے کس قدر عظیم کرم ہو اگر اس قسم کی کوئی چیز عنایت فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خیال سے واقف ہو گئے۔ ریش مبارک پر ہاتھ پھیرا اور بال میرے ہاتھ میں پکڑا دیئے۔ میرے دل میں گزرا یہ دنوں بال بیداری میں میرے پاس رہیں گے؟ آپ اس خیال سے بھی واقف ہو گئے فرمایا یہ دنوں بال اس عالم میں باقی رہیں گے۔ پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے صحت کلی اور طویل زندگی کی بشارت دی پھر مجھے افاقہ ہو گیا۔ میں نے چراغ طلب کیا وہ دونوں بال میرے ہاتھ میں نہیں تھے۔ میں غمگین ہو گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں توجہ کی مجھ پر غنودگی طاری ہو گئی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متمثل ہوئے فرمایا میرے بیٹے تجھے آگاہ ہونا چاہیئے کہ میں نے وہ دونوں بال احتیاط کے طور پر تمہارے تکیہ کے نیچے محفوظ کر دیئے ہیں وہاں سے تو انہیں حاصل کرے گا جب مجھے افاقہ ہوا تو میں نے انہیں وہاں سے لے کر عزت واحترام سے ایک جگہ بحفاظت رکھ لیا۔ اس کے بعد بخار بالکل جاتا رہا اور مجھ میں بات کرنے کی طاقت لوٹ آئی اور مجھے صحت کلی حاصل ہو گئی۔ ان کلمات کے ضمن میں فرماتے تھے کہ ان موئے مبارک کے خواص میں سے ایک یہ تھی کہ وہ پہلے آپس میں گھتے ہوئے ہوتے تھے جب درود شریف پڑھا جاتا تو الگ الگ ہو کر کھڑے ہو جاتے تھے۔ دوسرے یہ کہ ایک مرتبہ منکرین میں سے تین اشخاص نے امتحان کرنا چاہا۔ میں اس بے ادبی کی اجازت نہیں دیتا تھا جب مناظرہ نے طول کھینچا تو موئے مبارک دھوپ میں لے گئے

marfat.com
Marfat.com

اسی وقت بادل کاٹکڑا ظاہر ہوا حالانکہ دھوپ بڑی تیز تھی اور بادل کا موسم بھی قطعاً نہیں تھا۔ان میں سے ایک شخص نے توبہ کی،دوسرے نے کہا یہ اتفاقیہ قصہ ہے۔دوسری مرتبہ پھر دھوپ میں نکالا دوبارہ بادل کاٹکڑا ظاہر ہوااور دوسرے نے بھی توبہ کرلی تیسرے نے کہا یہ بھی اتفاقیہ بات ہے۔تیسری مرتبہ پھر دھوپ میں لے گئے تیسری مرتبہ بھی بادل کاٹکڑا ظاہر ہوا۔تیسرے نے بھی توبہ کرلی۔ایک خصوصیت یہ تھی کہ ایک مرتبہ زیارت کے لئے باہر لایا گیا بہت بڑا مجمع تھا ہر چند قفل میں چابی لگاتا تھا مگر وہ نہیں کھلتا تھا۔کوشش کرتا مگر کامیاب نہ ہوتا تھا۔میں اپنے دل کی طرف متوجہ ہوا معلوم ہوا کہ فلاں جنبی ہے اسکی جنابت کی نحوست سے کامیاب نہیں ہورہے۔میں نے عیب پوشی کرتے ہوئے تمام کو غسل کرنے کیلئے کہا۔جنبی اس مجمع سے نکل گیا اس کے بعد آسانی سے کھل گیا تو ہم نے زیارت کی۔

حضرت والد آخری عمر میں تبرکات تقسیم فرماتے تھے ان دو بالوں میں ایک مجھے عنایت فرمایا۔(انفاس العارفین 84)

**والحمد لله رب العالمین.**

محمد کریم سلطانی

Marfat.com

# حافظِ قرآن

## امام الانبیاء کی نظر میں

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ والسَّلامُ عَلٰی سَیِّدِ الاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا دین پاک ہمیشہ رہنے والا ہے اس لئے اللہ جل جلالہ نے آپ پر نازل شدہ کتاب قران کریم کو بھی محفوظ فرمالیا اور اس کی حفاظت اپنے ذمہ لی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ.

بے شک ہم ہی نے قرآن کریم کو نازل فرمایا اور اس کی حفاظت بھی ہم ہی کریں گے۔

اس وعدۂ حفاظت کو پورا کرتے ہوئے اللہ جل جلالہ نے بنی نوعِ انسان میں سے محض اپنے لطف وکرم اور نظرِ رحمت سے کچھ افراد کو منتخب کرلیا اور ان کے سینوں کو اپنے پاک کلام سے سرفراز فرمادیا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْکِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا.

پھر ہم نے کتاب، قرآن کریم کا اپنے ان بندوں کو وارث بنایا جنہیں ہم نے منتخب فرمالیا۔

وہ خوش قسمت افراد جن کے سینوں میں قرآن کریم محفوظ ہوگیا وہ سعادت مند انسان جنہیں اللہ نے اپنے پاک کلام کی حفاظت کے لئے چن لیا ''حافظ قرآن'' کہلاتے ہیں۔

قرآن پاک اپنے دروازے جس پر کھول دے وہی علم وحکمت والا ہے۔

ارشاد ربانی ہے: بَلْ ھُوَ آیات'' بَیِّنَات'' فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ.

بلکہ وہ واضح آیات ہیں اہل علم کے سینوں میں۔

Marfat.com

وہ فرزند آدم بڑا معزز و مکرم ہے جسے اللہ وحدہ لاشریک کی نظرِ رحمت اپنے کلام کیلئے مخصوص فرمالیتی ہے۔

آیئے اس ناپائیدار زندگی میں پائیدار چیز کو حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اس حیات مستعار کے چند دنوں میں جن کا بھروسہ بھی نہیں اس ابدی سعادت کو حاصل کرنے کیلئے تگ ودو کریں ہوسکتا ہے اس ذاتِ رحمٰن ورحیم کی بے پناہ رحمتوں کا ایک چھینٹا ادھر آجائے اور ازلی سعادت مندوں میں اپنا نام بھی لکھا جائے۔

اگر اپنے لئے حفظ قرآن اب ممکن نہ ہوتو آیئے اپنی اولاد کو اس جانب لگائیں تاکہ ان کے حفظ قرآن کی برکت سے قیامت کے روز آپ کے سروں کو عزت وسرفرازی کے تاج سے مزین کردیا جائے۔

اگر اولاد کے لئے بھی ممکن نہ رہا ہوتو اولاد کی اولاد یا کسی عزیز ورشتہ دار یا اپنے کسی دوست کی اولاد کو اس سعادت عظمیٰ کے حصول کی ترغیب دیجئے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلدَّالُّ عَلٰی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ.

نیکی کی ترغیب دینے والے کو اتنا ہی اجر ملتا ہے جتنا نیکی کرنے والے کو ملتا ہے۔

آئندہ صفحات میں حفظ قرآن کی فضیلت احادیثِ مقدسہ کی روشنی میں لکھی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کوششوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔آمین

**بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم**

marfat.com
Marfat.com

# مقرب بارگاہِ الٰہی

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰهِ اَهْلِيْنَ مِنَ النَّاسِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَنْ هُمْ قَال اَهْلُ الْقُرْاٰنِ اَهْلُ اللّٰهِ وَخَاصَّتُه‘۔(۱)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بنی نوع انسان میں کچھ اللہ والے ہیں ۔عرض کی یارسول اللہ !وہ کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ اہل قرآن ہیں۔اہل قرآن ہی اہل اللہ اور اس کے خاص آدمی ہیں۔

انسان کی ملکیت میں ایک محل ہو جو کئی کمروں پر مشتمل ہو ان میں سے ایک کمرہ اس نے اپنے آرام کیلئے مخصوص کیا ہو تو اس انسان کو اپنے اس کمرہ سے ایک خاص انس ہوگا۔ حالانکہ مالک وہ سب کمروں کا ہے۔

مخلوق تو سب اللہ کی ہے اور وہ ہر ایک کا خالق و مالک ہے لیکن جسکے سینے میں اس کا اپنا کلام ہوگا اور جو زبان اس کے قرآن سے تر و تازہ رہتی ہو اللہ جل جلالہ کو ایسا آدمی بہت محبوب ہے۔

اور وہ اس کے مقربین سے ہے۔

ہر سلیم الطبع انسان کی یہ خواہش ہے کہ وہ اللہ والا بن جائے۔ آیئے اس خواہش کی تکمیل کیلئے قرآن کریم سے محبت کریں اور اسے حفظ کرنے کی کوشش کریں۔

(۱)سنن ابن ماجہ حدیث نمبر ۲۱۵

Marfat.com

# قابلِ رشک

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ حَسَدَ اِلَّا عَلٰى اِثْنَيْنِ رَجُل" اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ فَهُوَ يَقُوْمُ بِهٖ اٰنَآءَ اللَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَرَجُل" اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالاً يُنْفِقُ مِنْهُ اٰنَآءَ اللَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ۔(1)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشک دو آدمیوں پر ہونا چاہیئے ایک وہ آدمی جسے اللہ نے قرآن کی دولت سے سرفراز فرمایا پس وہ دن اور رات کی طویل گھڑیوں میں اس کی تلاوت میں مصروف رہتا ہے اور دوسرا وہ آدمی جسے اللہ نے مال عطا کیا اور وہ رات دن اسے فی سبیل اللہ خرچ کرتا رہتا ہے۔

حسد مذموم ہے اور رشک محمود ہے۔ یہ خواہش اور تمنا کرنا کہ فلاں آدمی کے پاس جو نعمت ہے وہ اس سے چھن جائے اور مجھے مل جائے بڑی ناشائستہ بات ہے اور اگر کسی کی نعمت کو دیکھ کر بارگاہ ذوالجلال میں عرض کی جائے کہ اے اللہ وہ انعام واکرام جو تو نے فلاں شخص کو عطا فرمایا ہے اس شخص کو اس انعام سے محروم کئے بغیر مجھے بھی عنایت فرما دے۔ یہ بڑی عمدہ بات ہے۔

جس آدمی کو یہ سعادت ملے کہ قرآن کریم اسے یاد ہو اور وہ دن رات کی طویل گھڑیوں میں اس کی تلاوت کرتا رہے یقیناً وہ فرزند آدمی قابلِ رشک ہے۔ اللہ یہ دولت ہر ایک مسلمان کو نصیب فرمائے۔

---

(1) مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۱۸۴ وقال متفق علیہ

marfat.com
Marfat.com

ملا علی قاری رحمہ اللہ اس بات کو یوں بیان فرماتے ہیں:

اَلْحَسَدُ قِسْمَانِ حَقِيْقِيٌّ" وَمَجَازِيٌّ" فَالْحَقِيْقِيُّ" تَمَنِّيْ زَوَالِ النِّعْمَةِ عَنْ صَاحِبِهَا وَهُوَ حَرَامٌ" بِاجْمَاعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَمَّا الْمَجَازِيُّ" فَهُوَ الْغِبْطَةُ وَهِيَ تَمَنِّيْ مِثْلِ النِّعْمَةِ الَّتِيْ عَلَى الْغَيْرِ مِنْ غَيْرِ تَمَنِّيْ زَوَالٍ عَنْ صَاحِبِهَا۔(۱)

حسد کی دو قسمیں ہیں ایک حقیقی اور دوسری مجازی۔ حقیقی حسد یہ ہے کہ صاحبِ نعمت سے نعمت کے زوال کی تمنا کی جائے اور یہ باجماع المسلمین حرام ہے لیکن مجازی حسد وہ دوسرے لفظوں میں رشک ہے اور رشک کسی کے ہاں نعمت دیکھ کر اس کی آرزو کرنا ہے۔

بغیر اس کے کہ صاحب نعمت سے زوال نعمت کی تمنا کی جائے۔

اس حدیثِ پاک میں حسد بمعنی مجازی ہے جسے رشک کہا جاتا ہے۔ وحدہ لاشریک کا ارشادگرامی ہے:

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ. (القران)

نیکیوں کے حصول میں ایک دوسرے سے بڑھ جاؤ۔

---

(۱) المرقاۃ جلد ۴ صفحہ ۳۳۷

Marfat.com

# نورِالٰہی سے معمور

حَمَلَةُ الْقُرْآنِ هُمُ الْمُعَلِّمُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ وَالْمُتَلَبِّسُوْنَ بِنُوْرِ اللّٰهِ مَنْ وَالَاهُمْ فَقَدْ وَالَى اللّٰهَ وَمَنْ عَادَاهُمْ فَقَدْ عَادَى اللّٰهَ۔(1)

قرآن کے حافظ ہی کلامِ الٰہی کی تعلیم دینے والے ہیں اور اللہ کے نور سے معمور ہیں جس نے ان سے دوستی کی اس نے یقیناً اللہ سے دوستی کی اور جس نے ان سے عداوت کی اس نے یقیناً اللہ سے عداوت کی۔

حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ هُمُ الْمُتَلَبِّسُوْنَ نُوْرَ اللّٰهِ اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ مَنْ وَالَاهُمْ فَقَدْ وَالَى اللّٰهَ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَاحَمَلَةَ كِتَابِ اللّٰهِ اِسْتَجِيْبُوا اللّٰهَ بِتَوْفِيْرِ كِتَابِهٖ يَزِدْكُمْ حُبّاً وَيُحَبِّبْكُمْ اِلٰى خَلْقِهٖ۔(2)

قرآن کے حافظ ہی اللہ کی رحمت میں لپٹے ہوئے ہیں، اللہ کا نور زیبِ تن کئے ہوئے، اللہ کے کلام کا علم رکھنے والے ہیں۔

جس نے ان سے دشمنی کی تو یقیناً اس نے اللہ سے دشمنی کو مول لیا اور جس نے ان سے دوستی کی اس نے اللہ سے دوستی کی۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے:

---

(۱) کنز العمال اوّل صفحہ ۵۲۳/ الفردوس بماثور الخطاب جلد ۲ حدیث ۲۶۹۲

(۲) کنز العمال ۱/ ۵۲۷

marfat.com
Marfat.com

اے اللہ کی کتاب کے حافظو! اللہ کے احکامات مانو اس کی کتاب کی عزت کے سبب تو وہ تم سے اور محبت کرے گا اور تمہیں مخلوق میں محبوب بنا دے گا۔

حافظ قرآن کیلئے یہ کتنا بڑا اعزاز اور شرف ہے کہ رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زبانِ اقدس اسے معلم کتاب اللہ قرار دے رہی ہے۔ رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک دن طلب علم کے لئے آنے والے ایک صحابی کو دیکھ کر ان الفاظ مبارکہ سے اپنی خوشی کا اظہار فرمایا:

مَرْحَباً بِطَالِبِ الْعِلْمِ إِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ تَحُفُّهُ الْمَلائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا۔[1]

طالب علم کے لئے مرحبا اور خوش آمدید ہو طالب علم کے لئے فرشتے اپنے بازوؤں سے اس پر سائبان تان دیتے ہیں۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ بھی فرمایا:

اَلْعَالِمُ وَالْمُتَعَلِّمُ شَرِيْكَان فِیْ الاَجْرِ۔[2]

عالم اور متعلم اجر میں دونوں شریک ہیں۔

اگر قرآن کریم کی تعلیم حاصل کرنے والے پر فرشتے اپنے بازوؤں سے سایہ کر دیتے ہیں تو قرآن کے معلم پر یقیناً وہ سایہ کرتے ہوں گے۔

اَلْمُتَلَبِّسُوْنَ بِنُوْرِ اللهِ.

حفاظ کرام کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ نورِ الٰہی ان کا لباس ہوتا ہے۔

---

(۱) الترغیب والترہیب ۱/۵۹

(۲) ابن ماجہ حدیث ۲۲۸ وقال اخرجہ احمد۔ الطبرانی باسناد جید والحاکم وقال صحیح الاسناد

Marfat.com

ان کا تمام جسم اللہ جل جلالہ کے انوار میں ڈوبا ہوتا ہے۔ ان کے ہاتھوں میں ان کی زبان میں ان کے کانوں اور آنکھوں میں انوار الٰہی چمک رہے ہوتے ہیں۔

جس کے تمام اعضاء انوار الٰہی سے بھرے ہوئے ہوں اس سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہوتا وہ فرشتوں کی طرح پاک وصاف ہوتا ہے اس کے ہاتھ پاؤں اس کی زبان وکان ہمیشہ اطاعتِ خداوندی کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اے وہ سعید روح جسے حفظ قرآن کی دولت سے نوازا گیا ایسی کوئی حرکت ومعصیت نہ کرنا جس سے انوار الٰہیہ تجھ سے دور ہوجائیں بلکہ ہمیشہ اطاعت وفرمانبرداری کی چادر کے سایہ تلے رہنا تاکہ قرآن کریم کے بے پناہ انوار سے تجھے مزید نوازا جائے۔

انوار قرآن کریم کی برکت یہاں تک ہوتی ہے کہ اس حافظ کی دوستی اللہ کی دوستی قرار پاتی ہے اور اس سے دشمنی براہِ راست اللہ سے دشمنی کے مترادف ہے۔

ایک اور حدیثِ پاک ملاحظہ فرمایئے!

**حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ اَوْلِيَاءُ اللّٰهِ فَمَنْ عَادَاهُمْ فَقَدْ عَادَى اللّٰهَ وَمَنْ وَالَاهُمْ فَقَدْ وَالَى اللّٰهَ**(1)

بس جس نے ان سے دشمنی کی اس نے اللہ سے دشمنی کی اور جس نے ان سے دوستی کی اس نے اللہ سے دوستی کی۔

اللہ وحدہ لاشریک کس محبت سے حفاظ کرام سے مخاطب ہے اور فرماتا ہے اے اللہ کی کتاب کو سینوں میں محفوظ کرنے والو! اللہ کے احکامات پر عمل پیرا ہو جاؤ اس نے تمہیں یہ عزت

---

(1) مسند فردوس الدیلمی/ کنز العمال جلد اول صفحہ ۵۱۵

marfat.com
Marfat.com

بخشی کہ اپنے کلام سے تمہیں سرفراز کر دیا اب تم پر لازم ہے کہ صراطِ مستقیم پر گامزن رہو کیونکہ کتاب اللہ کی عزت وحرمت یہی تقاضا کرتی ہے۔

نیکی کے راستہ پر چلنے سے اللہ تعالیٰ اپنی محبت بطور انعام عطا فرماتا ہے۔

جس سے اس کا خالق و مالک محبت کرے اس جیسا نیک بخت بھری کائنات میں کوئی نہیں۔ دوسرا انعام یہ ہے اللہ کی مخلوق بھی اس سے محبت وچاہت سے پیش آئے گی۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

**یَاحَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ! اِنَّ اَهْلَ السَّمٰوٰتِ تَذْكُرُوْنَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ فَتَحِبَّبُوْا اِلَى اللّٰهِ بِتَوْقِيْرِ كِتَابِهٖ يَزْدَادُكُمْ حُبَّيْنَ يُحَبِّبُكُمْ اِلٰى عِبَادِهٖ.**[1]

اے قرآن کریم کے حافظو! یقیناً آسمانوں والے اللہ کے پاس تمہارا ذکر کر رہے ہیں۔ پھر اس کی کتاب کی عزت وحرمت کے سبب اللہ کے احکامات مانو تاکہ تمہیں مزید محبت والا بنا دے، اپنے بندوں میں تمہیں محبوب کر دے۔

اے قرآن کریم کو اپنے سینوں میں جگہ دینے والے! تیرا ذکر خیر قدسی زبانوں سے اللہ کی بارگاہ میں ہوتا رہتا ہے۔ یہ تیری شان قرآن کریم کے سبب سے ہے اس لئے اسی حرمت وعزت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اللہ کے احکامات واوامر پر عمل پیرا رہو کہیں ایسا نہ ہو کہ شیطان تجھے اسی دنیاوی زیب وزینت کا دھوکہ دے کر راہِ حق سے بھلا دے۔

---

(۱) کنز العمال صفحہ ۵۴۷

Marfat.com

# مستجاب الدعوات

مَنْ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ فَاِنَّ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ اِنْ شَاءَ عَجَّلَهَا لَهُ فِي الدُّنْيَا وَاِنْ شَاءَ اَدْخَرَهَا لَهُ فِي الآخِرَةِ.ا

جس نے قرآن کریم حفظ کیا اللہ کے ہاں اس کی دعا مقبول ہے۔ اگر اللہ چاہے تو دنیا میں جلد ہی اس کا ثمر اسے عطا کردے اور اگر چاہے تو آخرت میں اس کے لئے ذخیرہ رکھ لے۔

کلام الٰہی کا یہ فیضان ہے کہ اسے حفظ کرنے والے خوش نصیب کی زبان میں یہ تاثیر ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو رد نہیں کرتا بھلا وہ زبان جو کلام اللہ سے تروتازہ رہے وہی زبان اگر اپنے پروردگار سے کچھ مانگے تو اللہ وحدہ لاشریک ضرور اس کی سنتا ہے اور عطا بھی فرماتا ہے۔

مسند فردوس میں یہ حدیث ان الفاظ سے بھی مروی ہے:

لِحَامِلِ الْقُرْآنِ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ.۲

حافظ قرآن کی دعا مقبول ہے۔

بعض اوقات حافظ قرآن سوچتا ہے کہ دعا مانگتے مانگتے عرصہ گزر رہا ہے لیکن قبولیت کے آثار نظر نہیں آرہے تو یاد رہے کہ درج بالا حدیث سے قبولیت کا یہ مفہوم ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ چاہے تو دنیا میں اس کی دعا کا ثمر عطا فرمادے اور اگر چاہے تو اسے آخرت میں اس کے اجر سے سرفراز فرمادے۔

(۱) کنز العمال ۱/ ۵۴۸ عن جابر رضی اللہ عنہ

(۲) مسند الفردوس الدیلمی/ کنز العمال ۱/ ۵۱۷

marfat.com
Marfat.com

# رحمت کے سائبان تلے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَااجْتَمَعَ قَوْمٌ فِیْ بَیْتٍ مِنْ بُیُوْتِ اللّٰهِ یَتْلُوْنَ کِتَابَ اللّٰهِ وَیَتَدَارَسُوْنَه بَیْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَةُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِکَةُ وَذَکَرَهُمُ اللّٰهُ فِیْمَنْ عِنْدَه [1]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جو بھی قوم کتاب اللہ کی تلاوت کرنے اور اس کتاب کی درس وتدریس کے لئے اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں جمع ہو جائے تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے اور ان کو رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انہیں جھرمٹ میں لے لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر خیر کرتا ہے ان قدسیوں میں جو اس کی بارگاہ میں حاضر ہوتے ہیں۔ جن مدارس یا مساجد میں حفظ قرآن کی تدریس کا انتظام ہے ان کے لئے اور اساتذہ وطلباء کے لئے اس حدیث پاک میں عظیم نوید ہے۔

اے کتاب الٰہی کی تلاوت اور اس کی درس وتدریس سے اللہ کے گھروں کو رونق بخشنے والو!

تم بڑے خوش نصیب ہو کہ رحمت حق تمہاری طرف جھوم جھوم کر آتی ہے۔ سکینت تم پر سایہ فگن ہوتی ہے اور اللہ کی نوری مخلوق تم پر اپنے پروں کو پھیلا دیتی ہے اور سب سے بڑی

(۱) مسلم/ابوداؤد باسناد صحیح

Marfat.com

سعادت یہ ہے اللہ وحدہ لاشریک جو صمد بھی ہے اور غنی بھی وہ فرشتوں کی محفل میں تمہارا ذکر فرماتا ہے اور فَاذْكُرُوْنِي اَذْكُرْكُمْ کا وعدہ پورا فرماتا ہے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سکینت سے مراد وہ غیر مرئی مخلوق ہے جس کے نزول سے اطمینان وسکون نصیب ہوتا ہے اور ان کے ساتھ فرشتے بھی ہوتے ہیں۔

قَالَ النَّوَوِيُّ اَلْمُخْتَارُ اَنَّهَا مِنَ الْمَخْلُوْقَاتِ فِيْهِ طَمَانِيْنَة" وَرَحْمَة" وَمَعَهُ الْمَلآئِكَةُ ۔[1]

عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَجُل" يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْكَهْفِ وَاِلٰى جَانِبِهٖ حِصَان" مَرْبُوْط" بِشَطَنَيْنِ فَتَغَشَّتْهُ سَحَابَة" فَجَعَلَتْ تَدْنُوْ وَتَدْ نُوْ وَجَعَلَ الْفَرَسُ يَنْفِرُ فَلَمَّا اَصْبَحَ اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَذَكَرَ ذَالِكَ السَّكِيْنَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْآن.[2]

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ ایک آدمی سورۃ کہف پڑھ رہا تھا اس کے قریب ہی ایک گھوڑا دو رسیوں سے بندھا ہوا تھا۔ اتنے میں ایک بادل نے اس پر سایہ کر دیا اور وہ بادل قریب تر ہوتا گیا اور گھوڑے نے اُچھلنا شروع کر دیا۔ بوقت صبح وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور اس سارے واقعہ کا ذکر کر دیا اس پر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ سکینت تھی جو قرآن کی وجہ سے نازل ہوئی تھی۔

یہ اللہ تعالیٰ کی کتنی شانِ کریمی ہے کہ وہ تلاوت قرآن کریم کے وقت رحمت سے بھرپور سکینت کو نازل فرماتا ہے اور بعض نظر والوں کو بادل کی صورت میں دکھا بھی دیتا ہے۔ ایسے مناظر دیکھ کر قرآن کے قاری ایمان کی وہ دولت سینے میں سمیٹ لیتے ہیں کہ بڑی سے بڑی

(۱)(۲) مشکوٰۃ صفحہ ۱۸۴ وقال متفق علیہ

marfat.com
Marfat.com

تحریص بھی ان کو متزلزل نہیں کرسکتی۔کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ جب رحمت الٰہی جوبن پر آتی ہے اللہ کی نوری مخلوق فرشتے بنفس نفیس مرئی صورت میں قرآن سننے کیلئے تشریف لے آتے ہیں۔

اس سلسلہ میں صحیحین کی ایک روایت ملاحظہ ہو:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُسید بن حضیر نے اپنے بارے میں یوں بیان فرمایا کہ وہ رات کے وقت سورۃ بقرہ کی تلاوت کررہے تھے اوران کا گھوڑا ان کے قریب بندھا ہوا تھا۔اچانک گھوڑے نے گھومنا شروع کردیا۔انہوں نے یہ دیکھ کر قراٴت کو موقوف کردیا تو گھوڑا بھی ٹھہر گیا انہوں نے دوبارہ پڑھا گھوڑا پھر گھومنے لگا پھر وہ نماز سے فارغ ہوگئے۔ان کا لڑکا یحیٰی گھوڑے کے قریب ﴿سویا ہوا﴾ تھا۔انہیں اندیشہ ہوا کہ گھوڑا اسے تکلیف نہ پہنچادے۔جب انہوں نے اپنے لڑکے کو گھوڑے سے دور کیا اپنا چہرہ آسمان کی طرف کیا تو دیکھا کہ ایک سائبان میں قندیلیں روشن ہیں۔

صبح کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے یہ تمام ماجرا عرض کردیا۔آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اے حضیر کے بیٹے! تم نے قرآن پڑھتے رہنا تھا۔اے حضیر کے بیٹے! تم نے قرآن کی تلاوت جاری رکھنی تھی۔انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرا بیٹا گھوڑے کے قریب تھا میں ڈر گیا کہ کہیں گھوڑا میرے بیٹے کو روند نہ ڈالے..........

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تِلْکَ الْمَلآئِکَۃُ دَنَتْ لِصَوْتِکَ وَلَوْ قَرَأتَ لَاَصْبَحَتْ یَنْظُرُ النَّاسُ اِلَیْھَا۔[1]

---

(۱) مشکوٰۃ بخاری ومسلم

Marfat.com

اے اُسید !وہ اللہ کی نوری مخلوق فرشتے تھے جو تیری تلاوت قرآن کی آواز سننے کے لئے آتے تھے اگر تو تلاوتِ قرآن کو جاری رکھتا تو لوگ اپنی آنکھوں سے فرشتوں کا دیدار کر لیتے۔

عشقِ الٰہی سے سرشار مومن جب اللہ سے مناجات کا تصور کر کے قرآن کی تلاوت کرتا ہے تو نوری مخلوق میں ایک ہلچل پیدا ہو جاتی ہے اور وہ فرشتے بحکمِ الٰہی اس قرآن کو سننے اور قاری کے دیدار کے لئے زمین کی طرف کوچ کر لیتے ہیں۔ حافظ قرآن جب قران کی تلاوت دلِ دردمند اور چشم پرنم سے کرتا ہے تو اللہ کی رحمتیں اس کی طرف جوق در جوق لپکتی ہیں کبھی وہ سکینت کی صورت اختیار کرتی ہیں اور کبھی فرشتوں کے روپ میں ظاہر ہوتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

# قدسیوں کا ساتھی

عَنْ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَاھِرُ بِالْقُرآنِ مَعَ السَّفَرَۃِ الکِرَامِ الْبَرَرَۃِ وَالَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرآنَ وَیَتَتَعْتَعُ فِیْہِ وَھُوَ عَلَیْہِ شَاقٌ" لَہٗ اَجْرَانِ.(1)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماہر حافظ قرآن عزت والے اور نیک فرشتوں کے ساتھ ہوگا اور وہ آدمی جو قرآن پڑھے اور اس میں اٹک جائے اس کے لئے دوگنا اجر ہے۔

یہ حدیث پاک ان الفاظ سے بھی مروی ہے:

اَلَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرآنَ وَھُوَ مَاھِرٌ "بِہٖ مَعَ السَّفَرَۃِ الْکِرَامِ الْبَرَرَۃِ وَالَّذِی یَقْرَأُ الْقُرآنَ وَھُوَ عَلَیْہِ شَدِیْد" لَہٗ اَجْرَانِ.(2)

وہ فرزند آدم جو قرآن کی تلاوت کرے اور وہ حافظ ہو تو وہ معزز اور نیک فرشتوں کے ساتھ ہوگا اور وہ تلاوت کرے اور تلاوت اس پر شدید ہو تو اسے دو چند اجر ملے گا۔

ماہر کے معنی کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ملا علی قاری فرماتے ہیں:

---

(۱) مشکوۃ وقال متفق علیہ

(۲) شرح السنۃ البغوی جلد ۴ صفحہ ۴۳۰

Marfat.com

هُوَالْكَامِلُ الْحِفْظِ الَّذِئ لايَتَوَقَّفُ فِى الْقِرَاءَ ةِ وَلاَ يَشُقُّ عَلَيْهِ.[1]

ماہراس کامل حافظ کو کہتے ہیں جو اس روانی سے تلاوت کرتا ہو کہ دورانِ تلاوت نہ رکتا ہو اور نہ ہی اس پر دشوار ہو۔

یہی علامہ موصوف رحمہ اللہ السفر ۃ کے ضمن میں لکھتے ہیں:

اَلْمُرَادُ بِهَا الْمَلآئِكَةُ الَّذِيْنَ هُمْ حَمَلَةُ الَّلوْحِ الْمَحْفُوْظ.[2]

سفرۃ سے مراد فرشتے ہیں جو لوح محفوظ کے حافظ ہیں۔

علامہ بغوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اَلسَّفَرَةُ : هُمُ الْمَلآئِكَةُ لاَنَّهُمْ يَنْزِلُوْنَ بِوَحْيِ اللّٰهِ وَمَايَقَعُ بِهِ الصَّلاَحُ بَيْنَ النَّاسِ كَالسَّفِيْرِ يَصْلِحُ بَيْنَ الْقَوْمِ.[3]

سفرہ سے مراد فرشتے ہیں کیونکہ یہ اللہ کی وحی اور وہ احکام جس سے لوگوں میں اصلاح ہو لے کر آتے ہیں جیسے سفیر قوم میں صلح کرواتا ہے۔

یہ بات واضح ہوئی کہ حافظ قرآن فرشتوں کے ساتھ ہے وہ جہاں بھی جائے اللہ کے معزز فرشتے اس کے رفیق ہیں اور کسی بھی خطرے کے موقع پر اس کے ایمان وایقان کی حفاظت کرتے ہیں۔

---

(۱) المرقاۃ شرح المشکوٰۃ صفحہ ۳۳۶ جلد ۴

(۲) المرقاۃ صفحہ ۳۳۶ جلد ۴

(۳) شرح السنۃ للبغوی صفحہ ۴۳۰ جلد ۴

marfat.com
Marfat.com

ایک اور نظریہ ملاحظہ ہو۔

قَالَ الْقَاضِی عَیَاضُ یَعْتَمِلُ اَنْ یَّکُوْنَ الْمُرَادُ بِکَوْنِہٖ مَعَ الْمَلاَئِکَۃِ اَنْ یَکُوْنَ لَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ مَنَازِلُ یَکُوْنُ فِیْھَا رَفِیْقاً لِلْمَلآئِکَۃِ.(۱)

قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس بات کا بھی احتمال ہے کہ فرشتوں کی معیت سے مراد حافظ قرآن کے لئے آخرت میں ایسی منازل ہوں جہاں وہ ملائکہ کا رفیق وصدیق ہوگا۔

فرشتے گناہوں سے پاک ہیں اور فرشتوں کا ہمنشین بھی وہی ہوگا جو گناہوں سے پاک ہوگا تو اس بات سے یہ واضح اشارہ ہے کہ حافظ قرآن کریم کی برکت سے دنیا سے رخصت ہوتے وقت گناہوں سے اس طرح پاک ہوگا جس طرح اللہ کی نوری مخلوق گناہوں سے پاک ہے۔

زیرِ نظر حدیثِ پاک میں اٹک کر پڑھنے والوں کے لئے دوگنا اجر کا ذکر ہے۔ اس میں ان لوگوں کے لئے تسلی کا سامان ہے جو روانی سے نہیں پڑھ سکتے پروردگارِ عالم جل جلالہ نے انہیں اپنی رحمت سے محروم نہیں فرمایا بلکہ دوگنے اجر کی نوید سنائی ہے۔ اس کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ جو روانی سے پڑھتا ہے اس کا اجر اٹک کر پڑھنے والے سے کم ہے بلکہ روانی سے پڑھنے والا اجر میں اس سے کہیں زیادہ ہے۔

---

(۱) المرقاۃ صفحہ ۴۳۶ جلد ۴

Marfat.com

حضرت ملا علی قاری حنفی نقشبندی رحمہ اللہ یوں فرماتے ہیں:

لَیۡسَ مَعۡنَاهُ الَّذِیۡ یَتَتَعۡتَعُ فِیۡهِ لَهُ مِنَ الاَجۡرِ اَکۡثَرُ مِنَ الۡمَاهِرِ بَلِ الۡمَاهِرُ اَفۡضَلُ وَاَکۡثَرُ اَجۡراً مَعَ السَّفَرَةِ وَلَهُ اُجُوۡر" کَثِیۡرَة" حَیۡثُ اُنۡدُرِجَ فِیۡ سِلۡکِ الۡمَلائِکَةِ الۡمُقَرَّبِیۡنَ۔[1]

اس کا یہ مفہوم نہیں کہ جو اٹک کر پڑھتا ہے اس کا اجر ماہر سے زیادہ بلکہ ماہر قرآن افضل ہے اور اجر میں بھی زیادہ ہے۔ اسے تو قدسیوں کی معیت نصیب ہے اور وہ بہت زیادہ اجروں کا مستحق ہے۔ اس طرح کہ وہ تو ملائکہ مقربین کی مقدس لڑی میں منسلک ہو گیا ہے۔

انسان کو قرآن کریم سے محبت کرنی چاہیئے قطع نظر اس کے کہ وہ ماہر ہے یا اٹک کر پڑھنے والا ہے۔ وہ ہر صورت میں اجر کا مستحق ہے اور اللہ کی رضا و خوشنودی کا سزاوار ہے۔

(۱) المرقاۃ شرح مشکوٰۃ صفحہ ۳۳۹

marfat.com
Marfat.com

# اسلام کا علمبردار

حَامِلُ الْقُرآن حَامِلُ وَأيَةِ الاِسْلامِ وَمَنْ اَكْرَمَه' فَقَدْ اَكْرَمَ اللّٰهَ وَمَنْ اَهَانَه' عَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ۔(۱)

حافظ قرآن اسلام کے جھنڈے کو اُٹھانے والا ہے جس نے اس کی عزت کی تو یقیناً اس نے اللہ کی عزت کی اور جس نے اس کی اہانت کی تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

جھنڈا ہر آدمی کے ہاتھ میں نہیں دیا جاتا بلکہ جھنڈا سپہ سالار اور قائد کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ قائد ہی پوری قوم کی جان اور روح ہوتا ہے۔ اللہ وحدہ لاشریک نے حافظ قرآن کو اسلام کا جھنڈا بلند کرنے والا بنا دیا۔

اے حافظ قران! اللہ نے اسلام کا جھنڈا تیرے ہاتھ میں دے دیا ہے۔ اسلام کے دشمنوں کی نظر تجھ پر ہے اب اسلام کی عزت و ناموس کا واسطہ کوئی ایسی حرکت نہ کر دینا جس سے دشمنِ اسلام اسلام پر انگشت نمائی کر سکیں بلکہ سیرت و کردار کا ایسا اعلیٰ نمونہ پیش کرنا کہ جو بھی تجھے دیکھتا جائے اسلام کا گرویدہ ہوتا جائے۔

یہ عزت و شرف کسی کسی کو ملتا ہے کہ رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حافظ قرآن کی عزت کو اللہ کی عزت قرار دے دیا اور حافظ قرآن کی طرف نظر اہانت سے دیکھنے والا غضب و پھٹکار کا مستحق قرار دیا گیا۔

(۱) کنز العمال صفحہ ۵۱۵ جلد اوّل

Marfat.com

رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یوں بھی ارشاد فرمایا:

اَکْرِمُوْا حَمَلَةَ الْقُرْآنِ فَمَنْ اَکْرَمَهُمْ فَقَدْ اَکْرَمَنِیْ. (۱)

اے میرے امتیو! قرآن کے حافظ کی عزت کرو جس نے ان کی عزت کی اس نے یقیناً میری عزت کی۔

حافظ قرآن کی عزت اللہ کی عزت ہے اور حافظ قرآن کی تکریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی توقیر و تعظیم ہے۔

اب حافظ قرآن پر لازم ہے کہ اس عزت و شرف کا احساس کرے اور اپنے ظاہر و باطن کو قرآن کریم کے انوار سے ہمیشہ مزین رکھے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ روایت فرماتے ہیں:

حَامِلُ" الْقُرْآنِ حَامِلُ رَأيَةِ الاِسْلَامِ لَايَنْبَغِیْ اَنْ يَّلْهُوَ مَعَ مَنْ يَّلْهُوْ وَلَايَسْهُوَ مَعَ مَنْ يَّسْهُوْ وَلَا يَلْغُوَ مَعَ مَنْ يَّلْغُوْ تَعْظِيماً لِحَقِ الْقُرْآن.۲

قرآن کا حافظ اسلام کا علمبردار ہے۔ حقِ قرآن کی تعظیم کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے لئے مناسب نہیں کہ کسی لہو ولعب میں مشغول آدمی کے ساتھ مل کر لہو ولعب میں یا غافل کے ساتھ مل کر غفلت میں یا لغو باتیں کرنے والے کے ساتھ مل کر لغویات میں مشغول ہو جائے۔

امام حاکم نیساپوری کی روایت کردہ اس حدیث پاک کو بھی ملاحظہ فرمائیے:

---

(۱) کنز العمال ۱/۵۱۲- الفردوس بماثور الخطاب للدیلمی حدیث نمبر ۲۶۹۰/ اتحاف الساتھ ۴/ ۴۶۷

(۲) التبیان النوری ۲۹

marfat.com
Marfat.com

**لاَیَنْبَغِیْ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ اَنْ یَجِدَ مَعَ مَنْ جَدَّ وَلاَ یَجْهَلَ مَعَ مَنْ جَهِلَ وَفِیْ جَوْفِهِ کَلاَمٌ"۔**[۱]

حافظ قرآن کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کسی اُلجھنے والے سے اُلجھے اور نہ کسی نادان کے ساتھ نادانی کرے کیونکہ اس کے پیٹ میں اللہ کا کلام ہے۔

(۱) المستدرک جلد اوّل صفحہ ۵۵۲

Marfat.com

# اَغْنَی النَّاس

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أغْنَی النَّاسِ حَمَلَةُ الْقُرْآنِ مَنْ جَعَلَهُ اللّٰہُ فِیْ جَوْفِہٖ۔[۱]

پس نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا لوگوں میں سب سے زیادہ غنی حافظ قرآن ہیں جن کے سینے کو اللہ نے قرآن سے مزین وآراستہ فرمادیا۔

ایک دن رسول عربی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صحابہ کرام سے فرمایا بتاؤ لوگوں میں غنی اور صاحب ثروت کون ہے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے چند مالدار صحابہ کا نام لے دیا۔ اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سوچ کے دھارے بدلتے ہوئے فرمایا میری امت میں مالدار اور صاحب ثروت وہ ہے جو قرآن کا حافظ ہے، جس کے سینے میں قرآن محفوظ ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ایک اور ارشاد ملاحظہ ہو:

اَلْقُرْآنُ غِنِیّ '' لاَفَقْرَ بَعْدَہ' وَلاَ غِنٰی دُوْنَہ'۔[۲]

قرآن وہ دولت ہے کہ اس کے بعد فقر نہیں اور اس سے بڑھ کر کوئی تونگری نہیں۔

غنی وہ ہے جو قران کا حافظ ہے۔ صاحب ثروت وہ ہے جس کے سینے میں قرآن محفوظ ہے۔

---

(۱) کنز العمال جلد اوّل صفحہ ۵۱۰ بروایت ابن عساکر

(۲) مسند ابو یعلی موصلی

marfat.com
Marfat.com

غنی اور صاحب ثروت کسی کے سامنے دستِ سوال دراز نہیں کیا کرتے جو غنی ہو کر کسی سے کچھ مانگے اس پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے۔

**عَنْ عِمْرَان بْنِ حَصِيْنٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ مَرَّ عَلٰى قَارِئٍ يَقْرأُ ثُمَّ سَأَلَ فَاسْتَرْجَعَ.**

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ ایک قاری کے پاس سے گزرے جو قرآن کی تلاوت کر رہا تھا۔ تلاوت کے بعد اس نے مانگنا شروع کر دیا۔

آپ نے اناللّٰہ و انا الیہ راجعون پڑھا۔

**ثُمَّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهٖ فَاِنَّهُ سَيَجِيْئُ اَقْوَام" يَقْرَؤُوْنَ يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ بِهٖ.**

پھر فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو سنا آپ فرما رہے تھے جو قرآن پڑھے اسے چاہیئے کہ وہ اللہ سے مانگے۔ عنقریب ایسے لوگ ظاہر ہوں گے جو قرآن پڑھیں گے اور اس کے ذریعے لوگوں سے مانگیں گے۔

امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد گرامی بھی اس بات کو مزید واضح کرتا ہے۔ آپ نے فرمایا: **يَامَعْشَرَ الْقُرَّاءِ اِرْفَعُوْا رُؤُوْسَكُمْ فَقَدْ وَضَحَ لَكُمهُ الطَّرِيْقُ فَاسْتَبِقُوْا الْخَيْرَاتِ لَايَكُوْنُوْا عَيَالاً عَلَى النَّاسِ**[1]

اے قرآن کے قاریو! اپنے سروں کو بلند رکھو تمہارے سامنے راستہ بالکل واضح ہے۔ پس نیکیاں کرنے میں مسابقت اختیار کرو اور لوگوں پر بوجھ نہ بن جاؤ۔

---

(۱) التبیان النوری صفحہ ۲۹

Marfat.com

سوال وہ کرتا ہے جس کے پاس مال و دولت کی کمی ہو۔ حافظ قرآن کو اللہ نے وہ دولت عطا فرمائی ہے جس کی نظیر پیش نہیں کی جا سکتی۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ ثُمَّ رَأَىٰ اَنَّ اَحَداً اُوْتِیَ اَفْضَلَ مِمَّا اُوْتِیَ فَقَدْ اِسْتَصْغَرَ مَاعَظَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی۔** (1)

جس نے قرآن پڑھا پھر وہ یہ سمجھا کہ کسی اور کو اس سے افضل چیز دی گئی ہے تو اس نے یقیناً اسے حقیر سمجھا جسے اللہ تعالیٰ نے عظمتوں والا قرار دیا۔

سب سے افضل و اعلیٰ دولت قرآن کریم ہے۔ وہ آدمی بڑا نا سمجھ ہے جو قرآن کے ہوتے ہوئے کسی اور کے بارے میں افضل و برتری کا تصور قائم کرے۔

ادھر اسلام نے حافظِ قرآن کی جلالتِ شان کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پر لازم قرار دیا کہ وہ بیت المال سے حفاظ کی کفالت کا انتظام کرے۔

**حَامِلُ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰی لَهُ فِیْ بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِيْنَ فِیْ كُلِّ سَنَةٍ مِائَتَا دِيْنَارٍ.** (2)

اللہ تعالیٰ کی کتاب ”قرآن کریم“ کے حافظ کے لئے مسلمانوں کے بیت المال سے ہر سال دو سو دینار ہیں۔

---

(۱) احیاء العلوم الدین الغزالی

(۲) الفردوس بماثور الخطاب جلد دوم حدیث نمبر ۲۶۹۱

marfat.com
Marfat.com

علامہ عبدالرؤوف مناوی رحمہ اللہ اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

............اِلَّاوَزِیْدَ اَوْنُقِصَ بِقَدْرِ الْحَاجَۃِ وَالْمَصْلَحَۃِ کَمَادَلَّ عَلَیْہِ نُصُوْص'' اُخْرٰی۔(۱)

حافظ قرآن کے لئے دوسودینار سالانہ ہوں گے بشرطیکہ ان سے اس کی ضروریات پوری ہوجائیں ورنہ حاجت ومصلحت کے پیشِ نظراس میں زیادتی یا کمی کی جاسکتی ہے۔ جیسے دیگر نصوص اس پر دلالت کرتی ہیں۔

ایک دوسری روایت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہرقاری کے لئے مسلمانوں کے بیت المال میں دوسودینار یا دوہزار درہم مقرر ہیں۔ اگر حکومت اس کرعطا کرے توفبھا ورنہ آخرت میں دیئے جائیں گے۔ اور فتاویٰ کامل میں مرقوم ہے کہ ہرعالم وحافظ کابیت المال سے حق ہے سالانہ دوسودینار یا دوہزار درہم۔ اگر گورنران کونہ دے گا تو آخرت میں اس کی نیکیوں سے دلایا جائے گا اور اگر وہ گورنر نیکیاں نہ رکھتا ہوان کے گناہوں کا باراس پر ڈالا جائے گا۔(۲)

---

(۱) فیض القدیر شرح الجامع الصغیر المناوی ۳۶۷ جلد سوم

(۲) تنویر اللمعان، لمعہ پنجم

Marfat.com

# مشتاق رسول

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ إِقْرَأ عَلَیَّ الْقُرْآنَ قَالَ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ آقْرَهُ عَلَیْکَ وَعَلَیْکَ أُنْزِلَ قَالَ إِنِّیْ اَشْتَهِیْ اَنْ اَسْمَعَهُ مِنْ غَیْرِیْ فَقَرَأتُ النِّسَآءَ حَتّٰی اِذَا بَلَغْتُ فَکَیْفَ اِذَاجِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِیْدٍ وَّجِئْنَا بِکَ عَلٰی هٰؤُلآءِ شَهِیْداً فَرَفَعْتُ رَأسِیْ فَرَأیْتُ دُمُوْعَهُ تَسِیْلُ۔(۱)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے قرآن پڑھ کر سناؤ تو انہوں نے عرض کی یارسول اللہ! کیا میں آپ کو قرآن سناؤں حالانکہ قرآن آپ پر نازل ہوا۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری یہ خواہش ہے کہ میں کسی اور سے قرآن سنوں تو میں نے سورۃ النساء پڑھنی شروع کردی اور جب میں

کَیْفَ اِذَاجِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِیْدٍ وَّجِئْنَا بِکَ عَلٰی هٰؤُلآءِ شَهِیْداً

پر پہنچا تو میں نے اپنا سر اٹھایا ﴿میری نگاہ رُخِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر گئی﴾ تو دیکھا کہ آپ کی آنکھیں ساون برسا رہی ہیں۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں۔

قَالَ حَسْبُکَ الآنَ فَالْتَفَتُّ اِلَیْهِ فَاِذَاعَیْنَاهُ تَذْرِفَان.

(۱) مسلم صفحہ ۲۷۰ جلد اوّل

marfat.com
Marfat.com

﴿جب میں اس آیت تک پہنچا تو﴾ آپ نے فرمایا اب قرأت موقوف کیجئے تو میں نے دیکھا کہ آپ کی چشمانِ مبارک موتی لٹا رہی ہیں۔[1]

علامہ بدرالدین عینی عمدۃ القاری شرح بخاری میں ایک اور حدیث پاک ذکر کرتے ہیں: اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُمْ فِیْ بَنِیْ ظَفرٍ وَمَعَه' اِبْنُ مَسْعُوْدٍ وَنَاس'' مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَأمَرَ قَارِئاً فَقَرَاَهُ فَأتٰی هٰذِهِ الآیَةَ فَکَیْفَ اِذَاجِئْنَامِنْ کُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِیْدٍ فَبَکٰی حَتّٰی ضَرَبَ لِحْیَاهُ وَوَجْنَتَاهُ فَقَالَ یَارَبِّ هٰذَاشَهِدْتُّ عَلٰی مَنْ اَنَابَیْنَ ظَهْرَیْهِ فَکَیْفَ عَلٰی مَنْ لَمْ أرَه'.[2]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس قبیلہ بنی ظفر میں تشریف لائے اور آپ کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور چند صحابہ تھے پس آپ نے ایک قاری کو پڑھنے کا حکم دیا جب وہ اس آیت

**فکیف اذاجئنا من کل اُمة بشهید**

پر پہنچا تو آپ رو دیئے یہاں تک کہ آپ کی داڑھی مبارک اور رخسار آنسوؤں سے تر ہو گئے پس آپ نے عرض کی اے میرے پروردگار میں تو جن کے درمیان ہوں ان کا تو گواہ ہوں جن کو میں نے نہیں دیکھا ان پر کیسے گواہی دوں گا۔

اس اشکال کو علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ درج ذیل حدیث پاک ذکر کر کے دور کرتے ہیں۔

---

(۱) بخاری

(۲) عمدۃ القاری شرح بخاری للعینی جلد ۲۰ صفحہ ۶۰

Marfat.com

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ لَيْسَ مِنْ يَوْمٍ اِلَّا وَيُعْرَضُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتُهُ غُدْوَةً وَّعَشِيَّةً فَيَعْرِفُهُمْ بِسِيْمَاهُمْ وَاَعْمَالِهِمْ فَلِذَالِكَ يَشْهَدُ عَلَيْهِمْ[1]

حضرت سعید بن میسّب فرماتے ہیں کہ ہر روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ کی امت صبح وشام پیش کی جاتی ہے پس آپ اپنی امت کو ان کے چہروں اور اعمال سے پہچانتے ہیں اس وجہ سے آپ ان کی گواہی دیں گے۔

حیات ابدیہ سے متصف نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اے اُمتی تیری گواہی دے گا وہ تجھے تیرے اعمال اور تیری اشکال وصورت سے پہچانتا ہے اس لئے تو بھی امتی ہونے کی لاج رکھتے ہوئے آپ کی شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی کوشش کر۔ یہ سعادت ہر آدمی کو نہیں ملتی بلکہ اس حافظ قرآن کو نصیب ہوتی ہے جو قرآن کریم کے ظاہری وباطنی حقوق کے ساتھ تلاوت کرتا ہو۔ اس کے دن اور رات آنسوؤں کی آمیزش سے قرآن کی تلاوت کرتے گزرتے ہوں اس کا ہر قدم شریعت مطہرہ کے مطابق ہو اللہ کے اوامر پر سختی سے کاربند ہو اور نواہی سے پوری شدت سے اجتناب برتتا ہو۔

آیئے مدینۃ الاولیاء سرہند شریف چلتے ہیں جہاں سید الاولیاء الکاملین آیۃ من آیات اللہ محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ اور اپ کے قدسی صفات اولا دامجاد رحمہ اللہ محو استراحت ہے۔

---

(۱) عمدۃ القاری شرح بخاری للعینی جلد ۲۰ صفحہ ۶۰

marfat.com
Marfat.com

محبت میں یوں بھی ہوتا ہے کہ محبوب کے ساتھ محبوب کے شہر کی گلی کوچے سے پیار ہوتا ہے بلکہ اس شہر محبوب کے باسی بھی محبت وعنایت کے مستحق قرار پاتے ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کے شہر کے دو حفاظ کرام پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت کا مشاہدہ کیجئے۔ سرہند شریف میں سید عبداللہ اور ان کے ساتھ رحمہ اللہ قرآن کریم کی تلاوت میں مگن ہیں ایک دوسرے کو قرآن سنا رہے ہیں۔ دنیا و مافیھا سے بے خبر کلام الٰہی کی حلاوت میں گم ہیں اچانک چند عرب سوار آئے اور قریب ہی کھڑے ہو کر قرآن سننا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ان میں سے جوان کا سردار تھا گویا ہوا۔

اے قرآن کے قاریو! تم نے قرآن کا حق ادا کر دیا۔ اتنا کہہ کر وہ قافلہ رخصت ہو گیا۔ یہ دونوں بزرگ بعد میں باتیں کرنے لگے کہ یار یہ کون لوگ تھے ان کے چہرے بڑے پُر رونق تھے خصوصاً ان کے رئیس کا چہرہ پرانوار کا ایسا جامہ تھا کہ نظر جما کر دیکھنا ممکن نہ تھا۔ میں تو دیکھ کر اپنے آپ کو قابو نہ رکھ سکا اور ان کے احترام میں کھڑا ہو گیا۔

اسی دوران اسی عرب وضع قطع کا ایک اور سوار آیا اور ان حفاظ کرام سے مخاطب ہوا، اے قرآن کے قاریو! کیا رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف لائے تھے اگر تشریف لائے تھے تو اب کہاں تشریف لے جا چکے ہیں۔ ان حفاظ کے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی اور ایک دوسرے کا منہ تکتے رہ گئے۔ ہائے اللہ کے محبوب تشریف لائے تھے ہم ان کی قدم بوسی نہ کر سکے۔ جس ذاتِ اقدس کا کلمہ پڑھتے ہیں اس نے کرم فرمایا ہم ان کا جی بھر کر دیدار بھی نہ کر سکے۔[1]

---

(۱) انفاس العارفین از شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

Marfat.com

بعض علماء فرماتے ہیں وہ نو وارد عربی سواران حفاظ کی کیفیت کو بچشم سر ملاحظہ کر رہا تھا کہ وہ دونوں حفاظ اس طرف متوجہ ہوئے اس کی سواری کی رکاب پکڑ کر کہتے ہیں کہ بتاؤ تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا جس کا پوچھنا تھا اس تذکرہ کو علماء کرام کے مواعظ حسنہ میں جیسا سنا تھا ویسا ہی نقل کر دیا ہے لیکن جب اصل مرجع ''انفاس العارفین'' دیکھنے کا اتفاق ہوا تو وہاں جگہ کا نام ''کھیڑی'' لکھا ہے۔ **واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب**

اس کا پوچھا نہیں میرا پوچھتے ہو؟ انہوں نے جواباً کہا تم بھی کوئی معمولی آدمی معلوم نہیں ہوتے۔ اس نو وارد عربی سوار نے کہا! مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ابو ہریرہ کہتے ہیں ﴿رضی اللہ عنہ﴾

رات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے روضہ شریف میں فرمایا تھا کہ صبح سرہند کے قاریوں کا قرآن سننے چلیں گے تم بھی ساتھ چلنا اور پھر صبح مجھے کسی اور کام بھیج دیا میں اس کام سے فارغ ہو کر آیا تو آپ روانہ ہو چکے تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ اپنے والد گرامی قدر حضرت شاہ عبدالرحیم رحمہ اللہ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اس صحراء میں کئی دن تک بھینی بھینی خوشبو مہکتی رہی۔ [1]

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل دیئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

اے قرآن کریم کو اپنے سینے میں محفوظ کرنے والے!

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ پر چلنا اپنی زندگی کا شعار بنا لے، احکام شریعہ

---

(۱) انفاس العارفین

marfat.com
Marfat.com

کے مطابق حیات مستعار کے چند روز گزارنے کی سعی کر، عشقِ الٰہی سے سرشار ہو کر قرآن کی تلاوت کو حرزِ جاں بنالے ہو سکتا ہے لطف و کرم والے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کرم تجھ پر بھی ہو جائے اور تیرے بخت بھی آسمان سعادت پر ماہتاب بن کر چمکنا شروع کر دیں۔

Marfat.com

# اشراف اُلامت

اَشْرَافُ أُمَّتِیْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ وَاَصْحَابُ اللَّیْلِ۔[۱]

اشرف الامت حفاظ قرآن اور اصحاب اللیل ہیں۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے امت میں اشرف واکرم حفاظ کرام کو قرار دیا۔ یہ شرف اور یہ بزرگیاں قرآن کریم کو سینے میں محفوظ کرنے کی وجہ سے ہیں۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشادات مبارکہ سے حفاظ کرام کی شرافت وعظمت کو واضح فرمایا:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدِ الاَنْصَارِیِّ الْبَدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْرَؤُ ھُمْ لِکِتَابِ اللّٰہِ۔[۲]

حضرت ابن مسعود انصاری بدری سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا قوم کی امامت وہ شخص کرائے جو قرآن کا زیادہ قاری ہو۔

مصلّٰی امامت پر کھڑا ہونا بہت بڑا منصب ہے۔ ایسی جگہ جہاں کوئی امام مقرر نہ ہو وہاں جب افراد جماعت کے لئے کھڑے ہوں گے تو ان کی امامت وہی کروائے گا جو قرآن کا زیادہ حافظ ہوگا۔

---

(۱) کنز العمال ۱/۵۰۱ جلد اوّل

(۲) مسلم

marfat.com
Marfat.com

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنے زمانہ خلافت میں ان افراد کو مشاورت کے لئے منتخب فرمایا کرتے تھے جو قرآن کے حافظ زیادہ ہوتے تھے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ کَانَ الْقُرَّاءُ اَصْحَابُ مَجْلِسِ عُمَرَ وَمَشَاوَرَتِهٖ کُهُوْلاً وَّشَبَاباً۔(۱)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اصحاب مجلس اور اصحاب مشاورت حفاظِ کرام عمر رسیدہ ہوں یا جوان دونوں ہوتے تھے۔

بارگاہِ خداوندی میں سربندگی جھکانے کے لئے فرائض امامت ہوں یا ملکی معاملات کے لئے مشاورت ہو ہر جگہ حفاظ قرآن کو ترجیح دی جاتی ہے۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں مکہ مکرمہ کا گورنر نافع بن حارث کو بنا دیا پھر ایک مرتبہ آپ کی گورنر مکہ سے ملاقات عسفان پر ہوئی آپ نے ان سے پوچھا؟ مَنْ اِسْتَخْلَفْتَ عَلٰی اَهْلِ الْوَادِیْ؟

اہل وادی پر اپنا نائب کسے بنا کر آئے ہو؟

اس پر نافع بن حارث نے جواب دیا!

اِسْتَخْلَفْتُ عَلَیْهِمْ اِبْنَ اَبْزٰی

میں نے ابن ابزی کو جانشین مقرر کیا ہے۔

اس پر آپ نے استفسار کیا کہ ابن ابزی کون ہے؟ تو نافع بن حارث نے جواب دیا ہمارا آزاد کردہ غلام۔ آپ نے پھر از راہِ تعجب استفسار کیا:

---

(۱) البخاری

Marfat.com

اپنی عدم موجودگی میں اہل مکہ پر ایک غلام کو اپنا نائب بنا کر آئے ہو!

انہوں نے جواباً عرض کی کہ ابن ابزی قرآن کا قاری اور فرائض کا عالم اور بہترین فیصل ہے۔

حضرت عمرؓ نے ارشاد فرمایا:

تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَاماً وَيَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ.(1)

اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے بعض اقوام کو عزت و رفعت عطا فرماتا ہے اور اسی کے ذریعے بعض کو پستیوں میں دھکیل دیتا ہے۔

نافع نے ابن ابزیٰ کے استخلاف کے جواز کے لئے اس کے تین وصف گنوائے لیکن حضرت امیر المومنین رضی اللہ عنہ کی نظر میں حفظ و قراءتِ قرآن ہی ایک ایسا وصف ہے جس کے ذریعے ایک غلام کو مکہ مکرمہ کا عامل بنایا جا سکتا ہے۔ یقیناً اس قرآن کے ذریعے ہی اللہ اقوام کو عزت عطا فرماتا ہے۔

شیخ نصر بن محمد سمرقندی المتوفی ۳۷۳ھ کی نقل کردہ اس روایت میں صرف ابن ابی ابزی کا ایک ہی وصف مذکور ہے۔

---

(1) ابن ماجہ حدیث نمبر ۲۱۸

marfat.com
Marfat.com

قَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ تَستَعمِلُ رَجُلاً مِنَ المَوَالِي عَلٰى قُرَيشٍ قَالَ يَاامِيرَ المُؤمِنِينَ إِنِّي لَم اَدَعْ خَلفِي اَحداً أَقرأ لِلقُرْاٰن مِنه، قَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ نَعَم اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى رَفَعَ بِالقُرآنِ رِجَالاً وَوَضَعَ رِجَالاً وَاَنَّ عَبدَ الرَّحمٰنِ بْنِ اَبِي أَبزٰى مِمَّن رَّفَعَهُ اللّٰهُ بِالقُرآنِ.(1)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا آپ نے ایک غلام کو سردارانِ قریش پر حاکم مقرر کردیا ہے تو انہوں نے عرض کی اے امیر المومنین میں نے اپنے بعد اس سے بڑھ کر کسی کو قرآن کا قاری نہ پایا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بہتر یقیناً اللہ تعالیٰ اس قرآن کے ذریعہ بہت سے افراد کو رفعت عطا فرماتا ہے اور بہت سوں کو پستی میں لے جاتا ہے اور یقیناً عبدالرحمٰن بن ابی ابزیٰ ان افراد سے ہے جنہیں اللہ نے قرآن کی وجہ سے عزت ورفعت عطا فرمائی۔

حافظ قرآن کے لئے شرف بزرگی عارضی نہیں بلکہ دائمی ہے۔

عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى اُحُدٍ ثُمَّ يَقُولُ اَيُّهُمَا اَكْثَرُ اَخذاً لِلقُرْاٰنِ اِنْ اُشِيْرَ اِلٰى اَحَدِهِمَا قَدَّمَه، فِي اللَّحَدِ.(2)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شہداء احد میں سے دو دو آدمیوں کو ایک قبر میں جمع فرمارہے

---

(۱) تنبیہ الغافلین للسمرقندی صفحہ ۳۲۸

(۲) البخاری

Marfat.com

تھے پھر آپ استفسار فرماتے کہ ان میں سے کسے قرآن زیادہ یاد ہے اگر ان میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا ﴿ کہ اسے قرآن دوسرے کی نسبت زیادہ یاد ہے ﴾ تو آپ اسے لحد میں پہلے اتارتے۔

سنن ابن ماجہ میں یوں مذکور ہے:

عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَجْمَعُ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ وَالثَّلاثَةِ مِنْ قَتْلٰی اُحُدفِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍثُمَّ یَقُوْلُ اَیُّهُمْ اَكْثَرُ اَخْذاً لِلْقُرْاٰنِ، فَاِذَااُشِیْرَ اِلٰی اَحَدِهِمْ قَدَّمَه' فِیْ اللَّحدِ وَقَالَ اَنَا شَهِیْد'' عَلٰی هٰؤُلَآءِ۔(1)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہداء احد میں دو یا تین افراد کو قبر میں جمع فرماتے پھر آپ حاضرین سے پوچھتے ان میں سے کسے زیادہ قرآن کریم یاد تھا جب کسی ایک کی طرف اشارہ کر دیا جاتا تو لحد میں آپ اسے پہلے اتارتے اور فرماتے میں ان پر گواہ ہوں۔

حافظ قرآن کی کتنی عظمت ہے کہ شہداء احد میں بھی اسے امتیاز حاصل ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے حفظ قرآن کی وجہ سے اسے قبر میں پہلے اتارتے ہیں وہ انسان کتنا خوش نصیب ہے جسے رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم دوسروں پر خود ترجیح دیں اور اسے سب سے پہلے اپنے ہاتھوں میں لے کر اس کی عظمت و رفعت شان کا عملی اظہار فرما دیں۔

---

(1) ابن ماجہ حدیث نمبر ۱۵۱۴ باب ماجاء فی الصلوٰۃ علی للحد

marfat.com
Marfat.com

# حیاتِ جاوداں

اِذَامَاتَ حَامِلُ الْقُرْآن اَوْحَى اللّٰهُ اِلَى الاَرْضِ اَنْ لَّايَأكُلِيْ لَحْمَه، قَالَتْ: اِلٰهِيْ كَيْفَ آكُلُ لَحْمَهٗ وَكَلَامُكَ فِيْ جَوْفِهٖ.(۱)

جب حافظ قرآن دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ زمین کو حکم فرماتا ہے کہ اس کے گوشت کو مت کھانا وہ عرض کرتی ہے الٰہی میں اس کے گوشت کو کیسے کھا سکتی ہوں جب کہ تیرا کلام اس کے سینے میں ہے۔

کلامِ الٰہی کا حافظ حیاتِ جاوداں سے متصف ہو جاتا ہے۔ موت آنے سے بھی وہ مرتا نہیں بلکہ اپنی قبر میں تروتازہ رہتا ہے۔ وہ قادر قیوم اللہ جو شہید کو زندگی عطا فرما سکتا ہے وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ اپنے کلام کے حافظ کو قبر میں بھی زندگی سے سرفراز فرما دے۔

دانائے شیراز رحمہ اللہ فرماتے ہیں: خوشبودار مٹی سے میں نے پوچھا تیرا نام عنبر ہے یا کستوری؟ اس نے جواباً کہا میں حقیری سی خاک ہوں لیکن گلاب کی پتیاں مجھ پر گرتی رہیں جن کی وجہ سے مجھ میں بھی خوشبو پیدا ہوگئی۔

جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد
وگرنہ من ہما خاکم کہ ہستم

(۱) الفردوس بماثور الخطاب جلد اوّل حدیث نمبر ۱۱۱۲ روایت من جابر و عزاہ السیوطی بیہقی و ترمذی و ابن ماجہ/ کنزل العمال ۵۵۵ جلد اوّل

Marfat.com

انسان تو فانی ہے لیکن حیی وقیوم اللہ کا کلام جب اس کے سینے میں گھر کر لیتا ہے تو اس کلامِ الٰہی کا یہ اثر ہوتا ہے کہ فانی بھی باقی بن جاتا ہے پھر موت بھی اسے فنا کے سمندر میں نہیں پھینک سکتی۔

۱۹۸۲ء میں ظاہر ہونے والی قدرت الٰہیہ ملاحظہ ہو۔

مظفر گڑھ ۴ نومبر ﴿نمائندہ جنگ﴾ نواحی گاؤں مونڈ کا میں ایک قبر کی کھدائی کے دوران سر پر کسی لگنے سے ایک پرانی میت کے سر سے خون بہنے لگا۔

یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب قریبی بستی شاہ والی کے قبرستان میں ایک قبر کی کھدائی کے دوران کسی کی ضرب ایک پرانی قبر میں دفن میت کے سر میں لگی جس پر اس سے خون بہنا شروع ہو گیا۔ یہ صورت حال دیکھ کر گورکن خوفزدہ ہو کر بھاگ اُٹھے تحقیق کے بعد پتہ چلا کہ یہ میت ایک حافظ قرآن کی تھی۔[1]

اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے وقتاً فوقتاً ایسی چیزوں کا اظہار فرماتا رہتا ہے جس سے اس کی اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی حقانیت ہر انسان پر اس طرح واضح ہو جاتی ہے کہ یارائے انکار نہیں رہتا۔

کیا اس واقعہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حافظ قرآن کی حیات کے بارے میں جو درج بالا ارشاد فرمایا کیا اس کی صداقت اظہر من الشمس نہیں ہوگی۔

فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ

---

(۱) روزنامہ جنگ لاہور جمعہ ۱۸ محرم الحرام ۱۴۰۳ھ/ ۵ نومبر ۱۹۸۲ء ۲۰ کا تک ۲۰۳۹ ب/ مخزونہ لائبریری جامعہ ریاض العلوم پیپلز کالونی فیصل آباد۔

marfat.com
Marfat.com

اسی سلسلہ میں اللہ جل شانہ کی حافظ قرآن پر مزید کرم نوازیاں ملاحظہ ہوں۔

علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے ذکر فرمایا کہ

عبداللہ بن محمد بن منصور نے فرمایا کہ ابراہیم حفار قبر کھودنے میں مصروف تھے کہ ساتھ والی قبر کی اینٹیں کھل گئیں اور وہاں سے کستوری کی خوشبو آنے لگی میں نے دیکھا کہ ایک سفید ریش بزرگ قرآن کریم کی تلاوت فرما رہے ہیں۔[۱]

حافظ قرآن جب صبح و شام اللہ کے کلام کی تلاوت میں مصروف رہتا ہے اسے تلاوت قرآن کے بغیر چین نہیں آتا تو پروردگار عالم جل جلالہ اس کی قرآن سے محبت کی لاج رکھتے ہوئے اسے قبر میں بھی قرآن کریم پڑھنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

کیا قبر میں ایسے اعمال کا صدور ممکن ہے؟

اس سلسلہ میں حدیث شریف پیش کی جاتی ہے۔

**اَلْاَنْبِيَآءُ اَحْيَآءٌ يُصَلُّوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ۔**[۲]

انبیاء کرام زندہ ہیں اور اپنے اپنے مزارات میں نماز ادا فرماتے ہیں۔

نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لیلۃ المعراج حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنے مزار پرانوار میں نماز پڑھتے دیکھا۔

اگر انبیاء کرام کو اللہ وحدہ لاشریک یہ سعادت عطا فرماتا ہے کہ وہ اپنے مزارات میں عبادت خداوندی کا لطف ولذت اٹھائیں تو انبیاء کرام سے فیض لینے والے اور ان کی سنتوں پر

---

(۱) تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو تنویر اللعان لمعہ پنجم

(۲) مسند ابی یعلی موصلی۔ سلسلہ الاحادیث الصحیح الالبانی وقال حدیث صحیح۔

Marfat.com

ساری زندگی کار بند رہنے والے امتیوں کو بھی اللہ ان کے طفیل قبر میں عبادات کی توفیق وسعادت عطا فرما سکتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ضَرَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَآءَهٗ عَلٰى قَبْرٍ وَهُوَلَا يَحْسِبُ اَنَّهٗ قَبْرٌ فَاِذَا فِيْهِ اِنْسَانٌ يَقْرَأُسُوْرَةَ تَبَارَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ حَتّٰى خَتَمَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْمَانِعَةُ هِيَ الْمُنْجِيَةُ تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ۔(1)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے اپنا خیمہ ایک قبر پر لگا دیا انہیں اس چیز کا خیال ہی نہ آیا کہ یہ قبر ہے اچانک اس میں ایک انسان ﴿صاحب قبر﴾ کی سورۃ تبارک الذی بیدہ الملک پڑھنے کی آواز آئی اور اس نے سورۃ کو آخر تک پڑھا۔ پس وہ صحابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا عرض کر دیا اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یہ سورۃ عذاب کو روکنے والی ہے یہ نجات دینے والی ہے اپنے پڑھنے والے کو اللہ کے عذاب سے بچاتی ہے۔

ایک صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبر سے تلاوت قرآن کو سننا اور خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس پر مہر تصدیق ثبت کرنا اس بات کا بین ثبوت ہے کہ حافظ قرآن جو قرآن کے تمام حقوق کی رعایت رکھیں مرتے نہیں بلکہ اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور ان میں سے

---

(1) مشکوۃ المصابیح ۱۸۸

marfat.com
Marfat.com

بعض خوش نصیبوں کو یہ سعادت ملتی ہے کہ وہ اپنی قبروں میں قرآن کریم کی تلاوت بھی کرتے ہیں۔

فَلَکَ الْحَمْدُ یَااَللّٰہُ!اِنکَ اَنْتَ رَزَقْتَھُمْ ھٰذِہِ السَّعَادَۃَ الْعُظْمٰی

Marfat.com

# نجات یافتہ

ثَلاثَۃ" تَحتَ الْعَرْشِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ.اَلْقُرآنُ یُحاجُ الْعِبَادَ لَہُ ظَھر" وَبَطْن" وَالاَمَانَۃُ وَالرَّحِمُ.[1]

تین عرش کے نیچے ہوں گے قیامت کے دن:

۱۔ قرآن بندوں کے بارے میں جھگڑا کرے گا۔اس کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن۔

۲۔ امانت

۳۔ صلہ رحمی

قرآن کریم قیامت کے روز اللہ سے عرض کرے گا اے میرے اللہ! یہ وہ شخص ہے جس نے دنیا میں مجھ سے محبت کی مجھے یاد کیا اب قیامت کے روز تو اس کی مغفرت فرمادے۔ اللہ اپنے فضل وکرم سے قران کی اس درخواست کو قبول فرمائے گا اور قرآن والے کی مغفرت کا پروانہ جاری فرمادے گا۔

---

(۱) مشکوٰۃ/شرح السنہ للبغوی

marfat.com
Marfat.com

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

نِعْمَ الشَّفِيْعُ الْقُرْآنُ لِصَاحِبِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُوْلُ يَارَبِّ اَكْرِمْهُ' فَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْهُ' فَيُكْسٰى كِسْوَةَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْهُ' اِرْضَ عَنْهُ' فَلَيْسَ بَعْدَ رِضَى اللّٰهِ شَیٌ"۔ (۱)

قیامت کے دن قرآن کتنا بہترین شفاعت کرنے والا ہے۔ صاحب قرآن کیلئے عرض کرے گا اے پروردگار اس حافظ قرآن کو عزت سے سرفراز فرما پس اسے کرامت کا تاج پہنایا جائے گا پھر عرض کرے گا اے پروردگار! مزید اضافہ فرما پس اس صاحبِ قرآن کو کرامت کا لباس پہنایا جائے گا۔ پھر عرض کرے گا اے پروردگار مزید اضافہ فرما اس سے راضی ہو جا پس اللہ کی رضا سے بڑھ کر تو کوئی انعام نہیں۔

قیامت کے ہولناک دن جب لوگ اپنے اپنے اعمال کی وجہ سے ندامت و رسوائی کا سامنا کریں گے اس وقت حافظ قرآن کیلئے خود قرآن شفاعت کرے گا اور اسے عزت و سرفرازی کی خلعت اور تاج دلوائے گا اور آخر میں پروردگار کی رضا کا انعام بھی اسے دلوا دے گا۔

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ

اللہ کی رضا سب سے بڑی دولت ہے۔

(۱) کنز العمال جلد اوّل صفحہ ۵۴۰

Marfat.com

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ يَقُوْمُ بِهٖ آنَآءَ اللَّيْلِ وَآنَآءَ النَّهَارِ يَحِلُّ حَلَالَهٗ وَيُحَرِّمُ حَرَامَهٗ حَرَّمَ اللّٰهُ لَحْمَهٗ وَدَمَهٗ عَلَى النَّارِ وَجَعَلَهٗ رَفِيْقَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كَانَ الْقُرْآنُ حُجَّةً لَّهٗ۔[1]

جس نے قرآن پڑھا رات اور دن طویل ساعتوں میں اس کے ساتھ قیام کرتا رہا اس کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام جانتا رہا اللہ تعالیٰ اس کے گوشت اور خون کو آگ پر حرام کردے گا اور اسے معزز نیک فرشتوں کا رفیق بنائے گا۔ یہاں تک کہ جب قیامت کا دن ہوگا قرآن اس کی سفارش کرے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح روایت کرتے ہیں:

يَجِيْئُ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ يَارَبِّ حَلِّهٖ فَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْهُ فَيُلْبَسُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ اَرْضِ عَنْهُ فَيَرْضٰى عَنْهُ فَيُقَالُ لَهٗ اِقْرَأْ وَارْقَ وَيَزْدَادُ بِكُلِّ آيَةٍ حَسَنَةً.[2]

صاحبِ قرآن کو قیامت کے دن بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا جائے گا۔ قرآن کہے گا اے پروردگار! اسے لباس رحمت عطا فرما پس اسے کرامت کا تاج پہنایا جائے گا پھر عرض کرے گا اے پروردگار! اس سے راضی ہو جا پس اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا پھر اسے کہا جائے گا قرآن پڑھو اور ترقی کرتے چلے جاؤ اور اسے ہر آیت کے بدلے ایک نیکی کا اضافہ کر دیا جائے گا۔

---

(۱) کنز العمال اول ۵۳۵/ طبرانی فی الاوسط عن ابن عباس

(۲) المستدرک للحاکم ۲/ ۱۱۵/ الترغیب والترہیب

marfat.com
Marfat.com

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ يَقُوْمُ بِهِ آنآءَ اللَّيْلِ وَآنَآءَ النَّهَارِيَحِلُّ حَلَالَه، وَيُحَرِّمُ حَرَامَه، حَرَّمَ اللّٰهُ لَحْمَه، وَدَمَه، عَلَى النَّارِ وَجَعَلَه، رَفِيْقَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ حَتّٰى إِذَاكَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كَانَ الْقُرْآنُ حُجَّةً لَّه، ١

جس نے قرآن پڑھا رات اور دن طویل ساعتوں میں اس کے ساتھ قیام کرتا رہا اس کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام جانتا رہا اللہ تعالیٰ اس کے گوشت اور خون کو آگ پر حرام کردے گا اور اسے معزز نیک فرشتوں کا رفیق بنائے گا۔ یہاں تک کہ جب قیامت کا دن ہوگا قرآن اس کی سفارش کرے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح روایت کرتے ہیں:

يَجِيْئُ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِفَيَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ يَارَبِّ حَلِّهِ فَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْه، فَيُلْبَسُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ ارْضِ عَنْه، فَيَرْضىٰ عَنْه، فَيُقَالُ لَه، اِقْرَأوَارْقَ وَيَزْدَادُ بِكُلِّ آيَةٍ حَسَنَةً.٢

صاحبِ قرآن کو قیامت کے دن بارگاہِ خداوندی میں پیش کیا جائے گا۔ قرآن کہے گا اے پروردگار! اسے لباس رحمت عطا فرما پس اسے کرامت کا تاج پہنایا جائے گا پھر عرض کرے گا اے پروردگار! اس سے راضی ہو جا پس اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا پھر اسے کہا جائے گا قرآن پڑھو اور ترقی کرتے چلے جاؤ اور اسے ہر آیت کے بدلے ایک نیکی کا اضافہ کردیا جائے گا۔

(۱) کنز العمال اول ۵۳۵/طبرانی فی الاوسط عن ابن عباس

(۲) المستدرک للحاکم ۲/۱۱۵/الترغیب والترہیب

marfat.com
Marfat.com

صاحب قرآن اس یوم جزاء میں عذاب وسختی سے محفوظ رہے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

**اِحْفَظُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَایُعَذِّبُ بِالنَّارِ قَلْباً وَعَى الْقُرْاٰنَ.** [1]

قرآن حفظ کرو بے شک اللہ تعالیٰ آگ کا عذاب اس دل کو نہیں دے گا جس نے قرآن کریم یاد کیا۔

یہ حدیث ان الفاظ سے بھی ہے:

**اِقْرَؤُوْالْقُرْآنَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَایُعَذِّبُ قَلْباً وَعَى الْقُرْاٰنَ.** [2]

قران پڑھو اللہ تعالیٰ ایسے دل کو عذاب نہیں دے گا جس نے قرآن کو محفوظ کرلیا۔

مسند الفردوس میں قلب کی جگہ عبد کا لفظ مذکور ہے۔

**لَایُعَذِّبُ اللّٰهُ عَبْداً اَوْعَى الْقُرْآنَ.** [3]

اللہ ایسے بندے کو عذاب نہیں دے گا جس نے قرآن کریم حفظ کرلیا۔

اس بات کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح بھی ذکر فرمایا ہے:

**لَوْجُعِلَ الْقُرْاٰنُ فِیْ اِهَابٍ ثُمَّ اُلْقِیَ فِی النَّارِ مَااحْتَرَقَ.**

اگر قرآن کو کسی چمڑے میں رکھا جائے پھر اسے آگ میں پھینک دیا جائے تو وہ نہیں جلے گا۔

---

(۱) شرح السنہ للبغوی

(۲) کنز العمال اول ۵۱۲

(۳) مسند الفردوس بماثور الخطاب

Marfat.com

اس کا ایک مفہوم تو واضح ہے کہ آگ قرآن کریم کو نہیں جلاتی کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ مکان پورا جل گیا لیکن اس کے طاق میں رکھا ہوا قرآن محفوظ رہا۔

یہ بھی ہوا کہ جہاز آگ کی لپیٹ میں آ گیا اور جل کر خاکستر ہو گیا بلکہ جلتے وقت اس کی اتنی تپش تھی کہ قریبی تمام فصلیں اور درخت جل گئے لیکن اللہ کی شان کہ اسی جہاز میں موجود قرآن کریم کا نسخہ آگ کی دست برد سے محفوظ رہا۔

محدثین کرام رحمہم اللہ اس کا ایک دوسرا مفہوم بیان فرماتے ہیں کہ جس انسان کے سینے میں قرآن ہو اسے جہنم کی آگ نہیں جلا سکتی۔

واقعی جس کا سینہ قرآن کے انوار سے معمور ہو اسے جہنم کی آگ کیسے جلا سکتی ہے۔

حضرت ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

جب حقیر کھال کو قرآن کی ادنیٰ مجارات اور ہمسائیگی کی بناء پر یہ مرتبہ حاصل ہوا کہ اسے آگ نہیں جلاتی تو حافظ قرآن کے دل اور عامل قرآن کے بدن کا کیا پوچھنا جس میں قرآن سالہا سال اور مدت دراز تک رہا اس کو تو آتشِ دوزخ اور بعد و حجاب کی آگ سے بطریق اولیٰ نجات ملے گی۔

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمہ اللہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی روایت نقل کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَوْ كَانَ الْقُرْاٰنُ فِي اِهَابٍ مَامَسَّتْهُ النَّارُ۔[1]

اگر قرآن کسی کھال میں ہو تو آگ اس کھال کو نہ چھوئے گی۔

---

(۱) احیاء العلوم الدین للغزالی

marfat.com

Marfat.com

آگ کا حافظ قرآن کو جلانا تو در کنار اسے چھو بھی نہیں سکتی کیونکہ علم وحکمت کے دریا اس کے سینے سے ضوفشاں ہیں بھلا آگ ان نوار کو کیسے جلا سکتی ہے بلکہ انوار کلامِ الٰہی آگ کو سرد کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

حدیث پاک میں ہے جب مومن پل صراط سے گذر رہا ہوگا جہنم پکار کر کہے گی:

جُزْيَامُؤْمِنُ اِنَّ نُوْرَکَ اَطْفَأَلَهَبِیْ.[1]

اے مومن جلدی گذر جا تیرا نور میری آگ کے شعلوں کو سرد کر رہا ہے۔

یقیناً جب حافظ کلام الٰہی جہنم کے اوپر سے گذرے گا تو جہنم کچھ زیادہ ہی واویلا کرتے ہوئے اس سے جلدی گذر جانے کی درخواست کرے گی کیونکہ اس کے دل میں ایمان کے ساتھ نور کلام الٰہی بھی ہوگا۔

(۱) تفسیر کبیر للرازی

Marfat.com

# عرش الٰہی کے سایہ میں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**ثَلاثَة" لَا يَهُولُهُمُ الْفَزَعُ الاَكْبَرُ وَلاَ يَنَالُهُمُ الْحِسَابُ وَهُمْ عَلٰى كَثِيْبٍ مِنْ مِسْكٍ حَتّٰى يُفْرَغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ رَجُل" قَرَأَ الْقُرْآنَ اِبْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَاَمَّ بِهٖ قَوْماً وَهُمْ رَاضُوْنَ وَدَاعٍ يَدْعُوْاِلَى الصَّلَوَاتِ اِبْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَعَبْد" اَحْسَنَ فِيْمَا بَيْنَه' وَبَيْنَ رَبِّهٖ وَفِيْمَا بَيْنَه' وَبَيْنَ اللّٰهِ۔**[1]

تین ایسے خوش نصیب ہوں گے کہ انہیں قیامت کی ہولناکیاں بھی پریشان نہ کرسکیں گی اور نہ ہی ان سے حساب لیا جائے گا اور وہ کستوری کے ٹیلے پر ہوں گے یہاں تک کہ مخلوق کے حساب سے فراغت ہوجائے۔ایک وہ آدمی جس نے اللہ کی رضا کے لئے قرآن پڑھا اور پھر اس سے قوم کی امامت کرائی اور وہ قوم اس سے راضی رہی اور دوسرا وہ داعی جس نے نماز کے لئے بلایا اللہ کی رضا کی خاطر اور تیسرا وہ غلام جس نے اپنے اور اپنے مالک نیز اپنے اور اپنے اللہ کے درمیان معاملات کو نہایت عمدگی سے نبھایا۔

یہ سرفرازیاں اور یہ کرم نوازیاں اس فرزند آدم کے لئے ہیں جس نے اپنے سینے کو

(۱) الطبرانی فی المعجم الاوسط

marfat.com
Marfat.com

قرآن کے لئے کشادہ کردیا پھر قران کریم نے لحہ لحہ اس پر اپنی برکتیں ظاہر کیں محشر کے بھرے میدان میں اس کی سفارش کی اسے تاج کرامت پہنایا اسے اللہ کی بارگاہ سے عزت وحرمت کا جوڑا دلوایا۔ رضائے الٰہی کا پروانہ اس کے ہاتھ میں دلوایا اور پھر عرش الٰہی کے سایہ میں نہایت شان وشوکت سے کستوری کے ٹیلہ پر بٹھایا۔

اے اللہ! قرآن کی سعادتیں ہر آدمی کو نصیب فرما، ہر ظلمت کدہ دل کو اپنے کلام کے انوار سے منور فرما اور ہر گھر کو اس چشمہ علم وحکمت سے سیراب فرما۔ آمین

بِجَاهِ سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

Marfat.com

# والدین کے لئے رحمت

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَعَمِلَ بِمَافِيْهِ اَلْبَسَ اللّٰهُ وَالِدَيْهِ تَاجاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ ضَوْءُهٗ اَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِيْ بُيُوْتِ الدُّنيا فَمَاظَنُّكُمْ بِالَّذِىْ عَمِلَ بِهٰذَا.[1]

جس نے قرآن کریم پڑھا اور اس کے احکامات پر عمل کیا اللہ اس کے والدین کو قیامت کے دن تاج پہنائے گا جس کی روشنی زیادہ حسین ہوگی سورج کی روشنی سے تمہارے گھروں میں۔ اس آدمی کے مرتبہ کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جس نے اس پر عمل کیا۔

یہ اللہ تعالیٰ کا بے پناہ لطف وکرم ہے کہ بیٹے کی وجہ سے اس کے باپ کو سرفراز فرماتا ہے۔

شرح السنہ للبغوی کی روایت ملاحظہ ہو:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَاَحْكَمَهٗ وَعَمِلَ بِمَا فِيْهِ اُلْبِسَ وَالِدَهٗ تَاجاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ.[2]

جس نے قرآن پڑھا پھر اسے اچھی طرح یاد رکھا اور اس کے احکامات پر عمل کیا اس کے والدین کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا۔

والدین کو تاج کے علاوہ اللہ قیامت کے دن عزت وکرامت کا جوڑا بھی عطا فرمائے گا۔

---

(۱) ابوداؤد/ مسند احمد/ المستدرک/ الترغیب والترہیب

(۲) شرح السنہ للبغوی جلد ۴ صفحہ ۴۳۶

marfat.com
Marfat.com

مَنْ قَرَأَالْقُرْآنَ وَتَعَلَّمَه، وَعَمِلَ بِهٖ اُلبِسَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ تَاجاً مِنْ نُوْرٍ ضَوْؤُه، مِثْلُ ضَوْءِ الْقَمَرِ وَیُکْسٰی وَالِدَاه، حُلَّتَیْنِ لَایُقَوَّمُ لَهُمَا الدُّنْیَا فَیَقُوْلَانِ بِمَ اُکْسِیْنَا هٰذَا فَیُقَالُ بِاَخْذِ وَلَدِ کُمَا الْقُرْآنَ.۱

جس نے قرآن پڑھا اور اسے سیکھا اور اس پر عمل کیا اسے ﴿حافظ قرآن کو﴾ قیامت کے دن نور کا تاج پہنایا جائے گا۔ اس کی روشنی چاند کی روشنی کی طرح ہوگی اور اس کے والدین کو دو جوڑے پہنائے جائیں گے جن کا معاوضہ پوری دنیا نہیں ہوسکتا وہ دونوں عرض کریں گے کس عمل کی وجہ سے ہمیں یہ پہنائے گئے تو انہیں کہا جائے گا تمہارے بیٹے کے حفظ قرآن کی وجہ سے۔

حافظ قرآن کے والدین پر اس شرف و کرامت کا تذکرہ ایک اور حدیث میں ان الفاظ سے ہے۔

یُنَادِیْ مُنَادٍ اَیْنَ الَّذِیْنَ کَانُوْا لَاتُلْهِیْهِمْ رَعْیَةُ الْاَنْعَامِ عَنْ تِلَاوَةِ کِتَابِیْ فَیَقُوْمُوْنَ فَیُلْبَسُ اَحَدُهُمْ تَاجَ الْکَرَامَةِ وَیُعْطَی النُّوْرَ بِیَمِیْنِهٖ وَالخلا بِشِمَالِهٖ فَاِنْ کَانَ اَبَوَاه، مُسْلِمَیْنِ کُسِیَا حُلَّةً خَیْراً مِنَ الدُّنْیَا وَمَافِیْهَا فَیَقُوْلَانِ اَنّٰی هٰذَا لَنَا فَیُقَالُ بِمَا کَانَ وَلَدُکُمَا یَقْرَءُ الْقُرْآنَ.۲

ایک ندا دینے والا ندا دے گا وہ لوگ کہاں ہے جنہیں انعامات کی رعایت نے میری کتاب کی تلاوت سے غافل نہ کیا پس وہ کھڑے ہو جائیں گے پھر انہیں کرامت کا تاج پہنایا

(۱) کنز العمال اوّل صفحہ ۳۴۷ وقال اخرجہ الحاکم
(۲) کنز العمال اوّل ۵۳۹

Marfat.com

جائے گا نور دائیں ہاتھ میں اور خلا بائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے پس اگر اس کے والدین مسلمان ہوئے تو ان دونوں کو ایسا لباس پہنایا جائے گا جو دنیا کی تمام نعمتوں سے بہتر ہوگا وہ عرض کریں گے یہ لباس ہمیں کیوں پہنایا گیا؟

انہیں کہا جائے گا تیرے بیٹے کی وجہ سے جو قرآن پڑھا کرتا تھا۔

ان احادیث میں جہاں حافظ کے والدین کو لباس کرامت دیئے جانے کا ذکر ہے وہاں حفاظ کی بھی عجب شان واضح ہے اللہ اس فانی زندگی میں ہمیں باقی نعمتوں کے حصول کے لئے تگ ودو کرنے کی سعادت ارزانی فرمائے۔

marfat.com
Marfat.com

# اھل خانہ پر رحمت

حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَظْهَرَه، فَأَحَلَّ حَلاَلَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَه، فِیْ عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُمُ النَّارُ۔[1]

جس نے قرآن پڑھا پس اسے زبانی یاد کیا اس کے حلال کو حلال سمجھا اور اس کے حرام کو حرام جانا اللہ اس کے سبب سے اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور اس کے ان دس اہل خانہ میں اس کی سفارش قبول فرمائے گا جن پر عذاب نار واجب ہو چکا ہوگا۔

یہ حدیث ان الفاظ سے بھی ہے:

مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ وَحَفِظَه، اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَه، فِیْ عَشَرَةٍ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبَ النَّارَ۔[2]

جس نے قرآن پڑھا اور اسے حفظ کیا اللہ اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور اس کی شفاعت اس کے ان دس اہل خانہ کے بارے میں قبول فرمائے گا جن پر عذاب نار واجب ہو چکا ہوگا۔

---

(۱) مشکوۃ ۱۸۷/ ابن ماجہ/ ترمذی

(۲) ابن ماجہ صفحہ ۱۹ باب من تعلم القرآن وعلمہ

Marfat.com

اب عالم تصور میں قیامت کے مناظر دیکھیں، لوگ اپنے اپنے اعمال کے سبب سختی وعذاب میں گرفتار ہیں لیکن حافظ قرآن سر پر تاج سجائے خلعتِ کرامت پہنے اللہ کی رضا کا پروانہ ہاتھ میں لئے عرشِ الٰہی کے سایہ میں کستوری کے ٹیلے پر بیٹھا ہے اور اس کے والدین کو بھی نور کا تاج اور کرامت کے جوڑے پہنا دیئے گئے۔ پھر وہ اسی تاج وخلعت کی چمک دمک سمیت اٹھتا ہے اور میدان حشر میں اپنے ان دس عزیزوں اور رشتہ داروں کو بازو سے پکڑ کر جنت کی دہلیز تک پہنچا تا ہے جن کے اپنے اعمال انہیں دوزخ کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

سبحان اللہ! یہ کتنی بڑی عزت ہے واقعی خالق ومالک کے کلام کے طفیل ایسی ہی عزت افزائی چاہیئے تھی۔

سلام ہو اس آمنہ طیبہ طاہرہ کے نور نظر سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر جس نے یہ ساری عزت افزائیاں ہمارے سامنے بیان فرمادیں تاکہ ہمیں بھی اس نعمت عظمٰی کے حصول کا شوق دامن گیر ہو اور اس سعادت ابدیہ کے حاصل کرنے کے لئے محنت کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْداً كَثِيْراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيْهِ

marfat.com
Marfat.com

# جنت میں

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ إِقْرَأْ وَارْقَ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا فَإِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍ تَقْرَأُهَا[1]**

صاحبِ قرآن سے کہا جائے گا قرآن کی تلاوت شروع کرو اور اُوپر چڑھنا شروع کرو اور قرآن ترتیل سے پڑھو جیسا تم دنیا میں ترتیل سے پڑھا کرتے تھے یقیناً تمہاری منزل آخری آیت کے پاس ہے جو تم پڑھو گے۔

جنت میں داخل ہو کر حافظ قرآن سے قرآن پڑھنے کیلئے کہا جائے گا۔ حافظ قرآن جس محبت و شوق اور خلوص للہیت سے دنیا میں تلاوت قرآن کیا کرتا تھا اسی کے مطابق وہ جنت میں منازل و مدارج طے کرتا چلا جائے گا۔

جنت ایک غیر متناہی جہاں ہے اور اس کے درجات و منازل بھی غیر متناہی ہیں۔ حافظ قرآن کو اس سے کتنا حصہ ملے گا یہ اس کی قرأت پر موقوف ہے۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دنیا میں جتنی مرتبہ اس نے قرآن کریم پڑھا ہے اس کے پڑھے

(۱) الترغیب والترھیب / ترمذی / ابو داؤد / ابن ماجہ / المستدرک للحاکم

Marfat.com

ہوئے قرآن کی آیات کے مطابق درجات سے نوازا جائے۔

دنیا میں قاری قرآن کی تلاوت کرتا ہے قرآن کریم مکمل کر کے اس کا پھر جی چاہتا ہے کہ اسے دوبارہ پڑھوں وہ جیسے جیسے پڑھتا جاتا ہے ویسے ہی اس کے ذوقِ قرآن میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ حافظ قرآن کا ذوق اسے مزید پڑھنے پر مجبور کرے اور وہ پھر پڑھنا شروع کر دے تو جیسے جیسے وہ پڑھتا جائے اس کے درجات میں مزید اضافہ ہوتا جائے۔

إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْر''

جس طرح ہر عالم ہر عابد اور ہر مجاہد کے اجر وثواب میں فرق ہے وہ حافظ قرآن جو ہر وقت ذکرِ الٰہی کی لذت سے شادکام ہو اور جو عشق الٰہی کی دولت سے مسرور وشادکام ہو جس کا کوئی فعل خلاف سنت نہ ہو بلکہ اس کی گفتار و کردار سے اتباع سنت مصطفیٰ کی خوشبو مہکتی ہو اس سعادت کے امیں حافظ قرآن کا اجر وثواب یقیناً بہت زیادہ ہوگا جس تک عام حافظ کی رسائی نہ ہوگی۔

آیئے اب ایک ایسے حافظ قرآن کا تذکرہ کرتا ہوں جس کی نظیر بہت کم ملے گی جس نے حفظ قرآن کی روایت میں انوکھے باب کا اضافہ کیا۔

قدوۃ الاولیاء حضرت خواجہ قاضی محمد فتح اللہ صدیقی رحمۃ اللہ رحمۃ واسعۃ کی اولاد امجاد عارف باللہ حضرت خواجہ قاضی اکبر علی صدیقی رحمہ اللہ کا نام گرامی عجب شان سے چمک رہا ہے۔ اللہ وحدہ لاشریک نے انہیں حفظ قرآن کی سعادت سے بہرہ ور فرمایا تھا اور وہ قرآن کریم کی تلاوت اس محبت والفت سے کرتے تھے کہ اس کی مثال تاریخ عالم میں بہت کم ملے گی۔

یہ پیکر صدق وصفا صبح اپنے معمولات سے فارغ ہو کر کھیتوں کی طرف روانہ ہو جاتے

marfat.com
Marfat.com

بیلوں کی جوڑی کے پیچھے ہل پر ہاتھ رکھتے اور قرآن کریم کی تلاوت شروع کر دیتے جونہی تلاوت قرآن کے لئے بسم اللہ کرتے بیل خود بخود حرکت میں آ جاتے پھر نہ اللہ والے کی زبان تھمتی اور نہ ہی بیل رکتے۔ یہ سلسلہ دوپہر تک جاری رہتا اور جب آپ قرآن کی آخری سورت کے آخری لفظ والناس تک پہنچتے بیل خود بخود ٹھہر جاتے۔

عشقِ الٰہی کی آگ میں جلا ہوا یہ وجود جب کلام الٰہی کی تلاوت شروع کرتا تو ہر طرف سناٹا چھا جاتا جس کی آنکھوں میں جمالِ الٰہی کا خمار ہو اور زبان وقلب میں انوارالٰہیہ کی چاشنی ہو اس کی تلاوت کا انداز جداگانہ ہوتا ہے۔

جیسے ہی چشمہ تسلیم ورضا سے دھلی ہوئی یہ زبان کھلتی کھیت کے چاروں طرف لوگ دیوانہ وار کھڑے ہو جاتے اور وہ کھڑے کھڑے پورا قرآن کریم سن لیتے کھڑے کھڑے نہ کسی کو اکتاہٹ محسوس ہوتی اور نہ تھکاوٹ انہیں اس بات کا شعور ہی نہ رہتا کہ ہم کھڑے ہیں یا بیٹھے۔

تلاوتِ قرآن کریم کے تین مدارج ہیں:

ا۔ عالم ملک وملکوت کی ہر چیز عیاں ہو جاتی ہے۔ وہ تلاوت کرتا ہے اور عالم ملک وملکوت کے سربستہ رازوں کا مشاہدہ کرتا جاتا ہے۔

۲۔ قاری ذاتِ خدا میں اس درجہ فنا ہوتا ہے کہ زبان تو قاری کی ہوتی ہے لیکن کلام متکلم کا۔ جیسے شجر موسیٰ علیہ السلام سے متکلم کلام کرتا ہے اسی طرح.......... قاری سے متکلم کلام فرما رہا ہوتا ہے۔

زنانِ مصر نے چہرہ یوسف میں تجلیاتِ الٰہیہ کا مشاہدہ کیا انہیں اپنے اپنے وجود کا

Marfat.com

احساس تک نہ رہا انہوں نے چھریوں سے پھلوں کی بجائے اپنے اپنے ہاتھ زخمی کر لئے۔ ان کے ہاتھوں سے خون رس رہا ہے لیکن ان کی نگاہیں جمالِ یوسفی پر مرکوز ہیں۔

یوں ہی عمدۃ الاذکیاء عارف باللہ حضرت خواجہ قاضی اکبر علی صدیقی رحمہ اللہ کی زبان مبارک سے لوگ اللہ کے کلام کو سنتے انہیں ہوش ہی نہ رہتا کہ وہ کھڑے ہیں انہیں اپنا کئی گھنٹے کھڑا رہنا بھول جاتا اور وہ کلام الٰہی کی حلاوت میں ہی مست ہوتے رہتے۔ حالانکہ کھڑا ہونا تو در کنار انسانی فطرت میں کئی گھنٹے جم کر بیٹھنا بھی مشکل ہوتا ہے۔

گلستانِ صدیقی کے گل سر سبد حضرت خواجہ قاضی اکبر علی صدیقی رحمہ اللہ کی ذاتِ خدا میں اس درجہ فنائیت ہی کا ثمر ہے کہ اللہ نے آپ کی اولادِ امجاد میں حضرت قبلہ عالم سلطان الاولیاء خواجہ قاضی محمد سلطان عالم صدیقی چچوی رحمہ اللہ کو پیدا کیا جن کے اخلاص وللّٰہیت اور قدسی صفات اولاد امجاد کی خوشبو وادی جنت نظیر کشمیر کے ہزاروں گھروں میں محسوس کی جا سکتی ہے اور اس خوشبو کی مہک کشمیر و پاکستان کی سرحدوں سے تجاوز کر کے دیار غیر میں بھی بے شمار لوگوں کے ایمانوں کو تازگی و فرحت بخش رہی ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ حَمْداً کَثِیْراً.

آپ کے بارے میں یہ بات بھی پایہ ثبوت تک ہے کہ تلاوت قرآن کے دوران اگر قضائے حاجت کی ضرورت پیش آتی تو اپنی زبان بڑی مضبوطی سے دانتوں میں دبا لیتے ورنہ ان کی زبان قابو سے باہر ہوتی اور تلاوت میں مگن رہتی۔

marfat.com
Marfat.com

# حفاظ کرام سے چند گذارشات

کلامِ الٰہی کو سینے میں محفوظ رکھنے کی سعادت حاصل کنندگان حفاظ کرام کی خدمتِ اقدس میں چند گذارشات پیش کی جاتی ہیں اللہ وحدہ لاشریک اپنے پاک وطیب کلام کے طفیل ہم سب مسلمانوں کوصراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

**بجاه سيد المرسلين صلى الله عليه وسلم**

ا

جس شخص کے پاس قیمتی خزانہ ہووہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔جو اپنے اثاثہ کی حفاظت نہ کرے اسے اس کا اہل شمار نہیں کیا جاتا۔

اللہ جل جلالہ نے محض اپنے فضل وکرم سے آپ کوسب سے قیمتی اثاثہ عطا فرمایا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہوکہ ذراسی غفلت محرومی کا باعث بن جائے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے بے شمار سامانِ سعادت وفیروزبختی پیدا کئے انہیں بھی حاصل کیجئے لیکن جوسعادت عظمیٰ نصیب ہوچکی ہے اسے ہاتھ سے نہ جانے دیجئے۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

**تَعَاهَدُوا هٰذَاالْقُرْآنَ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّیاً مِنَ الاِبِلِ فِیْ**

Marfat.com

عُقُلِهَا.[1]

اس قران کی حفاظت کرو۔اس ذاتِ اقدس کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے یقیناً قرآن کریم پیروں میں بندھن لگے ہوئے اُونٹوں سے بھاگ نکلنے میں زیادہ تیز ہے۔

یہ حدیث پاک ان الفاظ سے بھی ہے:

عَنْ عَبدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إنَّمَا مَثَلُ صَاحِبِ الْقُرْآنِ کَمَثَلِ الابِلِ الْمُعَقَّلَةِ اِنْ عَاهَدَ عَلَیْهَا أمْسَکَهَا وَإنْ اَطْلَقَهَا ذَهَبَتْ.[2]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا کہ حافظ قرآن کی مثال بندھے ہوئے اونٹ کی طرح ہے اگر اس کی دیکھ بھال کی تو اسے اپنے ہاں روکے رکھا اور اگر اسے آزاد چھوڑا تو بھاگ گیا۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری کی روایت اس طرح ہے:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

تَعَاهَدُوْا هٰذَا الْقُرْآنَ فَوَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَلُّتاً مِنَ الابِلِ فِیْ عُقُلِهَا.[3]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا اس قرآن کی حفاظت کرو۔قسم ہے اس ذات حق کی جس کے قبضے میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے بندھن لگے اُونٹ کے کود کر نکل جانے

(۱) بخاری ۲/۳/۵۷۳ مسلم ۱/۲۶۷ مشکوٰۃ ۱۹۰

(۲)(۳) صحیحین

marfat.com
Marfat.com

سے یہ نکل جانے میں زیادہ تیز ہے۔

اس نعمت کبریٰ کی حفاظت ہر صاحب نعمت پر فرض ہے۔ اس کا طریقہ یہی ہے کہ روزانہ کچھ حصہ معین کر کے تلاوت کی جائے۔ روزانہ تلاوت کرنے والا یقیناً اس عظیم نعمت سے ہاتھ نہیں دھوئے گا۔

اس حدیث پاک کے الفاظ مد نظر رکھیے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ اُمَّتِيْ فَلَمْ اَرَ ذَنْباً اَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ مِّنَ الْقُرْآن اَوْ آيَةٍ اُوْتِيَهَا رَجُل" ثُمَّ نَسِيَهَا.[1]

میرے سامنے میری امت کے گناہ پیش کئے گئے تو میں نے اس سے بڑھ کر کوئی گناہ نہ دیکھا کسی آدمی کو قرآن کی کوئی سورت یا کوئی آیت یاد تھی پھر اُسے وہ بھول گیا۔

ملا علی قاری حنفی رحمہ اللہ ان الفاظ سے روایت کرتے ہیں:

عُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ اُمَّتِيْ فَلَمْ اَرَ اَعْظَمَ ذَنْباً مِّنْ رَّجُلٍ أُوْتِيَ آيَةً فَنَسِيَهَا.[2]

میرے سامنے میری امت کے گناہ پیش کئے گئے تو میں نے اس آدمی کے گناہ سے بڑھ کر کوئی گناہ نہ دیکھا جسے قرآن کی کوئی آیت زبانی یاد تھی پھر وہ بھول گیا۔

---

(۱) ترمذی ۲/۱۱۵ الترغیب والترہیب

(۲) مرقاۃ شرح مشکاۃ

Marfat.com

اللہ رب العزت جس پر لطف وکرم فرماتے ہوئے اپنے کلام کے حفظ کی سعادت سے بہرہ ورفرمائے وہ ناقدری کرتے ہوئے اسے بھلا دے

تو اس کا گناہ اگر اعظم گناہ قرار دیا گیا تو جائے تعجب نہیں۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عظیم گناہ سے خبردار کرتے ہوئے اور قرآن کی اہمیت کو مزید واضح کرتے ہوئے اس طرح فرمایا:

مَامِنْ إمْرَءٍ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ ثُمَّ يَنسَاهُ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ أجزَمَ۔(1)

جو آدمی قرآن پڑھے پھر اسے بھول جائے وہ قیامت کے دن اللہ سے ایسی حالت میں ملے گا کہ اس کے جسم پر جزام کے اثرات واضح ہوں گے۔

کتنا بڑا فرق ہے اس حافظ قران میں جو حقوق کی رعایت کرتے ہوئے اس قرآن کو یادرکھتا ہے اور دوسرا وہ جو قرآن بھول جاتا ہے۔ اوّل الذکر تاج کرامت سر پر سجائے عزت کی خلعت زیبا پہنے تاج شرف سے مزین اپنے والدین کے ہمراہ عرشِ الٰہی کے سایہ کے مزے لوٹ رہا ہو اور مؤخر الذکر فقط تھوڑی سی غفلت کے سبب جزام جیسی کریہ المنظر بیماریوں میں مبتلا ہو۔

اَللّٰهُمَّ احْفِظْنَا مِنْ بَلَآءِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الآخِرَةِ

(1) سنن ابوداؤد/ الترغیب والترہیب/ مشکوٰۃ

marfat.com
Marfat.com

۲

گناہوں نافرمانیوں اور مصیبتوں سے دور رہیے۔نور وظلمت اور حق وباطل کی جنگ روز اول سے جاری ہے آپ کے پاس سراپا نور کلام ربانی ہے اگر آپ گناہوں سے شغف رکھیں گے تو ہوسکتا ہے کہ گناہوں کی ظلمت اس نور کو مکدر کردے کہیں گناہوں کی بہتات اس شمع حق کو گل نہ کردے۔رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَایَقُلْ اَحَدُکُمْ نَسِیْتُ اٰیَۃَ کَذَابَلْ ھُوَ نُسِّیَ۔[۱]

تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں فلاں آیت بھول گیا بلکہ وہ ﴿اس کے کسی گناہ کے سبب﴾ اسے بھلادی گئی ہے۔

گناہ غضب الٰہی کو دعوت دیتا ہے اسکے اثرات اس طرح ظاہر ہوتے ہیں کہ آہستہ آہستہ انسان کے تعلق باللہ میں فتور آجاتا ہے اور قرآن کی آیات کا بھول جانا یقیناً تعلق باللہ میں کمی کے سبب ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بِئْسَمَا لِاَحَدٍ یَقُوْلُ نَسِیْتُ آیَۃَ کَیْتَ وَکَیْتَ بَلْ ھُوَ نُسِّیَ اِسْتَذْکِرُوا الْقُرْاٰنَ۔[۲]

یہ کتنی بڑی بات ہے تم میں سے کوئی یہ کہتا پھرے کہ میں فلاں فلاں آیت بھول گیا بلکہ اسے وہ آیات بھلادی گئیں۔قرآن کو خوب اچھی طرح یاد رکھو۔

اللہ ہر مرد مومن کو اس کے احسانات وانعامات کی قدر کی توفیق عطا فرمائے۔

(۱) بخاری/مسلم

(۲) بخاری ۱/ ۲۶۷ - الترغیب والترہیب ۳/ ۱۷۹

Marfat.com

۳

تقویٰ وطہارت کو شعار بنایئے اپنی آنکھوں کو موتیوں سے سجایئے اور رات کی طویل گھڑیوں میں اپنے پروردگار سے مناجات کا لطف اٹھایئے۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

یَا حَامِلَ الْقُرْاٰن تزَیَّنْ بِالْقُرْاٰنِ یُزَیِّنْکَ اللّٰہُ–وَیَنْبَغِیْ لِحَامِلِ الْقُرآن اَنْ یَکُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ لَیْلاً اِذَا کجانَ النَّاسُ نَامُوْا وَاَنْ یَکُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ حُزْناً اِذَا النَّاسُ فَرِحُوا۔(۱)

اے حافظِ قرآن! قرآنی احکامات سے اپنی ذات کو مزین کر اللہ تجھے ہر خوبی اور سعادت سے آراستہ فرمائے۔ حافظ قرآن کیلئے یہ مناسب ہے کہ جب رات کو لوگ سوئے ہوئے ہوں تو اس کی طویل گھڑیوں میں بیدار رہے اور جب لوگ حالت خوشی میں غافل ہوں تو وہ اپنی آخرت کی فکر میں طویل غم وحزن کو جگہ دے۔

یہ ارشاد گرامی کتنا واضح ہے کہ حافظ قرآن کے شب وروز عام لوگوں سے مختلف ہونے چاہئیں لوگ غفلت کے باعث اور فکر آخرت سے بے نیاز ہو کر اس ناپید ار زندگی کو خوشی کی لہروں کے سپرد کریں لیکن حافظ قرآن، قرآن کی عزت وحرمت کو مدنظر رکھتے ہوئے تقویٰ اور خوف خدا جیسی عظیم سعادت سے سعادت مند رہے اس کی چال ڈھال اور گفتار وکردار یہ بات واضح کرر ہا ہو کہ یہ آدمی اس دنیا کا باسی نہیں بلکہ یہ مسافر ہے جو چند روز گزار کر اپنے اصلی وطن روانہ ہوگا۔ اسے اپنے وطن کی فکر ہے اور اپنے خالق ومالک سے ملاقات کا اشتیاق ہے۔

---

(۱) کنز العمال ۱/۶۲۲ الفردوس بماثور الخطاب للدیلمی

marfat.com
Marfat.com

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

یَنبَغِی لِحَامِلِ الْقُرآنِ اَنْ یَعرِفَ بِلَیْلِہٖ اِذَا النَّاسُ نَائِمُوْنَ وجِبنَھَارِہٖ اِذَا النَّاسُ نَائِمُوْنَ وَبِنَھَارِہٖ اِذَا النَّاسُ مُفطِرُوْنَ وَبِحُزنِہٖ اِذَا النَّاسُ یَفْرَحُوْنَ وَبِبَکَائِہٖ اِذَا النَّاسُ یَخْتَالُوْنَ۔[1]

حافظ قرآن کو چاہیئے کہ وہ اپنی رات کی قدر کرے۔ جب لوگ سوئے ہوئے ہوں اور دن کی قدر کرے جب لوگ بے روزہ ہوں اور اپنے حزن کی نگہداشت کرے جب لوگ فکر آخرت سے بے نیاز ہوکر خوش گپیوں میں مصروف ہوں اور وہ آنسو بہانا موقوف نہ کرے جب لوگ غرور وتکبر کی دلدل میں پھنسے ہوئے ہوں۔

حقیقی دانا وبینا وہی ہے جو اپنے اوقات کی قدر کرتا ہے۔ انسانی زندگی کی ہر ساعت بڑی قیمتی ہے۔ زندگی کے لمحات اور انسانی سانس وہ عطیہ ربانی ہے جس کا کوئی بدل نہیں۔ صاحب قرآن کو احادیث میں ترغیب دی جارہی ہے کہ فانی لمحات کی قدر کرکے حیات جاودانی حاصل کی جاسکتی ہے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّ ھٰذَا الْقُرآنَ نَزَلَ بِحُزْنٍ فَاِذَا قَرأتُمُوْہ' فَابْکُوْا فَاِنْ لَّمْ تَبْکُوْا فَتَبجاکُوْا۔[2]

یہ قرآن سامان حزن کے ساتھ نازل ہوا ہے پس جب تم اس کی تلاوت کرو تو پلکوں پر

---

(۱) التبیان للنووی ۲۹

(۲) ابن ماجہ ۱۹۶ الترغیب والترہیب ۳/ ۱۱۸

Marfat.com

آنسو سجاؤ اور اگر ایسا نہ کر سکو تو رونے والی صورت ہی بنالو۔

فکر آخرت کی ترغیب اپنوں کو دی جارہی ہے۔ قاری وحافظ حضرات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خصوصی افراد میں شمار کررہے ہیں۔

اسی خصوصی نسبت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں تک فرمادیا:

قِيَامُ اللَّيْلِ فَرِيْضَة" عَلٰى حَامِلِ الْقُرْاٰن وَلَوْ رَكْعَتَيْنِ.[1]

تہجد کی نماز ادا کرنا حافظ قرآن پر فرض ہے۔ اگرچہ دو رکعت ہی ادا کرے۔

حافظ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی نسبت کا لحاظ رکھتے ہوئے تقویٰ وطہارت اور خوف وخشیت سے آراستہ ہونا چاہیئے اور قیام اللیل کو اپنا شعار بنانا چاہیئے۔

۴

قرآن کریم کی تلاوت خوش آوازی سے کریں۔ حسیں آواز سے تلاوت قرآن کریم کرنے والا اللہ کو محبوب ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمنا مبارک ہے کہ میری امت کلام الٰہی کو خوش آوازی سے پڑھے اور اللہ تعالیٰ بھی خوش آواز افراد کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ قرآن کو بڑی

محبت سے سنتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَاأذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَاأذِنَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّتَغَنّٰى بِالْقُرْآن.[2]

---

(۱) مسند الفردوس (۴۶۳۲)

(۲) الترغیب الترہیب ۳/۱۷۹ بخاری ۲/۱۵۷

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کسی چیز کو اس محبت سے نہیں سنتا جس محبت سے ایک نبی کے خوش آوازی سے قرآن کی تلاوت کو سنتا ہے۔

اس ارشاد گرامی کے الفاظ اس طرح بھی ہیں:

مَااَذِنَ اللّٰهُ لِشَیْءٍ مَااَذِنَ لِنَبِیٍّ حَسَنِ الصَّوْتِ یَتَغَنّٰی بِالْقُرْآن۔(۱)

اللہ تعالیٰ کسی آواز کو اس محبت سے نہیں سنتا جس محبت سے وہ حسنِ صوت سے آراستہ نبی کی خوش آوازی سے تلاوتِ قرآن کو سنتا ہے۔

اللہ رب العزت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز مبارک کو جب وہ قرآن کی شیرینی سے شیریں ہو بڑی محبت اور چاہت سے سنتا ہے۔ اس زبان سے اللہ قرآن کو محبت سے کیوں نہ سنے جو ہمیشہ پاک ہے بلکہ اس بابرکت زبان سے نکلے ہوئے کلمات دلوں کی بستیوں کو پاک وصاف کر دیتے ہیں۔

اللہ نے اپنے قرآن کریم میں اس رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم دیا ہے جو آپ کی اطاعت واتباع میں خوش الحانی سے قرآن کی تلاوت کرتا ہے۔ اللہ اس کی آواز کو بھی بڑی محبت سے سنتا ہے۔

مَااَذِنَ اللّٰهُ لِشَیْءٍ مَا اَذِنَ لِرَجُلٍ حَسَنِ التَّرَنُّمِ بِالْقُراٰن.

اللہ اس محبت سے کسی آواز کو نہیں سنتا جس محبت سے وہ اپنے نبی کے امتی کی زبان سے قرآن کو سنتا ہے جو حسن ترنم سے تلاوت کر رہی ہو۔

جس کے قرآن کو پروردگار عالم محبت سے سن لے وہ سب سے بڑا سعید و نیک بخت ہے۔

---

(۱) ابوداؤد/ بخاری ۲۔ ۱۵۷ مسلم ۱/ ۲۶۸

Marfat.com

جب اللہ محبت سے تلاوت قرآن کو سنے گا تو اپنی جملہ عنایات ونوازشات کا رُخ اسی طرف کردے گا کیونکہ اس کی محبت کا تقاضا ہی یہی ہے۔خوش الحانی کی ترغیب دیتے ہوئے یوں بھی ارشاد فرمایا:

لِکُلِّ شَيْءٍ حُلْيَة" وَحُلْيَةُ الْقُرْآن اَلصَّوْتُ الْحَسَنْ.[1]

ہر چیز کا ایک زیور ہےاور قرأت قرآن کا زیور خوش الحانی ہے۔

خوش الحانی کے بارے میں یہ الفاظ بھی مروی ہیں:

زَيِّنُو االْقُرْآنَ بِاَصْوَاتِكُمْ فَاِنَّ الصَّوْتَ الْحَسَنَ يَزِيْدُ الْقُرْآنَ حُسْناً.[2]

قرأت قرآن کوخوش آوازی سے زینت بخشو کیونکہ خوش الحانی قرأت قرآن کے حسن میں اورنکھار پیدا کرتی ہے۔

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم جب خوش آوازی سے تلاوت قرآن کو پسند فرماتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ خوش آوازی سے تلاوت نہ کی جائے بلکہ عشاق تو محبوب کی ایک پسند پر اپنی زندگیاں قربان کردیا کرتے ہیں۔

۵

حفاظ کرام کو عزت ووقار سے رہنا چاہیئے بلکہ اس شان سے رہیں کہ جو بھی ان سے ملاقات کرے ان کی شخصیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے وہ اپنے باطن کے ساتھ اپنے ظاہر کو بھی آراستہ رکھیں کیونکہ کلام الٰہی جس ظرف میں ہو اس کا باہر سے بھی عمدہ ہونا اشد ضروری ہے

(۱)اخرجہ عبدالرزاق

(۲)ابوداؤد/نسائی/ابن ماجہ/احمدیہ

marfat.com
Marfat.com

اور قرآن جس جسم میں ہو اس کے چہرے اور لباس میں حسن عمدگی اور نفاست ہونی چاہیئے۔

رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے حافظ قرآن کی شخصیت کے وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں تک فرمایا:

نَظِّفُوْا اَفْوَاهَكُمْ فَاِنَّهَا طُرُقُ الْقُرْآنِ (1)

اے حفاظ! اپنے منہ پاکیزہ اور صاف رکھو کیوں کہ یہ تلاوت قرآن کے راستے ہیں۔

امت کے والی اور معلم و محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح بھی ارشاد فرمایا:

اِنَّ اَفْوَاهَكُمْ طُرُقُ الْقُرْآنِ فَطَيِّبُوْهَا بِالسِّوَاكِ.

اے حفاظ کرام! تمہارے منہ تلاوتِ قرآن کی گزرگاہ ہیں اس لیئے انہیں مسواک سے پاکیزہ وطاہر رکھو۔

اسلامی تعلیمات کتنی ہمہ گیر اور جامع ہیں۔ زندگی کا کوئی گوشہ چھوٹا ہو یا بڑا ایسا نہیں جس کے بارے میں اس پیارے دین کی ہدایات موجود نہ ہوں۔

آیئے ہم سب مسلمان اس نور بھرے دین میں پورے طور پر داخل ہو جائیں اور فلاح دارین سے سرفراز ہو جائیں۔

حفظ قرآن کے بارے میں یہ چند کلمات تحریر کیے ہیں اللہ انہیں اپنی بارگاہ بے کس پناہ میں شرف قبولیت سے نوازے اور میرے لئے باعث نجات بنائے۔ آمین

---

(1) کنز العمال ۱/۶۰۳

Marfat.com

marfat.com
Marfat.com

# حسن خلق

Marfat.com

marfat.com
Marfat.com

عن انس – رضی اللّٰه عنه –قال : مامسست دیباجا ولاحریرا الین من کف رسول اللّٰه –صلّی اللّٰه علیه وسلم ولاشممت رائحةٍ قط اطیب من رائحة رسول اللّٰه : صلّی اللّٰه علیه وسلم –ولقد خدمت رسول اللّٰه – صلّی اللّٰه علیه وسلم –عشر سنین فما قال لی قط : اف ولاقال لِشَیْیءٍ فعلته لم فعلته ولالِشَیء لم افعله . الا فعلت کذا۔

## ترجمة الحديث :

حضرت انس بن مالک –رضی اللہ عنہ– نے فرمایا: میں نے حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم نہ دیباج (موٹا ریشم) اور نہ کوئی حریر (باریک ریشم) چھوا اور حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس سے پھوٹنے والی خوشبو سے پاکیزہ کوئی خوشبو سونگھی۔

میں نے حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی دس سال خدمت کی۔آپ نے (ان دس سالوں میں) کبھی بھی مجھے افّ نہیں کہا۔اور جو کام میں نے کیا اس کی بابت یہ نہیں کہا کہ یہ کام کیوں کیا اور جو کام میں نے نہ کیا اس کی بابت یہ نہیں فرمایا کہ اس طرح کام کیوں نہ کیا۔

---

صحیح بخاری رقم الحدیث (۳۵۶۱) جلد صفحہ
مسلم رقم الحدیث (۲۳۳۰) جلد صفحہ

Marfat.com

وعن ابی الدراء رضی اللّٰہ عنه ان النبی صلّی اللّٰہ علیه وسلم قال :
ماشیء اثقل فی میزان المومن یوم القیامة من خلق حسن وان اللّٰہ یُبغضُ الفاحش البذی ء۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابوالدرداء۔رضی اللہ عنہ۔ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مومن کے میزان میں قیامت کے دن کوئی چیز حُسن خلق سے زیادہ وزنی نہ ہوگی اور بیشک اللہ تعالیٰ بدزبان اور بے ہودہ گو کو ناپسند کرتا ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح رواہ الترمذی | رقم الحدیث (۲۰۰۲) | جلد | صفحہ |
| ابن حبان | رقم الحدیث (۵۶۶۴) | جلد | صفحہ |
| ابوداؤد | رقم الحدیث (۴۷۹۹) | جلد | صفحہ |
| الترغیب الترھیب | رقم الحدیث (۳۸۵) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

وعن ابی هریرة رضی اللّٰه عنه قال : سُئِل رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم عن اکثر مایدخل الناس الجنة ؟ قال تقوی اللّٰه تعالٰی وحسن الخلق وسُئِل عن اکثر مایدخل الناس النار ؟ فقال الفم والفرج۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابوہریرہ- رضی اللہ عنہ- نے فرمایا: حضور رسول اللہ- صلّی اللہ علیہ وسلم- سے سوال کیا گیا کون سے عمل انسانوں کے جنت داخل کرنے کا سبب بنیں گے تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کا تقوی اور حسن خلق اور سوال کیا گیا کونسے عمل انسانوں کے آگ میں داخل کرنے کا سبب بنیں گے تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: الفم (منہ) الفرج (ستر)

| | | | |
|---|---|---|---|
| رواہ الترمذی | رقم الحدیث (۲۰۰۴) | | |
| وابن حبان | رقم الحدیث (۴۷۶) | | |
| البخاری فی الادب المفرد | رقم الحدیث (۲۸۹-۲۹۴) | جلد | صفحہ |
| وابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۲۴۶) | جلد | صفحہ |
| المسند احمد | رقم الحدیث ( ) | جلد۲ | صفحہ۳۹۲ |
| والحاکم | رقم الحدیث ( ) | جلد۴ | صفحہ۳۲۴ |
| | وابن ابی الدنیا فی الصحت (رقم ۴) | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث ( ) | جلد | صفحہ۳۸۵ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۲۴) | جلد | صفحہ |

Marfat.com

**عن ابی ھریرۃ، عن رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم قال : اکمل المومنین ایمانا ، احسنھم خلقا : وخیارکم خیارکم نسائکم ۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخرجہ الطبرانی فی الکبیر | رقم الحدیث (۴۷۰) | جلد | صفحہ |
| الطیالسی | رقم الحدیث (۱۲۳۳) | جلد | صفحہ |
| المسند احمد | رقم الحدیث () | جلد۴ | صفحہ۲۷۸ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۸۰) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۷۹) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۷۵) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۶۹) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۶۶) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۶۴) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۶۳) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۸۲) | جلد | صفحہ |
| والطبرانی | رقم الحدیث (۴۸۱) | جلد | صفحہ |
| قال الھیثمی فی المجمع | رقم الحدیث () | جلد۸ | صفحہ۲۴ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۲۷) | جلد۲ | صفحہ |
| الترمذی | رقم الحدیث () | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مومنین میں زیادہ کامل الایمان وہ ہے جو ان میں سب سے حسن اخلاق والا ہے اور تم میں بہتر وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں بہتر ہیں۔

Marfat.com

عن عائشة– رضی اللّٰه عنها ، قالت سمعت رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم ویقول : ان المومن لیدرک بِحسن الخلق درجة القائم الصائم ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت عائشہ صدیقہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں نے سنا حضور رسول اللہ صلّی علیہ وسلم ارشاد فرمار ہے تھے:

بیشک مومن حسن خلق کے سبب قائم اللیل (رات بھر اللہ کی عبادت کرنے والا ہے) اور صائم النہار (دن کوروزہ رکھنے والا ہے) کا درجہ پالیتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| رواہ احمد | رقم الحدیث () | جلد۶ | صفحہ۹۴ |
| ابوداؤد | رقم الحدیث (۴۷۹۸) | جلد | صفحہ |
| وابن حبان | رقم الحدیث (۴۸۰) | جلد | صفحہ |
| والحاکم | رقم الحدیث () | جلد۱ | صفحہ۶۰ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۸۶) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمرو رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : الا اُخبِرُكُمْ بِاَحَبِّكُمْ اِلَيَّ ، وَاَقْرَبِكُمْ مِنِّى مَجْلِسًا يوم الْقِيَامَةِ ؟ فَاَعَادَها مَرَّتَيْنِ اَوْثَلاثًا. قَالُوا نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اَحْسَنُكُمْ خُلُقًا۔

## ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما نے سنا حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے: کیا میں تمہیں خبر نہ دوں جو مجھے زیادہ محبوب ہے اور قیامت کے دن مجلسًا میرے زیادہ قریب ہوگا۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے اسے دو یا تین مرتبہ دھرایا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ! حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں اخلاق کے اعتبار سے جو زیادہ اچھا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| حسن رواہ احمد | رقم الحدیث (........) | جلد ۲ | صفحہ ۱۸، ۲۱۸ |
| ابن حبان | رقم الحدیث (۴۸۵) | جلد | صفحہ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۹۱) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۳۵) | جلد | صفحہ |
| قال المحقق: | اسنادہ حسن | | |

Marfat.com

**عـن اسامة بن شريک ، قال : قالوا : يا رسول اللّٰه : ما افضل ما اعطی المرء المسلم ؟ : قال : حسن الخلق ۔**

## ترجمة الحديث :

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی

یارسول اللہ! مرد مسلم کو سب سے افضل خصلت کون سی دی جاتی ہے۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حسن خلق۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| واحمد | رقم الحدیث() | جلد۲ | صفحہ۱۶۱،۱۹۳ |
| مسلم | رقم الحدیث(۲۳۲۱) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۲۲۶) | جلد۲ | صفحہ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

عن ابی الدرداء ، عن ا لنبی صلّی اللہ علیہ وسلم ، قال: اثقل شیء فی المیزان الخلق الحسن ۔

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوالدرداء- رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (قیامت کے دن) میزان میں سب سے بھاری عمل حسن خلق ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخرجہ ابوداؤد | رقم الحدیث (۴۷۹۹) | جلد | صفحہ |
| واحمد | رقم الحدیث ( ) | جلد ۶ | صفحہ ۴۴۶،۴۸ |
| الترمذی | رقم الحدیث (۲۰۰۳) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۳۰) | جلد ۲ | صفحہ |
| قال المحقق: | اسنادہ محمد بن کثیر صحیح | | |

Marfat.com

وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ لَقِیَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبَاذَرٍّ فَقَالَ یَااَبَاذَرٍّ اَلاَ اَدُلُّکَ عَلٰی خَصْلَتَیْنِ ھُمَا اَخَفُّ عَلَی الظَّھْرِ وَاَثْقَلُ عَلَی الْمِیْزَانُ مِنْ غَیْرِ ھِمَا ؟ قَالَ بَلٰی یَا رَسُولَ اللّٰہِ قَالَ : عَلَیْکَ بِحُسْنِ الْخُلُقِ وَطُولِ الصَّمتِ فوالَّذِی نَفْسِی بِیَدِہٖ مَا عَمِلَ الْخَلاَئِقُ بِمِثْلِھِما۔

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا:

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوذر -رضی اللہ عنہ- سے ملے تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے ابوذر! کیا میں تمہیں ایسی دو خصلتیں نہ بتاؤں جو جسم انسانی پر بڑی خفیف اور میزان پر باقی نیکیوں سے بڑی بھاری ہیں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| حسن قال الہیثمی فی مجمع الذوائد | رقم الحدیث() | جلد ۸ | صفحہ ۲۲ |
| وابن ابی الدنیا فی الصمت رقم | رقم الحدیث(۵۵۸) | جلد | صفحہ |
| وانظر مسند ابی یعلی | رقم الحدیث(۳۲۹۸) | جلد | صفحہ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث(۳۹۱) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

انہوں نے (حضرت ابو ذر نے!) عرض کی ہاں یا رسول اللہ! (کرم نوازی فرمایئے)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حسن خلق کو لازم پکڑو اور طول صحت کو اختیار کرو قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جملہ مخلوقات نے ان جیسا نیک عمل نہ کیا۔

Marfat.com

وَعَنْ أُسَامَةَ بِنِ شَرِيكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ : قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَّمَا عَلَى رؤُوسِنَا الطَّيرُ ، مايتكلم منا متكلم. اِذ جاءَ هُ اُنَاس'' فَقَالُو . مَنْ اَحَبَّ عِبادِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰه تَعَالَى ؟ قَالَ اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

## ترجمة الحديث :

حضرت اسامہ بن شریک۔رضی اللہ عنہ۔نے فرمایا:

ہم حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اقدس میں بیٹھے ہوئے تھے (ہماری حالت یہ تھی کہ) گویا ہمارے سروں پر پرندہ ہے۔ہم میں کوئی بات کرنے والا بات نہ کر رہا تھا کہ چند آدمی آئے تو انہوں نے عرض کی: اللہ کے بندوں میں اللہ کو سب سے محبوب کون ہیں؟ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان میں حسن اخلاق والے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث () | جلد۸ | صفحہ۲۴ |
| قال الھیثمی: | حسن | | |
| والحاکم | رقم الحدیث () | جلد۱ | صفحہ۱۲۱ |
| والبیھقی فی الآدب | رقم الحدیث (۱۴۱،۸۵۸) | جلد | صفحہ |
| والطیالسی فی سندہ | رقم الحدیث () | جلد | صفحہ۱۷۱ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۹۳) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

# جمعة المبارک

Marfat.com

عن ابی لبابة بن عبد المنذر ، قال : قال النبی صلّی اللّٰه علیه وسلم :
ان یـوم الـجـمـعة سید الایام ، واعظمها عند اللّٰه ، وهو اعظم عند اللّٰه مـن یـوم الاضـحٰی ویوم الفطر فیه خمس خصال ، خلق اللّٰه – فیه آدم واهبط الـلّٰـه فیـه آدم الـی الارض ، وفیه توفی اللّٰه آدم ، وفیه ساعة لا یسال اللّٰه فیها العبد شیئا الا اعطاه مالم یسال حراما ، وفیه تَقُوم الساعة ، مامن ملک مقرب ولاسماء ولا ارض ولاریاح ولا جبال ولا بحر الا وهبن من یوم الجمعة ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو مامہ بن عبدالمنذر – رضی اللہ عنہ – سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک یوم الجمعۃ سیّدالایام ہےاوراللہ کے ہاں اعظم الایام ہےاور یہ اللہ کے ہاں یوم الاضحیٰ اور یوم الفطر سے بھی زیادہ عظمت والا ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن ماجہ | رقم الحدیث ( ) | جلد۱ | صفحہ۳۲۱ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| المشکاۃ | رقم الحدیث (۱۳۶۳) | جلد | صفحہ |

Marfat.com

اس میں پانچ

۱۔ اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ اصلاۃ والسلام کو پیدا فرمایا۔

۲۔ اور اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو زمین پر اتارا۔

۳۔ اسی دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو وفات دی۔

۴۔ اس میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ بندہ اس گھڑی اللہ تعالیٰ سے جو بھی مانگے اللہ تعالیٰ اسے وہ عنایت فرماتا ہے جبتک کہ وہ حرام کا سوال نہ کرے۔

۵۔ اسی دن قیامت قائم ہوگی۔

ہر مقرب فرشتہ، آسمان وزمین، ہوائیں اور پہاڑ اور سمندر یوم الجمعۃ سے ڈرتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

عن شد ادبن اوس ، قال : قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم :

ان من افضل ایامکم یوم الجمعة ، فیہ خلق آدم ، وفیہ النفخة ، وفیہ الصعقة ، فاکثر واعلی من الصلاة فیہ ، فان صلاتکم معروضة علی فقال : رجل: یا رسول اللّٰہ ! کیف تعرض صلا تنا علیک وقد ارمت ؟ یعنی : بلیت– فقال : ان اللّٰہ عزوجل : قدحرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء

## ترجمة الحدیث :

حضرت شداد بن اوس– رضی اللہ عنہ– سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ماجہ | رقم الحدیث() | جلد ا | صفحہ ۳۲۱ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| المشکاۃ | رقم الحدیث(۱۳۶۱) | جلد | صفحہ |
| التعلیق الترغیب | رقم الحدیث() | جلد ا | صفحہ ۲۴۹ |
| التعلیق علی ابن خزیمة | رقم الحدیث(۱۷۵۸) | جلد | صفحہ |
| تخریج فضل الصلاۃ | رقم الحدیث(۲۲) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث(۹۶۲) | جلد | صفحہ |

Marfat.com

تمہارے دنوں میں افضل یوم الجمعۃ ہے۔

اس دن آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو پیدا کیا گیا۔

اسی دن صور پھونکا جائیگا۔

اسی دن صعقہ ہے۔

پس تم اس دن مجھ پر کثرت سے درود شریف بھیجا کرو کیونکہ تمہارا درود شریف مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

ایک آدمی نے عرض کی یارسول اللہ! کیا ہمارا درود شریف اس وقت بھی آپ پر پیش کیا جائے گا جب آپ بوسید ہو چکے ہونگے۔

توحضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام قرار دے دیا ہے کہ وہ انبیاء کرام کے اجساد طاہرہ کو کھائے۔ یعنی اللہ کے انبیاء اپنے اپنے مزارات مبارکہ میں زندہ وجاوید ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

عن ابی هریرة ، ان رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم قال:
الجمعة الی الجمعة کفارة مابینهما مالم تغش الکبائر۔

## ترجمة الحدیث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ہر جمعہ دوسرے جمعہ تک درمیانی گناہوں کا کفارہ ہے جبکہ کبائر (کبیرہ گناہ) کا ارتکاب نہ کیا جائے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد۱ | صفحہ۳۲۲ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۶۸۴) | جلد | صفحہ |

Marfat.com

عن اوس بن اوس الثقفی قال :سمعت النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلم یقول : من غسل یوم الجمعة واغتسل وبکر وابتکر، ومشی ولم یرکب ودنا من الامام، فاستمع ولم یلغ، کان لہ بکل خطوۃ عمل منہ اجر صیامھا وقیامھا۔

## ترجمة الحدیث :

حضرت اوس بن اوس الثقفی -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا میں نے سنا حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

جس نے جمعۃ المبارک کے دن غسل کیا اور خوب اچھی طرح غسل کیا صبح اٹھا اور جلدی اٹھا اور پیدل چل کر جمعۃ المبارک کو گیا سوار نہ ہوا اور امام کے نزدیک بیٹھ گیا پس امام کے خطبہ کو غور سے سنا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزوں اور سال بھر کی شب بیداریوں کا ثواب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد ا | صفحہ ۳۲۲ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| المشکاۃ | رقم الحدیث (۱۳۸۸) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث () | جلد ا | صفحہ ۲۴۷ |

marfat.com
Marfat.com

عن ابن عمر ، قال : سمعت النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلم یقول علی المنبر .من اتی الجمعۃ فلیغتسل ۔

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے سنا حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم منبر پر (جلوہ افروز تھے اور) ارشاد فرما رہے تھے:

جو جمعۃ المبارک میں شریک ہو اسے چاہیے کہ وہ غسل کر کے آئے۔

---

صحیح سنن ابن ماجہ رقم الحدیث ( ) جلد ۱ صفحہ ۳۲۳
قال المحقق: صحیح
الروض رقم الحدیث (۴۹۲، ۴۹۳، ۵۶۰) جلد صفحہ
التعلیق علی ابن خزیمۃ رقم الحدیث (۱۷۴۹، ۱۷۵۱) جلد صفحہ

Marfat.com

عن ابی سعید الخدری ، ان رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه وسلم قال :
غسل یوم الجمعة واجب علی کل محتلم۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابوسعید خدری - رضی اللہ عنہ - سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ آدمی پر واجب ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد۱ | صفحہ۳۲۳ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| الروض | رقم الحدیث (۴۰۸،۹۸۵) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث (۳۶۸،۳۷۱) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

عن ابی هریرة ، قال : قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم :
من توضا فاحسن الوضوء ، ثم اتی الجمعة ، فدنا وانصت واستمع ، غفرله مابینه وبین الجمعة الاخری ، وزیادة ثلاثة ایام ومن مس الحصی فقدلغا۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

جس نے وضو کیا پس احسن طریقہ سے وضو کیا پھر جمعہ کی ادائیگی کیلئے آیا تو امام کے قریب بیٹھا اور خاموش رہا اور غور سے خطبہ کو سنا تو اس کے اس جمعہ اور دوسرے جمعہ اور تین زیادہ کے گناہ معاف کردے جائیں۔

جس نے کنکروں کو مَس کیا ( کنکریوں سے کھیلا ) پس اس نے اپنا حصہ ضائع کیا۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث ( ) | جلد | اصفحہ ۳۲۴ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث ( ۹۶۴ ) | جلد | صفحہ |

Marfat.com

عن انس بن مالک ، عن النبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلم قال :

من توضا یوم الجمعة فَبِهَاوَ نعمت ، یخری ء عنہ الفریضة ، ومن اغسل فالغسل افضل۔

## ترجمة الحدیث :

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے جمعہ کے دن وضو کیا تو یہ وضواس کیلئے کافی ہے اور عمدہ ہے اور اس سے فرض جمعہ ادا ہو جائے گا اور جس نے غسل کیا تو (سن لیجئے) غسل افضل واعلیٰ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد۱ | صفحہ۳۲۴ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث (۳۸۰) | جلد | صفحہ |
| المشکاۃ | رقم الحدیث (۵۴۰) | جلد | صفحہ |
| التعلیق علی ابن خزیمة | رقم الحدیث (۱۷۵۷) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

عن سمرة بن جندب :

ان رسول اللّٰہ صلّی اللہ علیہ وسلم ضرب مثل الجمعة ثم التبکیر کناحر البدنة ، کناحر البقرة ، کناحر الشاہ حتی ذکر الدجاجة ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت سمرہ بن جندب - رضی اللہ عنہ - سے مروی ہے کہ

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے جمعۃ المبارک پھر جمعہ میں جلدی آنے کی مثال بیان فرمائی جیسے

بدنہ (اونٹ وغیرہ) کی قربانی کرنے والا ہے (پھر اس کے بعد آنے والا) جیسے گائے کی قربانی کرنے والا ہے (پھر) بکری کی قربانی کرنے والا حتی کہ آپ نے مرغی کا ذکر فرمایا۔

---

صحیح سنن ابن ماجہ　رقم الحدیث ()　جلد ۱　صفحہ ۳۲۵
قال المحقق :　حسن صحیح
التعلیق ایضاً　رقم الحدیث ()　جلد ۱　صفحہ ۲۵۳

Marfat.com

عن ابی هريرة، ان رسول الله صلّى الله عليه وسلم قال:

اذا كان يوم الجمعة، كان على كل باب من ابواب المسجد ملائكة يكتبون الناس على قدر منازلهم الاول فالاول، فاذا خرج الامام طووا الصحف ،واستمعوا الخطبة ، فالمهجم الى الصلاة كالمهدى بذبة ، ثم الذى يليه كمهدى بقرة ، ثم الذى يليه كمهد ى كبش: حتى ذكرالدجاجة والبيغة.

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جمعۃ المبارک کا دن آتا ہے مساجد کے دروازوں میں سے ہر دروازے پر ملائکہ (فرشتے) متعین ہوتے ہیں جولوگوں کے نام ان کے منازل ومراتب کے مطابق رکھتے

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد ۱ | صفحہ ۳۵۴،۲۵ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| التعلیق الرغیب | رقم الحدیث () | جلد ۱ | صفحہ ۲۵۵ |
| صحیح الترغیب | رقم الحدیث (۷۱۳) | جلد | صفحہ |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث (۳۷۷) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

پہلے آنے والا کا پھر اس کے بعد آنے والے کا جب امام نکل کر منبر پر بیٹھ جاتا ہے تو وہ صحائف لپیٹ لیتے ہیں اور خطبہ غور سے سنتے ہیں پس پہلی گھڑی میں آنے والا کا اجر وثواب یوں ہے جیسے اللہ کی راہ میں اونٹ قربان کیا پھر دوسری گھڑی میں آنے والے کا ثواب جتنا گائے کو اللہ کی راہ میں قربان کیا پھر اس کے متصل تیسری گھڑی میں آنے والے کا ثواب اللہ کی راہ میں مینڈھے قربان کیا حتی کہ آپ نے مرغی اور انڈے کا ذکر فرمایا۔

Marfat.com

عن ابی ذر ، عن النبی صلّی اللّٰہ علیه وسلم قال :

من اغسل یوم الجمعة فاحسن غسله ، وتطهر فاحسن طهوره ، ولبس من احسن ثیابه ، ومس ماکتب اللّٰہ له من طیب اهله ، ثم اتی الجمعة ولم یلغ ، ولم یفرق بین اثنین غفرله مه بینه وبین الجمعة الاخری ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے جمعۃ المبارک کے دن غسل کیا پس احسن طریقے سے غسل کیا اور اس نے طہارت کی تو احسن طریقے سے طہارت کی اور اپنے اچھے کپڑے پہنے اور اللہ تعالیٰ نے جو عنایت فرمائی اس سے اپنے گھر کی خوشبو لگائی پھر مسجد میں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی اور دو مسلمانوں کے درمیان تفریق نہ کی ۔تو اس کے اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان گنا معاف کر دیے جائیں گے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث () | جلد١ | صفحہ٣٢٦ |
| قال المحقق: | حسن صحیح | | |
| التعلیق ایضاً | رقم الحدیث (١٨١٢،١٧٦٣،٦٤) | جلد | صفحہ |
| التعلیق الترغیب | رقم الحدیث () | جلد١ | صفحہ٢٥٨ |

marfat.com
Marfat.com

عن ابن عباس ،قال : قال رسول اللّٰه صلّی اللّٰه علیه وسلم:

ان هـذا يوم عيد جعله اللّٰه للمسلمين ، فمن جاء الى الجمعة فليغسل ، وان كان طيب فليمس منه ، وعليكم بالسواک ـ

## ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک یہ (جمعہ کا دن) یوم عید ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مسلمین کیلئے نور فرمایا ہے پس جو آدمی صلاۃ الجمعہ کی ادائیگی کیلئے آئے تو اسے چاہیے کہ وہ غسل کرے اگر اسے خوشبو میسر ہو اس خوشبو کو اپنے جسم پر لگائے اور تم پر مسواک کرنا لازم ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث ( ) | جلد ۱ | صفحہ ۳۲۶ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| المشکاۃ | رقم الحدیث (۱۳۸۹،۹۹) | جلد | صفحہ |
| الروض | رقم الحدیث (۴۰۸) | جلد | صفحہ |
| التعلیق الرغیب | رقم الحدیث ( ) | جلد ۱ | صفحہ ۲۵۴ |

Marfat.com

# توبہ

Marfat.com

# التوبہ

تاب- توبة :رجع

تاب- توبةً کامعنی ہےلوٹنا

شرعیت اسلامیہ میں توبہ کامعنی ہے۔

اَلرَّجُوْعُ مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلٰى طَاعَتِهٖ ۔

اللہ تعالیٰ کی معصیت ونافرمانی سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت فرمانبرداری کی طرف لوٹنا۔

توبہ کے تین درجے ہیں

ا۔ کفر سے ایمان کی طرف توبہ کرنا

اللہ تعالیٰ کاارشادگرامی ہےقُلْ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا اِنْ يَنْتَهُوا يُغْفَرْ لَهُمْ مَاقَدْسَلَفَ۔[1]

اے حبیب! آپ فرمادیجئے کہ ان لوگوں سے جنہوں نے کفر کیا اگر وہ باز آجائیں (کفر سے) تو ان کے پچھلے گناہ معاف کردیے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ کاایک اور ارشادگرامی ملاحظہ ہو:وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَلَايَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَايَزْنُوْنَ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَالِكَ يَلْقَ اَثَامًا. يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا اِلَّامَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحاً فَاُولٰئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّئَا تِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْراً رَحِيْمًا ۔[2]

(۱)الانفال/۳۸

(۲)الفرقان/۲۵ /۶۸ تا ۷۰

Marfat.com

اور جو لوگ اللہ کے ساتھ کسی اور اِلٰـہ (معبود) باطل کی عبادت نہیں کرتے اور قتل نہیں کرتے اس نفس کو جس کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے مگر حق کے ساتھ اور نہ بدکاری کرتے ہیں اور جو یہ کام کرے گا تو اس کا گناہ پائے گا۔ اس کیلئے قیامت کے دن عذاب کو دگنا کر دیا جائے گا اور اس عذاب میں ذلیل وخوار ہو کر ہمیشہ رہے گا۔

مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لے آیا اور عمل صالح بجالایا تو یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی برائیوں کو نیکیوں مین بدل دے گا اور اللہ تعالیٰ غفور ورحیم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

امام نوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

قال العلماء : التَّوْبَةُ وَاجِبَةٌ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ ، فَإِنْ كَانَتِ الْمَعْصِيَةُ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ اللّٰهِ تَعَالَى لا تَتَعَلَّقُ بِحَقِّ آدَمِيٍّ ؛ فَلَهَا ثَلاثَةُ شُرُوطٍ:

اَحَدُهَا : اَنْ يُقْلِعَ عَنِ الْمَعْصِيَةِ .

والثَّانِي : اَنْ يَنْدَمَ عَلَى فِعْلِهَا .

والثَّالِثُ : اَنْ يَعْزِمَ اَنْ لا يَعُودَ اِلَيْهَا اَبَدًا ، فَإِنْ فُقِدَ اَحَدُ الثَّلاثَةِ لَمْ تَصِحَّ تَوْبَتُهُ .

وإِنْ كَانَتِ الْمَعْصِيَةُ تَتَعَلَّقُ بِآدَمِيٍّ فَشُرُوطُهَا اَرْبَعَةٌ : هٰذِهِ الثَّلاثَةُ ، وَاَنْ يَبْرَأَ مِنْ حَقِّ صَاحِبِهَا ؛ فَإِنْ كَانَتْ مَالًا اَوْ نَحْوَهُ رَدَّهُ اِلَيْهِ ، وإِنْ كَانَتْ حَدَّ قَذْفٍ وَنَحْوَهُ مَكَّنَهُ مِنْهُ اَوْ طَلَبَ عَفْوَهُ ، وإِنْ كَانَتْ غِيبَةً اسْتَحَلَّهُ مِنْهَا . وَيَجِبُ اَنْ يَتُوبَ مِنْ جَمِيعِ الذُّنُوبِ ، فَإِنْ تَابَ مِنْ بَعْضِهَا صَحَّتْ تَوْبَتُهُ عِنْدَ اَهْلِ الْحَقِّ مِنْ ذٰلِكَ الذَّنْبِ ، وَبَقِيَ عَلَيْهِ البَاقِي . وقَدْ تَظَاهَرَتْ دَلائِلُ الكِتَابِ ، والسُّنَّةِ، وإِجْمَاعِ الأُمَّةِ عَلَى وُجُوبِ التَّوْبَةِ :

علماء کرام نے ارشاد فرمایا

ہر گناہ سے توبہ واجب ہے

Marfat.com

اگر گناہ بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے اور اس گناہ کا کسی آدمی کے حق سے کوئی تعلق نہیں تو ایسے گناہ کو توبہ کیلئے تین شرطیں ہیں:

ایک یہ کہ اس گناہ کو بالکل چھوڑ دے

دوسری شرط: اس گناہ کے کرنے پر شرم سار ہے

تیسری شرط: وہ پختہ عزم کرے کہ اس گناہ کی طرف کبھی بھی رجوع نہیں کرے گا۔

اگر ان تین شرطوں میں سے ایک بھی مفقود ہوگئی تو اس کی توبہ صحیح نہیں نہ ہوگی۔

اگر اس کی معصیت کسی آدمی سے متعلق ہے تو اس معصیت کی توبہ کیلئے چار شرطیں ہیں: تین یہی مذکورہ اور چوتھی شرط یہ ہے کہ صاحب حق کا حق ادا کرے۔ اگر کسی کا مال یا اس قسم کی کوئی چیز ناجائز طریقے سے لی ہو تو اس چیز کو اسے واپس کر دے اور اگر کسی پر تہمت لگائی ہو جس سے اس پر حد قذف جاری ہوتی ہو یا اس سے مثل تو اسی کی حد اپنے آپ پر لگوائے یا اس سے معافی طلب کرے اور اگر کسی کی غیبت کی ہو تو اس کو (بھی) اس سے معاف کروائے۔ اور اس پر لازم ہے کہ تمام گناہوں سے توبہ کرے اگر اس نے بعض گناہوں سے توبہ کی تو اہل حق - اہل سنت کے نزدیک اس کی توبہ اس گناہ سے درست ہے۔ (لیکن) باقی گناہوں اس کے باقی رہیں گے (جب تک درج بالا شرائط سے ان کی توبہ نہیں کرتا) توبہ کے وجوب پر کتاب وسنت کے بکثرت دلائل ہیں اور اجماع امت بھی ہے۔

قَالَ ابْنِ الْمُبَارَكِ

حَقِيْقَةُ التَّوْبَةِ لَهَاسِتُّ عَلَامَاتٍ

اَلنَّدْمُ عَلٰى مَامَضٰى

marfat.com
Marfat.com

وَالْعَزْمُ عَلٰی اَنْ لَایَعُوْدَ

وَیُؤَدِّیْ کُلَّ فَرْضٍ ضَیَّعَهٗ

وَیُؤَدِّیْ اِلٰی کُلِّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ مِنَ الْمَظَالِمِ

وَیُذِیْبُ الْبَدْنَ الَّذِیْ زَیَّنَهٗ بِالسُّحْتِ وَالْحَرَامِ بِالْهُمُوْمِ وَالْاَحْزَانِ حَتّٰی یَلْصِقَ الْجِلْدُ بِالْعَظْمِ ثُمَّ یُنْشَأُ بَیْنَهما لَحْماً طَیِّبًا اِنْ هُوَنَشَأ.

وَیُذِیْقُ الْبُدْنَ اَلَمَ الطَّاعَةِ کَمَا اَذَاقَهٗ لَذَّةَ الْمَعْصِیَةِ۔ [1]

حضرت ابن المبارک رحمۃ اللہ نے فرمایا

سچی توبہ کی چھ (۶) علامتیں ہیں۔

۱۔ گزشتہ گناہوں پر ندامت۔

۲۔ آئندہ گناہ نہ کرنے کا عزم۔

۳۔ ہر ضائع کیا ہوا فرض ادا کرنا۔

۴۔ ہر ذی حق پر جو مظالم کیے ہیں ان کی تلافی کر کے حق ادا کرنا۔

۵۔ سحت وحرام سے جس بدن کو زینت بخشی اب اسے ہموم واحزان سے پگلانا یہاںتک کہ جلد ہڈیوں سے چمٹ جائے پھر ہڈیوں اور جلد کے درمیان اگر ممکن ہو تو طیب وطاہر گوشت کی پرورش کرے۔

۶۔ بدن کو اطاعت وفرمانبرداری کے الم سے روشناس کرانا جیسے اسے معصیت کی لذت سے روشناس کر دیا تھا۔

---

(۱) عمدۃ القاری ۲۲/۴۳۴

Marfat.com

قال اللّٰہ تعالیٰ :( وَتُوبُوٓا اِلَی اللّٰهِ جَمِیعًا اَیُّهَ الْمُؤْمِنونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ )[1]

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

اے اہل ایمان ! سب کے سب توبہ کرو اللہ کی طرف تا کہ تم دونوں جہاں میں فلاح پا جاؤ۔

-۞-

اللہ وحدہ لاشریک اس آیت کریمہ میں اہل ایمان سے مخاطب ہے اور انہیں بتا رہا ہے کہ اللہ کا در توبہ کھلا ہوا ہے۔ اہل ایمان سے کمی کوتاہی ہوتی رہتی ہے اس لئے انہیں اللہ کی بارگاہ میں رجوع کرنا چاہیے اس سے معافیاں مانگنی چاہیے تا کہ وہ نظرِ کرم فرمائے اور ان کی معصیتوں کے تمام داغ دھو دے۔

توبہ کے نتیجے میں اللہ ذوالجلال نے فلاح و کامیابی کا وعدہ فرمایا ہے۔

یہ فلاح و کامیابی اللہ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کے احکامات ماننے میں ہے ان کی غیر مشروط اطاعت وفرمانبرداری میں ہے:

فَاِنَّ الْفَلَاحُ كُلَّ الْفَلَاحِ فِی فِعْلِ مَااَمَرَاللّٰهُ بِهٖ وَرَسُوْلُهٗ وَتَرْكِ مَانَهَیَا عَنْهُ وَاللّٰہ تَعَالٰی ھو المستعانِ [2]

بیشک فلاح و کامرانی ، ہر قسم کی فلاح و کامیابی اللہ اور اسکے رسول نے جو حکم دیا ہے اس کے بجالانے میں اور جن چیزوں سے انہوں نے منع فرمایا ان سے رک جانے میں ہے۔

---

(۱)النور/۳۱

(۲)ضیاء القرآن ۳/۳۲۰

marfat.com
Marfat.com

وقَالَ تَعَالی :(اَسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا اِلَيْهِ )۱؎

## تُوْبَةً نَصُوْحًا

(يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوا اِلَى اللّٰه تَوْبَةً نَصُوْحًا )۲؎

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے ایمان والو! اللہ کی طرف توبہ کرو خالص توبہ۔

امام بخاری رحمۃ اللہ لکھتے ہیں:

قَال قَتَادَةُ:تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوْحًا:اَلصَّادِقَةُ النَّاصِحَةُ ۔۳؎

حضرت قتادہ نے فرمایا تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوْحًا میں تَوْبَةً نَصُوْحًا سے مراد سچی اور ہر قسم کی الائشوں سے پاک توبہ ہے۔

ابن منظور افریقی لکھتے ہیں:

نَصَحَ الشَّيْئُ خَلَصَ وَالنَّاصِحُ : اَلْخَالِصُ مِنَ الْعَسْلِ وَغَيْرِهٖ وَكُلُّ شَيْئٍ خَلَصَ فَقَدْ نَصَحَ۔(لسان العرب)

نَصَحَ الشَّيْئ کا معنی ہے چیز کا خالص ہونا وَالنَّاصِحُ اَلْخَالِص شہد وغیرہ کو کہتے ہیں اور ہر چیز جو خالص ہو یعنی ملاوٹ سے پاک ہو اس کیلئے قد نصح بولا جاتا ہے۔

---

(۱) ھود/۳

(۲) التحریم / ۸

(۳) صحیح البخاری مع العمدۃ ۲۲/ ۴۳۵

Marfat.com

الجووی لکھتے ہیں:

اِنُتَصَحَ فُلان" ، اَیُ قَبِلَ النَّصِیُحَةَ وَرَجُل" نَاصِحُ اِلُجَیُبِ، نَقِیَّ الصَّدُرِ ، نَاصِحُ الُقَلُبِ لَاغِشَّ فِیُهِ کَقَوُلِهِمُ طَاهِرُ الثَّوُبِ۔[1]

اِنُتَصَحَ فُلان" کا معنی ہے فلاں نے نصیحت کو قبول کرلیا رَجُل" نَاصِحُ الُجَیُب اس آدمی کو کہا جاتا ہے۔ جو پاک سینے والا ہو۔ نَاصِحُ الُقَلُبِ اس کو کہا جاتا ہے جس کے دل میں کوئی کھوٹ نہ ہو۔ جیسے اہل عرب طاہر القلب بولتے ہیں۔

النَّصُحُ : مَصُدَرُ قَوُلِکَ نَصَحُتُ الثَّوُبَ اِذَا خِطُتَهُ۔

النَّصُحُ یہ نَصَحُتُ الثَّوُبَ سے مصدر ہے نَصَحُتُ الثَّوُبَ اس وقت بولا جاتا ہے جب تو کپڑے کو سی لے۔

وَمِنُهُ التَّوُبَةُ النَّصُوُحُ .وَنَصَحَ الثَّوُبَ وَالُقَمِیُصَ یَنُصَحَهُ نَصُحًا وَفَصَحَةً خَاطَهُ۔[2]

اور اسی سے التَّوُبَةُ النَّصُوُحُ ہے نَصَحَ الثَّوُبَ وَالُقَمِیُصَ نَصحاً نَصُی اس کا معنی سینا ہے۔

النَّصُوُح کے تین معنی ہوئے۔

۱۔ خالص شہد جو ہر قسم کی آلائشوں سے پاک ہو۔

۲۔ کپڑا سینا۔

۳۔ نصیحت۔

---

(۱)(۲) الصحاح للجوہری

marfat.com
Marfat.com

حضور ضیاء الامۃ رحمۃ اللہ لکھتے ہیں۔

۱۔ وہ شہد جس کو موم اور دیگر آلائشوں سے پاک کر دیا گیا ہو اسے عَسل" ناصِح (شہد خالص) کہتے ہیں۔ اگر نصوحا اس سے ماخوذ ہو تو مقصد یہ ہوگا کہ تمہاری توبہ نفاق، ریا اور کاہلی کی آلائشوں سے پاک ہونی چاہئے۔

۲۔ پھٹے ہوئے کپڑے کو مرمت کرنا، چاکوں کو رفو کرنا، نصاحۃ الصوب کہلاتا ہے۔ اگر نصوحا کا یہ ماخذ ہو تو پھر مطلب یہ ہوگا کہ جس طرح گناہوں سے تم نے اپنے ایمان کا لباس تار تار کر دیا ہے اور اپنے تقویٰ کے پیرہن میں چاک ڈال دیے ہیں، اب ایسی توبہ کرو کہ وہ چاک رفو ہو جائیں اور ان کا کوئی نشان بھی باقی نہ رہے۔

۳۔ نصوحا کی اصل نصیحت ہے۔ اس وقت اس کا یہ مطلب ہوگا کہ ایسی توبہ کرو کہ اس کے آثار تم میں نمایاں ہو جائیں۔ تم میں نمودار ہونے والی خوش آئند تبدیلی کو دیکھ کر دوسرے گناہ گار بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں اور وہ بھی اپنی غفلت وعصیاں سے آلودہ زندگی کو ترک کرنے پر مجبور ہو جائیں۔

Marfat.com

وعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رضی الله عنه قَالَ : سَمِعْتُ رسولَ الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ : ((واللہ ! اِنِّی لَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ واَتُوبُ اِلَیْهِ فی الْیَوْمِ اَکْثَرَ مِنْ سَبْعِینَ مَرَّةً )).رواه البخاری .

## ترجمة الحديث:

حضور ابو ہریرہ - رضی اللہ عنہ - نے فرمایا:

میں نے سنا حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمار ہے تھے

اللہ کی قسم ! بیشک میں ایک دن میں ستر (70) مرتبہ سے زیادہ اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

وَعَنِ الْأَغَرِّ بْنِ يَسَارِ الْمُزَنِيِّ رضی اللّٰہ عنہ قَالَ : قَالَ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (( يا اَيُّهَا النَّاس ! تُوبُوا اِلى اللّٰہ واسْتَغْفِرُوهُ فَاِنِّی اَتُوبُ فی الْيَوْمِ اِلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ )). رواه مسلم .

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| ریاض الصالحین | رقم الحدیث (۱۴) | | صفحہ۴۲ |
| مصابیح السنہ | رقم الحدیث (۱۶۶۴) | جلد۲ | صفحہ۱۶۴ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۷۰۲) | جلد۵ | صفحہ۲۴۸ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۳۲۵) | جلد۲ | صفحہ۷۱۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۷۷۳) | جلد۱۳ | صفحہ۵۲۵ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۷۷۶) | جلد۱۳ | صفحہ۵۲۵ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۸۸۵) | جلد۱ | صفحہ۳۰۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۲۰۹) | جلد۱۴ | صفحہ۱۲۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۲۱۰) | جلد۱۴ | صفحہ۱۲۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

# ترجمۃ الحدیث:

حضرت الاغر بن یسار المزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے لوگو! اللہ کی طرف توبہ کیا کرو اور اس سے استغفار کیا کرو میں ایک دن میں سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔

الاستغفار:

طَلَبُ الْمَغْفِرَةِ وَهِيَ الصَّفح عَنِ الذَّنْبِ وَاَصْلُ الغَفْرِ اَلسَّتْرُ ۔

استغفار مغفرت طلب کرنا ہے اور یہ گناہ سے درگزر کرنا ہے غفر کا اصل معنی ستر یعنی ڈھانپنا ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو یعنی دعا مانگو کہ وہ تمہارے گناہوں سے درگزر فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ کے علاوہ اور کونسی بارگاہ ہے جس میں ایک انسان مغفرت طلب کرے استغفار کے لئے اپنے ہاتھوں کو پھیلائے ساری مخلوق محتاج ہے اور محتاج سے استغفار چہ معنی دارد؟ استغفار تو اس ذات سے ہوتی ہے جو ہر ایک کا خالق و مالک ہو اور کل کائنات اس کی محتاج ہو۔

مغفرت کا اصل معنی ڈھانپنا ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے التجا کرنی چاہئے کہ اے خالق و مالک اے ارحم الراحمین ہمارے گناہوں اور ہماری معصیتوں کو اپنے کرم کی چادر میں ڈھانپ لے اور عفو کے پردہ میں چھپا لے۔

معالم التنزیل میں یہ حدیث پاک مروی ہے ملاحظہ ہو:

marfat.com
Marfat.com

عَنِ ابْنِ عُمَرَ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :

یَا اَیُّھَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہِ فَاِنِّیْ اَتُوْبُ اِلٰی رَبِّیْ کُلَّ یَوْمٍ مَائَۃَ مَرَّۃٍ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سنا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

اے لوگو! اللہ کی طرف توبہ کرو بیشک میں اپنے رب کی طرف توبہ کرتا ہوں روزانہ سو مرتبہ۔

---

معالم تنزیل للبغوی رقم الحدیث (۱۵۲۰) جلد ۳ صفحہ ۴۰۵

قال المحقق: اسنادہ صحیح

Marfat.com

انہی حضرت عبداللہ بن عمر کی گواہی ملاحظہ ہو:

اِنْ کُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَجْلِسِ یَقُوْلُ رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْم مَائَۃَ مَرَّۃٍ ۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| معالم التنزیل | رقم الحدیث (۱۵۲۱) | جلد۳ | صفحہ۴۰۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط البخاری ومسلم | | |
| نظرۃ النعیم | | | صفحہ۱۲۹۲ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۴۳۴) | جلد۴ | صفحہ۳۳۱ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح غریب | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۵۱۶) | جلد۲ | صفحہ۱۲۰ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۳۴۲) | جلد۱ | صفحہ۲۸۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۸۱۴) | جلد۴ | صفحہ۲۹۱ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۰۹۰) | جلد۳ | صفحہ۲۴۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ | رقم الحدیث (۵۵۶) | جلد۲ | صفحہ۹۶ |
| عمل الیوم اللیلۃ ابن سنی | رقم الحدیث (۳۷۰) | | صفحہ۳۲۷ |
| مسند احمد | رقم الحدیث (۴۷۲۶) | جلد۴ | صفحہ۳۷۴ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۸۴۲۲) | جلد۶ | صفحہ۲۲۶ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۹۲۷) | جلد۳ | صفحہ۲۰۶ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر-رضی اللہ عنہما-کا بیان ہے

ہم حضور رسول اللہ-صلّی اللہ علیہ وسلم-کا شمار کیا کرتے تھے کہ حضور ایک ہی مجلس میں اٹھنے سے پہلے سو مرتبہ بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا کرتے تھے:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مصنف ابن ابی شیبہ | | جلد ۱۰ | صفحہ ۲۹۷ |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۱۲۸۹) | جلد ۵ | صفحہ ۷۱ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۶۱۸) | | صفحہ ۲۱۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۴۸۱) | | صفحہ ۲۳۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد ۳ | صفحہ ۲۹۱ |

Marfat.com

وَعَنْ اَبِی حَمْزَۃَ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ الْأَنْصَارِیِّ خَادِمِ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ، رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ : قَالَ رَسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : (( لَلّٰہُ اَفْرَحُ بِتَوْبَۃِ عَبْدِہٖ مِنْ اَحَدِکُمْ سَقَطَ عَلَی بَعِیرِہٖ وقد اَضَلَّہٗ فی اَرْضٍ فَلاۃٍ )). متفق علیہ .

وفی روایۃ لِمُسْلِمٍ : (( لَلّٰہُ اَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَۃِ عَبْدِہٖ حِینَ یَتُوبُ اِلَیْہِ مِنْ اَحَدِکُمْ کان علی رَاحِلَتِہٖ بِاَرْضٍ فَلاۃٍ ، فَانْفَلَتَتْ مِنْہُ وَعَلَیْھَا طَعَامُہٗ وَشَرَابُہٗ فَاَیِسَ مِنْھَا ، فَاَتَی شَجَرَۃً فَاضْطَجَعَ فی ظِلِّھَا ، وقد اَیِسَ مِنْ رَاحِلَتِہٖ ، فَبَیْنَمَا ھُوَ کَذٰلِکَ اِذَا ھُوَ بِھا ، قَائِمَۃً عِنْدَہٗ ، فَاَخَذَ بِخِطَامِھَا ثُمَّ قَالَ مِنْ شِدَّۃِ الفَرَحِ : اللّٰھُمَّ ! اَنْتَ عَبْدِی وَاَنَا رَبُّکَ ، اَخْطَأَ مِنْ شِدَّۃِ الفَرَحِ ))۔

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت ابوحمزہ انس بن مالک الانصاری خادم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم - رضی اللہ عنہ - سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

مسند احمد رقم الحدیث (۱۳۱۶۰) جلد ۱۱ صفحہ ۱۲۱

قال حمزہ احمد الزین: اسنادہ حسن

marfat.com
Marfat.com

اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے خوش ہوتا ہے تم میں سے آدمی سے بھی زیادہ جو اپنے اونٹ کو کسی بیابان جنگل میں اونٹ گم کر کے پھر اسے پالے۔

اسے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔

اور مسلم کی روایت میں ہے۔

بیشک اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے جب وہ اس کی طرف توبہ کرتا ہے اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے جو کسی بیابان زمین میں اپنی سواری پر سوار ہو اور اسی پر اس کے کھانے پینے کا سامان ہو کہ وہ سواری اس سے چھوٹ جائے (سواری تلاش کرنے کے بعد) اس سے مایوس ہو گیا پس ایک درخت کے پاس آیا تو اس کے سایہ میں لیٹ گیا اور وہ یقیناً اپنی سواری سے مایوس چکا تھا وہ اس حالت مایوس میں تھا کہ اس نے دیکھا کہ اس کی سواری اس کے سامنے کھڑی ہے تو اس نے اس لگام کو پکڑ لیا پھر اس نے انتہائی خوشی سے کہا اے اللہ! تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب ہوں وہ انتہائی خوشی کے عالم میں (اپنے اوسان قابو نہ رکھ سکا اور) خطا کھا گیا۔

مسند احمد کے کی روایت ملاحظہ ہوں:

**حدثنا یزید انا فضیل بن مرزوق عن عطیة**

**عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ**

**لَلّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ مِنْ رَجُلٍ اَضَلَّ رَاحِلَتَهٗ لِفَلاةٍ مِنَ الْاَرْضِ فَطَلَبَهَا فَلَمْ یَقْدِرْ عَلَیْهَا فَسَجّٰی لِلْمَوْتِ فَبَیْنَا هُوَ کَذَالِکَ اِذْ یَسْمَعُ وَجْبَةَ الرَّاحِلَةِ حِیْنَ بَرَکَتْ فَکَشَفَ عَنْ وَجْهِهٖ فَاِذَا هُوَ بِرَاحِلَتِهٖ۔**

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۱۱۷۳۰) جلد ۱۰ صفحہ ۲۶۳

قال حمزہ احمد الزین: اسناد حسن لاجل عطیہ العوفی

Marfat.com

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ سے خوش ہوتا ہے اس آدمی سے بھی زیادہ جس نے اپنی سواری بیابان زمین میں کھودی پس اسے تلاش کیا لیکن اس پر قدرت نہ پاسکا تو وہ کپڑا لیکر موت کے انتظار میں لیٹ گیا۔ وہ اس حالت میں تھا کہ اس نے سواری کی آواز سنی جب وہ بیٹھ رہی تھی تو اس نے اپنے چہرے سے کپڑا اہٹایا تو وہ اپنی سواری کے پاس تھا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ملاحظہ ہو:

**حدثنا يزيد انا محمد عن موسى بن يسار**

**عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَلّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ مِنْ اَحَدِكُمْ بِضَالَّتِهٖ فِی فَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ عَلَيْهَا طَعَامُهٗ وشَرَابُهٗ ۔**

حضرت ابو ہریرہ – رضی اللہ عنہ – سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اپنے بندے کی توبہ سے تم میں سے اس آدمی سے بھی زیادہ جس نے ارض فلاۃ میں اپنی اس گم شدہ سواری کو پایا جس پر اس کا کھانا اور پانی تھا۔

---

مسند احمد　　رقم الحدیث (۱۰۴۴۶)　　جلد ۹　　صفحہ ۴۸۹

قال حمزہ احمد الزین:　　اسنادہ صحیح

marfat.com
Marfat.com

مَعَهُ رَاحِلَتُهُ ، عَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ وَشَرَابُهُ وَمَا يُصْلِحُهُ فَأَضَلَّهَا ، فَخَرَجَ فِيْ طَلَبِهَا ، حَتّٰى إِذَا أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ قَالَ: أَرْجِعُ إِلٰى مَكَانِيَ الَّذِيْ أَضْلَلْتُهَا فِيْهِ فَأَمُوْتَ فِيْهِ قَالَ: فَرَجَعَ فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ فَاسْتَيْقَظَ فَإِذَا رَاحِلَتُهُ عِنْدَ رَأْسِهِ ، عَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ وَشَرَابُهُ وَمَا يُصْلِحُهُ ـ

---

مسند احمد — رقم الحدیث (۳۶۲۷) — جلد ۳ — صفحہ ۵۱۹
اسنادہ صحیح

مسند الامام احمد — رقم الحدیث (۳۶۲۹) — جلد ۳ — صفحہ ۵۲۰
قال احمد محمد شاکر: اسنادہ صحیح

Marfat.com

# دن اور رات کو اللہ تعالیٰ اپنا دست کرم پھیلاتا ہے تا کہ گنہگار توبہ کریں

وَعَنْ اَبی مُوسی عَبْدِ اللّٰہ بنِ قَیسِ الاَشْعَرِیّ رَضِیَ اللّٰہَ عِنْہُ عَن النَّبِیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ : (( اِنَّ اللّٰہ تعالی یَبْسُطُ یَدَہُ باللَّیْلِ لِیَتُوب مُسِیءُ النَّھارِ ، وَیَبْسُطُ یَدَہُ بالنَّھَارِ لِیَتُوبَ مُسِیءُ اللَّیلِ حَتَّی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھا)) رواہ مسلم ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو موسی عبد اللہ بن قیس الاشعری - رضی اللہ عنہ - سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ رات کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے کہ دن کو گناہ کرنے والا توبہ کرلے اور دن کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے کہ تا کہ رات کو گناہ کرنے والا توبہ کرلے (یہ سلسلہ جاری رہے گا) حتی کہ سورج (قیامت کے قریب) اپنے مغرب سے طلوع ہو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| رواہ مسلم | رقم الحدیث (۲۷۵۹) | | |
| مسند احمد | رقم الحدیث (۱۹۴۲۱) | جلد ۱۴ | صفحہ ۵۰۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند احمد | رقم الحدیث (۱۹۵۰۹) | جلد ۱۴ | صفحہ ۵۳۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| السنن الکبری للبیہقی | رقم الحدیث (۱۶۵۰۴) | جلد ۸ | صفحہ ۲۳۵ |

marfat.com
Marfat.com

# سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے تائب کی توبہ قبول

وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسول اللّه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :(( مَنْ تَابَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسَ مِنْ مَغْرِبِهَا تَابَ اللّه عَلَيْه )). رواه مسلم .

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاة المصابیح | رقم الحدیث(۲۳۳۱) | جلد۲ | صفحہ۷۲۱ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث(۴۵۸۸) | جلد۴ | صفحہ۵ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب | رقم الحدیث(۳۱۳۶) | جلد۳ | صفحہ۲۱۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۲۷۰۳) | جلد۵ | صفحہ۲۴۹ |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث(۱۲۹۹) | جلد۵ | صفحہ۸۳ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۶۲۹) | جلد۲ | صفحہ۳۹۶ |
| قال شعیب الارنوؤط: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |

Marfat.com

جس نے سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

-☆-

سنن ابن ماجہ کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

حدثنا ابوبکر بن ابی شیبة ،ثنا عبید اللّٰه بن موسی ، عن اسرائیل ، عن عاصل ، عن زرٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ–

اِنَّ مِنْ قِبَلِ مَغْرِبِ الشَّمْسِ بَابًا مَفْتُوْحاً عَرْضُهٗ سَبْعُوْنَ سَنَةً فَلَايَزَالُ ذَالِکَ الْبَابُ مَفْتُوْحًا لِلتَّوْبَةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهٖ فَاِذَا طَلَعَتْ مِنْ نَحْوِهٖ لَمْ يَنْفَعْ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْكَسَبَتْ فِيْ اِيْمَانِهَا خَيْراً ۔

لغۃ الحدیث:

تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ :قَبِلَ اللّٰهُ تَوْبَتَهٗ

تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ کا معنی ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی توبہ قبول کریگا۔

قبولیت توبہ کے بارے میں امام غزالی حجۃ الاسلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اِنَّکَ اِذَا فَهِمْتَ مَعْنَى الْقَبُوْلِ لَمْ تَشُکَّ فِيْ اَنَّ كُلَّ تَوْبَةٍ صَحِيْحَةٍ هِيَ مَقْبُوْلَةٌ" اِذِ الْقَلْبُ خُلِقَ سَلِيْماًفِي الْاَصْلِ ،اِذْ كُلُّ مَوْلُوْدٍيُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

---

سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۴۰۶۰) جلد۴ صفحہ۴۳۸

قال المحقق: الحدیث حسن

marfat.com
Marfat.com

وَاِنَّمَا تَفُوْتُهُ السَّلَامَةُ بِكُدْرَةٍ تَرْهَقُهُ مِنْ غَبْرَةِ الذُّنُوْبِ وَاِنَّ نُوْرَ النَّدَمِ يَمْحُوْ عَنِ الْقَلْبِ تِلْكَ الظُّلْمَةَ كَمَا يَمْحُوا الْمَاءُ وَالصَّابُوْنُ عَنِ الثَّوْبِ الْوَسْخَ. فَمَنْ تَوَهَّمَ اَنَّ التَّوْبَةَ تَصِحُّ وَلَا تُقْبَلُ كَمَنْ تَوَهَّمَ اَنَّ الشَّمْسَ تَطْلَعُ وَالظَّلَامُ لَايَزُوْلُ اَوْ اَنَّ الثَّوْبَ يُغْسَلُ وَالْوَسْخُ لَايَزُوْلُ نَعَمْ قَدْ يَقُوْلُ التَّائِبُ بِاللِّسَانِ تُبْتُ وَلَايُقْلِعُ فَذَالِكَ كَقَوْلِ الْقَصَّارِ بِاللِّسَانِ غَسَلْتُ الثَّوْبَ وَهُوَ لَمْ يَغْسِلْهُ فَذَالِكَ لَايُنَظِّفُ الثَّوْبَ (1)

جب تو قبول کا معنی سمجھ گیا تو تجھے شک نہیں ہونا چاہیے کہ صحیح توبہ قبول ہے۔ کیونکہ قلب کو اصل میں سلیم پیدا کیا گیا ہے جبکہ ہر مولود فطرت سلیمہ پر پیدا ہوتا ہے قلب کی سلامت کو وہ گدلاہٹ ختم کرتی ہے جو گناہوں کے گردوغبار سے ہے بیشک ندامت کا نور اس ظلمت کو قلب سے مٹا دیتا ہے جیسے پانی اور صابون کپڑے سے میل کو ختم کر دیتے ہیں۔ پس جس نے یہ گمان کیا کہ توبہ تو صحیح ہے لیکن قبول نہیں یہ اس آدمی کی طرح ہے جس نے گمان کیا کہ سورج تو طلوع ہوتا ہے تاریکی دور نہیں ہوتی اور کپڑا تو دھویا جاتا ہے لیکن میل دور نہیں ہوتی۔

ہاں ہاں کبھی کبھی تائب صرف زبان سے کہتا ہے میں نے توبہ کی اور وہ گناہ چھوڑتا نہیں یہ ایسے ہی ہے جیسے دھوبی صرف زبان سے کہے میں نے کپڑا دھو دیا حالانکہ اس نے کپڑا دھویا نہیں اس کا ایسے کہہ دینا کپڑے کو صاف نہیں کرتا۔

---

(۱) التحریر والتنویر لابن عاشور ۴/ ۶۵

Marfat.com

وَعَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمن عَبْدِ اللّٰہ بن عُمَرَ بن الخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا عَن النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : ((اِنَّ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یَقْبَلُ تَوْبَةَ العَبْدِ مَالَمْ یُغَرْغِرْ ۔(رواہ الترمذی وقال : حدیث حسن )

## ترجمة الحديث :

حضرت ابوعبدالرحمٰن عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

بیشک اللہ عزوجل بندے کی توبہ اس وقت قبول فرماتا جب تک اس پر حالت نزع طاری نہ ہو۔

غَرْغَرَ – غَرْغَرَةً : جَعْلُ الشَّرابِ فِی الْفَمِ ثُمَّ تَرْدِیْدُهٗ اِلٰی اَصْلِ حَلْقُوْمِهٖ فَلَایَبْتَلِعُهٗ وَالْمُرادُ الِاحتِضَارُ وَوَصُوْلُ الرُّوْحِ اِلَی الْحُلْقُوْمِ ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۵۳۷) | جلد۵ | صفحہ۵۰۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۲۸) | جلد۲ | صفحہ۳۹۴ |
| قال المحقق: | اسنادہ حسن | | |

marfat.com
Marfat.com

غرغو - غرغرۃً کا معنی ہے مشروب کو منہ میں ڈالنا پھر اسے اصلِ حلقوم تک بار بار لے جانا لیکن اسے نگلنا نہیں یعنی غرارہ کرنا اس سے مراد وقت نزع ہے اور روح کا حلقوم تک پہنچنا ہے۔

قَال ابن الاثیر ، اَیْ مَالَمْ تَبْلُغْ رُوْحُہٗ حُلْقُوْمَہٗ ۔

ابن الاثیر نے فرمایا اس کا معنی یہ ہے کہ جب تک اس کی روح اس کے حلقوم تک نہ پہنچی ہو۔

سنن ابن ماجہ میں یہی روایت لام تاکید سے روی ہے ملاحظہ ہو۔

حدثنا راشد بن سعید الرملی انبانا الولید بن مسلم ، عن ابن ثوبان ، عن ابیه عن مکحول ، عن جُبَیْرِبْنِ نَغَیْرٍ

عن عبد اللّٰه بن عمر - رضی اللّٰه عنهما - عن النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلّ لَیَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْد مَالَمْ یُغَرْغِر ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

بیشک اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ کو ضرور قبول فرماتا ہے جبتک کہ وہ حالت نزع میں نہ آئے

---

سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۴۲۳۵) جلد۴ صفحہ۵۳۶

قال المحقق: الحدیث حسن

Marfat.com

سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کتنا کریم ہے بندہ گناہ کر کے جب بھی توبہ کرے وہ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے اس کا درتوبہ ہر وقت اور ہر لحہ کھلا ہوا ہے بندہ جتنا بڑا بھی گناہ کرئے اگر وہ شرمسار ہو کر اس کی بارگاہ میں آ جائے ندامت سے شرابور ہو کر اس کے دراقدس پر مغفرت طلب کرے تو وہ رحیم اللہ اس کے اس گناہ کو معاف فرما دے گا اس کی اس معصیت پر قلم عفو پھیر دے گا۔

اللہ تعالیٰ کا یہ سلسلہ کرم جاری رہتا ہے تاوقتیکہ بندہ پر نزع کی کیفیت طاری ہو جائے جان نکلنے سے پہلے پہلے توبہ قبول ہے روح کے گلے تک پہنچنے سے پہلے کی گئی توبہ قابل قبول ہے لیکن جب جان نکلنے لگے روح گلے تک آ جائے اس وقت کی توبہ قبول نہیں کیونکہ حالت نزع میں اسے ملائکہ نظر آ جاتے ہیں جو جان لینے کیلئے آئے ہوئے ہوتے ہیں فرشتوں کے نظر آنے سے پہلے توبہ کر لینا حقیقی توبہ ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

**وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّئَاتِ حَتّٰى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْاٰنَ** (1)

اور نہیں ہے توبہ (جس کے قبول کرنے والا کا وعدہ ہے) ان لوگوں کیلئے جو گناہ کرتے رہتے ہیں (ساری عمر) حتی کہ جب ان میں سے کسی کو موت آ جائے (تو اس وقت) کہے بیشک میں (ان گناہوں سے) توبہ کرتا ہوں اب

(۱) سورۃ النساء ۴/ ۱۸

marfat.com
Marfat.com

سورۃ غافر میں ارشاد فرمایا

فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِہٖ مُشْرِكِيْنَ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا سُنَّةَ اللّٰہِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ فِیْ عِبَادِہٖ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُوْنَ ۔[1]

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے کہ ہم اللہ وحدہ پر ایمان لاتے ہیں اور ہم ان معبودوں کا انکار کرتے ہیں جنہیں ہم اس کا شرک ٹھہرایا کرتے تھے۔ پس انہیں ان کے ایمان نے کوئی فائدہ نہیں دیا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا یہی اللہ کا قانون ہے جو اس کے بندوں میں جاری ہے اور سراسر خسارہ میں ہیں اس وقت حق کا انکار کرنے والے۔

---

(۱) غافر/۸۴،۸۵

Marfat.com

وَعَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ : اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَسْاَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ : مَا جَاءَ بِكَ يَا زِرُّ ؟ فَقُلْتُ : ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ ، فَقَالَ : اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضىً بِمَا يَطْلُبُ ، فَقُلْتُ : اِنَّهُ قَدْ حَكَّ فِي صَدْرِي الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ ، وَكُنْتَ امْرَءًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَجِئْتُ اَسْاَلُكَ : هَلْ سَمِعْتَهُ يَذْكُرُ فِي ذٰلِكَ شَيْئًا . قَالَ : نَعَمْ ، كَانَ يَاْمُرُنَا اِذَا كُنَّا سَفْرًا – اَوْمُسَافِرِيْنَ – اَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ ، لٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ فَقُلْتُ : هَلْ سَمِعْتَهُ يَذْكُرُ فِي الْهَوَى شَيْئًا ؟ قَالَ: نَعَمْ كُنَّا مَعَ رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ ، فَبَيْنَا نَحْنُ عِنْدَهُ اِذْ نَادَاهُ اَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ : يَا مُحَمَّدُ! فَاَجَابَهُ رسولُ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِنْ صَوْتِهِ :((هَاؤُمُ)) فَقُلْتُ لَهُ : وَيْحَكَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ فَاِنَّكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، وَقَدْ نُهِيتَ عَنْ هذا ! فَقَالَ : وَاللّٰهِ ! لَا اَغْضُضُ . قَالَ الْاَعْرَابِيُّ : الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ((الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) فَمَا زَالَ يُحَدِّثُنَا حَتّٰى ذَكَرَ بَابًا مِنَ الْمَغْرِبِ مَسِيرَةُ عَرْضِهِ

marfat.com
Marfat.com

اَوْ يَسِيْـرُ الـرَّاكِـبُ فِـى عَرْضِهِ اَرْبَعِينَ اَوْ سَبْعِينَ عَامًا . قَالَ سُفْيَانُ اَحَدُ الرُّوَةِ : قِبَلَ الشَّامِ خَلَقَهُ اللّٰه تَعَالَى يَوْمَ خَلَقَ السَّماوَاتِ وَالاَرْضَ مَفْتُوحًا لِلتَّوْبَةِ لا يُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْهُ .رواه الترمذى وغيره وقال : حديث حسن صحيح ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت زربن حبیش نے فرمایا:

میں حضرت صفوان بن عسال - رضی اللہ عنہ - کے پاس آیا تاکہ میں ان سے خفین (موزوں) پر مسح کا مسئلہ پوچھوں تو آپ نے فرمایا:

اے زر کیسے آنا ہوا۔

میں نے عرض کی!

طَلَبِ علم کیلئے

تو آپ نے ارشاد فرمایا

بیشک ملائکہ (فرشتے) طالبِ علم کیلئے اپنے پروں کو بچھا دیتے ہیں جو وہ طلب کرتا ہے (یعنی علم) سے خوش ہوکر

میں نے عرض کی میری سینے میں اشتباہ پیدا ہوا ہے پیشاب و پاخانہ کے بعد خفین (موزوں) پر مسح کرنے سے متعلق۔ آپ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام سے ہیں اس لئے میں آپ سے (یہ مسئلہ) پوچھنے کیلئے حاضر ہوا ہوں۔ کیا آپ نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کو سنا اس کے بارے میں کچھ ذکر فرماتے ہوں۔

انہوں نے فرمایا

Marfat.com

ہاں آپ ہمیں حکم دیتے جب ہم سفر میں ہوتے، یا جب ہم مسافر ہوتے کہ ہم اپنے موزے نہ اتاریں تین دن اور تین رات تک مگر جنابت ہے (یعنی حالت جنابت میں اتار کر غسل کریں)۔لیکن پاخانہ، پیشاب اور سے (ان حالتوں میں موزے اتارنے کی ضرورت نہیں بلکہ وضو کرتے وقت پاؤں دھونے کی بجائے ان موزوں پر مسح کرلیا جائے)۔

میں نے عرض کی کیا آپ نے سنا کہ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ھَوٰی (محبت) کے بارے میں ذکر فرماتے ہوں۔انہوں نے فرمایاہاں

ہم حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے ایک بار ہم حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے کہ ایک اعرابی نے آپ کو اپنے بلند آواز سے ندادی اور کہا یا محمد! حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنی بلند آواز میں فرمایا میں یہاں ہوں۔

میں نے اس اعرابی سے کہا افسوس ہے تم پر اپنی آواز پست کرو بیشک تم حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں ہو۔اور اس طرح اونچی آواز سے بولنا تیرے لئے ممنوع ہے۔

اس نے کہا اللہ کی قسم! میں آواز پست نہیں کرونگا۔

اعرابی نے (حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں) عرض کی

آدمیقوم سے محبت کرتا ہے حالانکہ وہ ابھی تک ان سے نہیں ملا (اس کے بارے میں آپ کا کیا ارشاد ہے؟)

حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں مزید ارشادات سے نوازتے رہے حتی کہ آپ نے مغرب کی جانب ایک دروازے کا ذکر کیا کہ اس کی چوڑائی چالیس یا ستر سال ہے یا یوں فرمایا وہ دروازہ اتنا بڑا ہے کہ اس کی چوڑائی میں سوار چالیس یا ستر سال چلتا رہے۔

حضرت سفیان جو حدیث راویوں میں سے ایک ہیں نے ارشاد فرمایا

یہ دروازہ شام کی جانب ہے اللہ تعالیٰ نے اس دروازے کو اس دن پیدا فرمایا جس نے اس نے سماوات وارض (آسمانوں وزمین) کو پیدا فرمایا یہ دروازہ توبہ کیلئے کھلا ہے یہ اس وقت تک بند نہ ہوگا جبتک کہ سورج اپنے ڈوبنے کی جگہ سے طلوع نہ ہوگا۔

Marfat.com

وَعَـنْ اَبِـى سَعِيـدٍ سَعْدِ بْنِ مالكِ بْنِ سِنَانِ الْخُدْرِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ نَبِـيَّ الـلّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : (( كَانَ فِيْمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْـعينَ نفْسًا ، فَسَالَ عَنْ اَعْلَمِ اَهْلِ الاَرْضِ فَدُلَّ عَلَى رَاهِبٍ ، فَاَتَاهُ فقال : اِنَّهُ قَتَـلَ تِسْـعَةً وَتِسْـعِينَ نَفْسًا ، فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ ؟ فقالَ : لا ، فَقَتَلَهُ فَكَمَّلَ بِهِ مِائَةً ، ثُـمَّ سَـاَلَ عَنْ اَعْلَمِ اَهْلِ الاَرْضِ ، فَدُلَّ عَلَى رَجُلٍ عَالِمٍ فَقَالَ : اِنَّهُ قَتَلَ مَائَةَ نَفْسٍ فَهَـلْ لَـهُ مِـنْ تَـوْبَةٍ ؟ فـقالَ : نَعَمْ وَمَنْ يَحُوْلُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ التَّوْبَة ؟ انْطَلِقْ اِلَى اَرْضِ كَـذَا و كَـذَا ، فَـاِنَّ بِهَا اَنَاسًا يَعْبُدُونَ اللّٰه تَعَالَى فَاعْبُدِ اللّٰه مَعَهُمْ ، وَلا تَرْجِعْ اِلَى اَرْضِكَ فَـاِنَّهَـا اَرْضُ سُـوءٍ، فـانْـطَـلَـقَ حَتَّـى اِذَا نَـصَفَ الـطَّرِيقَ اَتَاهُ المَوْتُ ، فـاخْتَـصَـمَـتْ فيـهِ مَـلا ئـكَةُ الـرَّحْـمَةِ وَمَـلا ئِكَةُ الْعَذَابِ .فَقَالَتْ مَلا ئكَةُ الـرّحْـمَةِ: جَـاءَ تَائِبًا مُقْبِلًا اِلَى اللّٰه تعالى ، وقالَتْ مَلا ئكَةُ الْعَذَابِ: اِنَّهُ لَمْ يَعْمَلْ خَيْـرًا قَـطُّ ، فَاَتَاهُمْ مَلَكٌ فِي صُورَةِ آدَمِيٍّ فَجَعَلُوهُ بَيْنَهُمْ – اَىْ حَكَمًا: فقالَ : قِيسُـوا مـا بَيْـنَ الاَرْضَيْـنِ فَاِلَى اَيَّتِهِمَا كَانَ اَدْنَى فَهُوَ لَهُ ، فَقَاسُوا فَوَجَدُوهُ اَدْنَى اِلى الاَرْضِ الَّتِي اَرَادَ، فَقَبَضَتْهُ مَلا ئِكَةُ الرَّحْمَةِ )).متفق عليه .

وفـى روايـة فـى الـصـحـيـح :((فَكَانَ اِلَى القَرْيَةِ الصَّالِحَةِ اَقْرَبَ بِشِبْرٍ،

marfat.com
Marfat.com

فَجُعِلَ مِنْ اَھْلِھَا )) وفی رِوایۃٍ فی الصَّحِیح :(( فَاَوْحٰی اللّٰہ تَعَالٰی اِلٰی ھٰذِہٖ اَنْ تَبَاعَدِی ، وَاِلٰی ھٰذِہٖ اَنْ تَقَرَّبِی ، وَقَالَ : قِیسُوا مَا بَیْنَھُمَا ، فَوَجَدُوہُ اِلٰی ھٰذِہٖ اَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَہٗ)). وَفِی روایۃ : (( فَنَاَی بِصَدْرِہٖ نَحْوھَا ))۔

حضرت ابوسعید سعد بن مالک بن سنان الخدری - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

تم سے پہلی امتوں میں سے ایک آدمی نے ننا وے آدمی قتل کر دیے اس نے روئے زمین کے سب سے بڑے عالم کے بارے میں پوچھا تو اسے ایک راہب کی طرف راہنمائی کی گئی۔ پس وہ اس راہب کے پاس آیا اس نے کہا کہ اس نے ننا وے آدمی قتل کیے ہیں کیا اس کی توبہ ہے؟

اس (راھب) نے جواب دیا نہیں تو اس نے اسے قتل کر دیا اور اس کے قتل پر اس نے سو کو مکمل کر دیا (یعنی ۱۰۰ آدمی کا قتل مکمل کر دیا) پھر اس نے روئے زمین کے سب سے بڑے عالم کے بارے میں استفسار کیا تو اسے ایک عالم آدمی کا پتا بتایا گیا تو اس نے کہا اس نے سو (۱۰۰) آدمی قتل کیا ہے کیا اس کی توبہ ہے؟ اس نے جواب دیا ہاں۔ کون ہے جو اس کے اور اس کی توبہ کے درمیان حائل ہو۔ فلاں فلاں علاقہ میں چلے جاؤ وہاں کچھ آدمی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں تم بھی ان کی معیت میں اللہ کی عبادت کرو پس اپنے اس علاقہ کی طرف واپس نہ آنا کیونکہ یہ برا علاقہ ہے۔ پس وہ روانہ ہوا جب اس نے نصف راستہ طے کر لیا تو اسے موت آ گئی پس اس کے بارے میں رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے جھگڑنے لگے۔

رحمت کے فرشتوں نے کہا یہ (نیکوں کی بستی کی طرف) توبہ کرتے ہوئے آیا ہے اللہ

Marfat.com

تعالیٰ کی جانب متوجہ ہوتے ہوئے اور عذاب کے فرشتوں نے کہا اس نے کوئی بھی نیکی نہیں کی ہے پس ان کے پاس ایک فرشتہ انسانی صورت میں آیا تو ان فرشتوں نے اسے اپنے درمیان حکم (فیصل) تسلیم کرلیا تو اس نے فیصلہ سنایا کہ دونوں زمینوں کے درمیان پیمائش کرو پس جس زمین کے قریب ہو تو یہ اسی کیلئے ہے پس انہوں نے پیمائش کی تو جس زمین کا ارادہ کر کے جا رہا تھا اس کے قریب نکلا پس اسے رحمت والے فرشتوں نے لے لیا۔

اور صحیح کی ایک روایت میں ہے۔

وہ قریہ صالحہ کی طرف ایک بالشت نزدیک تھا پس اسے قریہ صالحہ کے اہل سے کر دیا گیا

اور صحیح کی ایک اور روایت میں ہے

پس اللہ تعالیٰ نے اس زمین کو حکم دیا کہ دور ہو جا اور اس زمین کو حکم دیا کہ قریب ہو جا اور اسی فیصلہ کرنے والے فرشتہ نے کہا ان دونوں زمینوں کی پیمائش کرو تو اسے اس (قریہ صالحہ) کے ایک بالشت قریب پایا تو اس کی مغفرت کر دی گئی۔

ایک روایت میں ہے

پس وہ جانکنی کے عالم میں اپنے سینے کے بل قریہ صالحہ کی طرف گھسیٹا۔

marfat.com
Marfat.com

# حضرت کعب بن مالک کی توبہ

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہ بنِ کَعْبِ بنِ مَالکٍ ، وَکَانَ قَائِدَ کَعْبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مِن بَنِیہِ حِینَ عَمِیَ قَالَ : سَمِعْتُ کَعْبَ بنَ مَالکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یُحَدِّثُ بِحَدِیثِہِ حِینَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فی غَزْوَۃِ تبُوکَ .
قَالَ کَعْبٌ : لَمْ اَتَخَلَّف عَنْ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ، فِی غَزْوَۃٍ غَزاھَا قَطُّ اِلَّا فِی غَزْوَۃِ تبُوکَ ، غَیرَ اَنِّی قَدْ تَخَلَّفْتُ فِی غَزْوَۃِ بَدْرٍ ، وَلَمْ یُعَاتِبْ اَحدًا تَخَلَّفَ عَنْہُ، اِنَّمَا خَرَجَ رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ والمُسْلِمُونَ یُرِیدُونَ عِیرَ قُرَیْشٍ حَتّٰی جَمَعَ اللّٰہُ تَعَالَی بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ عَدُوِّھِمْ عَلَی غَیرِ مِیعَادٍ ، وَلَقَدْ شَھِدْتُ مَعَ رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لیلَۃَ العَقَبَۃِ حِینَ تَوَثَّقْنَا عَلَی الاسْلَامِ ، وَمَا اُحِبُّ اَنَّ لِی بِھَا مشْھَدَ بَدْرٍ ، وَاِنْ کَانَتْ بَدْرٌ اَذْکَرَ فی النَّاسِ مِنْھَا۔

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب حضرت کعب نابینا ہو گئے تھے تو یہ ان کے بیٹوں میں ان کے راہبر تھے۔

وہ فرماتے ہیں

میں نے سنا حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان فرماتے تھے اپنا وہ واقعہ جب یہ غزوہ تبوک میں حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گئے تھے۔

Marfat.com

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے جتنے بھی غزوات کئے تھے میں ان میں سے کسی سے بھی پیچھے نہ رہا سوائے غزوہ تبوک کے البتہ غزوہ بدر میں بھی میں پیچھے رہ گیا تھا۔ غزوہ بدر میں جو پیچھے رہ گئے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے کسی ایک پر بھی عتاب نہیں فرمایا کیونکہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم اور مسلمین قریش کے قافلہ کے تعاقب میں نکلے تھے حتی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اور ان کے دشمن کو بغیر اعلان قتال کے (ایک دوسرے کے مقابل) جمع فرمادیا اور میں لیلۃ العقبہ میں حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا جب ہم نے اسلام پر عہد و میثاق باندھا تھا۔ مجھے بدر کی حاضری سے اس رات کی حاضری زیادہ محبوب ہے اگر چہ غزوہ بدر کا لوگوں کے درمیان لیلۃ العقبہ سے زیادہ چرچا ہے۔

وَكَانَ مِنْ خَبَرِی حِينَ تَخَلَّفْتُ عَنْ رسولِ الله ،صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فِی غَزْوَةِ تَبُوكَ اَنِّی لَمْ اَكُنْ قَطُّ اَقْوَی وَلا اَيْسَرَ مِنِّی حِينَ تَخَلَّفْتُ عَنْهُ فِی تِلْكَ الْغَزْوَةِ، وَاللهِ ! مَا جَمَعْتُ قَبْلَهَا رَاحِلَتَيْنِ قَطُّ حَتّٰی جَمَعْتُهُمَا فِی تِلْكَ الْغَزْوَةِ ، وَلَمْ يَكُنْ رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يُرِيدُ غَزْوَةً،اِلَّا وَرَّی بِغَيْرِهَا حَتّٰی كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ ، فَغَزَاهَا رسول الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی حَرٍّ شَدِيدٍ ، وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيدًا وَمَفَازًا ، وَاسْتَقْبَلَ عَدُوًّا كَثِيرًا ، فَجَلّٰی لِلْمُسْلِمِينَ اَمْرَهُمْ لِيَتَاَهَّبُوا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِمُ الَّذِی يُرِيدُ ، وَالْمُسْلِمُونَ مَعَ رَسولِ الله صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرٌ وَلا يَجْمَعُهُمْ كِتَابُ حَافِظٍ -((يُرِيدُ بِذٰلِكَ الدِّيوَانَ ))۔

میں غزوہ تبوک میں حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ جانے کا واقعہ اس

marfat.com
Marfat.com

طرح ہے کہ میں اتنا زیادہ طاقت وہ اور اتنا زیادہ خوشحال کبھی نہ تھا جتنا اس وقت تھا جب میں اس غزوہ (تبوک) میں آپ سے پیچھے رہ گیا۔ اللہ کی قسم! میں نے کبھی بھی دو سواریاں اس سے پہلے جمع نہ کی تھیں حتی کہ میں نے اس غزوہ میں دو سواریاں جمع کر لی تھیں۔ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے جب بھی کسی غزوہ کا ارادہ فرمایا تو اس کے غیر کے ساتھ توریہ فرمایا حتی کہ یہ غزوہ ہوا۔ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے سخت گرمی میں یہ غزوہ فرمایا۔ آپ کو سفر اور جنگلات کا سامنا ہوا۔ اس لئے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پیش آنے والے تمام معاملات کو کھول کر بیان کر دیا۔ تاکہ وہ اس کے مطابق بھرپور تیاری کر لیں۔ پس جس سمت کا آپ نے ارادہ فرمایا تھا اس سے بھی مسلمین کو باخبر کر دیا اور مسلمین بھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کثیر تعداد میں تھے اور کوئی یادداشت کی کتاب ایسی نہ تھی جس میں ان کے قافلوں کا اندراج ہوتا اس سے مراد ان کے رجسٹر تھا۔

قَالَ کَعْبُ : فَقَلَّ رَجُلُ یُرِیدُ اَنْ یَتَغَیَّبَ اِلَّا ظَنَّ اَنَّ ذٰلِکَ سَیَخْفَی له مَالَمْ یَنْزِل فِیهِ وَحْیُ مِنَ اللّٰه تَعَالَی ، وَغَزَا رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تِلْکَ الْغَزْوَةَ حِینَ طَابَتِ الثِّمَارُ و الظِّلَالُ فَاَنَا اِلَیْهَا اَصْعَرُ فَتَجَهَّزَ رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُونَ مَعَهُ ، وَطَفِقْتُ اَغْدُو لِکَی اَتَجَهَّزَ مَعَهُ، فَارْجِعُ وَلَمْ اَقْضِ شَیْئًا ، وَاَقُولُ فِی نَفْسِی:اَنَا قَادِرُ عَلَی ذٰلِکَ اِذَا اَرَدْتُ ، فَلَمْ یَزَلْ یَتَمَادَی بِی حَتَّی اسْتَمَرَّ بِالنَّاسِ الْجِدُّ۔

حضرت کعب نے فرمایا:

بہت کم آدمی تھے جو چاہتے تھے کہ اس غزوہ سے غائب رہیں مگر ان کا گمان تھا ان کا

Marfat.com

غائب رہنا مخفی رہے گا تاوقتیکہ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل نہ ہو۔ اور حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے یہ غزوہ اس وقت فرمایا جب پھل پک چکے تھے اور ان کا سایہ عمدہ اور خوشگوار تھا اور میں انہیں پھلوں اور ٹھنڈے سایوں کی طرف میلان رکھتا ہوں۔ پس حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں مسلمین نے تیاری کر لی اور میں صبح کو آتا تا کہ آپ کی معیت میں تیاری کرلوں لیکن کسی فیصلہ کے بغیر واپس لوٹ جاتا اور اپنے جی میں کہتا میں اس (سفر) پر قادر ہوں جب بھی ارادہ کروں۔ میری یہی کیفیت و حالت رہی حتی کہ لوگ مسلسل تیاری میں رہے۔

فَاَصْبَحَ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَادِيًا وَالْمُسْلِمُونَ مَعَهُ، وَلَمْ اَقْضِ مِنْ جِهَازِي شَيْئًا ، ثُمَّ غَدَوْتُ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا ، فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ يَتَمَادَى بِي حَتّٰى اَسْرَعُوا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ . فَهَمَمْتُ اَنْ اَرْتَحِلَ فَاُدْرِكَهُمْ ، فَيَا لَيْتَنِي فَعَلْتُ ، ثُمَّ لَمْ يُقَدَّرْ ذٰلِكَ لِي ، فَكُنْتُ اِذَا خَرَجْتُ فِي النَّاسِ بَعْدَ خُرُوجِ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْزُنُنِي اَنِّي لَا اَرَى لِي اُسْوَةً ، اِلَّا رَجُلًا مَغْمُوصًا عَلَيْهِ فِي النِّفَاقِ ، اَوْ رَجُلًا مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ تَعَالَى مِنَ الضُّعَفَاءِ، وَلَمْ يَذْكُرْنِي رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغَ تَبُوكَ ، فَقَالَ وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْقَوْمِ بِتَبُوكَ : ((مَا فَعَلَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ؟ )). فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ : يَارسول اللّٰه ! حَبَسَهُ بُرْدَاهُ ، وَالنَّظَرُ فِي عِطْفَيْهِ. فَقَالَ لَهُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ : بِئْسَ مَا قُلْتَ ! وَاللّٰه ! يا رسولَ اللّٰه ! مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ اِلَّا خَيْرًا ، فَسَكَتَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

marfat.com
Marfat.com

ایک صبح حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم مسلمین کو لے کر روانہ ہو گئے۔ میں نے ابھی تیاری نہ کی تھی میں صبح کو پھر گیا اور لوٹ آیا اور میں کوئی فیصلہ نہ کر سکا میں یونہی سوچ و بچار کرتا رہا حتی کہ مجاہدین آگے بڑھ گئے اور جنگ شروع ہو گی۔ پس میں نے ارادہ کیا کہ سوچ کر جاؤں اور مجاہدین سے جاملوں کاش میں ایسا کر لیتا۔لیکن ہر چیز میرے مقدر میں نہ تھی۔ پس حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کے خروج کے بعد جب میں لوگوں میں نکلتا مجھے یہ بات غمگین کرتی کہ میں کوئی اسوہ ونمونہ نہ پاتا سوائے ایسے شخص کے جو نفاق کے داغ سے داغدار ہے یا ضعیف لوگوں میں سے اسے پاتا جن کو اللہ تعالیٰ نے معذور قرار دیا ہے۔

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے دوران سفر میرا ذکر تک نہ کیا حتیکہ آپ تبوک پہنچ گئے جب آپ تبوک میں مسلمان قوم کے درمیان بیٹھے تھے فرمایا:

کعب بن مالک کو کیا ہوا؟

نبی مسلہ کے ایک آدمی نے کہا یارسول اللہ اس کو اس کی دو چادروں اور اپنے دونوں پہلوؤں کو دیکھنے سے روک دیا ہے۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے اس آدمی سے فرمایا۔ تم نے بڑی بات کہی ہے۔ اللہ کی قسم! یارسول اللہ! ہم اس کے متعلق خیر کے سوا اور کچھ نہیں جانتے پس حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے۔

Marfat.com

وَعَنْ اَبِی نُجَیْد – بِضَمِّ النُّونِ وَفَتْحِ الجِیمِ –عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَیْنِ الْخُزَاعِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عنهما : اَنَّ امْرَاَۃً مِنْ جُھَیْنَۃَ اَتَتْ رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھِیَ حُبْلَی مِنَ الزِّنَی ، فَقَالَتْ: یَا رسول اللّٰہ !اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْہُ عَلَیَّ ، فَدَعَا نَبِیُّ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلِیَّھَا فقالَ : ((اَحْسِنْ اِلَیْھَا ، فَاِذَا وَضَعَتْ فَاْتِنِی)) فَفَعَلَ فَاَمَرَ بِھَا نَبِیُّ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ، فَشُدَّتْ عَلَیْھَا ثِیَابُھَا ، ثُمَّ اَمَرَ بِھَا فَرُجِمَتْ ، ثُمَّ صَلَّی عَلَیْھَا . فَقَالَ لَہُ عُمَرُ : تُصَلِّی عَلَیْھَا یَا رسولَ اللّٰہ ! وَقَدْزَنَتْ ؟ قَالَ:(( لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَۃً لَوْ قُسِمَتْ بَیْنَ سَبْعِینَ مِنْ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ لَوَسِعَتْھُمْ ، وَھَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِھَا لِلّٰہ عَزَّوجل ؟!))رواہ مسلم ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۳۵۵۰) | جلد ۵ | صفحہ ۴۴۰ |
| المسند احمد | رقم الحدیث (۱۹۷۴۷) | جلد ۱۵ | صفحہ ۵۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۴۴۰) | جلد ۴ | صفحہ ۳۸۱ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۳۵) | جلد ۲ | صفحہ ۴۰۰ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۳۵) | جلد ۲ | صفحہ ۱۲۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

# ترجمة الحديث:

حضرت ابونجید (بضم النون و فتح الجیم) عمران بن الحصین الخزاعی -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ جھینہ قبیلہ کی ایک عورت حضور رسول اللہ -صلّی اللہ علیہ وسلم- کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی۔ وہ ارتکاب جرم کے سبب حاملہ تھی۔ اس نے عرض کی یا رسول اللہ! مجھ سے جرم سرزد ہو گیا ہے جو حد کا تقاضا کرتا ہے اس لئے مجھ پر حد قائم کیجئے۔ حضور نبی کریم -صلّی اللہ علیہ وسلم- نے اس کے ولی کو بلایا؟ اس کے ساتھ حسن سلوک سے برتاؤ کرو جب بچہ جنے تو میرے پاس لے آنا۔ تو اس ولی نے ایسا ہی کیا تو حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تو اس کے کپڑے اس پر مضبوطی سے باندھ دیے گئے، پھر آپ نے حکم فرمایا تو اسے رجم کر دیا گیا پھر حضور نے اس پر صلاۃ جنازہ ادا فرمائی تو حضرت عمر نے عرض کی یا رسول اللہ اس نے اتنا بڑا جرم کیا پھر بھی آپ اس کی صلاۃ جنازہ ادا کرتے ہیں۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! اس عورت نے ایسی خالص توبہ کی ہے کہ اگر شہر کے ستر آدمیوں پر تقسیم کر دیا جائے تو انہیں کافی ہوگی۔ کیا اس سے بھی بہتر کوئی بات ہے کہ اس نے اللہ کو راضی کرنے کیلئے اپنی جان پیش کر دی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (مختصر) | رقم الحدیث (۲۵۵۵) | جلد ۴ | صفحہ ۱۶۹ |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۰۸۵) | جلد ۲ | صفحہ ۳۲۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ارواالغلیل | رقم الحدیث (۲۳۳۳) | جلد ۷ | صفحہ ۳۶۶ |
| المسند احمد | رقم الحدیث (۱۹۷۸۹) | جلد ۱۵ | صفحہ ۲۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰه عَنْهُمْ اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :(( لَوْ اَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ اَحَبَّ اَنْ يَكُونَ لَهُ وَادِيَانِ ، وَلَنْ يَمْلَأَ فَاهُ اِلَّا التُّرَابُ ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ )). متفق عليه ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہم- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر فرزند آدم کی سونے کی ایک وادی ہو تو وہ خواہش کرے گا کہ اس کی سونے کی دو وادیاں ہوں اس کے منہ کو چیز نہیں بھرے گی مگر (قبر کی) مٹی اور جو اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

وَعَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ((یَضْحَکُ اللّٰه سُبْحَانَهُ وَتَعَالَی اِلَی رَجُلَیْنِ یَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الآخَرَ یَدْخُلان الْجَنَّةَ ، یُقَاتِلُ هٰذا فِی سَبِیلِ اللّٰه فَیُقْتَلُ ، ثُمَّ یَتُوبُ اللّٰهُ عَلَی الْقَاتِلِ فَیُسْلِمُ فَیُسْتَشْهَدُ )). متفق علیه ۔

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ۔رضی اللہ عنہ۔ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اللہ سبحانہ وتعالیٰ مسکراتا ہے ان دو آدمیوں کے بارے میں کہ ان میں سے ایک دوسرے کو قتل کرتا ہے پھر وہ دونوں جنت میں داخل ہوتے ہیں۔ یہ فی سبیل اللہ جہاد کرتا ہے تو شہید ہوجاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ قاتل کی توبہ قبول فرماتا ہے وہ اسلام لاتا ہے پھر وہ شیہد ہوجاتا ہے

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :

لَوْ اَخْطَأْتُمْ حَتّٰی تَبْلُغَ السَّمَاءَ ثُمَّ تُبْتُمْ ؛ لَتَابَ اللّٰهُ عَلَیْكُمْ۔

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اگر تم گناہ کرو حتی کہ وہ آسمان تک پہنچ جائیں پھر تم توبہ کرو تو اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول فرمائے گا۔

---

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۱۳۸) جلد ۳ صفحہ ۲۱۶

قال المحقق: حسن صحیح

marfat.com

Marfat.com

عَنْ اَنَسٍ –رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ –اَنَّ النَّبِیَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ :
کُلُّ ابْنِ آدَمَ خَطّاء'' وَخَیْرُ الخَطَّا ئین التَّوابُوْنَ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت انس- رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا:

ہرفرزند آدم خطا کار ہےاورخطا کاروں میں سب سے بہترتوبہ کرنے والے ہیں۔

---

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث(۳۱۳۹) جلد۳ صفحہ۲۱۶
قال المحقق: حسن

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

اِنَّ عَبْداً اَصَابَ ذَنْباً فَقَالَ : یَا رَبِّ اِنِّیْ اَذْنَبْتُ ذَنْباً فَاغْفِرْلِیْ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ عَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ وَیَاْخُذُبِهٖ، فَغَفَرلَهٗ ، ثُمَّ مَکَثَ مَاشَاء اللّٰهُ ثُمَّ اَصَابَ ذَنْباً آخَرَ ، وَرُبَّمَا قَالَ ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًاآخَرَ ، فَقَالَ یَا رَبِّ ! اِنِّیْ اَذْنَبْتُ ذَنْباً فَاغْفِرْلِیْ ، قَالَ لَهٗ رَبُّهٗ : عَلِمَ اَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ وَیَاْخُذُبِهٖ فَغَفَرَلَهٗ ثُمَّ مَکَثَ مَاشَاءَ اللّٰهُ ، ثُمَّ اَصَابَ ذَنْبًا آخَرَ وَرُبَّمَا قَالَ ثُمَّ اَذْنَبَ ذَنْبًا آخَرَ فَقَالَ یَا رَبِّ ! اِنِّیْ اَذْنَبْتُ ذَنْبًا فَاغْفِرْلِیْ . فَقَالَ رَبُّهٗ:عَلِمَ عَبْدِیْ اَنَّ لَهٗ رَبًّا یَغْفِرُ الذَّنْبَ وَیَاْخُذُبِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ، فَلْیَعْمَلْ مَاشَاءَ ۔

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سنا حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرما رہے تھے:

---

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۱۴۰) جلد۳ صفحہ۲۱۷
قال المحقق: صحیح

marfat.com
Marfat.com

بیشک ایک بندے نے گناہ کا ارتکاب کیا تو اس نے کہا

اے میرے ربّ! میں نے گناہ کرلیا ہے پس تو میری مغفرت فرما دے تو اللہ تعالیٰ نے اس سے متعلق ارشاد فرمایا:

میرے بندے کو معلوم ہے کہ اس کا کوئی رب ہے جو معاف بھی فرماتا ہے اور مواخذہ بھی فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرمادی پھر وہ جتنا اللہ نے چاہا ارتکاب گناہ سے رکا رہا پھر اس نے ایک اور گناہ کرلیا تو اس نے (پھر) عرض کی

اے میرے ربّ! میں ایک اور گناہ کا ارتکاب کر چکا ہوں مغفرت فرما دے

تو رب تعالیٰ نے فرمایا

میرے بندے کو علم ہے کہ اس کا ایک ربّ ہے (چاہے تو) وہ سزا دیتا ہے اور (چاہے تو) وہ معاف فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے معاف فرمادیا۔

پھر وہ ارتکاب گناہ سے رکا رہا جتنا اللہ نے چاہا پھر اس نے ایک اور گناہ کرلیا تو اس نے عرض کی

اے میرے ربّ! میں ایک اور گناہ کا مرتکب ہو چکا ہوں مجھے معاف فرما دے تو اس کے ربّ کے ارشاد فرمایا

میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا ربّ جو معاف بھی فرماتا ہے اور سزا بھی دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا

میں نے اپنے بندے کو معاف کردیا اب اس کا جو جی چاہے کرے۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ– قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ :

اِنَّ الْمُوْمِنَ اِذَا اَذْنَبَ ذَنْبًا کَانَتْ نُکْتَة" سَوْدَاءُ فِیْ قَلْبِهٖ، فَاِنْ تَابَ وَنَزَعَ وَاسْتَغْفَرَ صُقِلَ مِنْهَا وَاِنْ زَادَ زَادَتْ حَتّٰی یُغَلَّفَ قَلْبُهٗ فَذٰلِکَ الرَّانُ الَّذِیْ ذَکَرَ اللّٰهِ فِیْ کِتَابِهٖ "کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

بیشک مومن جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نکتہ آ جاتا ہے پس اگر وہ توبہ کرے گناہ کو ترک کر دے اور استغفار کرے تو اس نکتہ کو اس کے دل سے صاف کر دیا جاتا ہے اگر وہ گناہ میں زیادتی کرے تو یہ نکتہ بھی بڑھا دیا جاتا ہے یہانتک کہ اس کے دل پر چھا جاتا ہے یہی وہ ''الران'' ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر فرمایا ہے ''کَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ''۔

---

صحیح الترغیب والترہیب رقم الحدیث (۳۱۴۱) جلد ۳ صفحہ ۲۱۷

marfat.com
Marfat.com

ایک اور روایت کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

**اِن العبد اذا اخطأ خطیئة ینکت فی قلبه نکتة فان هو نزع و استغفر وتاب صقلت فان عادزجو فیها حتی تعلو قلبه ۔**

بیشک بندہ جب کسی خطا کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کے دل میں نکتہ لگا دیا جاتا ہے پس اگر وہ اس گناہ کو چھوڑ دے اور استغفار کرے اور توبہ کرے تو وہ نکتہ اس کے دل سے صاف کر دیا جاتا ہے اگر وہ دوبارہ گناہ کا ارتکاب کرے تو نکتہ بڑھا دیا جاتا ہے (یہ نکتے ارتکاب گناہ سے بڑھتے جاتے ہیں) حتی کہ اس کے دل پر چھا جاتے ہیں۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

قَالَتْ قُرَيْش" لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُ لَنَا رَبَّکَ يَجْعَلُ لَنَا الصَّفَاذَهَبًا فَاِنْ اَصْبَحَ ذَهَبًا اتَّبَعْنَاکَ ، فَدَعَا رَبَّهُ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ اِنَّ رَبَّکَ يُقْرِئُکَ السَّلَامُ وَيَقُوْلُ لَکَ : اِنْ شِئْتَ اَصْبَحَ لَهُمُ الصَّفَا ذَهَبًا فَمَنْ کَفَرَ مِنْهُمْ عَذَّبْتُهُ عَذَاباً لَا اُعَذِّبُهُ مِنَ الْعَالَمِيْنَ وَاِنْ شِئْتَ فَتَحْتُ لَهُمْ بَابَ التَّوْبَةِ الرَّحْمَةِ۔قَالَ بَلْ بَابُ التَّوْبَةِ وَالرَّحْمَةِ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح الترغیب والترھیب | رقم الحدیث(۳۱۴۲) | جلد۳ | صفحہ۲۱۸ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| نظرۃ النعیم | | | صفحہ۱۲۹۲ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث(۳۲۷۸) | جلد۳ | صفحہ۴۰ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ | | |
| مسند احمد | رقم الحدیث(۳۲۲۳) | جلد۳ | صفحہ۳۸۰ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند احمد | رقم الحدیث(۲۱۶۶) | جلد۲ | صفحہ۵۵۱ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث(۱۲۷۳۶) | جلد۱۲ | صفحہ۱۵۲ |

marfat.com
Marfat.com

# ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن عباس -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا

قریش نے حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم سے کہا ہمارے لئے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ صفا پہاڑی کو ہمارے لئے سونا دے اگر پہاڑی سونا بن جائے گی تو ہم آپ کی اتباع کرلیں گے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب سے دعا کی تو جبریل امین علیہ السلام آپ کے پاس آئے تو عرض کی

بیشک آپ کا رب آپ کو سلام فرماتا ہے اور یہ فرماتا ہے

اگر آپ چاہتے ہیں تو ان کیلئے صفا پہاڑی سونا بن جاتی ہے پھر ان میں سے جس کفر کیا تو میں اسے ایسا عذاب دونگا کہ کائنات میں ایسے عذاب کسی کو نہ دونگا اور اگر آپ چاہتے ہیں تو ان کیلئے بَابُ التَّوْبَةِ وَالرَّحْمَةِ (رحمت وتوبہ کا دروازہ) کھول دیتا ہے۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے عرض کی

بلکہ رحمت وتوبہ کا دروازہ کھول دے۔

Marfat.com

عَنْ مَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰه ! اَوْصِنِی قَالَ:

عَلَیْکَ بِتَقْوَی اللّٰهِ مَا اسْتَطَعْتَ ، وَاذْکُرِ اللّٰهَ عِنْدَ کُلِّ حَجَرٍوَشَجَرٍ وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوْءٍ فَأَحْدِثْ لَهُ تَوْبَةً ، وَالسِّرُّبالسِّرِّ وَالْعَلَانِیَةُ بِالْعَلَانِیَةِ۔

## ترجمة الحديث:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا

میں نے عرض کی یارسول اللہ! مجھے کوئی وصیت فرمائے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

جتنی تم استطاعت رکھتے ہو اللہ کے تقوی کو لازم پکڑ واور یہ حجر وشجر کے پاس اللہ کو یاد کرو اور جوتم کوئی غلطی کرلو تو اس کی توبہ کرو پوشیدہ کی پوشیدہ اور علانیہ کی علانیہ۔

---

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۱۴۴) جلد۳ صفحہ۲۱۹

قال المحقق: حسن لغیرہ

marfat.com
Marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ :

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَاذَنْبَ لَہٗ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت عبداللہ بن مسعود – رضی اللہ عنہ – سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

گناہ سے توبہ کرنے والا ایسے ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔

---

الترغیب والترھیب　　رقم الحدیث (۳۱۴۵)　　جلد ۳　　صفحہ ۲۱۹

Marfat.com

عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ -وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

اَلنَّدْمُ تَوْبَةٌ" ؟ قَالَ نَعَمْ ۔

## ترجمة الحديث:

جناب حمید الطّویل فرماتے ہیں میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے عرض کی

کیا حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے

اَلنَّدْمُ تَوْبَةٌ" شرمساری توبہ ہے

تو آپ نے فرمایا ہاں۔

---

صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۱۴۶) جلد ۳ صفحہ ۲۱۹

marfat.com
Marfat.com

# مجلس میں اٹھنے سے پہلے استغفار سے گناہ معاف

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَلَسَ فَکَثُرَ فِیْهِ لَغَطُهٗ فَقَالَ قَبْلَ اَنْ یَقُوْمَ مِنْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِکَ سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ اِلَّا غُفِرَلَهٗ مَا کَانَ فِیْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِکَ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۴۳۴) | جلد۵ | صفحہ۴۷۳ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۴۳۳) | جلد۳ | صفحہ۴۴۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۴۳۳) | جلد۲ | صفحہ۷۵۲ |
| قال الالبانی: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۸۵۹) | جلد۲ | صفحہ۶۸۱ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۸۵۹) | جلد۲ | صفحہ۱۹۴ |
| قال الالبانی: | حسن صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۹۴) | جلد۲ | صفحہ۳۵۴ |
| قال شعیب الارنؤوط: | رجالہ ثقات | | |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۱۳۴۰) | جلد۵ | صفحہ۱۳۵ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۴۴۴۵) | جلد۴ | صفحہ۲۸۷ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرۃ-رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی کسی مجلس میں بیٹھا اور اس میں بکثرت لغو باتیں سرزد ہوئیں تو اس آدمی نے اس مجلس کے اٹھنے سے پہلے یہ کہا

**سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَيْکَ** تو اس مجلس میں جو بھی لغو باتیں ہوئیں انہیں معاف کر دیا جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الاوسط للطبرانی | رقم الحدیث (۷۷) | جلد ۱ | صفحہ ۳۵ |
| المعجم الاوسط للطبرانی | رقم الحدیث (۶۵۸۴) | جلد ۵ | صفحہ ۶۲ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۹۶۹) | جلد ۲ | صفحہ ۷۴۹ |
| قال الحاکم: | ھذا الاسناد صحیح علی شرط مسلم | | |
| اتحاف سادۃ المتقین | | جلد ۶ | صفحہ ۲۴۸ |
| الاذکار | رقم الحدیث (۷۵۸) | | صفحہ ۴۶۸ |
| صحیح اذکار | رقم الحدیث (۳۶۵) | | صفحہ ۳۲۳ |
| زاد المعاد | | جلد ۲ | صفحہ ۴۶۷ |
| عمل الیوم اللیلۃ النسائی | رقم الحدیث (۳۹۷) | | صفحہ ۳۰۸ |

marfat.com
Marfat.com

# زہد

Marfat.com

# زاہد اللہ کا محبوب ہے

عَنْ اَبِی الْعَبَّاسِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:

اِزْهَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبُّکَ اللّٰهُ وَازْهَدْ فِیْمَا عِنْدَ النَّاسِ یُحِبُّکَ النَّاسُ۔

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوالعباس سہل بعد سعد الساعدی - رضی اللہ عنہ - نے فرمایا:

ایک آدمی حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دنیا میں زھد اختیار کرو اللہ تم سے محبت فرمائے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے زھد اختیار کرو لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔

سنن ابن ماجہ

قال المحقق: حدیث حسن

صحیح الجامع الصغیر رقم الحدیث (۹۲۲) جلد صفحہ

الاحادیث الصحیحہ رقم الحدیث (۹۴۴) جلد صفحہ

Marfat.com

زھد سے اللہ تعالیٰ کی محبت کو جیتا جاتا ہے۔اللہ وحدہ لاشریک زاھد سے محبت کرتا ہے جوفرد بشر اس دنیا میں رہتے ہوئے متاعِ دنیا سے محبت نہ کرے اور نہ اسے جمع کرنے کی سعی کرے بلکہ وہ ایسا بے رغبت ہو کہ جوبھی اس کے پاس آئے اور وہ اس کی ضرورت وحاجت سے زائد ہو اسے اللہ کی راہ میں اللہ کی رضا کیلئے خرچ کردے ایسا آدمی اس قابل ہے کہ خالق ومالک اس پر کرم فرمائے کیونکہ یہ دنیا ہے ہی ایسی چیز کہ دل خود بخود اس کی طرف مائل ہو جاتا ہے اسے جمع کرنے کی تڑپ پیدا ہوتی ہے اور اسے متاع سمجھ کر اکٹھا کیا جاتا ہے۔

یاد رہے یہ دنیا فانی ہے اہل ایمان اس سے بے رغبتی برتا کرتے ہیں اور اس بے رغبتی کے باعث وہ اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرلیا کرتے ہیں اور جو شخص زھد اختیار کر کے اللہ وحدہ لا شریک کا محبوب بن جائے اسے اور کیا چاہیے۔

marfat.com
Marfat.com

عَـنْ سَهْـلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ -رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ- قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

لَـوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَـةٍ ، مَاسَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ۔

## ترجمة الحديث :

حضرت سہل بن سعد الساعدی - رضی اللہ عنہ - سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر اللہ تعالیٰ کے ہاں دنیا مچھر کے پر کے برابر بھی حیثیت رکھتی تو اللہ تعالیٰ اس دنیا سے کسی کافر کو پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔

مچھر ایک معمولی سا اڑتا ہوا جانور ہے۔ جو اکثر غلاظت پر بیٹھتا ہے اور اس کی پیدائش اور نشو ونما اسی غلاظت پر ہوتی ہے۔ یہ انسانی جسم کو کاٹتا ہے اس کے کاٹنے سے انسان درد محسوس کرتا ہے یہ انسانی خون چوستا ہے اس کے خون چوسنے سے تکلیف ہوتی ہے انسان بے آرام

---

سنن الترمذی رقم الحدیث (۱۸۸۹) جلد صفحہ

Marfat.com

ہوتا ہے اور سویا ہوا اس کے حملہ سے بیدار ہو جاتا ہے۔ پھر اسے تکلیف کی وجہ سے نیند نہیں آتی۔ انسان اس کے حملہ سے بچاؤ کیلئے مختلف طریقے اختیار کرتا ہے اور اسے ناپسند کرتا ہے۔ ظاہری طور پر اس جانور میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی۔

جب یہ مچھر ایسا ہے کہ انسان اس سے بچاؤ کی تدبیر کرتا ہے تو انسان کے ہاں اس کی کوئی قدر و منزلت نہیں پھر اس مچھر کا پر جو بالکل بے قیمت ہے معلوم ہوتا ہے اور اسے حقیر سمجھا جاتا ہے۔ اللہ وحدہ لاشریک کے ہاں یہ دنیا اور متاع دنیا کی اتنی بھی قدر و منزلت نہیں جتنی ایک مچھر کے پر کی ہوتی ہے۔

اللہ کے ہاں اس دنیا کی وہ قیمت بھی نہیں جو ایک مچھر کے پر کی قیمت ہوا کرتی ہے۔ جب اللہ ذوالجلال والاکرام کے نزدیک دنیا اتنی بے قیمت اور حقیر چیز ہے تو ایک مومن کو اس دنیا کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھنا چاہیے۔ بلکہ اپنا دامن اس دنیا کی آلائشوں سے بچا کر رکھنا چاہیے کیونکہ حقیر چیز سے رغبت مومن کے شایاں شان نہیں بلکہ وہ ہر گھڑی اور ہر لمحہ خالق و مالک کی رضا چاہتا ہے اور اس کی خوشنودی کے حصول کے لئے ہر وقت مستعدر رہتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ:

اگر یہ دنیا مچھر کے پر کے برابر اللہ کی ہاں قدر و منزلت والی ہوتی تو اللہ ذوالجلال اس دنیا سے کسی کافر کو پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ دیتا۔

اہل ایمان بسا اوقات کفار کے پاس مال و دولت دیکھ کر پریشان ہو جاتے ہیں دولت کی ریل پیل دیکھ کر اور اپنی حالت دیکھ کر افسردہ ہو جاتے ہیں۔

اے بندہ مومن! حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ذہن میں رہے کہ یہ

marfat.com
Marfat.com

دنیا جب اس کی اللہ کے ہاں کوئی قدر ومنزلت نہیں تو پھر اس کے حصول میں اتنی تگ ودو مناسب نہیں ہے جب ہمارے خالق ومالک کو اس سے محبت نہیں تو ہمیں بھی اس سے محبت نہیں ہوتی چاہیے۔

Marfat.com

عَنْ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا – عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ :

قُمْتُ عَلٰی بَابِ الْجَنَّۃِ ،فَکَانَ عَامَّۃَ مَنْ دَخَلھا الْمَسَاکِیْنُ وَاصحابُ الجدِّ مُحْبُوسُوْنَ وَغَیْرَ اَنَّ اَصْحَابَ النَّارِ قَدْاُمِرَبِھِمْ اِلَی النَّارِ۔

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تو اس جنت میں عام داخل ہونے والے مساکین تھے اور اصحاب ثروت محبوس تھے اور سوائے اس کے کہ اہل نار کو نار کی طرف سے جانے کا حکم دیا جاچکا تھا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۱۹۶) | جلد | صفحہ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۵۴۷) | جلد | صفحہ |

marfat.com
Marfat.com

اللہ رب العزت نے حضور سیّد العالمین رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کو اپنا محبوب بنایا ہے اور اپنے محبوب صلّی اللہ علیہ وسلم کو وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو مخلوق کے تصور و خیال سے بھی وراء ہے اس حدیث پاک میں ملاحظہ کیجئے:

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم جنت کے دروازے پر کھڑے ہیں۔ اور جنتیوں کو جنت جاتے دیکھ رہے ہیں۔ سبحان اللہ! جنت میں داخلہ قیامت کے بعد ہے لیکن نگاہِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کا اعجاز ملاحظہ ہو کہ آپ چودہ صدیاں پہلے وہ نظارہ کر گئے ہیں۔ جو نگاہ پاک قیامت کے بعد والے منظر کو دیکھ لے اس نگاہ سے ہمارے اعمال کیسے مخفی رہ سکتے ہیں۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے یہاں بھی دیکھا کہ

مساکین سب سے پہلے جنت جا رہے ہیں۔ جن احباب کے کے پاس متاعِ دنیا نہ تھا بلکہ وہ اس متاع سے بے رغبت تھے اللہ ذوالجلال انہیں جنت میں بھی پہلے پہنچائے گا۔ جنت میں پہلے پہنچنا بھی ایک سعادت ہے اور یہ انہیں ہی نصیب ہے جن کا دامن دنیا کی الائشوں سے منزہ رہا اور جب وہ اس جہاں سے رخصت ہوئے تو ان کے پاس وسیع جائیداد نہ تھی نہ دولت کے انبار تھے بلکہ ان کے ہاں اللہ کی یاد کا سامان تھا اور ذکر الٰہی کی لذت سے شادکام ہو کر رخصت ہوئے۔

Marfat.com

عن عبد اللّٰہ بن سعود – رضی اللّٰہ عنہ – قال :

نام رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلم علی حَصِیْرٍ فقام وقد اثر فی جنبہ قلنا یا رسول اللّٰہ ! لو اتخذ نالک وطاء! فقال:

مالی وللدنیا ؟ ما انا فی الدنیا الاکراکب استظل تحت شجرۃ ثم راح وترکھا۔

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشادفرمایا:

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ایک چٹائی پر سو گئے پھر آپ اٹھے تو (سخت) چٹائی نے آپ کے پہلو میں اپنے نشانات چھوڑے تھے

ہم نے عرض کی یارسول اللہ! کاش کہ ہم اپنے کیلئے نرم گدّا کا انتظام کردیتے تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میرا اس دنیا سے کیا سروکار؟ میں دنیا میں ایسے ہوں جیسے ایک سوار نے ایک درخت کے سایہ میں کچھ دیر آرام کیا پھر اسے چھوڑ کر چلا گیا۔

صحیح سنن الترمذی رقم الحدیث (۱۹۳۶) جلد صفحہ

marfat.com
Marfat.com

باعثِ تخلیق آدم و نبی آدم حضور سیّد العالمین صلّی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری زندگی کا انداز ملاحظہ ہو بڑی سادگی سے دن گزارتے تھے آپ کے ظاہری سج دھج ظاہری نام ونمود نام کی کوئی چیز نہ تھی بلکہ آپ کو ہر قول و ہر فعل امت کی بھلائی کیلئے تھا آپ کے جملہ اقوال وفرامین آپ کے تمام اعمال امت کیلئے نمونہ تھے۔

زیر نظر حدیث پاک پر نظر ڈالئے

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم چٹائی پر سوتے ہیں چٹائی کھجور کے سخت پتوں کی بنی ہوئی وہ اپنا اثر جسم پر چھوڑ جاتی ہے۔ ان نشانات کو دیکھ کر حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ بے قرار ہو جاتے اوران سے اضطراب عیاں ہو جاتا سیّد آدم و بنی و آدم صلّی اللہ علیہ وسلم کا یہ انداز زندگی اللہ اکبر! یہ وہ ذاتِ اقدس واطہر ہے کہ اگر آپ چاہیں تو پہاڑ سونا بن کر ساتھ چلیں، اگر آپ اشارہ فرمائیں تو چاند شق ہو جائے، پتھر کلمہ پڑھیں درخت سلامی کیلئے بے قرار ہوں لیکن ادھر اتنی سادگی کہ اس نرم ونازک جسم پر نشانات پڑ جائیں۔ دنیا کے بادشاہ تو ریشم وکمخواب کے نرم وگداز بستروں پر آرام فرمائیں اور اللہ کے حبیب سخت چٹائی پر۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم اس صحابی کے جواب میں فرماتے ہیں:

میرا اس دنیا سے کیا سروکار؟ میری مثال تو ایسے ہے جیسے کوئی مسافر آیا کسی درخت کے نیچے چند گھڑی آرام کیا پھر اپنے سفر کی طرف رواں دواں ہو گیا۔

جو مسافر ہے وہ آرام دہ اور نرم وگداز بستروں پر آرام نہیں کرتا اور نہ عالی شان بنگلوں میں رہتا ہے وہ تو چند گھڑی رکا ہے پھر کوچ کر جائے گا۔ جس ذاتِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلم کے لئے کائنات کو وجود بخشا گیا ان کی یہ حالت ہے تو باقی افراد کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے۔ اس

Marfat.com

حدیثِ پاک میں ہمارے لئے سامان نصیحت ہے ہمیں اپنے اعمال درست کرنے چاہیں اور طرز زندگی سادگی سے اپنانا چاہیے لمبے چوڑے تکلفات کو چھوڑ کر اللہ کی رضا کیلئے طرز معاشرت اختیار کرنا چاہیے۔

marfat.com
Marfat.com

عن کعب بن مالک – رضی اللہ عنہ – قال : قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم

ماذئبان جائعان ارسلافی غنم – بافسد لھا من حرص المرء علی المال والشرف لِدِیْنِہٖ.

## ترجمۃ الحدیث :

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دو بھوکے بھیڑے جو بکریوں کے ریوڑ پر چھوڑے جائیں اتنا فساد نہیں پھیلاتے جتنا مال و جاہ کی حرص آدمی کا دین برباد کرتی ہے۔

بھیڑیا خونخوار درندہ ہے اس کی سرشت میں خونخواری ہے یہ سادہ بھیڑوں پر حملہ کرتا ہے اور جو بھی اس کے قابو میں آئے اسے چیر پھاڑ جاتا ہے یہ بکریوں پر اچانک حملہ آور ہوتا ہے اور

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۳۹) | جلد | صفحہ |
| مسند احمد | رقم الحدیث () | جلد ۳ | صفحہ ۴۵۶ |

Marfat.com

جہاں اس کا بس چلے اس بکری کو دبوچ لیتا ہے اپنے نوکیلے دانت اس کے گلے میں پیوست کر کے اس کا خون پی جاتا ہے۔

بھیڑیے ہوں اور ہوں بھی بھوکے انہیں اگر کسی بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑا جائے تو وہ کتنا فساد پھیلائیں گے ان کے سامنے جو بھی بکری آئے گی وہ محفوظ نہیں رہے گی یہ کسی کو زخمی کریں گے تو کسی بکری کو چیر پھاڑ کر ختم کر دیں گے۔ یہ ایک ریوڑ کو آفت زدہ کریں گے۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی کتنا فکر انگیز ہے مال کی لالچ اور مرتبہ و جاہ کی حرص انسان کے دین کو ان بھیڑیوں سے بھی زیادہ نقصان پہنچاتی ہے ایک مومن و مسلم حرص و لالچ سے کوسوں دور ہوتا ہے وہ حرص جیسی قبیح بیماری میں مبتلا نہیں ہوتا کیونکہ اسے معلوم ہے یہ اسکا دین وایمان برباد کر دے گی اور جو چیز مومن کے دین وایمان کو برباد کرنے والی ہو مومن اس کے نزدیک نہیں جاتا ہے۔ سب سے قیمتی چیز مومن کا ایمان ہے اور جو چیز ایمان کے لئے خطرہ ہو مومن اس سے ہر وقت ہوشیار رہتا ہے۔

آیئے متاعِ دنیا سے محبت چھوڑ دیں اس کی حرص کو خیر باد کہہ کر اپنے ایمان ویقین کی دولت کو محفوظ کرلیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ حرص ولالچ ایمان کی نعمت کو برباد کرے۔ **العیاذ باللہ من ذالک ۔**

marfat.com
Marfat.com

# رمضان المبارک

Marfat.com

# رمضان المبارک میں ہر روز رحمتِ الٰہی

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ ، اِنَّ لِلّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عُتَقَاءَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ - یَعْنِیْ فِیْ رَمَضَانَ - وَاِنَّ لِکُلِّ مُسْلِمٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ دَعْوَۃً مُسْتَجَابَۃً.

| | | | |
|---|---|---|---|
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۴۷۳) | جلد۲ | صفحہ۳۳ |
| صحیح الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۰۰۲) | جلد۱ | صفحہ۵۸۶ |
| قال الالبانی: | صحیح لغیرہ | | |
| مجمع الزوائد منبع الفوائد | رقم الحدیث (۴۷۹۳) | جلد۳ | صفحہ۳۴۶ |
| مسند البزار (عن جابر) | رقم الحدیث (۲۱۴۱) | جلد۲ | صفحہ۴۲۶ |
| مجمع الزوائد منبع الفوائد | رقم الحدیث (۱۷۲۱۴) | جلد۱۰ | صفحہ۲۲۵ |
| مجمع الزوئد منبع الفوائد | رقم الحدیث (۱۷۶۳۳) | جلد۱۰ | صفحہ۳۶۴ |
| قال الھیثمی: | رواہ احمد رجالہ رجال الصحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۴۴۳) | جلد۷ | صفحہ۲۵۰ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) مختصراً | رقم الحدیث (۱۶۴۳) | جلد۲ | صفحہ۳۰۸ |
| قال المحقق: | حسن صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۱۶۴۳) | جلد۳ | صفحہ۱۴۷ |
| قال المحقق: | ھذا اسنادہ حسن | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابو سعید خدری -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کے ہر دن اور ہر رات اپنے بندے جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور ہر مسلم کی ہر روز اور ہر رات دعا قبول ہوتی ہے۔

تشریح:

**عُتَقَاءَ :**

رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا انداز ملاحظہ ہو اس کی کرم نوازیاں، اس کی عنایات موسلا دھار بارش کی طرح نازل ہوتی ہیں۔ یہ عنایات خسروانہ جب مائل کرم ہوتی ہیں تو ہوتی چلی جاتی ہیں۔ جو بھی دل و جان سے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوا اسے مالا مال کر دیا جاتا ہے۔ اسے اتنا دیا جاتا ہے کہ اسے آتش دوزخ سے رہائی مل جاتی ہے۔ جہنم کے بھڑکتے ہوئے شعلے اس کے لئے سرد ہو جاتے ہیں۔

**فمن زحزح عن النار وادخل الجنة فقد نار.**

جسے آگ سے دور کر دیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا تو حقیقی کامیاب وہی ہے۔

یہ نارِ جہنم سے رہائی دن یا دو دن کی بات نہیں بلکہ رحیم و کریم اللہ رمضان المبارک کے ہر دن اور رات میں آزادی عطا فرماتا ہے۔

---

صحیح ابن ماجہ رقم الحدیث (۱۶۶۶) جلد ۲ صفحہ ۵۸

قال الالبانی: صحیح

marfat.com

Marfat.com

اے اھل ایمان آیئے! اللہ کریم کی اس عنایات کریمانہ سے اپنے آپ کو سرفراز کریں۔اس کا دریائے کرم موجیں مارتا ہے اس سے اپنے دل کی کھیتی کو سیراب کریں۔

کوئی گھڑی اور کوئی لمحہ تو ایسا نکالیں اور پھر گوشہ تنہائی میں اس رحیم وکریم اللہ کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کریں۔یاد رہے خوف خدا سے نکلنے والا آنسو الٰہی بارگاہ میں بڑا قیمتی ہے۔اور اس آنسو کے طفیل وہ سب گناہ معاف فرمادیتا ہے۔جب اس نے تمام گناہ معاف کر دیے تو اس کی رحمت یوں لپک کر آتی ہے کہ اسے آزادی، مکمل آزادی اور ابدی آزادی مل جاتی ہے۔

## دَعْوَۃٌ مُسْتَجَابَۃٌ:

جب انسان کو پریشانیاں اور مصیبتیں گھیر لیتی ہیں تو اسکا جینا دوبھر ہو جاتا ہے۔مصائب وآلام انسان کا قرار وسکون چھین لیتے ہیں۔دکھ ودرد سے انسانی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ مصائب کی ہولناک آندھیاں جب چلتی ہیں تو بڑوں بڑوں کا پتہ پانی ہو جاتا ہے۔اس عالم میں ان آلام سے چھٹکارے کی کوشش کرتا ہے لیکن یہ کوششیں رائیگاں جاتی ہیں۔

وجہ واضح ہے انسان مصائب وآلام سے چھٹکارے کے لئے کوشش تو کرتا ہے لیکن اس کوشش کی سمت غلط ہوتی ہے۔اگر سمت درست کر لی جائے تو مصائب وآلام کے بادل چھٹ جاتی ہیں۔کیا کبھی ایسا ہوا کہ عرب والا آدمی، جاپان جانے والی سواری پر بیٹھ جائے اور تمنا کرے کہ میں عرب پہنچ جاؤں گا۔

دکھ اور پریشانی سے نجات دینے والی ذات ایک ہی ہے وہ ذات وحدہ لاشریک ہے اس کا در ہر دردمند کے لئے کشادہ ہے وہ فرماتا ہے:

Marfat.com

اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ .

تم مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔

یہ اسکا عمومی اعلان ہے اس میں وقت وجگہ کی کوئی قید نہیں ہے جب بھی کوئی درد کا مارا دستِ سوال دراز کرے گا وہ سن لے گا۔ لیکن رمضان المبارک میں اس کی قبولیت کا انداز نرلا ہوتا ہے۔ بندہ جب صدقِ دل سے اس کریم کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے تو وہ اللہ کریم اس بندہ کی اس حاضری کی لاج رکھتا ہے اور پھر بندہ جب اس کی بارگاہ میں دعا کے لئے ہاتھ بلند کرتا ہے تو جیسے ہی اس کے ہاتھ بارگاہ الٰہی میں بلند ہوتے ہیں اللہ ذوالجلال والاکرام اس کی دعا کو شرف قبولیت بخشتا ہے۔

اس کا فرمان:

اِنَّ لِکُلِّ مُسْلِمٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ دَعْوَۃً مُسْتَجَابَۃً.

ہر مسلم کے لئے ہر دن اور رات میں ایک دعا قبول ہونے والی ہے۔

ہمیں بیدار کرنے کے لئے کافی ہے۔

اے بندہِ مسلم ! اٹھیے رمضان المبارک کے لمحات میں بارگاہ ذوالجلال میں دعائیں کیجئے اس کا وعدہ ہے ہر دن اور رات میں ہر مسلم کی دعا قبول ہے تو اپنے مصائب وآلام سے چھٹکارے کے لئے ، اپنے درد کے مداوا کے لئے اپنی ہر پریشانیوں کے حل کے لئے اللہ الکریم کی بارگاہ میں دعا کیجئے۔ انسان خلیفۃ اللہ ہے اسے چاہیے کہ وہ کریم اللہ سے مانگے جس کی بارگاہ سے مانگنا عزت وسرفرازی ہے جس کے حضور دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا سعادت ونجابت ہے اور جس کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کرنا انسانیت کی معراج ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اللھم وقفنا لما تحب وترفی ببر کة سید الاصفیاء علیه من الصلوات اطیبها ومن التسلیمات از کها وعلی اله هم بدور الدجی و اصحابه هم نجوم الهدی.

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَ ةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنه قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ -ثَلاَ ثَة'' لَا تُرَدُّدَعْوَتُهُمْ . اَلصَّا ئِمُ حَتّٰی یُفْطِرَ، وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ ، وَدَعْوَةُ الْمُظْلُوْمِ یَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الْغَمَامِ . وَیُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابَ السَّمَاءِ وَیَقُوْلُ الرَّبُّ : وَعِزَّتِیْ ، لَاَنْصُرَنَّکَ وَلَوْ بَعْدَ حِیْنٍ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین آدمیوں کی دعائیں رد نہیں کی جاتی۔

صائم (روزہ دار) کی دعا یہانتک کہ وہ روزہ افطار کر لے۔

امام عادل کی دعا۔

مظلوم کی دعا اللہ تعالیٰ اسے بادلوں کے اوپر بلند فرماتا ہے اور اس کے لئے سماء کے دروازے کھول دیتا ہے اور ربّ (تبارک تعالیٰ) فرماتا ہے:

مجھے اپنی عزت کی قسم! میں ضرور تیری مدد کروں گا اگرچہ تھوڑی دیر کے بعد۔

اس حدیثِ پاک میں ان تین افراد کا ذکر ہے جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں وہ انسان کتنا خوش نصیب ہوتا ہے جس کی دعائیں بارگاہ ذوالجلال میں قبول ہوتی ہیں۔اللہ تعالیٰ کا دعا

---

سنن الترمذی رقم الحدیث (۳۵۹۸) جلد۴ صفحہ۴۱۵

شرح السنة جلد۶ صفحہ۳۵۴

Marfat.com

قبول کر لینا اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دعا کرنے والے سے محبت فرماتا ہے اور جس سے خالق و مالک محبت فرمائے اس کے بختوں کو کون پہنچ سکتا ہے۔

اَلصَّائِمُ :

روزہ دار اللہ تعالیٰ کی محبت کو جیت لیتا ہے اس کا یہ عمل اللہ تعالیٰ لے لئے ہوتا ہے۔ جس کا عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہو وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی کرم نوازیوں سے مالا مال ہے۔ روزہ دار کتنا سعید ہے کہ جس وقت وہ روزہ رکھتا ہے اس وقت سے لے کر روزہ افطار کرنے تک اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ وجہ واضح **یدع طعامه و شرابه لمرضاة الله** وہ اپنا کھانا پینا اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کیلئے ترک کر دیتا ہے۔ جس کا عمل اخلاص پر مبنی ہوگا وہ عمل قبول ہوتا ہے اور باعث ہزار برکات ہوتا ہے۔ روزہ دار کا یہ عمل از اول تا آخر اخلاص پر مبنی ہے۔ مخلص آدمی کی دعا ہر وقت اور ہر گھڑی قبول ہوتی ہے۔

اے اھل ایمان آیئے روزہ کی عادت اپنائیں اس روزہ سے نفس کی قوت اور اسکی سرکشی پر ضربِ کاری لگتی ہے جو عمل اس قدر اہمیت کا حامل ہو اسے **لوجه الله** اپنانا چاہے اور اس سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ دعائیں شرفِ قبولیت سے نوازی جائیں گی جس کی دعائیں قبول ہیں اس کے بارے میں اذعان ہونا چاہے کہ اسکا باطن پاک ہے کیونکہ پاک باطن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور جس کا باطن غلاظتوں سی بھرا ہوا ہے اس کی دعائیں کیسے قبول ہونگی۔

اے بند مومن! آیئے اس آدمی سے، اس خوش بخت سے محبت کریں جو **لوجه الله** روزہ رکھتا ہے۔ کیونکہ یہ عمل اس کے پاک دامن ہونے کی نشانی ہے پاک دل و پاک باطن سے محبت رویگاں نہیں جاتی۔ اگر محبت پروان چڑھ گئی تو پھر یہ پاک باطن تمہاری بہتری کے لئے

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دستِ سوال دراز کرے گا۔

**اَلْاِمَامُ الْعَادِلُ :**

حکومت کا نشہ اقتدار کی مستی انسان کو فرعون بنا دیتی ہے۔ پھر وہ ہر زیردست، پر ظلم وعدوان کا بازار گرم کرتا ہے۔ ناحق مال چھیننا اس کا کھیل بن جاتا ہے، عزت وعصمت سے کھیلنا اس کا مشغلہ بن جاتا ہے خدا فراموشی انتہا کو پہنچ جاتی ہے کیونکہ اقتدار اسے بے خوف کر دیتا ہے شیطان اس کا ہم نوالہ اور ہم پیالہ بن جاتا ہے۔

اگر کوئی مردِ مومن اقتدار کی کرسی پر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کو نہ بھلائے بلکہ ہمہ وقت خالق اور مالک کے حضور حاضری اس کی نگاہوں میں رہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جوابدہی سے ڈرے وہ عدل وانصاف کا دامن نہ چھوڑے بلکہ اگر اس کا اپنا جگر پارہ بھی کوئی جرم کرے تو اسے سزا دینے سے نہ ہچکچائے تو ایسے سعید آدمی کی زبان سے نکلے ہوئے کلمات کو اگر اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے تو جائے تعجب نہیں جو شخص جملہ اسباب کے ہوتے ہوئے رحمان کا عاجز بندہ بن کر رہا۔ اس کے اوامر کو بجالایا اسکے ذکر سے اپنے باطن کو آباد رکھا۔ جو ذمہ داری اس کے کندھوں پر ڈالی گئی اسے پورے طور پر نبھایا تو ایسا آدمی یقیناً مستجاب الدعوات ہے۔ اس کا وجود خلق خدا کے لئے سراپا رحمت ہے اس کی زبان میں بڑا اثر ہے۔

**دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ:**

ظلم اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے۔ ظالم اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے دور بہت دور ہوتا ہے۔

**الالعنة اللّٰه علی الظالمین:** ظالم پر اللہ کی لعنت ہوتی ہے۔

مظلوم جس پر ناحق ظلم کیا گیا جسے بیٹھے بیٹھائے ستایا گیا اگر اس کی فریاد سننے والا کوئی

Marfat.com

نہیں تو اسے بے فکر ہونا چاہے کہ اس کی فریاد سننے والا اللہ ہے۔ اگر اس دنیا میں اس کے عدل وانصاف کے دروازے بند کر دے گئے ہیں تو اس کے لئے مالک یوم الدین کا دروازہ کھلا ہے وہ اس کی دعا کو قبول کرتا ہے اور اس کی مدد واعانت بھی فرماتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# جنت میں بابِ الرّیّان سے داخلہ

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ- رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ- قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

اِنَّ فِى الْـجَـنَّةِ بَـابـاً يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ ، يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، لَايَدْخُلُ مَعَهُمْ اَحَدٌ" غَيْرُهُمْ ، يُقَالُ : اَيْنَ الصَّايِمُوْنَ؟ فَيَدْ خُلُوْنَ مِنْهُ ، فَاِذَ ادَخَلَ اٰخِرُهُمْ اُغْلِقَ ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ اَحَدٌ" .

| | | | |
|---|---|---|---|
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۷۰۸) | جلد۶ | صفحہ۲۱۹ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۱۵۲) | جلد۸ | صفحہ۲۷ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۸۹۶) | جلد۲ | صفحہ۵۶۴ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۳۲۵۷) | جلد۲ | صفحہ۱۰۰۴ |
| السنن الکبریٰ (للبیھقی) | رقم الحدیث (۸۵۱۲) | جلد۴ | صفحہ۵۰۲ |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| السنن الکبریٰ (للبیھقی) | رقم الحدیث (۸۵۱۱) | جلد۴ | صفحہ۵۰۲ |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۴۲۰) | جلد۸ | صفحہ۲۰۸ |
| قال المحقق: | اسنادہ علی شرط البخاری | | |
| مصنف ابن ابی شیبہ | | جلد۳ | صفحہ۶-۵ |

Marfat.com

## ترجمة الحدیث:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ''الرّیّان'' کہا جاتا ہے۔ اس دروازہ سے قیامت کے دن روزہ دار گزریں گے۔ ان کے ساتھ کوئی غیر روزہ دار نہ گزرے گا۔ کہا جائے گا۔ روزہ دار کہاں ہیں؟ پس وہ اس دروازہ سے داخل ہوں گے۔ جب ان روزہ داروں کا آخری آدمی گزر جائے گا تو اس دروازہ کو بند کر دیا جائے گا پھر اس سے کوئی اور داخل نہ ہوگا۔

-☆-

رضائے الٰہی کا سودا جس دماغ میں سما جاتا ہے وہ دیوانہ سب فرزانوں سے آگے نکل جاتا ہے۔ رضا الٰہی کا جذبہ جس مرد مومن کے سینے میں آجاتا ہے اس کا سینہ انوارِ ربانیہ کا گنجینہ بن جاتا ہے پھر وہ زمین پر رہتے ہوئے زمین کے باسیوں سے نہیں ہوتا بلکہ وہ افلا کی ہوتا ہے اس کا طائر روحانیت جب پر کشا ہوتا ہے۔ تو مادیت سے پرے بہت بلند پرواز کرتا ہے۔

روزہ دار کس درجہ فیروز بخت ہے کہ طلوع فجر سے لیکر غروب آفتاب تک رضائے الٰہی کی آغوش میں رہتا ہے۔ اس نفس پیاس سے بیتاب ہوتا ہے وہ اسکی بیتابی کی پرواہ کیے بغیر اپنا وقت گزارتا ہے۔ اسے بھوک ستاتی ہے وہ عالم تنہائی میں بند کمرہ میں ہوتا ہے اگر کھانا سامنے بھی ہوتو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتا کیونکہ اس کا ایمان کامل ہے کہ اس کا خالق و مالک دیکھ رہا ہے۔

وہ خالق و مالک بھی اپنے بندے کی قدر کرتا ہے اور فرماتا ہے:

**الصوم لی وانا اجزی بہ**

marfat.com
Marfat.com

روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا و ثواب بھی میں دوں گا۔

پھر روزِ محشر جو اعزاز اسے نصیب ہو گا اللہ! اللہ! ایسے خوش نصیب کو جنت کے اس دروازے سے داخل کیا جائے گا کس کا نام بابِ الرّیّان ہے اس نام کے معنی ہیں سیرابی ہے۔ یعنی جو دنیا میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے عبادت کی نیت سے حالتِ روزہ میں پیاسا رہا اسے جنت میں داخل کیا جائے گا تو ایسے دروازے سے جس میں سیرابی ہی سیرابی ہے جو یہاں سے گزر گیا ابداً آلاباد تک اسے پیاس نہ لگے گی۔ جب آخری روزہ دار گزر جائے گا اس دروازہ کو بند کر دیا جائے گا۔ اس دروازہ سے کوئی غیر روزہ دار نہ گزر سکے گا۔

یہ اللہ کریم کی طرف سے اعزاز ہے جسے اعزاز بخشنے والا اللہ تعالیٰ ہو اس کے مقدر تک کون پہنچ سکتا ہے۔ جسے رفعتیں اور عزتیں دینے والا خالق کائنات ہو اس جیسا اور کون ہو سکتا ہے۔

اے اھلِ ایمان آئے فکر آخرت کریں اس دنیا میں آخرت کے لئے کچھ کریں دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ آج جتنے سانس گزر رہے ہیں یہ ایک دن ختم ہو جائیں گے لیکن ہم انہیں ابدی کیسے بنا سکتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ ہر سانس رضائے الٰہی میں گزارا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے اور اس کے پیارے حبیب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں پر کار بند رہتے ہوئے جو سانس بھی گزرے گا اس کے ثمرات ابدی و باقی ہونگے۔ آیئے روزہ رکھنے کی عادت ڈالیں۔ رضائے الٰہی کے لئے عبادت کے نیت سے روزہ رکھیں انشاء اللہ طلوع فجر سے لیکر غروب آفتاب تک کے معمولات جب پیش ہوں گے ان اوقات میں لئے گئے سانس ابدیت کا روپ دھار لیں گے۔ خلاق و مالک کی رضا سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔

Marfat.com

# روزہ میرے لئے ہے

# اور

# اس کی جزا میں دوں گا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ - عَزَّوَجَلَّ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهٗ اِلَّا الصِّیَامُ فَاِنَّهٗ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ:

اَلصِّیَامُ جُنَّة" وَاِذَا كَانَ یَوْمَ صَوْمِ اَحَدِكُم فَلَا یَرْفُثْ وَلَا یَصْخَبْ . فَاِنْ سَابَّهٗ اَحَد" اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْیَقُلْ اِنِّیْ اِمْرُؤٌ" صَائِم" وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَخَلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْیَبُ عِنْدَاللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْكِ. لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ یَفْرَحُهُمَا ، اِذَا اَفْطَرَ فَرِحَ بِفِطْرِهٖ وَاِذَا لَقِیَ رَبَّهٗ فَرِحَ بِصَوْمِهٖ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| شرح السنۃ (للبغوی) | رقم الحدیث (۱۷۱۱) | جلد ۶ | صفحہ ۲۲۳ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحۃ اخرجہ مسلم | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۱۵۱) | جلد ۸ | صفحہ ۲۴ |
| المصنف (عبدالرزاق) | رقم الحدیث (۷۸۹۱) | جلد ۴ | صفحہ ۳۰۶ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۹۲۷) | جلد ۴ | صفحہ ۱۸۸۰ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فرزندِ آدم کا ہر عمل اس کے اپنے لئے ہے سوائے روزہ کے کیونکہ روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا (بھی) میں دوں گا۔

روزہ ڈھال ہے جب تم میں سے کسی کے روزہ کا دن ہو تو نہ وہ بے حیائی کی بات کرے اور نہ جھگڑے اگر کوئی اس روزہ دار کو گالی دے یا اس سے لڑے تو اس روزہ دار کو چاہے کہ (اس گالی یا لڑائی کے جواب میں) کہے میں روزہ دار ہوں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۹۰۴) | جلد۲ | صفحہ۵۶۶ |
| السنن الکبریٰ (للبیھقی) | رقم الحدیث (۸۵۰۷) | جلد۴ | صفحہ۵۰۱ |
| قال البیھقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۴۲۲) | جلد۸ | صفحہ۲۱۰ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۴) | جلد۴ | صفحہ۱۶۷ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۷) | جلد۲ | صفحہ۱۲۱ |
| قال الالبانی: | صحیح الاسناد | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۳۳۴۵) | جلد۱۰ | صفحہ۶۸ |

Marfat.com

قسم ہے اس ذات کی جس نے کے ہاتھ میں محمد (مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی جان ہے روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے پاکیزہ ہے۔ روزہ دار کو دو (۲) خوشیاں ہیں جن سے وہ خوش ہوگا۔ جب وہ افطاری کرتا ہے تو اپنی افطاری سے خوش ہوتا ہے اور جب وہ اپنے ربّ سے ملے گا تو اپنے روزہ کی وجہ سے خوش ہوگا۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :

اِنَّ رَبَّـكُمْ يَقُوْلُ: كُلُّ حَسَنَةٍ لِعَشَرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِمِئَةِ ضَعْفٍ . وَالصَّوْمُ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهٖ

وَالصَّـوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ وَلَخَلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَاِنْ جَهِلَ عَلٰى اَحَدِكُمْ جَاهِلٌ وَهُوَ صَائِمٌ ، فَلْيَقُلْ اِنِّىْ صَائِمٌ اِنِّىْ صَائِمٌ .

**ترجمة الحديث:**

حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک تمہارا ربّ تعالیٰ فرماتا ہے:

ہر نیکی کی جزا دس نیکیوں سے لیکر سات سو نیکیوں تک ہے روزہ میرے لئے ہے اور اس جزا میں دوں گا۔

روزہ آگ سے ڈھال ہے اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے پاکیزہ وبہتر ہے اگر تم میں سے کوئی روزہ دار ہو اور اس سے کوئی جاہل جہالت پر اتر آئے تو وہ کہہ دے میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔

فرزند آدم کا ہر نیکی کا عمل دس گنا سے لیکر سو گنا ہے۔ ایک آدمی ایک نیکی کرتا ہے اللہ

marfat.com
Marfat.com

تعالیٰ اپنی کرم نوازی سے اسے دس گنا اجر عطا فرماتا ہے۔ یہ اس کا فضل وکرم ہے اور اس کے فضل وکرم کی کوئی حد بندی نہیں کر سکتا۔

ایک صالح ومتقی نیکی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی پارسائی کی وجہ سے اسے ایک نیکی کا ثواب ستر نیکیوں کی صورت میں عطا فرماتا ہے یہ بھی اللہ ذوالجلال کا احسان ہے اور احسان الٰہی کی جب برکھا ہو تو کوئی بھی اسے روک نہیں سکتا۔

ایک اور آدمی جو تقویٰ کے مقام سے بھی آگے بہت آگے مقام صدیقیت پر فائز ہے اللہ ذوالجلال اس سراپا صدق وصفا کو ایک نیکی کے بدلے سات سو نیکیاں عطا فرماتا ہے یہ اس کا لطف وکرم ہے۔ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب۔

بارگاہِ خیرالوریٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں ایک آدمی حاضر ہوا اور اس نے فی سبیل اللہ ایک مخطومہ اونٹی پیش کی حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فوراً ارشاد فرمایا:

تیرے لئے سات سو اونٹیاں جنت میں ہیں۔

یہ اللہ ذوالجلال کا احسان عظیم ہے جو اپنے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صدقے اس امت پر فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جب دینے پر آئے بلکہ اس کا محبوب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب اللہ کی خزانے تقسیم کرنے پر آئے تو جتنا چاہیں عنایت فرمادیں یہ محبوب ومحبّ کا معاملہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تقسیم پر راضی ہے۔

**لخلوف الصائم اطیب عند اللّٰہ مِنْ ریح المسک.**

روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔

محبت محبت میں فرق ہوتا ہے۔ محبت جب پروان چڑھتی ہے تو اس کی ضابطے سب سے جدا ہوا

Marfat.com

کرتے ہیں محبوب سے کیا محبت ہوتی ہے کہ محبوب کی ہر چیز سے انس ہو جاتا ہے۔

أَمُرُّ عَلَى الدِّيَارِ دِيجارِ سَلْمَى

اُقَبِّلُ ذَاالْجِدَارِ وَذَاالْجِدَارِ ج

وَمَا حُبُّ الدِّيَارِ شَغَلْنَ قَلْبِیْ

وَلٰكِنْ حُبُّ مَنْ سَكَنَ الدِّيَارا

میں اپنے محبوب کے شہر سے گزرتا ہوں تو عالم وارفتگی میں شہر محبوب کی کبھی اس دیوار کو چومتا ہوں اور کبھی اس دیوار کو بوسے دیتا ہوں۔ حقیقت میں اس شہر کے گلی کوچوں کی محبت میرے دل میں نہیں بلکہ اس شہر محبوب کے باسی میرے دلبر کی محبت نے دل میں بسیرا کیا ہوا ہے۔

محبوب کی ہر ادا سے محبت ہوتی ہے اس کی ہر خوبی سے پیار ہوتا ہے اگر چہ وہ ظاہری طور پر کسی کو عیب بھی نظر آتا ہے لیکن محبّ کی نگاہ میں وہ عیب نہیں خوبی بن جاتا ہے۔

بلا تشبیہ اللہ ذوالجلال والاکرام کو روزہ دار سے یوں محبت ہوتی ہے کہ روزہ رکھنے کی وجہ سے، بھوک کے سبب اس کے منہ سے نکلنے والی ہر بو بھی اللہ تعالیٰ کو یوں پیاری ہوتی ہے کہ وہ کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہوتی ہے۔

سبحان اللہ!

خالق و مالک کو جو بے نیاز ہے صمد ہے اپنے روزہ دار بندے سے کس درجہ محبت ہوتی ہے کہ اس کے منہ سے نکلنے والی بو بھی محبوب ہو جاتی ہے ۔تو جس کی بو خالق وارض وسماء کو پیاری لگے اس کی تسبیح ومناجات، اس کا ذکر وفکر، اس کی عبادت وریاضت کس درجہ محبوب ہوگی۔

اے اہل ایمان حالت روزہ میں تمہاری بو بھی اللہ کریم کو پیاری لگتی ہے تو تمہاری خوشبو

marfat.com
Marfat.com

کتنی پیاری ہوگی۔ تلاوت قرآن کریم کی خوشبو لامثال خوشبو ہے رمضان المبارک کی طویل گھڑیوں میں تلاوتِ قرآن یوں کیجیئے کہ خالق و مالک یوں راضی ہو جائے کہ پھر بقیہ زندگی اس کی عبادت کا کیف لیتے گزرے۔

کلمہ طیبہ کا ذکر عام حالت میں اللہ ذوالجلال کو بہت پیارا لگتا ہے تو روزہ کی حالت میں رمضان المبارک کی نور بھری گھڑیوں میں خالق و مالک کو کلمہ طیبہ کا ورد کتنا عمدہ لگتا ہوگا۔ آیئے اپنی زبان کو کلمہ طیبہ کے ورد سے معطر رکھیں۔

اے بندہ مومن ! رمضان المبارک کی رحمت بھری ساعات میں اللہ ذوالجلال کا کرم جوبن پر ہوتا ہے۔ آیئے اس کی ساعات میں طویل سجدوں کا کیف لیجئے۔ تہجد کو اپنی ذات پر لازم کیجئے ہوسکتا ہے کریم اللہ یوں کرم کرے کہ پھر بقیہ زندگی گناہوں سے بچ جائے اور جس کی زندگی گناہوں سے پاک ہے وہ یقیناً رحمان کی رحمتوں سے لبریز ہے۔

اگر ماں باپ زندہ ہیں ان کی خدمت کیجئے۔ ماں باپ کی ایک خوشی انسانی مقدر سنوارنے کے لئے کافی ہوتی ہے اور اگر وہ اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں تو انہیں اپنی دعاوں میں یاد کیجئے ان کے لئے استغفار کیجئے۔ ماں باپ کو بعد از وفات یاد رکھنے والا محروم نہیں رہا کرتا۔

**لخلوف الصائم اطیب عنداللہ من ریح المسک.**

روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری سے زیادہ پاکیزہ ہے۔

اس کا ایک مفہوم یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جب لوگ روزِ حشر و قیامت کے دن اپنی اپنی قبروں سے نکلیں گے تو روزہ دار کے منہ سے کستوری سے بھی زیادہ خوشبو نکل رہی ہوگی وہ جہاں جہاں سے گزرتا جائے گا اس جگہ کو معطر کرتا جائے گا۔

Marfat.com

# بناءِ اسلام

**عَنِ ابْنِ عُمَرَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا - قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- یَقُوْلُ :بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ : شَهَادَةِ اَنْ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِیْتَاءِ الزَّكوٰةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمْضَانَ .**

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۸) | جلدا | صفحہ۲۸ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۱۵۸) | جلدا | صفحہ۳۷۴ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۱۶) | جلدا | صفحہ۴۷ |
| السنن الکبریٰ | رقم الحدیث(۱۶۷۵) | جلدا | صفحہ۵۲۶ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث(۶) | جلدا | صفحہ۱۷ |
| قال المحقق: | ھذا حدیث صحیح علی صحتہ | | |
| صحیح ابن خزیمۃ | رقم الحدیث(۳۰۸) | جلدا | صفحہ۱۵۹ |
| المسند الحمیدی | رقم الحدیث(۷۰۳) | جلد۲ | صفحہ۳۰۸ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۶۰۹) | جلد۵ | صفحہ۵ |
| المعجم الکبیر | رقم الحدیث(۱۳۲۰۳) | جلد۱۲ | صفحہ۳۰۹ |
| المعجم الکبیر | رقم الحدیث(۱۳۵۱۸) | جلد۱۲ | صفحہ۴۱۲ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث(۲) | جلدا | صفحہ۱۱۳ |
| قال المحقق: | متفق علیہ | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اسلام کی بنا پانچ چیزوں پر ہے:

۱۔ گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی الہٰ نہیں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

۲۔ صلاۃ قائم کرنا۔

۳۔ زکاۃ ادا کرنا۔

۴۔ حج کرنا۔

۵۔ رمضان کے روزے رکھنا۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۴) | جلد ا | صفحہ ۱۰ |
| قال الالبانی: | متفق علیہ | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۶۳۰۱) | جلد ۵ | صفحہ ۴۹۷ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۰۱۱) | جلد ۸ | صفحہ ۱۱۱ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۷۳۴۴) | جلد ۶ | صفحہ ۱۴ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۰۹۲) | جلد ا | صفحہ ۳۰۶ |

Marfat.com

صلاۃ اسلام کا بنیادی رکن ہے۔ یہ ان ارکان میں سے ہے جن پر اسلام کی عظیم الشان عمارت قائم ہے۔

عمارت چاہے جس شان وشوکت کی ہو اس کا انحصار اس کی بنیاد پر ہے اگر بنیاد کمزور ہو جائے تو عمارت کا قائم ودائم رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اسلام کا قصرِ رفیع جن ستونوں پر ایستادہ ہے ان میں ایک صلاۃ ہے تو جس نے صلاۃ کو ضائع کر دیا گویا اس نے اسلام کو ضائع کر دیا اور جس نے اس صلاۃ کو قائم رکھا اس نے اپنے دین وایمان کو قائم رکھا۔

قرآن پاک اور احادیثِ مقدسہ میں صلاۃ کے ساتھ اقامۃ کا لفظ آیا ہے تو آیئے اس لفظ پر غور کریں۔

علامہ سمین حلبی لکھتے ہیں:

**یُقِیْمونَ الصَّلاۃَ اَی یُداوِمُونَ علٰی فِعلِهَا وَیُحافِظُونَ عَلَیهَا وَقِیلَ مَعنَاهُ یُؤَدُّونَهَا مُقَوَّمَةَ الارکَان وَالسُّنَنِ غَیرَ مُخلِّینَ بِشَیءٍ مِّنهَا مِن اَقَامَ الْاَمْرَ اِذَا اَتٰی بِهِ عَلٰی اکمَلِ هَیئَاتِهِ.** (1)

**یُقِیْمونَ الصَّلاۃَ** کا معنیٰ ہے وہ صلاۃ کی ادائیگی پر مداومت اور اس پر محافظت کرتے ہیں۔

**یُقِیْمونَ الصَّلاۃَ** کا ایک معنیٰ یہ بھی کیا گیا صلاۃ کے ارکان اور اس کی سنتوں میں کسی قسم کی کوتاہی کیے بغیر انتہائی درست طریقے سے ادا کرتے ہیں اور یہ " **اَقَامَ الْاَمْرَ** " سے ماخوذ ہے یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی کام مکمل ہیئت سے کرے۔

---

(1) عمدۃ الحفاظ ۳/۴۱۳ عالم الکتب، بیروت ۱۴۱۴ھ ۱۹۹۳ء

marfat.com
Marfat.com

# گناہوں کا کفارہ

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ ، وَالْجُمْعَةِ اِلَى الْجُمْعَةِ، وَرَمْضَانُ اِلٰى رَمْضَانَ مُكَفِّرات'' مَابَيْنَهُنَّ اِذَا اجْتَنَبْتَ الْكَبَائِرَ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۷۴۳) | جلد ۵ | صفحہ ۲۴ |
| قال شعیب الارنؤوط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط مسلم | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۳۳) | جلد ا | صفحہ ۲۶۶ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۱۴) | جلد ا | صفحہ ۴۱۸ |
| قال الترمذی: | حدیث حسن صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۴۴۴۹) | جلد ۲ | صفحہ ۴۶۷ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۲۰۷۵۸) | جلد ۱۰ | صفحہ ۳۱۵ |
| صحیح ابن خزیمۃ | رقم الحدیث (۳۱۴) | جلد ا | صفحہ ۱۶۲ |
| صحیح ابن خزیمۃ | رقم الحدیث (۱۸۱۴) | جلد ۳ | صفحہ ۱۵۸ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۴۵) | جلد ۲ | صفحہ ۱۷۷ |
| قال المحقق: | ھذا حدیث صحیح | | |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۲۴۷۰) | | صفحہ ۳۲۴ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۰۸۶) | جلد ۲ | صفحہ ۱۸ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا:

صلواتِ خمس (پانچ نمازیں) اور ایک جمعہ دوسرے جمعہ تک ان کے درمیان گناہوں کا کفارہ ہیں جب تک وہ کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کرے۔

-☆-

صلوٰۃ اس درجہ نور و برکت والی ہے کہ کبائر کے علاوہ جتنے گناہ سرزد ہوں اس صلاۃ کے ادائیگی سے وہ معاف ہو جاتے ہیں۔

نیکی اور بدی کی جنگ جاری ہے اور انسان ان کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ شیطان اپنا پورا زور صرف کرتا ہے کہ انسان بدی کی دلدل میں پھنستا چلا جائے لیکن رحمان کے رحمت کا تقاضا ہے کہ انسان نیکی کی خوشبو سے ہمیشہ معطر رہے۔ بندہ جب بھی صلاۃ ادا کرتا ہے۔ ربّ تعالیٰ کی بارگاہِ کریمانہ میں سجدہ ریز ہو جاتا ہے تو رحمان کی رحمت اسے فوراً شیطانی دلدل

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۸۹۷) | جلد ا | صفحہ ۳۲۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۴۰۳۸) | جلد ۱۰ | صفحہ ۲۳۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۲۳۴) | جلد ۹ | صفحہ ۴۳۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

سے نکال کر پاک وصاف کر دیتی ہے ار جو فرزند آدم عبادت کا خوگر ہوا سے یہ یقین رکھنا چاہیئے کہ رحمان کے رحمت اسے اپنے حصار میں لیئے ہوئے ہے اور یہی رحمتیں قبر کی دیواروں تک اس کے ایمان کی نگران ہوں گی۔

# صوم نصفِ صبر

عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِی سُلَیْمٍ قَالَ : عَدّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِیْ یَدِیْ اَوْفِیْ یَدِہٖ

اَلتَّسْبِیْحُ نِصْفُ الْمِیْزَانِ ، وَالْحَمْدُ یَمْلَأُہٗ وَالتَّکْبِیْرَ یَمْلَأُ مَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ ، وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ وَالطُّھُوْرُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ.

**ترجمة الحديث :**

بنی سُلَیم کے ایک آدمی سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے ہاتھ میں یا اپنے ہاتھ میں شمار فرمایا:

تسبیح نصف میزان ہے۔ الحمد میزان کو بھرتا ہے اور تکبیر بھر دیتی ہے سماء وارض کے درمیان جو کچھ ہے اور روزہ نصفِ صبر ہے اور طہور نصف ایمان ہے۔

-☆-

**الطهور نصف الايمان**

وضو نصف ایمان ہے۔

ایمان کا انحصار صلاۃ پر ہے۔

"اَلصَّلاۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ"

marfat.com
Marfat.com

صلاۃ دین کا ستون ہے ا۔اس پر واضح دلالت کرتا ہے۔

اب دو چیزیں نظر آتی ہیں:

ا۔ صلاۃ -اصل مقصد

ب۔ وضو -اس کے بغیر صلاۃ نہیں اس وجہ سے وضو کو شطر ایمان کہا گیا ہے۔

۲۔ ایمان کامل اس شخص کا ایمان ہے جو ہر قسم کی معصیت و نافرمانی سے محدوظ ہو۔

ا۔ معصیت صغیرہ

ب۔ معصیت کبیرہ

وضو کرنے سے صغیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں اس لئے وضو کو نصف ایمان قرار دیا گیا

۔

۳۔ کامل الایمان وہ ہے جو گناہوں سے پاک ہو اور وہ نیکیوں سے آراستہ ہو وضو گناہوں سے پاک کرتا ہے اور صلاۃ نیکیوں سے آراستہ کرتی ہے اس لئے وضو کو شطر الایمان (نصف ایمان) کہا گیا ہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ جب اجز و ثواب سے نوازتا ہے تو اس کی عطا کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ عطاء عام

ب۔ عطاء خاص

اللہ تعالیٰ کی وہ عطا جو ہر ایک کو بلا تخصیص ملے اسے عطاء عام کہتے ہیں۔لیکن اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کا وہ کرم جو خاص بندوں کو ان کے اخلاص وللّٰہیت کی بنا پر دیتا ہے اسے عطاء خاص کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہر وضو کرنے والے کو بھی اجر دیتا ہے۔ یہ اس کا کرم بلا تخصیص ہے لیکن کچھ ایسے افراد بھی ہیں جو اس اخلاص للّٰہیت سے وضو کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا اجر وثواب اس و درجہ بڑھا دیتا ہے اور اس کے کرم کو کوئی روک نہیں سکتا جیسے اللہ تعالیٰ کسی کو ایک نیکی کے بدلے دس نیکیاں اور جسی کو ایک کے بدلے ستر اور کسی کو ایک کے بدلے سات سو دیتا ہے اور اپنے چاص بندوں کے بارے میں فرماتا:

وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَاءُ

اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہتا ہے اجر وثواب سات سو گنا سے بڑھا دیتا ہے اور اس کی کوئی حد مقرر نہیں۔

## اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ یَمْلَأُہٗ:

اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرنا ایک مومن کا امتیاز ہے اس کا شکر کرنا ایمان کی حلاوت ہے تو یہ الحمد للہ بظاہر تو ایک مختصر جملہ ہے لیکن کریم اللہ جب اس پر اجر وثواب عطا فرماتا ہے تو اس سے اعمال تولنے والا میزان بھر جاتا ہے جس کا اعمال نامہ نیکیوں سے بھر پور ہو وہ بڑا سعید ہے اس لئے اہل ایمان کی زبانیں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء میں مگن رہتی ہیں اور جب تک وہ اس خالق ومالک کی تعریف وتوصیف نہ کرلیں انہیں چین نصیب نہیں ہوتا وجہ واضح ہے کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مِلْءُ الْمِیْزَانِ.

## اَلتَّکْبِیْرُ یَمْلَأُ مَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ :

سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنا آسمانوں اور زمین کو بھر دیتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات وحدہ لاشریک ہر کجی سے منزہ ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں جب مومن سبحان اللہ کہتا ہے تو دل و جان سے خدائے بزرگ و برتر کو ہر قسم کے عیوب ونقائص سے مُبّرا سمجھتا ہے یہ سمجھنا ہی انسان کو شرک جیسے قبیح وصف سے بچائے رکھتا ہے اور

اللہ اکبر، اللہ کی عظمت و کبریائی کا اظہار ہے دنیا میں بڑے بڑے صاحبان اقتدار علم وعقل ہوئے لیکن وہ سب اللہ کی عطاوکرم سے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اس کی عظمت وکبریائی کے سامنے کُل جہاں سرنگوں ہیں بندۂ مومن جب اللہ تعالیٰ کو اکبر تسلیم کرتا ہے اور اس کا بر ملا اظہار کرتا ہے تو اس کی اپنی ذات ریا کاری ودکھلاوے کے عیوب سے پاک ہو جاتی ہے اس لئے یہ دو کلمات اتنے خیرات وبرکات سے معمور ہیں کہ ان کے ادا کرنے والے کے لئے اتنا اجز وثواب ہوتا ہے جس سے آسمان وزمین بھر جاتے ہیں۔

Marfat.com

# دخول جنت

عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ الْبَاھِلِیُّ - رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ - قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ - صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ فِیْ حَجَّۃِ الْوِدَاعِ فَقَالَ:

اِتَّقُوْا اللّٰہَ وَصَلُّوا خَمْسَکُمْ ، وَصُوْمُوْا شَھْرَکُمْ ، وَاَدُّوْا زَکَاۃَ اَمْوَالِکُمْ وَاَطِیْعُوا اِذَا اَمَرَکُمْ تَدْخُلُوا جَنَّۃَ رَبِّکُمْ .

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوامامۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۲۰۶۱) | جلد ۱۶ | صفحہ ۲۲۲ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر الطبرانی | رقم الحدیث (۷۶۶۴) | جلد ۸ | صفحہ ۱۸۱ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۴۷۶) | جلد ۲ | صفحہ ۷ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۶۱۶) | جلد ۲ | صفحہ ۵۱۶ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۴۵۶۳) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۲۶ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ قوی علی شرط مسلم | | |

marfat.com
Marfat.com

کوسنا آپ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) نے ارشاد فرمایا:

اپنے ربّ کے عبادت کرو۔ پانچ وقت کی صلاۃ جوتم پر فرض ہے ادا کرو، اپنے ماہ (رمضان) کے روزے رکھو، اپنے اموال کی زکاۃ ادا کرو اور اپنے حاکم کی اطاعت کرو تو اپنے ربّ کی جنت میں داخل ہو جاؤ۔

-☆-

جنت اللہ تعالیٰ کی رضا کا مقام ہے دائمی انعامات کی جگہ ہے۔ یہ وہ عزت والا مقام ہے جہاں تمام روئے زمین کے اولین وآخرین نیک لوگ جمع ہوں گے اور اندالا باد تک وہیں قیام کریں گے۔

اس ارفع واعلیٰ مقام کو اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے تو جن اعمال سے اللہ تعالیٰ راضی ہو کر یہ نور بھری سعادت عطا کرتا ہے ان اعمال میں سرفہرست صلاۃ (نماز) ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر اہل ایمان کو صلاۃ کی بروقت ادائیگی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بجاہ سیّد المرسلین صلّی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلم .

اطیعوا اذا امرکم کی جگہ بعض کتب میں اطیعو اذا امرکم کے لفظ ہیں تو اس وقت مفہوم ہوگا اپنے حکمران کے اس حکم کی اطاعت کرو جو قرآن وسنت کے مطابق ہو۔

Marfat.com

# زمرہ صدیقین وشہداء میں

عَنْ عَمْرِ و بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِيّ - رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

جَاءَ رَجُل'' اِلَى النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ! اَرَاَيْتَ اِنْ شَهِدْتُ اَنْ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَنَّكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ وَصَلَّيْتُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَاَدَّيْتُ الزَّكَاةَ وَصُمْتُ رَمْضَانَ وَقُمْتُهُ، فَمِمَّنْ اَنَا ؟ قَالَ مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ.

**ترجمة الحديث :**

حضرت عمرو بن مرہ الجہنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ایک آدمی حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا عرض کی یارسول اللہ!

---

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۵۲۲) جلد ۱ صفحہ ۳۱۱

قال المحقق: صحیح

مجمع الزوائد جلد ۱ صفحہ ۵۱

قال الھیثمی: رواہ البزار ورجالہ رجال الصحیح

خلا شیخی البزار وار جو اسنادہ انہ اسناد حسن او صحیح

صحیح ابن خزیمۃ رقم الحدیث (۲۲۱۲) جلد ۳ صفحہ ۳۴۰

قال الدکتور محمد مصطفیٰ الاعظمی / اسنادہ صحیح

marfat.com
Marfat.com

اگر میں گواہی دوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی الہ نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں صلوات خمس (پانچ نمازیں) ادا کروں، رمضان کے روزے رکھوں اور رمضان المبارک کی راتوں کو قیام کروں تو یارسول اللہ!

آپ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے خیال میں میں کن لوگوں میں ہوں۔ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

صدیقین اور شہداء میں سے۔

-☆-

مقام صدیقیت ایک بلند و برتر مقام ہے اور یہ مقام فیضان نبوت سے لبریز ہے اس مقام پر ازلی سعادت مند ہی فائز ہوا کرتے ہیں۔ اس مقام سے انہیں افراد کو حصّہ ملا کرتا ہے جو شریعت مطہرہ پر دل و جان سے کاربند ہوکرتے ہیں بلکہ اوامر شریعت پر عمل ان کی طبیعت ثانیہ بن جایا کرتی ہے۔ عام آدمی کی زندگی سانس کے بغیر نہیں سانس رک گیا تو ہو موت کی وادی میں چلا جاتا ہے گویا حیات سانس کے آنے جانے کا نام ہے لیکن صدیقین کے لئے شریعت مطہرہ کی پابندی صلاۃ وصوم کی پاسداری بمنزلہ سانس بن جاتی وہ ہر حالت میں عبادت الٰہی کے مقام سمجھتے ہیں اور انہیں ظاہری سانس کے بند ہونے کا فکر نہیں ہوتا بلکہ انہیں فکر ہے تو فکر بندگی ہے وہ ہمہ وقت عبادت الٰہی کے نشہ میں مخمور رہتے ہیں اور کسی لمحہ بھی عابد و معبود کے رشتہ کو ٹوٹنے نہیں دیتے۔

وہ مرد حق آگاہ جو صوم و صلاۃ کی پابندی کرے اور ہر وقت اس کا دھیان خالق و مالک کی طرف ہو اور صلاۃ کے کیف سے یوں مست ہو کہ جیسے ہی اذان کی آواز اس کے کانوں سے

Marfat.com

ٹکرائے دنیا کی ہر چیز سے بے خبر ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہونے کے لئے بے تاب ہو جائے تو ایسے خوش بخت افراد کو اگر اللہ تعالیٰ مراتب رفیعہ پر فائز فرمادے تو یہ اس خالق و مالک کا کرم و عطا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

# نارِ جہنم سے ڈھال

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ سَلَّمَ یَقُوْلُ : اَلصِّیَامُ جُنَّةٌ، وَحِصْنٌ حَصِیْنٌ مِنَ النَّارِ

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

روزہ ڈھال ہے اور مضبوط قلعہ ہے آگ سے۔

مسند الامام احمد ۲/۴۰۲

شعیب الایمان ۷/۱۷۲

Marfat.com

عَنْ جَابِرٍ -رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ- عَنْ نَبِیِّ اللّٰهِ- صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ :
اَلصِّیَامُ جُنَّةٌ" یَسْتَجِنُّ بِهَا الْعَبْدُ مِنَ النَّارِ.

## ترجمة الحديث:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

روزہ ڈھال ہے جس سے بندہ آگ سے محفوظ رہتا ہے۔

---

صحیح الترغیب (۹۸۱) ۱/۵۷۸

قال الالبانی: حسن لغیرہ

marfat.com
Marfat.com

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِیْ لُعَاصِ - رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ - صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:

اَلصِّیَامُ جُنَّة" مِنَ النَّارِ کَجُنَّةِ اَحَدِکُمْ مِنَ الْقِتَالِ قَالَ ، وَصِیَام" حَسَن" صِیَامُ ثَلاثَةِ اَیَّامٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ.

**ترجمة الحديث:**

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے سنا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے تھے:

روزہ آگ سے ڈھال ہے جیسے تم میں سے کسی کی ڈھال ہو جنگ میں فرمایا:
صیام حَسن، ہر ماہ تین دن کے روزہ رکھنا ہے۔

-☆-

انسان جب اپنے دشمن سے نبرد آزما ہو تو اس وقت اسے دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ایک ایسا اسلحہ جس سے دشمن پر بھرپور وار کر سکے وہ اسلحہ حالات کے مطابق ہوا کرتا ہے وہ اسلحہ کارآمد بھی ہو اور انسان کو اس اسلحہ کے استعمال کا طریقہ بھی بخوبی علم ہو۔ اگر وہ اسلحہ استعمال

---

ابن خزیمہ ۱۸۹۱/۳

Marfat.com

کے طریقوں سے ناواقف ہے تو دشمن کو شکست نہیں دے سکتا۔

میدان جنگ میں دوسری اہم چیز دفاعی نظام ہے اگر انسان کا دفاعی نظام کمزور ہو تو اس کا دشمن کسی وقت بھی اسے نقصان پہنچا سکتا ہے اگر بچاؤ کا سامان موجود نہیں تو انسانی زندگی خطرے میں ہے اور کسی وقت بھی اس کی حیات کا چراغ گل ہو سکتا ہے.

اہل ایمان کی شیطان سے ازلی دشمنی ہے وہ ہر وقت مردِ مومن کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے اس کی چالیں بڑی باریک اس کا وار بڑا پر پیچ اس کا وار اتنا اچانک اور تیز ہوتا ہے کہ سنبھلنے کا موقع بہت کم ملتا ہے۔ جس مومن کے پاس اسلحہ ہو اور اس کا دفاعی نظام مضبوط ہو تو اس پر شیطان کا حملہ بے اثر ہوتا ہے بلکہ ایسے آدمی سے شیطان کوسوں دور بھاگتا ہے۔

حضرت سیّدنا عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی اس حقیقت کو کتنے عمدہ پیرائے میں واضح کرتا ہے۔

**یَا عُمَرُ مَاسَلَکْتَ فَجّاً اِلّا سَلَکَ الشَّیْطٰنُ فَجّاً غَیْرَکَ.**

اے عمر تم جس راستہ سے گزرتے ہو شیطان وہ راستہ چھوڑ کر دوسرے راستہ سے گزرتا ہے۔

ایک بندہ مومن کا اسلحہ ذکر الٰہی ہے زبان قلب وقالب سے ذکر الٰہی کرنے والا خالی ہاتھ نہیں ہوتا بلکہ تائید الٰہی اس کے شاملِ حال ہوتی ہے۔ ذکر الٰہی کے ساتھ حضور سیّد الرسل صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد بھی بہترین اسلحہ ہے۔

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ.

اے اللہ! میرے ثناخواں حسان بن ثابت کا مددگار جبریل امین کو بنا دے تو جس کی مدد کرنے والا نوریوں کا سردار جبریل امین علیہ السلام ہو اس پر حملہ کے جرأت کون کر سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنا اس کے اوامر بجالانا بھی اس کی یاد ہے اسی طرح حضور سیّد العالمین صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات پر عمل کرنا اور آپ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کو حرزِ جاں بنانا آپ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد ہے تو اللہ تعالیٰ کے اوامر بجالانے والا اور اس کے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں پر عمل پیرا ہونے والا دشمن کی چالوں اور اس کے حملوں سے محفوظ رہا کرتا ہے۔ کیونکہ وہ تائیدِ الٰہی سے اس درجہ آراستہ ہے کہ اس کے ازلی دشمن شیطان کو اس پر حملہ کی جرأت نہیں ہوتی۔ ابلیس اور اس کی ذریت ذکر الٰہی میں مستغرق اور سنت نبویہ سے آراستہ مردِ مومن سے دور بہت دور بھاگتی ہے۔

**اللّٰهُمَّ احفظنا من مکر ابلیس و کید ذریته ببرکة اسمائک الحسنیٰ .**

یہ تو مردِ مومن کا اسلحہ تھا اب رہ گیا اس کا دفاعی نظام تو سنیے۔

اوامرِ الٰہی میں سے صوم، روزہ بندے کا پورا پورا دفاع کرتا ہے۔ یہ روزہ شیطان کے حملہ سے بچاتا ہے بلکہ یہ روزہ قیامت کے دن آتش جہنم کے سامنے بھی ڈھال کا کام دیگا۔ بندہ اور عذاب الٰہی کے درمیان دیوار بن کر حائل ہوگا۔ جو مردِ مومن جس اخلاص سے روزہ رکھے گا ۔قیامت کے دن اسی کے مطابق اس کی ڈھال مضبوط و مستحکم ہوگی۔ جہنم ہزار شعلے برساتا رہے لاکھ بار چنگھاڑتا رہے روزہ دار تک اس کی رسائی نہیں کیونکہ یہی روزہ ڈھال بن چکا ہے جہنم کو روزہ دار کے نزدیک نہیں آنے دیگا۔

Marfat.com

اے اہل ایمان! یہ روزہ بڑی مضبوط ڈھال ہے یہ کسی باطل قوت والے سے نہیں ٹوٹ سکتی اسے جہنم کے شعلے بھی نہیں توڑ سکتے۔ یہ روزہ اتنا طاقت ور دفاعی نظام ہے کہ کسی غیر کے لئے ناممکن ہے کہ اسے توڑ کر روزہ دار تک پہنچ جائے یہ خداداد دفاعی نظام ہے یہ پروردگار کا عطیہ ہے اسے کوئی بھی دشمن نہیں توڑ سکتا۔

اے روزہ رکھنے والے مرد مومن! یہ ڈھال کسی اور سے تو نہیں ٹوٹ سکتی لیکن یہ خیال رکھنا کہ اسے کہیں خود اپنے ہاتھوں سے نہ توڑ دینا۔ جو انسان اپنا نقصان خود کرے اس کا بھلا کون کرے۔ جو آدمی اپنا دفاعی نظام اپنے ہاتھوں سے تباہ کرے پھر اس کو کون بچائے۔

marfat.com
Marfat.com

# روزہ لا مِثْلَ لَهٗ

عن ابی امامة الباهلی - رضی اللّٰه عنه - أنه سأل رسول اللّٰه - صلی اللّٰه علیه و آلهٖ وسلم - ای العمل افضل ؟ قال
علیک با لصوم فا نه لا عِدْلَ له.

## ترجمة الحدیث:

حضرت ابوامامہ الباھلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سوال کیا:
کونسا عمل افضل ہے؟ تو حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جواب فرمایا:
روزہ کولازم پکڑو کیونکہ اس کے مثل کوئی بھی نہیں۔

-☆-

ہرعبادت میں کچھ ایسی خصوصیات ہیں جن کی بنا پر وہ دوسری عبادات سے ممتاز ہوتی ہے۔اللہ تعالیٰ کی ہر بندگی اس کے قرب کا ذریعہ بنتی ہے۔عبادت سے شادکام رہنے والا اللہ تعالیٰ کی عنایات کا مستحق ہوا کرتا ہے۔

النسائی ۴/۱۶۵

ابن خزیمۃ ۳/ ۱۸۹۳

الصحیحۃ /۱۹۳۷

Marfat.com

روزہ وہ عبادت ہے جس سے نفس کے سرکش گھوڑے کے منہ میں لگامیں ڈالی جاتی ہیں۔ جس سے اس کی سرکشی مانند پڑتی ہے اس کی قوت میں کمی آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بندگی کی نیت سے صبح سے لیکر شام تک بھوکا رہنا یہ نفس پر بڑا شاق گزرتا ہے۔ جس سے نفس کی طغیانی کے سامنے بند باندھا جاتا ہے اور اسی عبادت سے روح میں قوت وتوانائی پیدا ہوتی ہے۔ روح اور نفس ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ روح میں اگر قوت وطاقت ہو تو انسان قرب الٰہی کی دولت سے سرفراز ہوتا ہے اور اگر نفس میں قوت وطاقت آجائے تو انسان اللہ تعالیٰ سے مزید دور ہو جاتا ہے جس کا نتیجہ شیطان کے قرب کی صورت میں ہوتا ہے اور شیطان کا قرب انسان کو انسانیت کے مرتبے سے گرا کر بہت پستی میں لے جاتا ہے۔ رضائے الٰہی کے لئے مسلسل روزہ رکھنے سے نفس کی قوت سلب ہو جاتی ہے اور روح قوتِ ربانی کا منبع بن جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے انوار وتجلیات سے لبریز ہو جاتی ہے۔

جب روح میں قوت وطاقت ہوگی تو وہ مرد مومن اللہ تعالیٰ کی ہر بندگی وعبادت سے محبت کرے گا۔ صلوات (نمازوں) کا گرویدہ ہوگا جب تک وہ سر بندگی نہ جھکا لے اسے چین نہیں ملے گا۔ صدقہ وخیرات کی طرف مائل ہوگا کیونکہ اس کا نفس اس کے تابع ہے اس کے اندر کی بدی کی قوت مسلوب ہے اور نیکی کی قوت میں مزید توانائی ہے اس لئے اللہ کی راہ میں دولت تقسیم کرتے اسے کسی قسم کی پریشانی نہ ہوگی بلکہ یک گونہ فرحت ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنے مال کو قربان کرنے سے چین نصیب ہوگا۔

روزہ رکھنے والا مرد سعید روح کی لطافت سے یوں بہرہ ور ہوتا ہے کہ اللہ ذوالجلال کی محبت اس کے دم میں بسیرا کر لیتی ہے۔ جب اس کا دل محبتِ الٰہی سے لبریز ہو جاتا ہے تو پھر

marfat.com
Marfat.com

اسے یہ عارضی جہاں اور اسکی رنگینیاں اپنی طرف مائل نہیں کر سکتیں بلکہ اللہ کی محبت کے سبب اس کے کلام، قرآن کریم سے یوں پیار کرتا ہے کہ صبح وشام اس کی تلاوت کرتا ہے۔ نماز کی رکعتوں میں اس کی تلاوت کے مزے لیتا ہے وہ اللہ الکریم سے ہمکلام ہوتا ہے اور کلامِ الٰہی کی حلاوت اس کے رگ وریشہ میں سرایت کر جاتی ہے۔

الغرض رضائے الٰہی کے جذبہ سے سرشار ہو کر روزہ رکھنے سے نفس کی قوت مَسلوب ہو جاتی ہے، بدی سے نفرت ہوتی ہے۔ اللہ ذوالجلال کی نافرمانی کے تصور سے رونگھٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور روح میں قوت وتوانائی آتی ہے۔ اللہ کی فرمانبرداری طبیعت کا جزو بن جاتی ہے۔ نیکی سے رغبت یوں ہو جاتی ہے کہ جب تک نیکی کر نہ لی جائے اطمینان نہیں ہوتا۔ اور اللہ تعالیٰ کی یاد اس روزہ دار کو دیگر افراد سے ممتاز کر دیتی ہے۔

اے ارحم الراحمین! اے ربّ العالمین! ہم عاجز و ناتواں تیری بارگاہ میں التجاء کرتے ہیں کہ ہمیں اپنی بندگی کا کیف عطا فرما، اپنے ذکر کی قوت نصیب فرما، اپنی یاد میں مگن رہنے کی توفیق عطا فرما، اپنے پاکِ کلام قرآن کریم سے محبت عطا فرما۔ اے مالک ارض وسماء یہ صرف تیری اعانت ودستگیری سے ہوگا۔

انک علیٰ کل شیئی قدیر .

Marfat.com

# بدعت

Marfat.com

عن حسان قال :

مَا ابْتَدَعَ قَوْمٌ بِدْعَةً فِيْ دِيْنِهِمْ اِلاَّ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ سُنَّتِهِمْ مِثْلَهَا ثُمَّ لَا يُعِيْدُهَا اِلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ .

حضرت حسان (ابن عطیہ) رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

جن قوم نے اپنے دین میں بدعت اختیار کی تو اللہ تعالیٰ ان کی سنت اس کے مثل اٹھالیتا ہے پھر اس سنت کو ان میں قیامت تک نہیں لوٹاتا۔

......☆......

حق و باطل اور نور و ظلمت کا اجتماع محال ہے جہاں حق کا اجالا ہو وہاں سے باطل کے اندھیرے چھٹ جاتے ہیں جہاں حق کا سویرا ہو وہاں باطل کی ظلمات کا کیا کام اس طرح سنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نور وہ نور ہے جو قلوب کو جلا بخشتا ہے اس سے انسانیت کے تن

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۱۸۸) | جلد ۱ | صفحہ ۱۰۰ |
| المسند الدارمی | رقم الحدیث (۹۹) | جلد ۱ | صفحہ ۲۳۱ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ صحیح | | |
| شرح اعتقاد...... | رقم الحدیث (۱۲۹) | جلد ۱ | صفحہ ۱۰۴ |
| حلیۃ الاولیاء | رقم الحدیث (۷۸۴۱) | جلد ۶ | صفحہ ۷۴ |

Marfat.com

مردہ میں جان آتی ہے سنت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی موجودگی میں بدعت کا کیا کام بدعت سنت کے مزاحم ہوا کرتی ہے۔ یہ اضداد میں سے ہیں جہاں سنت ہو وہاں بدعت نہیں ٹھہرتی اور جہاں بدعت آ جائے وہاں سے سنت بھی کوچ کر جاتی۔ حضرت حسان بن عطیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جو قوم سنتِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے لگاؤ چھوڑ دے، سنت پر عمل کو ترک کر دے بلکہ بدعت کی دلدادہ بن جائے کہ اسے اختیار کر کے ہی دم لے تو اللہ القادر اس قوم سے اس کی مثل سنت کو رخصت کر دیتا ہے سنت نور وضیاء کا نام ہے جب لوگ نور وضیاء کی بجائے ظلمت وتاریکی سے محبت کریں اور اسے نور پر ترجیح دیں تو خالق ومالک جل جلالہ اس قوم سے نور سنت کو لے جاتا ہے پھر وہ نور قیامت تک اس قوم میں واپس نہیں آتا۔

بدعت سنت سے متصادم ہے بدعت ہوتی ہی وہ ہے جو رافع سنت ہو اس ارشاد گرامی سے بھی واضح ہوا کہ بدعت آنے سے سنت اٹھائی جاتی ہے تو بدعت وہی عمل واعتقاد ہے جس کے آنے سے سنت ختم ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ ہر اھل ایمان کو سنت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر چلنے کی سعادت عطا فرمائے:

بدعت سے نفرت اور روگردانی، بدعت سے کنارہ کش ہونے کی توفیق ارزانی عطا فرمائے۔

**بدعة : ای مزاحمة لسنة**

(مرقاة............)

marfat.com
Marfat.com

بعض شجر سایہ دار کو جب اس کی جگہ سے اکھیڑ دیا جائے تو پھر ہزار کوشش کر لیجئے وہ تناور درخت وہاں دوبارہ پیوست نہیں ہوتا اگر اسے وہاں کھڑا کریں گے بھی تو اس میں وہ توانائی و جاذبیت نظر نہیں آئے گی۔

سنت اللہ تعالی کا خصوصی عطیہ ہے یہ جب کسی قوم میں درخت سایہ دار بنتا ہے تو اس کی چھاؤں میں پوری قوم کو اپنی برکات سے معمور رکھتا ہے۔ اگر وہ قوم اس درخت کی قدر نہ کرے بلکہ اسے جڑ سے اکھیڑ دے اور اس کی جگہ بدعت کو ترجیح دے تو جب یہ درخت اس قوم کے لئے سایہ دار نہ رہیگا۔ یہ تو اپنی جڑ سے اکھڑ گیا اس کے تن سے جان نکل گئی اور اس کی جگہ کسی بے ہنگم چیز کو نصب کر دیا جو اس کے وجود کو برداشت نہ کرے تو اب وہ درخت دوبارہ وہاں کیسے آ سکتا ہے۔ بدعت اختیار کرنے والی قوم جان لے کہ اس نے بہت سے شجر سنت کو اس کی جڑ سی اکھیڑ دیا ہے۔ کیونکہ بدعت کہتے ہی اسے ہیں جو سنت کو مٹا دے۔ سنت سے متصادم ہو جز سنت کی جگہ خود لے لے اب وہاں سنت کیسے آئے گی بلکہ اللہ ذو الجلال قیامت تک اس قوم کو سنت سے محروم رکھے گا۔

علامہ ابن الاثیر الجزری فرماتے ہیں:

**البدعة : ما خالف اصول الشريعة ولم يوافق السنة** (1)

بدعت وہ ہے جو اصول شریعت کے مخالف ہو اور سنت مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موافق نہ ہو۔

ابو عثمان الجزی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

(۱) النھایہ ا/ ۶۷

Marfat.com

**مـن امـر الـسـنة عـلى نفسه قولا وفعلاً نطق با لحكمه و من امر الهوىٰ على نفسه نطق بالبدعة .**

جس نے سنتِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی جان پر حکمران بنایا قول وفعل میں تو وہ حکمت سے بولا اور جس نے اپنے نفس پر خواہشات کو حکمران بنایا تو وہ بدعت سے بولا۔

marfat.com
Marfat.com

# چمکتے موتی

Marfat.com

عَنْ اَبِی رُقَیَّۃَ تَمِیْمِ بِنْ اَوْسِ الدَّارِیْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ قُلْنَا: لِمَنْ قَالَ: لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَلِکِتَابِہٖ وَلِرَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَلَا ئِمَّۃِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِھِمْ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسندالامام احمد | رقم الحدیث (۱۶۸۸۴) | جلد۱۳ | صفحہ۲۰۸ |
| قال حمزہ احمدالزین: | اسنادہ صحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۴۱۲) | جلد۳ | صفحہ۱۸۱ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۲۰۵۳) | جلد۲ | صفحہ۱۱۶ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۵۵) | جلد۱ | صفحہ۱۰۶ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۲۹۰) | جلد۱ | صفحہ۲۶۳ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۹۱۶۷) | جلد۱۱ | صفحہ۵۵۷ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۴۵۷۴) | جلد۱۰ | صفحہ۴۳۵ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط مسلم | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۱۲۶۱-۱۲۶۰) | جلد۲ | صفحہ۵۲ |
| مسند الحمیدی | رقم الحدیث (۸۳۷) | جلد۲ | صفحہ۳۶۹ |
| سنن ابی داوٗد | رقم الحدیث (۴۹۴۴) | جلد۴ | صفحہ۳۱۱ |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابو رقیہ تمیم بن اوس داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: دین خلوص کا نام ہے۔ ہم نے عرض کی کس کیلئے؟

آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: عزت وجلال والے اللہ کیلئے، اس کی کتاب کیلئے، اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کیلئے اور مسلمین کے اماموں کیلئے اور مسلمین کی عوام کیلئے۔

-☆-

اَلنَّصِیُحۃُ نَصَحَ سے مشتق ہے نَصَحَ کا معنی ملاحظہ ہو:

نَصَحَ - نُصُحاً اَلشَّیُءُ خَلُصَ : صَفَا (المنجد)

نَصَحَ - نُصُحاً کا معنی ہے کسی چیز کا خالص ہونا - صاف ہونا

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۹۴۴) | جلد۳ | صفحہ۲۱۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۴۲۰۳) | جلد۷ | صفحہ۱۶۵ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۴۲۰۸) | جلد۳ | صفحہ۱۳۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الارواء الغلیل | رقم الحدیث (۲۶) | جلد۱ | صفحہ۶۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

اَلدِّیْنُ اَلنَّصِیْحَةُ- دین اخلاص کا نام ہے یعنی دل کو ہر قسم کی آلائشوں سے پاک وصاف کرنے کا نام ہے۔

عرض کی گئی یارسول اللہ کس کیلئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لِلّٰہِ وَلِکِتَابِہٖ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعَامَّتِھِمْ.

## لِلّٰہِ :

دین اللہ تعالیٰ کیلئے دل کے پاک وصاف کرنے کا نام ہے۔ بندہ کا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان کامل ہو اس میں کسی قسم کا تردد وشبہ نہ ہو یہ ایمان ہر قسم کی کجی وکمی سے پاک ہو شیطان کی وسوسہ اندازی اس ایمان کا کچھ نہ بگاڑ سکے۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد" اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَد".

کی جب تلاوت کی تو پھر دل وجان سے اس وحدہ لاشریک کی وحدانیت کا اقرار کیا اس کے صمد ہونے کا اعلان کیا اور دل کی گہرائیوں سے تسلیم کیا کہ ساری کائنات اللہ الواحد کی محتاج ہے اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں اس کی کوئی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور اس بھری کائنات میں کوئی بھی اس کا شریک نہیں بلکہ تمام اس کے عبد ہیں۔

اللہ کی عبادت کرتے وقت نیت بھی پاک وصاف ہو اس نیت میں کسی قسم کا دکھلاوا نہ ہو ریاکاری کی آمیزش سے بندہ مومن کے سجدے پاک وصاف ہوں وہ ذکر الٰہی بھی کرے تو وہ خالص اللہ وحدہ لاشریک کیلئے کرے۔

## لِکِتَابِہٖ:

دل بغیر کسی آمیزش کے قرآن کریم کو وحی الٰہی تسلیم کرے یہ ایمان یہ ایقان رسمی نہ

Marfat.com

ہو بلکہ حقیقی ایمان ہو قرآن کریم کے منزل من اللہ ہونے میں کسی قسم کا تردد و شبہ نہ ہو۔

قرآن کریم کی تلاوت یوں کی جائے کہ دل جو پہلے پاک صاف ہے انوار ربانیہ کا مھبط بن جائے کلام الٰہی کی تاثیر دل سے گزر کر تمام جسم میں سرایت کر جائے ایسی تلاوت کہ سبحان اللہ! قدسی بھی سلامی کیلئے حاضر ہوں۔

قرآن کریم میں جو کچھ ہے اس پر عمل کیا جائے اس کے کسی حکم کو نظر انداز نہ کیا جائے۔ قرآن کریم جو رشد و ہدایت کی آخری نازل شدہ کتاب ہے پر پورے اعتماد سے عمل کی سعی کی جائے اور اس میں کسی قسم کی کمی و کوتاہی روا نہ رکھی جائے۔

## لِرَسُوْلِہٖ :

بندہ مومن حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا سچا رسول مانے دل و جان سے آپکی نبوت کا اقرار کرے اس اقرار نبوت میں کسی قسم کا شائبہ نہ ہو۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خاتم النبیین تسلیم کیا جائے اس بات پر دل و جان سے ایمان ہو کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں اور آپ کے بعد نبوت رسالت کا سلسلہ بند ہے اور آپ کے بعد ہر مدعی نبوت کاذب اور سزاوار جہنم ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سید الخلق تسلیم کیا جائے کائنات ارضی و سماوی میں کوئی بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم پلہ نہیں بلکہ جملہ کمالات اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ہیں اور یہ خدا کے عطا فرمودہ ہیں جس کو جو بھی کمال و خوبی ملتی ہے وہ بارگاہ خیر الورای صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملتی ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات پر عمل کیا جائے سنت مصطفیٰ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوں گرویدہ ہوا جائے کہ سنت کے نور کے بغیر کچھ نظر ہی نہ آئے صبح سے لیکر شام تک بلکہ رات تک بستر پر دراز ہوتے تک ہر لحہ ہر گھڑی سنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر عمل کیا جائے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو شریعت مطہرہ کے حسین احکامات پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

## لِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِیْنَ :

حکومت کرنا آسان کام نہیں۔اس راہ میں بڑی بڑی رکاوٹیں ہوتی ہیں تمام رعایا کا خیال رکھنا یہ دل گردے کا کام ہے۔جو شخص مسند اقتدار پر بیٹھ گیا اب اھل اسلام کا فرض ہے کہ اس کے لیئے مشکلات پیدا نہ کریں بلکہ اس کی خیر خواہی کریں کوئی ایسا عمل یا تحریک نہ ہو جو فتنہ وفساد کا موجب بنے۔اپنے گھر کو فساد کی آگ کی نذر کر دینا کہاں کی دانشمندی ہے۔اگر حکمران ایسے کام کرنے لگے جو اسلامی مزاج سے مطابقت نہ رکھتے ہوں تو ایسے حکمران کو احسن طریقے سے سمجھایا جائے اور اسے حکمت سے راہ راست بتایا جائے اگر وہ حکمران بالکل ہی غلط سمت چلنا شروع کر دے تو اس کیلئے بھی ہمارے ہاں فرمان رسول موجود ہے:

مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَراً فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذَالِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَان.

اگر حکمران صحیح سمت جا رہا ہو تو اس کی حکومت کی بھلائی اور بہتری کیلئے اللہ الکریم کی بارگاہ میں دعا کرنی چاہیئے۔

## عَامَّتِهِمْ:

عام مسلمین کیلئے اپنے دل کو پاک وصاف رکھے۔مسلمین کی بھلائی کیلئے اللہ کے حضور

Marfat.com

دست بدعا رہے اپنے دل کو ان کیلئے ہر قسم کی آلائشوں سے محفوظ رکھے بڑوں کا ادب کرے اور چھوٹوں سے شفقت و پیار سے پیش آئے۔

**مَنْ لَمْ یَرْحَمْ صَغِیرَنَا وَلَمْ یُؤَقِّرْ کَبِیْرَنَا فَلَیْسَ مِنَّا.**

جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی عزت وتوقیر نہ کرے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

راہ چلتے آدمی کو السلام علیکم کہے اور اگر کوئی مسلمان السلام علیکم کہنے میں پہل کر گیا تو جواباً وعلیکم السلام کہے اس سے باہمی محبت والفت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ**

**لَا تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوا حَتّٰى تَحَابُّوا اَوَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰى شَیْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ "اَفْشُوْا السَّلَامَ بَیْنَکُمْ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۹۳) | جلد ۱ | صفحہ ۱۰۶ |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۵۱۹۳) | جلد ۲ | صفحہ ۷۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابی داود | رقم الحدیث (۵۱۹۳) | جلد ۳ | صفحہ ۲۷۴ |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۶۸) | جلد ۱ | صفحہ ۶۳ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۶۸) | جلد ۱ | صفحہ ۹۱ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۵۷) | جلد۱ | صفحہ۴۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۷۷۷) | جلد۳ | صفحہ۲۳۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمزی | رقم الحدیث (۲۶۸۸) | جلد۵ | صفحہ۵۲ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۳۶) | جلد۱ | صفحہ۴۷۱ |
| قال الارنووط: | اسنادہ قوی | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۳۰۰) | جلد۱۲ | صفحہ۲۵۸ |
| قال المحقق: | ھذا حدیث صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۴۶۹) | جلد۹ | صفحہ۳۶۹ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۵۱۳) | جلد۹ | صفحہ۳۷۸ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۱۴۲۸۵) | جلد۱۷ | صفحہ۶۵۷ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۹۸۰) | | صفحہ۳۴۰ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۹۸۰) | | صفحہ۳۷۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۹۰۶۱) | جلد۹ | صفحہ۹۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک تم ایمان نہ لے آ ؤ اور اس وقت تک تمہارا ایمان کامل نہیں جب تک تم ایک دوسرے سے محبت نہ کرو۔ کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتادوں کہ جب تم اسے کرو تو تم میں باہمی محبت پروان چڑھے؟

آپس میں السلام علیکم کی خوب اشاعت کرو۔

سنن ابن ماجہ میں یہی حدیث پاک قسم سے شروع ہوئی ہے۔

الفاظ مبارکہ ملاحظہ ہوں:

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ ! لاَ تَدْخُلُوا الْجَنَّۃَ حَتّٰی تُؤْمِنُوا وَ لا تُؤْمِنُوْا حَتّٰی تَحَابُّوا اَوَلَا اَدُلُّکُمْ عَلٰی شَیْیءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْہُ تَحَابَبْتُمْ "اَفْشُوا السَّلاَمَ بَیْنَکُمْ".

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قسم ہے اس ذات یکتا کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! تم جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک تم ایمان نہ لاؤ اور اس وقت تک تم کامل الایمان نہیں ہو سکتے جب تک تم آپس میں محبت نہ کرو۔

کیا میں تمہیں ایسی چیز کی خبر نہ دوں کہ جب تم اس پر عمل کرو تو آپس میں محبت کرنے لگو؟

آپس میں السلام علیکم کا خوب تبادلہ کرو۔

-☆-

بسا اوقات معمولی سی چیز کا نتیجہ بہت بڑا نکلتا ہے زبان سے نکلا ہوا کوئی کلمہ ظاہراً

marfat.com
Marfat.com

معمولی ہوتا ہے لیکن اپنے اثرات کے اعتبار سے بہت دور تک چلا جاتا ہے اسی طرح السلام علیکم کے بارے میں غور کیجئے اس کے اثرات وثمرات کہاں تک جاتے ہیں۔

السلام علیکم کہنے سے باہمی محبت میں اضافہ ہوتا ہے ایک دوسرے سے محبت کا ایسا بیج دل میں پیوست ہوجاتا ہے کہ وہ آہستہ آہستہ تناور درخت کا روپ دھار لیتا ہے اور یہی محبت کمال ایمان کی نشانی ہے۔ اھل اسلام سے جس قدر انس ہوگا اس قدر ایمان میں قوت وتوانائی ہوگی اور یہی ایمان دخول جنت کا ذریعہ ہے اور جنت اللہ تعالیٰ کی رضا کا مقام ہے۔

اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے محبت درحقیقت اللہ تعالی سے محبت ہے اللہ کی مخلوق سے محبت کرنے والا کبھی خائب وخاسر نہیں ہوتا بلکہ ہمیشہ کامیابی وکامرانی سے ہمکنار رہتا ہے۔ یہی وہ اسلام کی روح ہے جس سے اکثر احباب غافل ہیں۔

Marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ -رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا- اَنَّ النَّبِيَّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ -قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّداً رَسُوْلُ اللّٰهِ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۵۲۵) | جلد ۸ | صفحہ ۳۴۴ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۳۵) | جلد ۱ | صفحہ ۲۴۵ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۲۵) | جلد ۱ | صفحہ ۱۷ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۲) | جلد ۱ | صفحہ ۸۱ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۷۴۲۲) | جلد ۶ | صفحہ ۳۹ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۶۵۰۱) | جلد ۳ | صفحہ ۵۱۱ |
| قال المحقق: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۷۵) | جلد ۱ | صفحہ ۴۰۱ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۱۹) | جلد ۱ | صفحہ ۴۵۳ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۳) | جلد ۱ | صفحہ ۶۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر -رضی اللہ عنھما- سے روایت ہے کہ نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

مجھے (اللہ کی طرف سے) حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے جہاد کروں یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی الٰہ (لائق بندگی) نہیں اور (حضرت) محمد -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- اللہ کے رسول ہیں۔ وہ صلاۃ (نماز) قائم کریں اور زکوۃ ادا کیں۔ تو جب وہ یہ کام کر لیں گے تو مجھ سے اپنی جانیں اور اپنے اموال بچا لیں گے۔ سوائے اسلام کے حق کے لیئے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔

-☆-

اللہ رب العزت نے انسانیت کی بھلائی کیلئے دین اسلام کو پسند فرمایا:

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

بیشک دین تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اسلام ہے۔

وَمَنْ یَبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْناً فَلَنْ یُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ.

جو آدمی اسلام کے علاوہ کوئی اور دین اختیار کرے گا تو اس سے یہ ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دین حق کی اشاعت و ترویج کیلئے انتھک کوشش کی یہاں تک کہ حجۃ الوداع کے موقع پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی نازل ہوا

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ

Marfat.com

الاِسلامَ دِیناً.

آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں تمام کر دیں ہیں اور تمہارے لیئے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا ہے۔

یہ دین اسلام امن و عافیت کا دین ہے یہ سراپا خیر و برکت دین ہے اس کے ماننے والے اخوت و محبت کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں جو جسد واحد کا روپ دھار لیتے ہیں۔ تمام انسانیت کو چاہیئے ہر ملک و خطہ کے باسیوں کو چاہیئے کہ وہ دین حق قبول کریں اتنا صاف و شفاف دین اتنا خیرات و برکات سے لبریز دین اور کونسا ہے؟ اس لیئے جملہ افراد کی بہتری اسی میں ہے کہ وہ اس دین کو قبول کریں اور اپنی آخرت سنواریں۔

یہ دین حق جبر کا دین نہیں یہ کسی پر مسلط نہیں ہوتا بلکہ یہ پیار و محبت کا دین ہے رحمت و شفقت کا دین ہے لیکن اس کی رحمت و الفت کو بزدلی نہ سمجھا جائے اس دین سے اگر کوئی مطابقت نہیں رکھتا تو وہ اپنی راہ لے اس دین کے ماننے والوں کو کچھ نہ کہے لیکن اگر وہ باز نہ آئے اور اھل ایمان کو تنگ کرے اور مسلسل تنگ کرتا جائے تو پھر اللہ تعالیٰ نے جو اس دین کا محافظ ہے اجازت دی ہے کہ پھر اے اھل ایمان تم بھی میدان میں نکل آو اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو فتح و نصرت تمہاری ہوگی۔

اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّھُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰہَ عَلٰی نَصْرِھِمْ لَقَدِیْر''.

اذن دیا گیا ہے ان (مسلمین) کو جن سے جنگ کی جاتی ہے اس بنا پر کہ ان پر ظلم کیا گیا اور بیشک اللہ تعالیٰ انکی نصرت پر پوری طرح قادر ہے۔

ہاں جو اسلام قبول کرے گا اسکا جان و مال محفوظ ہے یعنی اَسلامی ریاست اپنے باسیوں

marfat.com
Marfat.com

کی جان و مال کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔

## اِلّا بِحَقِّ الْاِسْلَامِ:

ہر مومن و مسلم کا اسلامی ریاست میں جان و مال محفوظ ہے۔حکومت اسکی حفاظت کی ذمہ داری لیتی ہے لیکن اس کا یہ مفہوم نہیں کہ مسلمان سمجھے کہ اب اسکی جان بھی محفوظ اسکا مال بھی محفوظ اس لیئے اسے اب دوسروں کا مال ہضم کرنا چاہیئے اور اسے شیر مادر سمجھ کر کھا جانا چاہیئے۔یاد رہے اگر کوئی مسلم اسلامی ریاست میں کسی کا مال غصب کرتا ہے تو حکومت وقت اس سے مال لیکر اصل مالک کو لوٹائے گی اس طرح اگر کوئی آدمی اسلامی ریاست میں کسی دوسرے کو جان سے مار دیتا ہے تو پھر اس قاتل کی جان بھی محفوظ نہیں۔حکومت وقت اس کو قصاصاً قتل کرے گی۔الا یہ کہ مقتول کے وارث اسے معاف کر دیں۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ صَخْرٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ –صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ– یَقُوْلُ مَا نَهَیْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَمَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَثْرَةُ مَسَائِلِهِمْ وَاخْتِلَافُهُمْ عَلٰى اَنْبِیَائِهِمْ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۸) | جلد۱ | صفحہ۱۹۸ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح رجالہ رجال الشیخین | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۳۳۷) | جلد۴ | صفحہ۵۰۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۴۹۲) | جلد۷ | صفحہ۲۹۳ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن خزیمۃ | رقم الحدیث (۲۵۰۸) | جلد۴ | صفحہ۱۲۹ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۸۶۱۵) | جلد۴ | صفحہ۵۳۴ |
| قال المحقق: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| المصنف عبدالرزاق | رقم الحدیث (۲۰۳۷۲) | جلد۱۱ | صفحہ۲۲۰ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۷۲۸۸) | جلد۶ | صفحہ۲۲۷۵ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۳۳۵۵) | جلد۱۰ | صفحہ۷۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۳۶۱) | جلد۷ | صفحہ۱۸۲ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ عبدالرحمٰن بن صخر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا

جس چیز سے میں تمہیں روکوں اس سے رک جاؤ اور جس کے کرنے کا حکم دوں جہاں تک تمہاری استطاعت ہو بجالاؤ۔ پس ہلاک کیا ان قوموں کو جو تم سے پہلے تھیں ان کے سوالات کی کثرت نے اور انبیاء کرام صلوات اللہ وسلامہ علیھم سے ان کے اختلاف نے۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۲) | جلد۱ | صفحہ۲۶ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۲) | جلد۱ | صفحہ۴۲ |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲) | جلد۱ | صفحہ۱۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۸۵۰) | | جلد۱ | صفحہ۵۳۰ |
| المسند الحمیدی | رقم الحدیث (۱۱۲۵) | جلد۲ | صفحہ۴۷۷ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۸۸) | جلد۴ | صفحہ۳۱۰ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۷۹) | جلد۲ | صفحہ۷۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| فتح الباری | | جلد۱۳ | صفحہ۲۶۱ |

Marfat.com

اس حدیث پاک میں اھل ایمان کودرس دیا جارہا ہے کہ جوحضور رسول اللہ فرمادیں یعنی جس کاحکم دے دیں وہ کام کرگزرواور جس کام کے کرنے سے اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روک دیں تم رک جاؤ زیادہ سوالات نہ کیا کرو۔

بعض آدمیوں کو باتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے وہ کسی بھی طور خاموش نہیں رہتے بلکہ بات سے بات نکالتے ہیں۔اس حدیث پاک میں امت کودرس دیا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ سوالات مت کیا کرواس سے بسا اوقات تمہارے لیے ہی الجھن پیدا ہوگی اور تمہیں ہی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

**عَنْ سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ اَعْظَمَ الْمُسْلِمِیْنَ جُرْماً مَنْ سَأَلَ عَنْ شَیْئٍ لَمْ یُحَرَّمْ فَحُرِّمَ مِنْ اَجْلِ مَسْئَلَتِهٖ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۷۲۸۹) | جلد۴ | صفحہ۲۲۷۵ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۲۳۵۸) | جلد۱۵ | صفحہ۹۰ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث(۴۶۱۰) | جلد۲ | صفحہ۶۱۲ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث( | | |
| قال الالبانی: | | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث(۶۶۲۸) | جلد۶ | صفحہ۲۳۶۹ |
| شرح مشکل الآثار | | جلد۲ | صفحہ۲۱۲ |
| فتح الباری | | جلد۱۳ | صفحہ۲۶۴ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث(۹۱۶۵) | جلد۵ | صفحہ۴۱۴ |
| المعجم الکبیر | رقم الحدیث(۱۰۵) | جلد۱۷ | صفحہ۴۹ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمین میں وہ مسلم بڑے جرم والا ہے جس نے ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جو حرام نہ تھی تو اس کے پوچھنے کے سبب وہ حرام ہوگئی۔

-☆-

اب غور کیجئے ایک کام حرام نہیں تھا مسلمین اگر وہ کام کرتے تو حرام کے مرتکب نہ ہوتے لیکن کسی اس طرح پوچھا کہ اس کے پوچھنے کے سبب وہ چیز حرام کردی گئی۔ اب اس ایک آدمی کی وجہ سے سب مسلمین مشقت میں مبتلا ہوگئے۔

اس وجہ سے کثرت سوال کی ممانعت کی دی گئی۔

**كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةِ السُّوَالِ وَاِضَاعَةِ الْمَالِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۴۷۷) | جلد ۱ | صفحہ ۴۴۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۰۶۵) | جلد ۱۴ | صفحہ ۸۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| موارد الظمآن (للہیثمی) / رقم الحدیث (۹۳) | | | صفحہ ۵۲ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۵۹۳۷) | جلد ۱۲ | صفحہ ۱۲ |
| الترغیب والترہیب | رقم الحدیث (۴۲۴۵) | جلد ۳ | صفحہ ۵۲۱ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترہیب / رقم الحدیث (۲۸۷۹) | | جلد ۳ | صفحہ ۹۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیل وقال کثرت سوال اور مال ضائع کرنے سے منع کیا کرتے تھے۔

-☆-

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۵۷۲۰) جلد ۱۳ صفحہ ۲۸

قال المحقق: حدیث صحیح، اسنادہ صحیح علی شرط مسلم

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ -رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ- قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ -اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی طَیِّب" لا یَقْبَلُ اِلَّا طَیِّباً وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اَمَرَ الْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا اَمَرَ بِهٖ الْمُرْسَلِیْنَ فَقَالَ تَعَالٰی یَااَیُّهَا الرُّسُلُ کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحاً وَقَالَ تَعَالٰی یَااَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَارَزَقْنٰکُمْ ثُمَّ ذَکَرَ الرَّجُلَ یُطِیْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ یَمُدُّ یَدَیْهِ اِلَی السَّمَاءِ یَارَبِّ یَارَبِّ وَمَطْعَمُهٗ حَرَام" وَمَشْرَبُهٗ حَرَام" وَمَلْبَسُهٗ حَرَام" وَغُذِّیَ بِالْحَرَامِ فَاَنّٰی یُسْتَجَابُ لِذٰلِکَ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۵٦۱) | جلد۲ | صفحہ۵۳۲ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۰۱۵) | جلد۲ | صفحہ۳۹۸ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۰۰۰) | جلد۴ | صفحہ۳٦۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۸۹) | جلد۳ | صفحہ۲۰۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (٦۳۹۴) | جلد۳ | صفحہ۴۸۲ |
| قال المحقق: | رواہ المسلم فی الصحیح | | |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۸۱۳۱) | جلد۱۰ | صفحہ۵٦۵ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۳۴۱۳) | جلد۱۰ | صفحہ۸٦ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ صرف پاکیزہ چیزوں کو قبول کرتا ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حکم دیا ہے اس چیز کا جس کا اس نے رسولوں کو حکم دیا ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

اے گروہ مرسلین! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور نیک عمل کرو۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اے ایمان والو! کھاؤ ان پاکیزہ چیزوں کو جو ہم نے تمہیں عطا فرمائی ہیں۔

پھر آپ نے ذکر کیا اس شخص کا جو لمبا سفر طے کر کے آیا پراگندہ بالوں والا اور گرد آلود کپڑوں والا اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف پھیلاتا ہے (اور کہتا ہے)

اے میرے رب! اے میرے رب! حالانکہ اس کا کھانا حرام کا، اس کا پینا حرام کا، اس کا لباس حرام کا اور اس کی حرام روزی پر پرورش کی گئی۔ تو اس (حرام) کھانے اور پینے والے کی دعا کیسے قبول ہوگی۔

-☆-

## اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی طَیِّب" لَا یَقْبَلُ اِلَّا طَیِّباً :

اللہ تعالیٰ طیب وطاہر ہے اللہ تعالیٰ کی ذات ہر قسم کے عیوب ونقائص سے پاک ہے اسکی ذات عجز وکمزوری سے پاک ہے وہ ذات اقدس مستقل بالذات اور غیر محتاج ہے۔ اللہ ذوالجلال ولاکرام اسی مال کو پسند کرتا ہے جو طیب ہو۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ ان اعمال کو قبول فرماتا ہے جو طیب ہوں وہ ان عیوب سے منزہ ہوں جو اعمال سے حسن کو ختم کر دیتے ہیں بلکہ انہیں اعمال سیئہ کی فہرست میں شامل کر دیتے ہیں۔ ریا کاری ودکھلاوے کے داغوں سے پاک ہوں ان اعمال کے صدور میں صرف اور صرف رضائے الٰہی کارفرما ہو۔

اموال میں اللہ ذوالجلال ان اموال کو قبول کرتا ہے جو طیب وطاہر ہوں۔ جو مال خرچ کرنے والے کی اپنی ملکیت ہو۔ ان اموال کو کسی سے غصب نہ کیا گیا ہو۔ وہ دھوکہ دہی سے فریب سے حاصل نہ کیے گئے ہوں اور راہ حق میں خرچ کرتے ہوئے بھی نیت پاک وصاف ہو ریا کاری ودکھلاوا کے داغوں سے منزہ ہو۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحَ یَرْفَعُہٗ.

اسی کی طرف طیب کلمات چڑھتے ہیں اور عمل صالح اسی کی طرف بلند ہوتا ہے۔

جو کلمات طیبات وطاہر ہوں وہی بارگاہ خداوندی میں قبول ومنظور ہوتے ہیں۔ اللہ ذوالجلال ولاکرام ان ہی کلمات کو پسند کرتا ہے جو فی نفسہٖ پاک ہوں اور ادا کرنے والے کی زبان بھی پاک ہو اسکی نیت بھی ریا کاری کے داغوں سے پاک ہو۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی کتنا واضح ہے جس میں اس نے کلمات طیبات کی اہمیت کو اجاگر کر دیا ہے:

ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلاً کَلِمَۃً طَیِّبَۃً کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُھَا ثَابِت" وَفَرْعُھَا فِی السَّمَاءِ تُؤْتِیْ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍ بِاِذْنِ رَبِّھَا وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلْنَاسِ لَعَلَّھُمْ تَتَذَکَّرُوْنَ.

Marfat.com

اللہ تعالیٰ مثال بیان فرماتا ہے کلمہ طیبہ کی کہ وہ شجرہ طیبہ کی طرح ہے اسکی اصل وثابت قائم ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں وہ اپنا پھل اپنے رب کے اذن سے ہر لمحہ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مثالیں لوگوں کیلئے بیان فرماتا ہے تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث پاک میں طیب وطاہر کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے ایک آدمی کا ذکر فرمایا جس کی چند خصوصیات ذکر ہیں۔

## ا. يُطِيْلُ السَّفَرَ.

طویل سفر کرتا ہے حالت سفر میں بندہ مومن کی دعا کو شرف قبولیت سے نوازا جاتا ہے۔ مسافر اپنے گھر سے دور ہوتا ہے وطن سے بعد اس کی طبیعت میں عجز وانکساری پیدا کر دیتا ہے اپنے دوست واحباب سے دور یہ حالت طبیعت میں کبر کا مادہ ختم کر دیتی ہے حالت سفر میں پیسے محدود تعداد میں ہوتے ہیں اس سے بھی غرور کا سر نیچا ہوتا ہے۔ یہ وہ وصف عاجزی ہے جو قبولیت دعا میں بنیادی عنصر ہوا کرتا ہے۔ سفر بہر حال سفر ہے پھر اس کا طویل ہونا سفر کا لمبا ہونا اس وصف عاجزی میں مزید نکھار پیدا کرتا ہے ایسی حالت میں رحیم وکریم اللہ دعا کو ضرور قبول فرماتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ - رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ - عَنِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ - قَالَ : ثَلاثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَات" لاشَكَّ فِيهِنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهٖ (اَوْعَلٰى وَلَدِهٖ).**

---

سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۳۸۶۲) جلد۴ صفحہ ۳۲۰

قال محمود محمد محمود: الحدیث حسن

marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۹۳۱) | جلد ۳ | صفحہ ۲۶۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۵۹۶) | | جلد ۲ | صفحہ ۱۴۵ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۳۲) | | صفحہ ۱۹ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۳۲) | | صفحہ ۴۳ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۴۸۱) | | صفحہ ۱۲۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۴۸۱) | | صفحہ ۱۸۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۲۵۷۱) | | صفحہ ۳۲۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۵۰۱) | جلد ۷ | صفحہ ۲۹۹ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۵۶۴) | جلد ۸ | صفحہ ۳۵۵ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۱۴۹) | جلد ۹ | صفحہ ۴۱۴ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۶۵۶) | جلد ۹ | صفحہ ۵۴۵ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۷۱۷) | جلد ۹ | صفحہ ۵۶۲ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۵۳۶) | جلد ۱ | صفحہ ۴۸۰ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۵۳۶) | جلد ۱ | صفحہ ۴۲۰ |
| قال الالبانی: | حسن | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین دعائیں قبول ہیں انکی قبولیت میں کوئی شک نہیں۔ مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا اور والد کی اپنے بیٹے کیلئے دعا۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۱۲) | جلد۳ | صفحہ۳۶۲ |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۰۵) | جلد۲ | صفحہ۳۴۴ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۶۹۹) | جلد۶ | صفحہ۴۱۶ |
| قال شعیب الارنووط: | حدیث حسن | | |
| شعب الایمان | رقم الحدیث (۷۴۶۲) | جلد۶ | صفحہ۴۸ |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۶۳۹۲) | جلد۳ | صفحہ۴۸۱ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۴۸۷۳) | جلد۱۰ | صفحہ۴۳۲ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۳۹۴) | جلد۵ | صفحہ۱۹۵ |

marfat.com
Marfat.com

## ۲۔ بال پراگندہ-لباس غبار آلود:

بال بکھرے ہوئے ہوں اور لباس پر گرد و غبار ہو تو یہ کیفیت بھی قبولیت دعا میں مؤثر ہے

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**عَنِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: رُبَّ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرِیْنِ، مَدْفُوْعٍ عَنِ الْاَبْوَابِ ، لَوْاَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ.**

### ترجمۃ الحدیث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کتنے ایسے پراگندہ بال غبار آلود، دو بوسیدہ چاروں میں ملبوس دروازوں سے دھکے دیے ہوئے اگر وہ اللہ پر قسم کھا کر کوئی کہہ دیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پوری فرماتا ہے۔

-☆-

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۶۲۲) | جلد ۵ | صفحہ ۱۸۶ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۴۸۳) | جلد ۱۴ | صفحہ ۴۰۳ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۴۰۶۹) | جلد ۱۴ | صفحہ ۲۶۹ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۹۳۲) | جلد ۸ | صفحہ ۲۸۲۵ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد | | |
| وقال الذھبی: | صحیح | | |
| فیض القدیر | رقم الحدیث (۴۴۰۲) | جلد ۴ | صفحہ ۱۵ |

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث پاک بھی اس چیز کو واضح کرتی ہے:

**فَقَالَ : خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مُتَبَذِّلاً ، مُتَمَسْكِناً مُتَضَرِّعاً مُتَوَاضِعاً وَلَمْ یَخْطُبْ خُطْبَتَكُمْ هٰذِهٖ فَصَلّٰی رَكْعَتَیْنِ كَمَا یُصَلّٰی فِی الْعِیْدِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۸۶۲) | جلد ۷ | صفحہ ۱۱۲ |
| قال المحقق: | اسنادہ حسن | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۶۳۸۶) | جلد ۳ | صفحہ ۴۸۰ |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۱۶۵) | جلد ۱ | صفحہ ۳۷۳ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۱۶۵) | جلد ۱ | صفحہ ۳۱۹ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۵۵۸) | جلد ۱ | صفحہ ۸۰ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۵۵۸) | جلد ۱ | صفحہ ۳۰۹ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۱۲۶۶) | جلد ۱ | صفحہ ۱۱۲ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۱۲۶۶) | جلد ۱ | صفحہ ۴۲۴ |
| قال المحقق: | اسنادہ حسن | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۲۸۱) | جلد ۱ | صفحہ ۳۸۰ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| مصنف ابن ابی شیبہ | | جلد ۲ | صفحہ ۴۷۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلاۃ الاستسقاء کی ادائیگی کیلئے نکلے سادہ کپڑے پہنے ہوتے، حالت مسکینی میں محتاجی کو ظاہر کرتے ہوئے عاجزی کرتے ہوئے گڑگڑاتے ہوئے اورتواضع کا پیکر بنے ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۰۳۹) | جلد۲ | صفحہ۴۹۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۳۳۳۱) | جلد۳ | صفحہ۴۱۴ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۲۱۹) | جلد۲ | صفحہ۴۷۱ |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۶۶۵) | جلد۳ | صفحہ۱۳۳ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۶۶۹) | جلد۳ | صفحہ۱۳۶ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۱۵۰۵) | جلد۱ | صفحہ۴۷۶ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۱۰۶۹) | جلد۱ | صفحہ۵۰۶ |
| سنن النسائی | | جلد۳ | صفحہ۱۶۳ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۵۲۰) | جلد۱ | صفحہ۴۹۱ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۵۳۵۹) | جلد۴ | صفحہ۳۶۳ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۶۰۹۸) | جلد۸ | صفحہ۴۷۷ |

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہارے اس خطبہ کی طرح خطبہ نہ دیا بلکہ دو رکعتیں ادا کیں جیسے عید کی دو رکعتیں ادا کی جاتی ہیں۔

-☆-

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس حالت میں صلاۃ الاستسقاء کیلئے نکال یہ بات عیاں کرتا ہے کہ یہ حالت اللہ کو محبوب ہے اور یہ حالت دعا کی قبولیت میں مؤثر ہے۔

## ۳۔ دعاء میں ہاتھوں کا بلند کرنا:

**عَنْ سَلْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَيِيٌّ "كَرِيْمٌ" يَسْتَحْيِ اِذَارَفَعَ الرَّجُلُ اِلَيْهِ يَدَيْهِمَا اَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْراً خَائِبَتَيْنِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۶۰۴) | جلد ۱۷ | صفحہ ۸۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۴۸۸) | جلد ۱ | صفحہ ۴۶۸ |
| صحیح سنن ابی داؤد | | | |
| سنن الترمذی: | رقم الحدیث (۳۵۶۷) | جلد ۵ | صفحہ ۳۲۶ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی: | رقم الحدیث (۳۵۵۶) | جلد ۳ | صفحہ ۴۶۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۸۶۵) | جلد ۴ | صفحہ ۳۲۲ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۹۳۴) | جلد ۳ | صفحہ ۲۶۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ حیا والا اور کریم ہے اسے حیا آتی ہے کہ آدمی اس کی طرف ہاتھوں کو بلند کرے تو وہ انہیں خالی نامراد لوٹا دے۔

یہ بھی قبولیت دعا میں بڑا اہم ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۸۷۶) | جلد۳ | صفحہ۱۶۰ |
| قال المحقق: | حدیث قوی | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۸۸۰) | جلد۳ | صفحہ۱۶۳ |
| قال المحقق: | اسنادہ جید | | |
| المستدرک (للحاکم) | رقم الحدیث (۱۸۳۰) | جلد۲ | صفحہ۶۹۹ |
| قال الحاکم: | ھذا اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| وقال الذھبی: | علی شرط (خ-م) | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۸۳۱) | جلد۲ | صفحہ۶۹۹ |
| قال الحاکم: | ولم شاہداً باسناد صحیح | | |
| شرح السنہ (للبغوی) | رقم الحدیث (۱۳۸۵) | جلد۵ | صفحہ۱۸۵ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| شرح السنہ (للبغوی) | رقم الحدیث (۱۳۸۶) | جلد۵ | صفحہ۱۸۶ |
| المعجم الکبیر (للطبرانی) | رقم الحدیث (۶۱۳۰) | جلد۶ | صفحہ۲۵۲ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۴۴۹۴) | جلد۴ | صفحہ۲۹ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۴۸۶۰) | جلد۷ | صفحہ۶۷ |

Marfat.com

اتنی ساری خصوصیات کے باوجود ایسے آدمی کی دعا کو شرف قبولیت سے نہیں نوازا جاتا وجہ واضح ہے کہ اسکا کھانا اسکا پینا اور اسکا لباس حلال کی کمائی سے نہ تھا بلکہ وہ حرام کی کمائی سے تھا اور حرام خور کی دعا کیسے قبول ہو۔

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ -رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا- سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰہِ -صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ- وَرَیْحَانَتِہٖ قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ -صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ- دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَالَا یَرِیْبُکَ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۵۹۱) | جلد۲ | صفحہ۵۴۵ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۲۶) | جلد۴ | صفحہ۲۳۲ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۱۸) | جلد۲ | صفحہ۶۱۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الارواء الغلیل | رقم الحدیث (۱۲) | جلد۱ | صفحہ۴۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۷۳۲) | جلد۸ | صفحہ۳۴۴ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۷۲۷) | جلد۳ | صفحہ۵۲۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۳۴۰۵) | جلد۳ | صفحہ۶۳ |
| المصنف عبدالرزاق | رقم الحدیث (۴۹۸۴) | جلد۳ | صفحہ۱۱۷ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کے جگر گوشہ اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسہ اور حضور کے پھول حضرت ابو محمد امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں میں نے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سن کر اس حدیث پاک کو یاد کیا:

جو چیز تجھے شک میں ڈالے اسے چھوڑ دو اور اسے اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے۔

-☆-

اطمینان قلب مومن کی متاع بے بہا ہے یہی اطمینان اس کا قیمتی سرمایہ ہے یہی وہ

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۱۱۷۸) | | صفحہ ۱۶۳ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۲۰۳۲) | جلد ۸ | صفحہ ۱۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۲۷۱۱) | جلد ۳ | صفحہ ۷۶ |
| مسند الامام احمد (مفصلاً) / رقم الحدیث (۱۷۲۷) | | جلد ۲ | صفحہ ۳۴۷ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۷۲۲) | جلد ۲ | صفحہ ۴۹۸ |
| قال شعیب الارنووط: | حدیث صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۱۲۸) | جلد ۵ | صفحہ ۱۳۳ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۰۸۱۹) | جلد ۵ | صفحہ ۵۴۶ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۴۶۴۲) | جلد ۶ | صفحہ ۴۴۳ |

marfat.com
Marfat.com

سعادت ہے جس کے حصول کیلئے اھل ایمان اپنی جملہ توانائیاں صرف کرتے ہیں۔ حضور رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درج بالا ارشاد کتنا اہم ہے

دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَالَا یَرِیْبُکَ.

ان چیزوں کو چھوڑ دے جو شک و ریب میں مبتلا کر دیں اور ان چیزوں کو اختیار کرو جو اطمینان کا باعث بنیں۔

اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات کو بجا لانے سے اھل ایمان کو اطمینان ملتا ہے اللہ اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواھی سے اجتناب سے روح کو قرار ملتا ہے اس لیئے اھل ایمان احکامات خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بجا لاتے ہیں اور اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی منع کیئے ہوئے امور سے اجتناب برتتے ہیں کیونکہ یہی سعادت عظمیٰ ہے اور اسی میں سکون و طمینان ہے۔

بعض ایسے امور ہیں جو شبھات کے زمرے میں آتے ہیں عام آدمی کیلئے انکا حلال و حرام ہونا واضح نہیں ہوتا اس لیئے انہیں ایسے امور سے مجتنب ہونا چاہیئے۔

اللہ تعالیٰ کا واضح ارشاد گرامی ہے:

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ.

سن لیجئے! اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔

بندہ مومن ذکر الٰہی سے شادکام ہوتا ہے اس کی زندگی کی صبحیں اسکی زندگی کی شامیں اس کے جملہ اوقات ذکر الٰہی میں بسر ہوتے ہیں وہ غفلت سے دور بہت دور ہوتا ہے اور ایسے امور کے نزدیک بھی نہیں جاتا جو ذکر الٰہی میں رکاوٹ بن رہے ہوں کیونکہ اس کی نگاہ میں یہ

Marfat.com

فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ رہتا ہے:

**دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَالاَ یَرِیْبُکَ.**

سچ میں اطمینان ہے جھوٹ میں قلق واضطراب ہے۔

ایک بندہ مومن اس حدیث پاک پر عمل کرتے ہوئے ہمیشہ سچ بولتا ہے سچ کا دلدادہ رہتا ہے اس کی زبان صدق وصفا کی شکر سے شیریں رہتی ہے۔

**فَاِنَّ الصِّدْقَ طَمَانِیْنَۃ" وَاِنَّ الْکَذِبَ رِیْبَۃ".**

بیشک صدق سراپا اطمینان ہے اور بیشک جھوٹ سرتاپا قلق واضطراب ہے۔

سچا آدمی جہاں بھی جاتا ہے اس کا دل مطمئن ہوتا ہے اسے کسی قسم کا خدشہ نہیں ہوتا سچ ہمیشہ اس کی نگرانی نگہبانی کرتا ہے اس کے برعکس جھوٹ بولنے والا ہر وقت مضطرب رہتا ہے اسے ہر لمحہ کھٹکا لگا رہتا ہے کہ کہیں اسکا جھوٹ پکڑا نہ جائے اس لیئے وہ قلق واضطراب میں رہتا ہے اس حدیث پاک میں اہل ایمان کو تعلیم دی گئی ہے کہ ہمیشہ سچ بولو کہ اس سے اطمینان وسکون ہے اور جھوٹ سے دور بہت دور رہو کیونکہ یہ قلب اضطراب پیدا کرتا ہے۔

**دَعْ مَا یَرِیْبُکَ اِلٰی مَالاَ یَرِیْبُکَ.**

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُهٗ مَالَا یَعْنِیْهِ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۳۷) | جلد ۲ | صفحہ ۳۵۲ |
| قال احمد محمد شاکر | رقم الحدیث (اسنادہ صحیح | | |
| الترغیب والترهیب | رقم الحدیث (۴۲۴۷) | جلد ۳ | صفحہ ۵۲۱ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۲۴) | جلد ۴ | صفحہ ۱۴۲ |
| قال الترمذی: | هذا حدیث غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۱۷) | جلد ۲ | صفحہ ۵۳۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۹۷۶) | جلد ۴ | صفحہ ۳۸۴ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۲۲۶) | جلد ۳ | صفحہ ۳۰۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الموطا امام مالک | رقم الحدیث (..........) | جلد ۲ | صفحہ ۶۸۹ |
| قال المحقق: | والحدیث حسن، بل صحیح | | |
| تحفة الاشراف | رقم الحدیث (۱۵۲۳۴) | جلد ۱۱ | صفحہ ۴۱ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا: انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی چیزوں کو چھوڑ دے۔

-☆-

یہ دنیا قیام گاہ نہیں گزرگاہ ہے اس خطہ زمین پر ابدی قیام کسی کے مقدر میں نہیں یہاں جوآیا اسے ایک دن یہاں سے کوچ کر جانا ہے یہ وہ اٹل حقیقت ہے جس سے انکارنا ممکن ہے۔ بڑے بڑے زورآور بڑے باجبروت حکمران بڑے سیم وزر والے صاحبان ثروت اس قطعہ ارضی پر آئے انہوں نے یہاں اپنی پاؤوں جمانے کی کوشش کی لیکن تاریخ شاہد ہے کہ آج تک اس جہاں میں کسی کے پاؤوں نہ جم سکے۔

جوآیا بالآخر اسے جانا ہے یہ زندگی عارضی زندگی ہے یہ زندگی ناپائیدارزندگی ہے اصل اور حقیقی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔

وَاِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَان.

اَلدُّنْيَامَزْرَعُ الْآخِرَةِ. دنیا آخرت کی کھیتی ہے یہاں جوبھی بویا جائے گا کل آخرت میں اس کی کاشت ہوگی ایک بندہ مومن جواس حقیقت سے کماحقہٗ آشنا ہے وہ اس جہانِ رنگ وبو کی قدر کرتا ہے اس سے لمحات کو ضائع نہیں کرتا لایعنی اور فضول کاموں میں اپنا قیمتی اثاثہ تباہ نہیں کرتا۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۹۴۰۸) | جلد ۱۱ | صفحہ ۷۲۹ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۲۶۳۶) | جلد ۸ | صفحہ ۴۰ |

marfat.com
Marfat.com

پھر مومن مومن میں فرق ہے وہ بندہ مومن جسکا ایمان واسلام حسین سے حسین تر ہو جائے جو ایمان وایقان کی بہاروں سے آشنا ہو جس کی حلاوت ایمان سب سے نرالی اور جدا ہو ایسا مومن کامل الایمان اپنی اس زندگی کے لمحات کو ضائع نہیں کرتا وہ ایسے امور سے روگرداں رہتا ہے جو اس کی آخرت میں ناکامی کا باعث بنیں وہ ہمہ وقت اور ہمیشہ یاد الٰہی میں مگن رہتا ہے اس کی حیاۃ مستعار کے تمام لمحات اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضا جوئی میں بسر ہوتے ہیں۔ اسے معلوم ہے کہ اللہ کے فرشتے اس کی تمام حرکات وسکنات کو نوٹ کر رہے ہیں اس کی زندگی کی فائل تیار ہو رہی ہے جسے روز جزا کھولا جائے گا۔

**وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَاتُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اَلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ اِذْیَتَلَقَّی الْمُتَلَقِّیَانِ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِیْد مَایَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَیْهِ رَقِیْب'' عَتِیْد۔**[1]

اور یقیناً ہم نے انسان کو پیدا فرمایا ہے اور ہم جانتے ہیں جو باتیں اس کے جی میں آتی ہیں اور ہم اس کی رگ جاں سے بھی زیادہ نزدیک ہیں جب لیتے ہیں دو لینے والے ایک اس کے دائیں اور ایک اس کے بائیں بیٹھا ہے۔ اسے یہ بھی معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس سے اس کا کوئی عمل وفعل بلکہ اس کا کوئی خیال بھی پوشیدہ نہیں۔

**وَمَاتَكُوْنُ فِیْ شَاْنٍ وَمَاتَتْلُوْمِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَا كُنَّا عَلَیْهِمْ شُهُوْداً اِذْتُفِیْضُوْنَ فِیْهِ وَمَا یَعْزُبُ عَنْ رَبِّکَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَاءِ وَلَا اَصْغَرَ مِنْ ذَالِکَ وَلَا اَکْبَرَ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُبِیْنٍ۔**[2]

---

(۱) ق/۱۶ تا ۱۸ (۲) یونس/۶۱

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ حَمْزَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ خَادِمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَایُحِبُّ لِنَفْسِہٖ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۳) | جلد ۱ | صفحہ ۱۴ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۴۵) | جلد ۱ | صفحہ ۹۸ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۶۶) | جلد | صفحہ ۶۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث متفق علیہ۔ | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۵۵) | جلد ۱ | صفحہ ۴۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ / رقم الحدیث (۷۳) | | جلد ۱ | صفحہ ۱۱۳ |
| قال الالبانی: | حدیث صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۲۳) | جلد ۴ | صفحہ ۲۳۱ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۱۵) | جلد ۲ | صفحہ ۶۰۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۲۰۰۴) | | صفحہ ۲۶۸ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

جناب ابوحمزہ خادم رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کیلئے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیئے پسند کرتا ہے۔

-☆-

مومن اخوت کی لڑی میں پروئے ہوتے ہیں انکا بھائی چارہ عارضی نہیں ہوتا بلکہ یہ اخوت کے مضبوط رشتہ میں منسلک ہوتے ہیں۔

ان المومنون اخوہ. مومن بھائی بھائی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۰۵۹) | جلد ۸ | صفحہ ۱۲۹ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۰۵۴) | جلد ۳ | صفحہ ۳۵۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۳۹) | جلد ۱ | صفحہ ۳۲۲ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۲۷۳۷) | جلد ۱۱ | صفحہ ۱۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۳۴) | جلد ۱ | صفحہ ۴۷۰ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۴۷۴) | جلد ۱۳ | صفحہ ۵۹ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| مسند ابی عوانہ | رقم الحدیث (۹۱) | جلد ۱ | صفحہ ۴۱ |

Marfat.com

بھائی بھائی کا خیال رکھتا ہے ایک بھائی اپنے بھائی کی خوشی وغمی میں برابر شریک ہوتا ہے۔ مومن اپنے بھائی کو تکلیف میں مبتلا کرنا تو در کنار بلکہ اس کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتا ہے اگر وہ غم میں مبتلا ہے تو یہ بھی غم میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

**عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ مَثَلُ الْجَسَدِ اِذَاشْتَكٰى مِنْهُ عُضْوٌ" تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهْرِ وَالْحُمّٰى.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۶۴۳۰) | جلد۳ | صفحہ۴۹۲ |
| قال البیھقی: | اخرجاہ فی الصحیح من حدیث زکریا۔ | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۲۸۷) | جلد۱۴ | صفحہ۱۵۴ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد (مختصراً) / رقم الحدیث (۱۸۲۷۱) | | جلد۱۴ | صفحہ۱۴۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۱۰۸۳) | | جلد۳ | صفحہ۷۱ |
| مسند ابوداؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۷۹۰) | | صفحہ۱۰۷ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۵۸۶) | جلد۵ | صفحہ۱۶۰ |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۳۴۶۹) | جلد۱۳ | صفحہ۴۶ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علیہ علی صحتہ | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۰۱۱) | جلد۴ | صفحہ۱۹۰۱ |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد۶ | صفحہ۲۵۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت نعمان بن بشیر-رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: مومنین کی مثال آپس میں محبت ومودت کرنے میں ایک دوسرے پر رحم کرنے میں اور ایک دوسرے پر لطف ومہربانی کرنے مین جسم کی مثال ہے جب اس کے کسی عضو کو کوئی تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم بے خوابی اور بخار کے سبب بے آرام ہوتا ہے۔

-☆-

مومن ومسلم اپنے مسلم بھائی کیلئے وہی پسند کرتا ہے جو وہ اپنی ذات کیلئے پسند کرتا ہے۔
ایک اور فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملاحظہ ہو:

**عَنْ يَزِيْدِ بْنِ اَسَدٍ الْقَسْرِيِّ قَالَ : قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَتُحِبُّ الْجَنَّةَ ؟ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَأَحِبَّ لِاَخِيْکَ مَاتُحِبُّ لِنَفْسِکَ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۳۱۳) | جلد ۷ | صفحہ ۲۶۱ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| قال الذھبی: | صحیح | | |
| فیض القدیر ، | رقم الحدیث (۲۲۲) | جلد ۱ | صفحہ ۱۷۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۶۶۰۶) | جلد ۱۳ | صفحہ ۱۰۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۶۶۰۹) | جلد ۱۳ | صفحہ ۱۰۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

یزید بن اسد القسری فرماتے ہیں کہ مجھے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم جنت سے محبت کرتے ہو؟ جنت جانا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کی ہاں یارسول اللہ! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے بھائی کیلئے وہی پسند کرو جو اپنے لیئے پسند کرتے ہو۔

-☆-

مومن یہ نہیں چاہتا کہ اسکا نقصان ہو اس طرح وہ اپنے کسی مومن بھائی کیلئے یہ پسند نہیں کرتا کہ اسکا بھی کوئی نقصان ہو۔ مومن یہ پسند نہیں کرتا کہ اس پر کوئی ظلم کرے اسی طرح وہ یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ اس کے مسلم بھائی پر کوئی ظلم کرے اس لیئے وہ سب سے پہلے خود اس پر زیادتی کرنے سے باز آ جاتا ہے۔

مومن یہ پسند نہیں کرتا کہ اس سے کوئی وعدہ خلافی کرے اسی طرح وہ یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ اس کے کسی مسلم بھائی سے کوئی وعدہ خلافی کرے تو لامحالہ اسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ خود بھی اس سے وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

مومن یہ پسند نہیں کرتا کہ اس کے سامنے کوئی جھوٹ بولے اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ بھی کسی کے سامنے جھوٹ نہیں بولتا۔ مومن یہ پسند نہیں کرتا کہ اسکا کوئی ناحق مال چھین لے اسی طرح یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ اس کے کسی کلمہ گو بھائی کا کوئی مال چھین لے اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ اپنے کسی مسلم بھائی کا مال و دولت نہیں چھینتا۔

الغرض یہ وہ حدیث پاک ہے کہ اگر اس پر عمل کرلیا جائے تو دنگا وفساد دھوکہ دہی اور فریب جھوٹ وغیبت وغیرہ اکثر بیماریوں سے اسلامی معاشرہ نجات پا جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لاَ یَحِلُّ دَمُ امْرِیءٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلاَثٍ الثَّیِّبُ الزَّانِیْ وَ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالتَّارِکُ لِدِیْنِہِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَۃِ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۶۴۸۴) | جلد۶ | صفحہ۲۵۲۱ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۱۶۷۶) | جلد۳ | صفحہ۵۰۶ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۵۹۷۷) | جلد۱۳ | صفحہ۳۱۶ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث(۴۷۳۰) | جلد۸ | صفحہ۱۳ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث(۴۷۳۵) | جلد۳ | صفحہ۲۷۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث(۴۴۲۹) | جلد۴ | صفحہ۲۵۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث(۹۵۶۷) | جلد۷ | صفحہ۱۴۳ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث(۷۷۲۹) | جلد۱۰ | صفحہ۲۱۳ |
| السنن الکبری للبیہقی | رقم الحدیث(۱۶۸۱۸) | جلد۸ | صفحہ۳۳۷ |
| قال المحقق: | اخرجہ البخاری ومسلم فی الصحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں مگر ان تینوں میں سے ایک بات کے ساتھ

۱۔ شادی شدہ زانی

۲۔ جان کے بدلے جان

۳۔ (مرتد ہو کر) دین ترک کرنے والا اور مسلمانوں کی جمعیت سے کٹ جانے والا۔

-☆-

ایک آدمی جب اسلام میں داخل ہوتا ہے اسلام کی آغوش رحمت میں آتا ہے تو اسکا سب کچھ محفوظ ہو جاتا ہے گویا وہ ایک مضبوط قلعہ میں آ گیا ہے اس کی جان اسکا مال اس کی عزت و آبرو سب کچھ محفوظ و مامون ہوتا ہے اگر کوئی فرد اس کی جان و مال کے درپے ہو اس کی عزت و آبرو ضائع کرنا چاہے تو اسلام ایسا نہیں ہونے دیتا بلکہ اسے مکمل تحفظ فراہم کیا جاتا ہے اور اسے سکون و اطمینان کی زندگی گزارنے کی گارنٹی و ضمانت دی جاتی ہے۔

لیکن اگر یہی مسلم کسی مسلم کی جان سے کھیلنے لگے اسکی عزت و آبرو پر ہاتھ ڈالنے لگے تو اسے بھی قطعی اجازت نہیں دی جاتی بلکہ اگر یہ کسی جرم کا ارتکاب کرتا ہے تو اسے سخت سے سخت سزا دی جاتی ہے۔ مسلمانوں کی جان و مال اور عزت و آبرو سے کھیلنے والے ایسے شخص سخت سے سخت سزا ملتی ہے اور بعض اوقات جرم کی سنگینی کی صورت میں اسے اپنی جان سے بھی ہاتھ دھونے

marfat.com
Marfat.com

پڑتے ہیں اسکی اس حدیث پاک میں یہ صورتیں ہیں

## الشیخ الزانی:

وہ شادی شدہ جوشادی شدہ ہونے کے باوجود بدکاری کرے عفت مآب خواتین کی عزت وآبرو سے کھیلے تو شریعت اسلامیہ میں اسکی معافی کی کوئی صورت نہیں بلکہ ایسے بدباطن کوسرعام پتھر مار مارکوختم کردیا جائے گا۔

## النفس بالنفس:

اگرکوئی آدمی ملت اسلامیہ میں کسی کوناحق قتل کردے تو اسے بھی جواباً قتل کردیا جائے گا اسے شریعت اصطلاح میں قصاص کہتے ہیں اس صورت میں صرف سنی سنائی بات پر یقین نہ کرنا ہوگا بلکہ حکومت وقت کومکمل ثبوت مل جائیں اور مقتول کے ورثا صلح پر راضی نہ ہوتو ایسے قاتل کوقتل کردیا جائے گا۔

یادرہے یہ سزائیں صرف اورصرف حکومت دے سکتی ہے کسی کوقانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ورنہ وہ ابتری پھیلے گی کہ الامان الحفیظ

## اَالتَّارِکُ لِدِیْنِہٖ:

سلطنت اسلامیہ نظریاتی سلطنت ہوتی ہے اس کے نظریات سے انحراف غداری ہے اوردنیاکے کسی خطہ میں غدارکی سزاموت سے کم نہیں۔غدارغدار ہے اسے قتل کرنا حکومت کافرض ہوتا ہے تو جو بدبخت اسلام قبول کرکے اس سے منحرف ہوجائے مرتد ہوجائے وہ واجب القتل ہے اسکاقتل کرنا حکومت پرلازم ہے۔

Marfat.com

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ :

لَایَحِلُّ دَمُ امْرِیءٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰی ثَلَاثٍ اِرَجُلٌ" كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ اَوْزَنٰی بَعْدَ اِحْصَانِهٖ اَوْقَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۱٦۵) | جلد۴ | صفحہ۲۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۱۵۸) | جلد۲ | صفحہ۴۵۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۲۵۳۳) | جلد۳ | صفحہ۲۲۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۲۵۳۳) | جلد۴ | صفحہ۱۵۳ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۵۸۱) | جلد۲ | صفحہ۳۱۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۵۰۲) | جلد۲ | صفحہ۵۷۷ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۵۰۲) | جلد۳ | صفحہ۸۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۳۷) | جلد۱ | صفحہ۳۵۱ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴٦۸) | جلد۱ | صفحہ۳٦۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۵۰۹) | جلد۱ | صفحہ۳۸۱ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کسی مرد مسلم کا خون بہانا حلال نہیں مگر ان تین صورتوں میں سے ایک میں:

۱۔ مسلمان ہونے کے بعد آدمی کفر اختیار کرے۔

۲۔ شادی شدہ ہونے کے بعد بدکاری کرے۔

۳۔ کسی نفس کو ناحق قتل کر دے۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۸۰۲۸) | جلد۸ | صفحہ۲۸۵۵ |
| قال الحاکم: | هذا حدیث صحیح اسناده ولم یخرجاه | | |
| وقال الذهبی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیهقی | رقم الحدیث (۱۵۸۴۳) | جلد۸ | صفحہ۳۴ |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۲۵۱۸) | جلد۱۰ | صفحہ۱۴۸ |
| سنن النسائی | | جلد۷ | صفحہ۱۰۳ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۴۰۶۸) | جلد۳ | صفحہ۹۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ارواء الغلیل | | جلد۷ | صفحہ۲۵۴ |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۷۲) | | |
| تحفة الاشراف | رقم الحدیث (۹۷۸۲) | جلد۷ | صفحہ۲۴۵ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۹۷۰۹) | جلد۱۲ | صفحہ۴۶۵ |

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیَقُلْ خَیْرًا اَوْ لِیَصْمُتْ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ جَارَهٗ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَهٗ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۴۷۵) | جلد۴ | صفحہ۲۰۳۲ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۴۷) | جلد۱ | صفحہ۹۹ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۱۶) | جلد۲ | صفحہ۲۷۳ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| مسند ابی داود الطیالسی | رقم الحدیث (۲۳۴۷) | | صفحہ۳۰۸ |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۵۱۵۴) | جلد۴ | صفحہ۳۷۷ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۵۱۵۴) | جلد۳ | صفحہ۲۶۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۰۸) | جلد۴ | صفحہ۲۲۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۰۰) | جلد۲ | صفحہ۶۰۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا:

جوشخص اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتا ہے اسے چاہیئے کہ سراپا خیر بات کرے یا خاموش رہے۔

جوشخص اللہ پراور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے پڑوسی کی تکریم کرے اور جوشخص اللہ پراور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے مہمان کی تکریم کرے۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۱۲۱) | جلد۱۴ | صفحہ۳۱۲ |
| قال المحقق: | اخرجہ البخاری فی الصحیح | | |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۲۵۲۵) | جلد۸ | صفحہ۱۶۳ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۳۰۶۰) | جلد۹ | صفحہ۴۹۸ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۵۱۳۱) | جلد۱۱ | صفحہ۲۳ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۶۱۵) | جلد۷ | صفحہ۳۶۴ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

## فَلْيَقُلْ خَيْراً اَوْ لِيَصْمُتْ:

سعید لوگ ہی اپنی زبان کی حفاظت کیا کرتے ہیں وہ زبان سے ایسا کوئی کلمہ نہیں نکالتے جو بعد میں پشیمانی کا سبب ہوان کی زبان صدق کی دلدادہ ہوا کرتی ہے اور انکی زبان ہمیشہ حق و سچ بولا کرتی ہے۔

اللہ رب العزۃ نے انسان پر فرشتے مقرر کیے ہیں جو اسکی حسنات وسیئات لکھتے رہتے ہیں:

**اِذْيَتَلَقَّى الْمَتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْد مَايَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْب'' عَتِيْد**(1)

**عَنْ مَعَاذِبْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّکَ لَنْ تَزَالَ سَالِماً مَاسَکَتَّ ، فَاِذَا تَکَلَّمْتَ ، کُتِبَ لَکَ اَوْعَلَيْکَ.**

## ترجمة الحديث:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا (اے معاذ!) جب تک تو خاموش رہے گا سالم رہے گا پس جب تو کلام کرے گا تو (اگر وہ کلام اچھا ہے) تیرے حق میں لکھا جائے گا (اگر وہ کلام برا ہے) تو تیرے خلاف لکھا جائے گا۔

---

| | | |
|---|---|---|
| فتح الباری | جلد ۱۱ | صفحہ ۳۰۹ |
| مجمع الزوائد | جلد ۱۰ | صفحہ ۳۰۲ |

قال الھیثمی: رواہ الطبرانی باسنادین ورجال احدھما ثقات

(۱) ق/ ۱۷، ۱۸

marfat.com
Marfat.com

اسلاف میں سے کسی طرف یہ بات منسوب ہے کہ

بولنا اگر چاندی ہے تو خاموش رہنا سونا ہے۔

یعنی اچھی بات کرنا چاندی ہے لیکن کسی کی غیبت نہ کرنا چغلی نہ کرنا جھوٹ نہ بولنا معاصی سے بچنا سونا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ملاحظہ ہو:

**عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِوبْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَمَتَ نَجَا.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۶۴۸۱) | جلد ۶ | صفحہ ۳۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۶۶۵۴) | جلد ۶ | صفحہ ۲۱۳ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| شرح السنہ البغوی | رقم الحدیث (۴۱۲۹) | جلد ۱۴ | صفحہ ۳۱۸ |
| قال البغوی: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۰۹) | جلد ۴ | صفحہ ۲۲۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۰۱) | جلد | صفحہ ۶۰۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۵۳۶) | | جلد ۲ | صفحہ ۶۲ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۹۴۰۷) | جلد ۹ | صفحہ ۶۰۷ |
| المعجم الکبیر (للطبرانی) / رقم الحدیث (۱۹۳۳) | | جلد ۱ | صفحہ ۵۲۴ |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنھما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو خاموش رہا نجات پا گیا۔

-☆-

انسان کسی ایسی جگہ جا پہنچا جہاں لوگ ایک دوسرے پر اتہام بازی کر رہے تھے غیبت سے اپنی نیکیاں برباد کر رہے تھے جھوٹ سے اپنی آخرت تباہ کر رہے تھے اگر وہ بندہ مومن اس محفل سے اٹھ کر چلا جائے تو یہ اس کے لیے سراپا خیر و برکت ہوگا اور اسکے سعید ہونے کی علامت ہوگا۔ اگر کسی مجبوری کے تحت ایک یا دو منٹ بیٹھنا پڑ جائے تو انکی کسی گفتگو کی طرف توجہ نہ دے بلکہ سنی ان سنی کر دے اپنے دامن کو ان خصال شر سے مامون و محفوظ رکھے تو ایسا آدمی یقیناً اللہ الکریم کے لطف و کرم کے طفیل نجات پا جائے گا۔

وہ مرد مومن جو کسی مجلس میں بیٹھ کر بھی اھل مجلس کی گفتگو میں شریک نہیں ہوتا بلکہ ان کی لایعنی باتوں سے اعراض کرتا ہے تو وہ ایسا خوف خدا کی بنا پر کر رہا ہے اور اس وقت وہ اپنے دل

---

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۴۲۳۴) جلد۳ صفحہ۵۱۷

قال المحقق: حسن بشواھد

صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۲۸۷۴) جلد۳ صفحہ۹۴

قال الالبانی: صحیح

marfat.com
Marfat.com

سے پروردگار عالم جل جلالہٗ کو یاد کررہا ہے کیونکہ اگر وہ یادحق سے غافل ہوتا تو یقیناً وہ بھی چغلی وغیبت میں اپنے ہم مجلسوں کے شریک ہو جاتا۔ تو ایسے نیک وصالح آدمی کا ان کے کذب وافتراء میں شریک نہ ہونا اس کے یادخدا کی دلیل ہے۔ پھر اگر وہ اس کے ساتھ ساتھ زبان قلب وقالب سے اپنے پروردگار کا ذکر بھی کرتا ہے تو وہ سعیدوں کا سعید ہے اور اسکی سعادت ونیک بختی پر رشک کرنا چاہیئے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ مَامِنْ قَوْمٍ یَقُوْمُوْنَ مِنْ مَجْلِسٍ لَایَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ خیر، اِلَّا قَامُوْا مِنْ مِثْلِ جِیْفَةِ حِمَارٍ وَ کَانَ لَهُمْ حَسْرَةً".**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۷۷) | | جلد۱ | صفحہ۱۵۸ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۲۴۲) | جلد۲ | صفحہ۳۸۵ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث (۱۵۱۴) | | جلد۲ | صفحہ۲۱۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۸۵۵) | جلد۴ | صفحہ۲۸۵ |
| صحیح ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۸۵۵) | جلد۳ | صفحہ۱۹۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الاذکار | رقم الحدیث (۷۶۲) | | صفحہ۳۳۳ |
| المستدرک | رقم الحدیث (۱۸۵۱) | جلد۲ | صفحہ۱۶۰ |
| شرح السنۃ البغوی | رقم الحدیث (۱۲۵۴) | جلد۵ | صفحہ۲۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث حسن | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو بھی قوم مجلس برخاست کر کے اٹھی کہ اس مجلس میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا یہ تو ایسے ہی ہے جیسے وہ مردہ گدھے سے اٹھے ہوں اور یہ مجلس ان پر حسرت ہوگی۔

-☆-

جو قوم ایک جگہ بیٹھی اس میں طرح طرح کی باتیں ہوتی رہیں اپنے معاملات طے کرتے رہے اپنے مقاصد کے حصول میں مگن رہے مگر وہ اس پوری مجلس میں اللہ کو یاد نہ کر سکے تو وہ ایسے ہی ہے جیسے مردہ گدھے سے کچھ تناول کر کے اٹھے ہوں۔ **الیعاذ بالله من ذالک.**

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۹۰) | جلد۲ | صفحہ۳۵۱ |
| قال المحقق: | حدیث صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۸۵۳) | جلد۳ | صفحہ۱۳۳ |
| قال المحقق: | حدیث صحیح | | |
| السنن الکبریٰ | رقم الحدیث (۵۷۷۲) | جلد۳ | صفحہ۲۹۷ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۷۶۹) | جلد۹ | صفحہ۵۷۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۶۲۸) | جلد۹ | صفحہ۵۳۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| فیض القدیر | رقم الحدیث (۷۷۸۰) | جلد۵ | صفحہ۴۱۰ |

marfat.com
Marfat.com

گدھا پھر مردہ گدھا اس کے نزدیک جانا کوئی بھی سلیم الفطرت پسند نہیں کرتا تو کسی جگہ بیٹھ کر عقل و خرد کی گھتیاں سلجھانا لیکن اللہ کو یاد نہ کرنا یہ مردار گدھے سے ہی اٹھنا ہے اور یہ مجلس و محفل ان کیلئے وبال ہوگی اور اس محفل میں شرکت پر کف افسوس ملیں گے لیکن اس وقت افسوس کرنا ان کے کسی کام نہ آئے گا۔

## اکرام الجار:

پڑوسی کی عزت وتکریم کرنا۔

اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ دین رحمت اس کائنات کو عطا کیا جس میں ہر قسم کی خیر و بھلائی ہے اور اس دین کی برکات سے کوئی بھی محروم نہیں رہا۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دین کی برکات وخیرات کو پڑوسیوں کو بھی خوب نوازا ہے۔

**عَنْ اَبِیْ شُرَیْح عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ وَاللّٰهِ لا یُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لا یُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لایُؤْمِنُ قِیْلَ وَمَنْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ مَنْ لا یَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک | رقم الحدیث (۲۱) | جلد ا | صفحہ ۱۵۷ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علیٰ شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۳۷۹) | جلد ۵ | صفحہ ۲۲۹ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علیٰ شرا لشیخین ولم یخرجاہ | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۶۷۰) | جلد ۵ | صفحہ ۲۲۴۰ |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۶۰۱۶) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۴۳ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۳۵۶۳) | جلد ۸ | صفحہ ۳۰۸ |
| قال الھیثمی: | رواہ احمد رجالہ ورجال الصحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! وہ مومن نہیں اللہ کی قسم! وہ مومن نہیں، اللہ کی قسم! وہ مومن نہیں۔ عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کون مومن نہیں؟

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ آدمی مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ نہ ہو۔

-☆-

سبحان اللہ! پڑوسیوں کا کس درجہ خیال رکھا جارہا ہے۔ جو پڑوسیوں کو ایذا دے انہیں تنگ کرے ان کے سکون کو غارت کرنے کی کوشش کرے ایسا آدمی اس بات کا سزاوار ہے کہ

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۴۸۸۵) | جلد ۹ | صفحہ ۵۰ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۴۹۲۲) | جلد ۹ | صفحہ ۵۶ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۴۹۲۳) | جلد ۹ | صفحہ ۵۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۸۶۵) | جلد ۷ | صفحہ ۵۲۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۶۳۲۴) | جلد ۱۲ | صفحہ ۵۳۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۷۰۴۰) | جلد ۱۸ | صفحہ ۴۵۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

اس سے نعمت ایمان چھین لی جائے۔ العیاذ باللہ جو بدنصیب پڑوسیوں کی دل آزاری کا باعث بنتا ہے اسے اس سخت وعید کا سامنا کرنا ہے تو جو خوش نصیب اپنے پڑوسیوں کی دلجوئی کا باعث بنتا ہے ان کے دلی سکون کا ذریعہ بنتا ہے اس کے وجود سے پڑوسیوں کو قلبی مسرت ہوتی ہے تو یقیناً وہ آدمی باایمان ہے اور اللہ رب العزت ایسے آدمی کو ایمان کی بہاروں سے آشنا فرمائے گا اور اپنے خصوصی کرم سے مالا مال کرے گا۔

اکرام الجار میں یہ بات بھی واضح ہے کہ پڑوسی کا خیال رکھا جائے اس پر احسان کیا جائے بھائی چارہ کی فضا قائم کی جائے اگر اس کے پاس کھانا ہے تو پڑوسی کو محروم نہ رکھا جائے اور پڑوسی کا ہر طرح سے خیال رکھا جائے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ الْمُؤْمِنُ الَّذِیْ یَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ".

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۱۲۷۴۱) | جلد۱۲ | صفحہ۱۵۴ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۴۹۰۴) | جلد۹ | صفحہ۵۳ |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۱۴۹) | | جلد۱ | صفحہ۲۷۸ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۷۷۳) | جلد۳ | صفحہ۳۳۴ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث (۲۵۶۲) | | جلد۲ | صفحہ۶۸۳ |
| قال الالبانی: | صحیح لغیرہ | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۲۶۹۹) | جلد۵ | صفحہ۹۲ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ حسن | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۱۲) | | صفحہ۵۲ |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ آدمی مومن نہیں جو خود تو سیر ہو اور اسکا پڑوسی بھوکا ہو۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۱۲) | | صفحہ ۶۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۳۰۷) | جلد ۷ | صفحہ ۲۶۰۹ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| قال الذھبی: | صحیح | | |
| تاریخ بغداد | | جلد ۱۰ | صفحہ ۳۹۲ |

marfat.com
Marfat.com

اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ : یَااَبَاذَرٍّ ! اِذَا اَطْبَخْتَ مَرَقَۃً، فَاَکْثِرْ مَاءَ ھَاوَتَعَاھَدْ جِیْرَانَکَ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۱۴) | | صفحہ۳۹ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۱۴) | | صفحہ۶۸ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۶۲۵) | جلد۵ | صفحہ۱۸۷ |
| مجمع الزوائد منبع الفوائد/ رقم الحدیث (۷۸۸۱) | | جلد۵ | صفحہ۱۲ |
| قال الہیثمی: | رجالہ رجال الصحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۱۳۶۸) | | جلد۳ | صفحہ۳۵۵ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۱۳) | جلد۲ | صفحہ۲۶۸ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |
| المسند الحمیدی | رقم الحدیث (۱۳۹) | جلد۱ | صفحہ۷۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۲۳) | جلد۱۵ | صفحہ۴۹۲ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۷۷) | جلد۱۵ | صفحہ۵۰۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۳۳۶۲) | جلد۵ | صفحہ۶۰ |
| قال محمود محمد محمود: | صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحدیث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! جب تم شوربا پکانے لگو تو اس میں پانی زیادہ ڈال لیا کرو پھر اپنے پڑوسیوں کا خیال رکھو۔

-☆-

اس حدیث پاک میں پڑوسیوں کا کس درجہ خیال رکھنے کا حکم ارشاد فرمایا گیا ہے یعنی اگر سالن پکانے لگو تو پانی زیادہ ڈال لو تاکہ شوربا زیادہ ہوجائے پھر اپنے پڑوسیوں کا خیال رکھو ہوسکتا ہے کوئی ایسا گھر ہو جس کے چولہے میں آگ نہ جلی ہو تو ایسے گھر میں شوربا پہنچاؤ تاکہ وہ بھی کھانا تناول کرسکیں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۳۳۶۲) | جلد۵ | صفحہ۲۹ |
| صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۳۴۲۵) | | جلد۳ | صفحہ۱۳۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۱۹۵۱) | جلد۹ | صفحہ۱۷۴ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۱۲۳۱۷) | جلد۱۶ | صفحہ۱۵۱ |
| شرح سنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۶۸۹) | جلد۶ | صفحہ۱۹۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کس قدر پڑوسیوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے ملاحظہ ہو:

**سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَازَالَ جِبْرِیْلُ یُوْصِیْنِیْ بِالْجَارِ حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَیُوَرِّثُهٗ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۰۵) | | صفحہ ۳۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۰۵) | | صفحہ ٦٦ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۰۴) | | صفحہ ۳۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۰۴) | | صفحہ ٦۵ |
| مسند البزار | رقم الحدیث (۱۸۰۷) | جلد ۲ | صفحہ ۲۵۲ |
| قال البزار: | ھذا اسناد حسن | | |
| الکامل لابن عدی | رقم الحدیث (۱۴۳۲) | جلد ٦ | صفحہ ۵۱۱ |
| شرح مشکل الاثار | رقم الحدیث (۲۷۸۵) | جلد ۷ | صفحہ ۲۱۷ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۵۱۵۱) | جلد ۲ | صفحہ ۷٦۰ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۵۱۵۲) | جلد ۳ | صفحہ ۲٦۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۳٦۷۳) | جلد ۴ | صفحہ ۲۱۹ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث متفق علیہ | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۳٦۷۳) | جلد ۵ | صفحہ ۲۵۸ |
| قال بشار عوار معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۷۴۱) | جلد ۳ | صفحہ ۲۱٦ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۴۹) | جلد۳ | صفحہ۳۷۸ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۴۲) | جلد۳ | صفحہ۳۵۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۵۰) | جلد۳ | صفحہ۳۷۹ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۴۳) | جلد۲ | صفحہ۳۵۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۱۲) | جلد۲ | صفحہ۲۶۷ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ حسن وھو حدیث صحیح | | |
| شرح السنہ البغوی | رقم الحدیث (۳۴۸۸) | جلد۱۳ | صفحہ۷۱ |
| شرح السنہ البغوی | رقم الحدیث (۳۴۸۷) | جلد۱۳ | صفحہ۷۱ |
| قال المحقق: | ھذا حدیث متفق علیہ صحتہ | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۱۲۶۰۹) | جلد۶ | صفحہ۴۵۰ |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۱۳۲۲۴) | جلد۷ | صفحہ۴۴ |
| قال البیھقی: | اخرجہ البخاری ومسلم فی الصحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۱۳۲۲۵) | جلد۷ | صفحہ۴۴ |
| قال البیھقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۱۱) | جلد۲ | صفحہ۲۶۵ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |

marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۰۱۴) | جلد۴ | صفحہ۱۹۰۲ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۰۱۵) | جلد۴ | صفحہ۱۹۰۲ |
| مسند البزار | رقم الحدیث (۱۸۹۷) | | |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۳۵۴۱) | جلد۸ | صفحہ۳۰۲ |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۴۵۹۰) | جلد۸ | صفحہ۶۵ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ حسن | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۴۴۸۱) | جلد۱۷ | صفحہ۳۷۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۴۸۲۳) | جلد۱۷ | صفحہ۴۶۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۵۴۱۶) | جلد۱۷ | صفحہ۶۲۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| شعب الایمان للبیھقی | رقم الحدیث (۹۵۲۷) | جلد۸ | صفحہ۷۳ |
| شعب الایمان للبیھقی | رقم الحدیث (۹۵۲۹) | جلد۸ | صفحہ۷۴ |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| شعب الایمان للبیھقی | رقم الحدیث (۹۵۶۲) | جلد۸ | صفحہ۸۴ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۷۸۱) | جلد۳ | صفحہ۳۳۷ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/ | رقم الحدیث (۲۵۷۰) | جلد۲ | صفحہ۶۵۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۶۲۴) | جلد۱۶ | صفحہ۱۴۵ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۶۲۵) | جلد۱۶ | صفحہ۱۴۵ |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جبریل امین مجھے پڑوسی کے بارے میں مسلسل وصیت کرتے رہے کہ مجھے گمان ہونے لگا کہ اللہ تعالیٰ پڑوسی کو پڑوسی کا وارث بنادے گا۔

**اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئاً وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَاناً وَبِذِی الْقُرْبٰی وَالْيَتٰمٰی وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَامَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اِنَّ اللّٰهَ لا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالاً فَخُوْراً۔[1]**

اکرام الضیف:

**عَنْ اَبِی شُرَيْحٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : اَبْصَرَتْ عَيْنَایَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَسَمِعَتْهُ اُذُنَایَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهٖ قَالَ : مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ جَائِزَتَهٗ قَالُوْا: وَمَاجَائِزَتُهٗ؟ قَالَ: يَوْمٌ" وَلَيْلَةٌ" قَالَ وَالضِّيَافَةُ ثَلاثَةُ اَيَّامٍ وَمَابَعْدَ ذَالِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ".**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۰۱۹) | جلد۴ | صفحہ۱۹۰۳ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۴۸) | جلد۱ | صفحہ۱۸ |
| مسند الامام احمد | | جلد۶ | صفحہ۳۸۵ |
| مسند الامام مالک | | جلد۲ | صفحہ۲۲-۹۲۹ |
| شعب الایمان للبیھقی | | | |

(۱) النساء/۳۶

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوشُرَیح رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری دونوں آنکھوں نے حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-کو دیکھا اور میرے دونوں کانوں نے سنا جب حضور-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم-گفتگو فرما رہے تھے آپ نے ارشاد فرمایا:

---

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۸۱۲) جلد۳ صفحہ۳۴۹ (عن ابوسعید خدری)
قال المحقق: حسن
صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۲۵۹۴) جلد۲ صفحہ۶۹۲
قال الالبانی: صحیح لغیرہ
الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۳۸۰۶) جلد۲ صفحہ۳۴۷
قال المحقق: صحیح
صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۲۵۸۹) جلد۲ صفحہ۶۹۳
قال الالبانی: صحیح
سنن ابن ماجہ (۱) رقم الحدیث (۳۶۷۵) جلد۴ صفحہ۲۲۰
قال محمود محمد محمود: الحدیث متفق علیہ
سنن ابن ماجہ (۲)
صحیح سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۳۸۴۲) جلد۳ صفحہ۲۱۶
قال الالبانی: صحیح
السنن الکبریٰ للبیھقی رقم الحدیث (۱۸۶۸۹) جلد۹ صفحہ۳۳۰
قال البیھقی: رواہ البخاری فی الصحیح

Marfat.com

جواللہ اور یوم آخر (قیامت) پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے مہمان کا اس کے جائزہ تک اکرام کرے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے عرض کی یارسول اللہ! اسکا جائزہ کیا ہے؟ حضور۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اسکا جائزہ ایک دن اور ایک رات ہے۔

فرمایا: ضیافت تین دن ہے اور اسکے بعد (تین دن کے بعد) وہ صدقہ ہے۔

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ : اَلضِّيَافَةُ ثَلاثَةُ اَيَّامٍ وَجَائِزَتُهُ يَوْم" وَلَيْلَةٌ" وَمَا اَنْفَقَ عَلَيْهِ بَعْدَ ذَالِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ" وَلا يَحِلُّ لَهُ اَنْ يَثْوِيَ عِنْدَهُ حَتّٰى يُؤْثِمَهُ قَالُوْا : يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ يُؤْثِمُهُ ؟ قَالَ: يُقِيْمُ عِنْدَهُ وَلا شَيْءَ لَهُ يُقْرِيْهِ بِهٖ.

## ترجمة الحديث:

حضور نبی کریم۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ نے ارشاد فرمایا:

ضیافت تین دن ہے

اور اسکا جائزہ ایک دن اور ایک رات ہے

اور اسکے بعد جو اس میزبان نے مہمان پر خرچ کیا وہ صدقہ ہے

مہمان کیلئے روا نہیں کہ وہ اپنے میزبان کے پاس اتنا ٹھہرے کہ اسے گنہگار کردے۔

صحابہ نے عرض کی

---

ارواء الغلیل رقم الحدیث (۲۵۲۳) جلد ۸ صفحہ ۱۶۲

قال الالبانی: صحیح

marfat.com
Marfat.com

مہمان اپنے میزبان کو کیسے گنہگار کرے گا۔ تو حضور۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ نے ارشاد فرمایا اس کے پاس اتنا قیام کرے کہ اس کے پاس کوئی چیز نہ ہو جس سے اسکی ضیافت کرے۔

-☆-

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَوْصِنِی قَالَ لاَ تَغْضَبْ فَرَدَّدَ مِرَاراً قَالَ لاَتَغْضَبْ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۵۷۶۵) | جلد۵ | صفحہ۲۲۶۷ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث(۸۷۲۹) | جلد۸ | صفحہ۴۰۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| الترغیب والترہیب | رقم الحدیث(۴۰۴۶) | جلد۳ | صفحہ۴۳۹ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث(۲۰۲۷۹) | جلد۱۰ | صفحہ۱۸۰ |
| قال المحقق: | رواہ البخاری فی صحیح | | |
| جامع الاصول | رقم الحدیث(۶۲۰۵) | جلد۸ | صفحہ۴۴۲ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۰۲۷) | جلد۳ | صفحہ۴۱۱ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۰۲۰) | جلد۲ | صفحہ۳۸۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شعیب الایمان | رقم الحدیث(۸۲۷۷) | جلد۶ | صفحہ۳۰۷ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عرض کی
(یارسول اللہ!) مجھے نصیحت کیجئے۔
آپ نے فرمایا: غصہ مت کیا کرو۔
تو اس نے اپنا سوال کئی مرتبہ دھرایا۔آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہر بار یہی فرمایا غصّہ نہ کیا کرو۔

-☆-

غضب کتنی قبیح چیز ہے انسان کو جب غصہ آتا ہے وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے اس کی عقل وحواس اس کے قابو میں نہیں رہتے۔انسان دیگر لوازمات سے جن خصوصیات کی بناپر ممتاز ہے ان میں ایک اہم خصوصیت عقل ہے۔عقل ہی کے بل بوتے پر تمام امور سرانجام دیتا ہے۔ اگر انسان میں عقل نہ رہے غور وفکر کی قوت سلب ہو جائے تو اس میں اور ایک حیوان میں کیا فرق رہ جاتا ہے۔

جو چیز انسان سے اسکا حسن،عقل چھین لے انسان سے اسکی قیمتی متاع غصب کر لے اس جیسی قبیح چیز اور کیا ہوسکتی ہے۔اس لیئے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں جب ایک آدمی وصیت ونصیحت کی درخواست کرتا ہے تو آپ اسے یہی فرماتے ہیں لاتـغـضـبُ غصہ نہ کرو۔وہ بار بار اپنا سوال دھراتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر بار اسے یہی جواب مرحمت فرماتا ہے کہ لاتَغْضَبْ غصہ مت کر۔

Marfat.com

## شر کا جامع:

عَنْ حَمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- قَالَ : قُلتُ يَارَسُوْلَ اللّٰه! أَوْصِنِيْ قَالَ : لا تَغْضَبْ قَالَ الرَّجُلُ تَفَكَّرْتُ حِيْنَ قَالَ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- مَاقَالَ فَاِذَا الْغَضَبُ يَجْمَعُ الشَّرَّ كُلَّهٗ.

**ترجمة الحديث:**

حمید بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے ایک آدمی نے بیان فرمایا میں نے عرض کی یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا **لَاتَغْضَبْ** غضب سے دور رہو۔

اس صحابی کا بیان ہے میں نے غور وفکر کیا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا (تو بات بالکل واضح ہوئی) کہ غضب تمام شر کا جامع ہے۔

---

الترغيب والترهيب رقم الحدیث (۴۰۴۷) جلد ۳ صفحہ ۴۳۹
قال المحقق: حسن
صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۲۷۴۶) جلد ۳ صفحہ ۴۵
قال الالبانی: صحیح
مسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۳۰۶۴) جلد ۱۶ صفحہ ۵۴۵
قال حمزہ احمد الزین: اسنادہ صحیح
السنن الکبریٰ للبیھقی رقم الحدیث (۲۰۲۷۸) جلد ۱۰ صفحہ ۱۸۰

marfat.com
Marfat.com

"شر" ایک سلیم الفطرت انسان سے اس کا سکون چھین لیتی ہے۔شر کے ہوتے ہوئے بندگی کے کیف میں فتور آ جاتا ہے بندہ مومن سے اس کا ذوق وسکون رخصت ہو جاتا ہے تو غور کیجئے جو ایک شر نہیں بلکہ جامع الشر ہے کہ وہ مجسم شر ہے جس کے اندر تمام شر جمع ہو جاتے ہیں اس کے ہوتے ہوئے انسان کا کتنا نقصان ہوتا ہوگا۔

اس مجسم شر کی موجودگی میں اس کے ذوق وسکون اور حلاوت عبادت پر کتنی ضربیں لگتی ہونگی۔حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مجسم شر کی نشان دہی فرما کر اپنی امت کو بے پناہ نقصانات سے بچانے کی کوشش فرمائی ہے۔اب اگر کوئی سعید و نیک بخت اس حدیث پاک پر عمل کر کے اپنی بقیہ زندگی غضب سے کنارہ کش ہو کر گزارتا ہے تو یقین رکھے وہ آدمی اپنے دامن میں بے پناہ سعادات کو سمیٹے ہوئے ہے اور اس کا وجود خیرات برکات سے معمور ہے۔

## حالتِ غضب میں نبوی ھدایت:

**عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ–رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ–عَنِ النَّبِیِّ–صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ– قَالَ : اِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ وَھُوَ قَائِمٌ" فَلْیَجْلِسْ، فَاِنْ ذَھَبَ عَنْہُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْیَضْطَجِعْ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث(۴۷۸۲) | جلد۲ | صفحہ۶۶۴ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۷۸۲) | جلد۳ | صفحہ۱۷۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۱۱۴) | جلد۳ | صفحہ۱۴۱۵ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۴۵) | جلد۱۵ | صفحہ۴۹۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر-رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی غصہ میں آجائے اس حال میں کہ وہ کھڑا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ بیٹھ جائے اگر بیٹھنے سے اسکا غصہ جاتا رہے (تو فبہا) ورنہ لیٹ جائے۔

-☆-

---

شعب الایمان — رقم الحدیث (۸۲۸۴) — جلد۶ — صفحہ۳۰۹

الترغیب والترھیب — رقم الحدیث (۴۰۶۰) — جلد۳ — صفحہ۴۴۴

قال المحقق: حسن

صحیح الترغیب والترھیب

قال الالبانی:

صحیح ابن حبان — رقم الحدیث (۵۶۸۸) — جلد۱۲ — صفحہ۵۰۱

قال شعیب الارنووط: حدیث صحیح

شرح السنۃ البغوی — رقم الحدیث (۳۵۸۴) — جلد۱۳ — صفحہ۱۶۲

مجمع الزوائد — رقم الحدیث (۱۲۹۹۵) — جلد۸ — صفحہ۱۳۶

قال الھیثمی: رجالہ رجال الصحیح

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ یَعْلٰی شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَاِذَا قَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوْا الْقِتْلَۃَ وَاِذَا ذَبَحْتُمْ فَاَحْسِنُوا الذِّبْحَۃَ وَلْیُحِدَّ اَحَدُکُمْ شَفْرَتَہٗ وَلْیُرِحْ ذَبِیْحَتَہٗ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۸۸۳) | جلد ۱۳ | صفحہ ۱۹۹ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط البخاری | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۹۵۵) | جلد ۴ | صفحہ ۲۰۱ |
| مسند ابی داؤد الطالسی | رقم الحدیث (۱۱۱۹) | | صفحہ ۱۵۲ |
| المصنف عبدالرزاق | رقم الحدیث (۸۶۰۴) | جلد ۴ | صفحہ ۴۹۲ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۲۸۱۵) | جلد ۳ | صفحہ ۱۳ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۲۸۱۵) | جلد ۲ | صفحہ ۱۸۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۰۴۹) | جلد ۱۳ | صفحہ ۲۶۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۱۴) | جلد ۳ | صفحہ ۱۰۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابویعلی شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو عمدہ طریقے سے برتاو کا حکم دیا ہے۔

پس جب تم (جہاد میں اعلاءِ کلمۃ الحق کی خاطر) کسی کو قتل کرو تو اس عمل قتل کو بھی عمدگی سے نبھاؤ (یعنی اس کی شکل وصورت مت بگاڑو وغیرہ)

اور جب تم کوئی جانور ذبح کرنے لگو تو اچھے طریقے سے ذبح کرو تم میں سے (ذبح

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۰۹) | جلد۲ | صفحہ۱۰۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۴۴۲۰) | جلد۷ | صفحہ۲۴۳ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۴۴۲۴) | جلد۳ | صفحہ۱۸۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۱۷۰) | جلد۳ | صفحہ۵۵۵ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۵۸۵) | جلد۳ | صفحہ۹۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۴۸۱۷) | جلد۴ | صفحہ۱۴۰ |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۲۲۳۱) | جلد۷ | صفحہ۲۹۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۱۹۷۰) | جلد۲ | صفحہ۱۱۲ |

marfat.com
Marfat.com

کرنے والا) کوئی بھی آدمی ہو اسے چاہیئے کہ اپنی چھری تیز کرے اور اپنے ذبیحہ کو راحت دے۔

-☆-

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات مبارکہ کس درجہ نکھری اور صاف ہیں ان تعلیمات میں انسانیت کا حسن دوبالا ہوتا ہے یہ دین حق ہر حال میں حسن وخوبی کا مرقع ہے یہ اپنے ماننے والوں کو تھذیب وشائستگی کا درس دیتا ہے۔

اس تعلیمات میں کس قدر اہم تعلیم ہے کہ اگر کسی کو جان سے بھی مارنا ہے یعنی اس نے ایسا جرم کیا ہے کہ اب شریعت اس کی جان لینے کی اجازت دیتی ہے تو اس حالت میں بھی شائستگی اور عمدگی کو نہ چھوڑو۔

میدان جہاد میں جب مسلم اعلاء کلمۃ اللہ کے خاطر اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر دشمن سے نبرد آزما ہوتا ہے اگر اس وقت اس کے مقابل کوئی کافر ومشرک آئے گا تو وہ مسلم اس پر حملہ کرے گا اور اس ناسور کو ختم کرنے کی سعی کرے گا لیکن اس کیلئے بھی واضح ہدایات موجود ہیں کہ اس کا مثلہ نہ کیا جائے یعنی اس کی شکل نہ بگاڑی جائے اس کے کان ناک کاٹنے کی اجازت نہیں اس کی آنکھیں نکالنے کی اجازت نہیں۔

**كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً تَغْزُوْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ لَهُمْ لَاتُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْداً.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۷۳۱) | جلد ۱۲ | صفحہ ۳۳ |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۲۸۵۸) | جلد ۳ | صفحہ ۳۹۳ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث حسن صحیح اسنادہ حسن | | |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۲۸۵۸) | جلد۴ | صفحہ۳۷۴ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۹۰۸) | جلد۲ | صفحہ۴۰۸ |
| قال الالبانی: | حسن صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۲۹۲۶) | جلد۱۶ | صفحہ۵۰۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۰۱۵) | جلد۱۴ | صفحہ۷۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۸۰۱۲) | جلد۱۴ | صفحہ۶۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۲۶۱۳) | جلد۲ | صفحہ۴۴ |
| صحیح سنن ابی داؤد | | | |
| قال الالبانی: | | | |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۲۴۳۹) | جلد۲ | صفحہ۲۸۴ |
| مسند ابی یعلیٰ الموصلی | رقم الحدیث (۱۴۱۳) | جلد۳ | صفحہ۶ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۵۳۹۵) | جلد۷ | صفحہ۵۰۲ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۴۷۳۹) | جلد۱۱ | صفحہ۴۲ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |
| شرح السنہ (للبغوی) | رقم الحدیث (۲۶۶۹) | جلد۱۱ | صفحہ۱۱ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح اخرجہ مسلم | | |
| السنن الکبریٰ (للبیہقی)/ | رقم الحدیث (۱۷۹۴۹) | جلد۹ | صفحہ۸۴ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی لشکر فی سبیل اللہ جہاد کیلئے روانہ کرتے تو انہیں حکم ارشاد فرماتے کہ کسی کا مثلہ نہ بنایا اور کسی ولید کو قتل نہ کرنا۔

یہ کتنی پیاری تعلیم ہے اور شرف انسانیت کا کیسا اعلیٰ نمونہ ہے۔ جنگ وجدل میں دشمن ہر طرح کا نقصان پہنچاتا ہے بلکہ جب انسان دشمن کو قابو میں لیتا ہے تو جذبہ انتقام میں آپے سے باہر ہو جاتا ہے پھر بسا اوقات اس سے وہ حرکات سرزد ہوتی ہیں جو انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ بن جاتی ہیں لیکن محسن انسانیت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جہاد کے موقع پر آپے سے باہر ہونے پر کاری ضرب لگائی ہے۔ جذبہ جہاد اپنی انا کی تسکین کیلئے نہیں بلکہ یہ جہاد صرف اور صرف اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے ہے اور جب اللہ کی رضا کیلئے کام ہوگا تو پھر اس کی شریعت اس کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات پر بھی عمل ہوگا۔ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور آپ کے مجاہد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دوران جہاد بھی شرف انسانیت کا خیال رکھا اور انسانی عزت وتکریم کو ہر جگہ مقدم جانا۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ جُنْدُبِ بْنِ جُنَادَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُمَا کُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۵۱) | جلد۱۵ | صفحہ۵۰۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۹۴) | جلد۳ | صفحہ۳۹۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۸۷) | جلد۲ | صفحہ۳۷۳ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۰۸۳) | جلد۳ | صفحہ۱۴۰۹ |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۲۷۹۱) | جلد۲ | صفحہ۴۱۵ |
| المعجم الاوسط | رقم الحدیث (۳۷۷۹) | جلد۳ | صفحہ۳۱ |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۴ | صفحہ۳۷٦ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳٦۲۴) | جلد۴ | صفحہ۲۰ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۹۳۳۳) | جلد۱۱ | صفحہ٦۹۴ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۱۳٦٦) | جلد۸ | صفحہ۴۱۷ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر جندب بن جنادہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوعبدالرحمٰن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جہاں کہیں بھی ہو اللہ سے ڈرو اور (اگر خدانخواستہ برائی ہوجائے تو فوراً) برائی کے بعد نیکی کرو یہ نیکی اس برائی (کے اثراتِ بد) کو مٹادے گی اور لوگوں کے ساتھ حسنِ خلق سے برتاؤ کرو۔

-☆-

## اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ:

تقویٰ کی تعریف حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی زبانی سنیئے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ قَالَ اَنْ يُطَاعَ فَلا يُعْصٰى وَيُذْكَرَ فَلا يُنْسٰى.

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ کی تفسیر میں فرماتے ہیں

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۳۲۱۳) | جلد۳ | صفحہ۱۲ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۰۸۹۳) | جلد۷ | صفحہ۴۸ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۸۵۰۱) | جلد۹ | صفحہ۹۳ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۸۵۰۲) | جلد۹ | صفحہ۹۳ |
| الدرمنثور | | جلد۲ | صفحہ۱۰۵ |

Marfat.com

کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اس طرح کی جائے کہ اس کی نافرمانی نہ ہو اور اس کو یاد کیا رکھا جائے کہ اس کوئی یاد کو فراموش نہ کیا جائے۔

جو انسان جو بندہ مومن ہر وقت اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری میں لگا رہے اس کی نافرمانی کا تصور بھی نہ آنے پائے اور وہ اللہ تعالیٰ کو یوں یاد کرے کہ نسیان کا گزر تک نہ ہو وہ حقیقی تقویٰ کی دولت سے آراستہ ہے اور وہی شرعی اصطلاح میں متقی ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی کتنا اہم ہے۔

**اِتَّقِ اللّٰهَ حَيۡثُمَا كُنۡتَ.**

جہاں بھی اللہ ہو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو یعنی اس کی فرمانبرداری کرو اطاعت کو لازم پکڑو اور اس کی یاد کے دیپ روشن کرو۔

بندہ مومن اگر مسجد میں ہے تو تقویٰ سے آراستہ ہو کیونکہ وہ مسجد میں بھی اس کی اطاعت کیلئے آیا ہے سر بندگی جھکانے کیلئے آیا ہے اسکا رکوع وسجود اسکی مناجاتیں یہ سب کچھ اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری ہے اس کی عبادت میں ریاکاری کا دخل نہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ریاکاری اور دکھلاوے سے علیم وخبیر اللہ نے منع فرمایا ہے۔

وہ بازار ہے پھر بھی تقویٰ کی دولت سے مالا مال ہے وہ سامان بیچتے یا خریدتے کسی کو داؤ نہیں لگاتا کسی سے دغا وفریب نہیں کرتا بلکہ وہ اپنے سارے امور یوں سرانجام دیتا ہے کہ اللہ ذوالجلال اسے دیکھ رہا ہے وہ اس کی اطاعت وفرمانبرداری کے جذبہ سے سرشار ہو کر تجارت کرتا ہے پھر وہ ہر لحہ ہر گھڑی ذکر الٰہی کے مزے لیتا ہے اسکے ذکر کی تار کسی لحہ بھی ٹوٹنے نہیں پاتی۔

عارف باللہ حضرت خواجہ محمد سلطان عالم صدیقی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک ارادتمند

marfat.com
Marfat.com

کو ان الفاظ سے وصیت فرمائی:

ہتھ کار ول دل یار ول

ہاتھ تو کام کریں لیکن دل یادِ مولیٰ سے سرشار رہنا چاہیئے۔ یہی وہ عظیم لوگ ہیں جو تقویٰ سے آراستہ ہیں بلکہ ان کی زندگی کا حاصل رضائے پروردگار ہے اور انکے شب و روز اللہ الواحد کی اطاعت و اسکی یاد میں بسر ہوتے ہیں۔ بندہ اعزہ و اقارب کی محفل میں ہو یا دوست و احباب کی محفل میں اپنے بچوں میں بیٹھا ہو یا اپنے اھل خانہ کے پاس کسی بھی حالت میں وہ اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت سے باہر نہیں نکلتا بلکہ وہ ہر لحہ یادِ خدا میں مگن رہتا ہے اور اسکے دل سے یادِ الٰہی کے انوار پھوٹتے ہیں۔

## اَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ:

ارشاد باری تعالیٰ ہے

اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفاً مِنَ اللَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ وَذَالِکَ ذِکْرٰی لِلذَّاکِرِيْنَ.

صلاۃ قائم کرو دن کے اطراف میں اور رات کے حصوں میں بیشک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں یہ نصیحت ہے نصیحت حاصل کرنے والوں کیلئے۔

گناہ تاریکی اور ظلمت ہے نیکی نور اور روشنی ہے۔ گناہ کرنے سے خالق و مالک ناراض ہوتا ہے اور نیکی کرنے سے اعمال صالحہ کے بجالانے سے اللہ الکریم راضی ہوتا ہے۔

عَنْ اَبِىْ بَکْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : مَامِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْباً ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَتَطَهَّرُ وَثُمَّ يُصَلِّیْ ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

Marfat.com

اِلَّا غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ ثُمَّ قَرَأَ ھٰذِہِ الاٰیَۃِ: اَلَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَۃً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوْبِھِمْ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۳۹۵) | جلد۲ | صفحہ۱۷۸ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۴۱۵) | جلد۱ | صفحہ۴۱۶ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۵۲۱) | جلد۲ | صفحہ۳۶۱ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۵۲۱) | جلد۱ | صفحہ۴۱۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۴۰۶) | جلد۱ | صفحہ۳۰۲ |
| قال الترمذی: | حدیث علی حدیث حسن | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۴۰۶) | جلد۱ | صفحہ۲۳۴ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| عمل الیوم واللیلۃ | رقم الحدیث (۳۶۱) | | صفحہ۳۲۰ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۰۱۵) | جلد۴ | صفحہ۱۵۱ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث حسن | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۱۳۲۴) | جلد۱ | صفحہ۳۸۰ |
| موارد الظمآن | رقم الحدیث (۲۴۵۴) | جلد۸ | صفحہ۱۰۳ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۶۶۱۰) | جلد۵ | صفحہ۳۰۰ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۲۳) | جلد۲ | صفحہ۳۹۰ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۱۱) | جلد۱ | صفحہ۲۳ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی گناہ کرے پھر وضو کرے پھر صلاۃ ادا کرے پھر اللہ سے استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس آدمی کی مغفرت فرمادے گا۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

اَلَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند ابی یعلیٰ الموصلی | رقم الحدیث (۱) | جلد ۱ | صفحہ ۱۱ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۰۱۶۸) | جلد ۴ | صفحہ ۲۰۶ |
| المسند حمیدی | رقم الحدیث (۴) | جلد ۱ | صفحہ ۴ |
| المصنف ابن ابی شیبہ | | جلد ۲ | صفحہ ۳۸۷ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲) | جلد ۱ | صفحہ ۱۶۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۸) | جلد ۱ | صفحہ ۱۸۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۵۶) | جلد ۱ | صفحہ ۱۸۹ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۷۱۳۳) | جلد ۹ | صفحہ ۶۴۳ |

Marfat.com

وہ لوگ جو کسی فاحشہ کا ارتکاب کرلیں یا اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو اللہ کو یاد کریں پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔

نیکی گناہوں کو مٹا دیتی ہے۔ نیکی کا نور گناہوں کی ظلمت کو ختم کر دیتا ہے۔

عَنْ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ تَوَضَّأَ ثُمَّ قَالَ: رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِیْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِیْ هٰذَا ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ لَا یُحَدِّثُ فِیْهِمَا نَفْسَهٗ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ.

## ترجمة الحديث:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے وضو فرمایا پھر فرمایا:

میں نے دیکھا حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے اس وضو کی طرح (وضو فرمایا) پھر فرمایا جس نے میرے اس وضو کی طرح وضو کیا پھر دو رکعتیں ادا کیں کہ ان دو رکعتوں میں اپنے نفس سے باتیں نہ کیں تو اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

-☆-

سبحان اللہ وضو کرنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کرنے سے گزشتہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں یہ وضو یہ دو رکعت نیکی ہے جس نے گناہ کو مٹا دیا ہے۔ نیکی کا نور گناہ کی ظلمت پر غالب آ جاتا ہے۔ بہرحال اللہ کی رضا سب سے بڑی دولت ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۲۷) | جلد۲ | صفحہ۱۱۳۸ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۶۲) | جلد۱ | صفحہ۷۲ |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۴۶) | جلد۱ | صفحہ۱۱۴ |

marfat.com
Marfat.com

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث پاک بھی ملاحظہ ہو

عَنْ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ خَرَجَتْ خَطَایَاہُ مِنْ جَسَدِہٖ حَتّٰی تَخْرُجَ مِنْ تَحْتِ اَظْفَارِہٖ.

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے وضوکیا اوراچھے طریقے سے وضوکیا تو اس کے گناہ اس کے جسم سے نکل جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کے ناخنوں کے نیچے سے بھی نکل جاتے ہیں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۴۵) | جلد۱ | صفحہ۲۷۴ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۵۲) | جلد۱ | صفحہ۳۲۴ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| شعب الایمان للبیھقی | رقم الحدیث (۲۷۳۱) | جلد۳ | صفحہ۱۲ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۷۰۱۹) | | صفحہ۳۳۸ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۹۲) | جلد۱ | صفحہ۲۱۰ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۱۸۲) | | جلد۱ | صفحہ۱۸۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۷۶) | جلد۱ | صفحہ۳۶۹ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْـرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:اَلاَ اُخْبِرُکُمْ بِمَا یَمْحُو اللّٰهُ بِهِ الْخَطَایَا وَیَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟ اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ عَلَی الْمَکَارِهِ وَکَثْرَةُ الْخُطاَاِلَی الْمَسَاجِدِوَانْتِظَارُ الصَّلاَةِ بَعْدَ الصَّلاَةِ، فَذَالِکُمُ الرِّبَاطُ، فَذَالِکُمُ الرِّبَاطُ ،فَذَالِکُمُ الرِّبَاطُ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۱۰۳۸) | جلد۳ | صفحہ۳۱۳ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط مسلم | | |
| الموطاامام مالک | رقم الحدیث(۵۵) | جلد۱ | صفحہ۱۴۹ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۲۵۱) | جلد۱ | صفحہ۲۸۷ |
| صحیح ابن خزیمہ | رقم الحدیث(۵) | جلد۱ | صفحہ۶ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث(۱۴۹) | جلد۱ | صفحہ۳۲۰ |
| قال المحقق: | ھذا الحدیث صحیح اخرجہ مسلم | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث(۱۴۳) | جلد۱ | صفحہ۱۱۲ |
| صحیح سنن انسائی | رقم الحدیث(۱۴۳) | جلد۱ | صفحہ۵۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۵۱،۵۲) | جلد۱ | صفحہ۱۱۸ |
| قال الترمذی: | حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۵۱) | جلد۱ | صفحہ۵۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث(۸۰۰۸) | جلد۸ | صفحہ۱۲۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۴۲۸) | جلد۱ | صفحہ۲۳۹ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اسی کے ذریعے درجات کو بلند فرماتا ہے؟

وہ ہے

جو لمحات نفس پر شاق گزریں ان میں مکمل اور خوشدلی سے وضو کرنا

مساجد کی طرف زیادہ قدم چل کر جانا

صلاۃ کے بعد دوسری صلاۃ کا انتظار کرنا

سن لیجیئے! یہی رباط ہے، یہی رباط ہے، یہی رباط ہے۔

## اِسۡبَاغُ الۡوُضُوءِ عَلَى الۡمَكَارِهِ :

نفس انسانی آرام طلب ہے۔ کوئی بھی نیک کام کیا جائے تو نفس اس کے لئے آسانی سے مائل نہیں ہوتا۔ لیکن بعض امور ایسے بھی ہیں جن کا کرنا اس پر بہت شاق گزرتا ہے۔

۱۔ موسم سرما میں گرم بستر چھوڑ کر عبادت الٰہی کے لئے اٹھنا نفس کے لئے بہت تکلیف دہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۴۷) | جلد ۱ | صفحہ ۱۴۳ |
| قال الالبانی: | حسن صحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۳۸۶) | جلد ۱ | صفحہ ۱۳۳ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۴۰۸۷) | جلد ۱۱ | صفحہ ۲۳۷ |

Marfat.com

اگران اوقات میں انسان بستر سے اٹھے ٹھنڈے پانی سے وضو کرے تو یقیناً یہ پانی جہنم کے شعلوں کو سرد کردے گا اور یہی وضو جنت میں بلند درجات کا زینہ بنے گا۔

۲۔ کسی بندہ مومن کو جسمانی تکلیف ہے اور یہ تکلیف اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ وضو نہ کیا جائے لیکن مومن کے ایمان کی حلاوت اسے مجبور کرتی ہے کہ وضو کیا جائے اور اللہ کے حضور سر بندگی جھکایا جائے۔

۳۔ بندۂ مومن کسی کاروباری مصروفیات میں ہے یا کہیں معاملات سلجھا رہا ہے یا تکرار علم کی بنا پر فرصت نہیں، نفس کو ان لمحات میں بڑا گراں گزرتا ہے کہ وضو کیا جائے اور صلاۃ ادا کی جائے بلکہ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ ایسے امور میں وقت صرف کر کے اپنا نقصان نہ کیا جائے لیکن جذبہ ایمانی ان سب چیزوں کو نظر انداز کرتا ہے جس اللہ نے لاکھوں انعامات و اکرامات سے نوازا اس کی بارگاہ میں باوضو ہو کر سجدہ ریز نہ ہونا انتہائی ناشکری ہے۔ یہی جذبہ ان مصروفیات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اللہ کی رضا کی طلب میں وضو کرنے پر مجبور کر کے علیم و خبیر جل جلالہ کی بارگاہ اقدس میں کھڑا کر دیتا ہے۔

اگر

ایسے افراد کے گناہ اللہ تعالیٰ مٹا دے اور ان کے درجات کو بلند سے بلند تر کر دے تو اس میں حیرانگی کی کونسی بات ہے۔

اس حدیث پاک کے آخر میں

فَذَالِكُمُ الرِّبَاطُ، فَذَالِكُمُ الرِّبَاطُ ،فَذَالِكُمُ الرِّبَاط.

آیا ہے اس کے دو مفہوم ذکر کئے گئے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۱۔ رباط جہاد کے لئے مستعد رہنے اور اسی غرض سے گھوڑے باندھنے کو کہتے ہیں۔ ان امور کو رباط قرار دے کر گویا یہ فرمایا گیا کہ ان امور کو سرانجام دینا جہاد کا ثواب پانا ہے۔

۲۔ رباط اس کو کہتے ہیں جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔

ان معنی کو مدنظر رکھیں تو مفہوم ہوگا

یہی امور ہیں جو انسان کو باندھے رکھتے ہیں تا کہ وہ گناہوں کی طرف نہ جائے اور اللہ کی نافرمانی سے باز رہے۔

جو بندۂ مومن ان احکامات الٰہیہ پر عمل پیرا ہو تو کوئی بعید نہیں کہ رحیم و کریم اللہ انہیں جہاد کا ثواب بھی عطا فرمائے اور انہیں گناہوں سے بھی محفوظ رکھے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِیْمَاناً وَّاحْتِسَاباً ، غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ، وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَاناً وَاحْتِسَاباً غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَنْ قَامَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ ، اِیْمَاناً وَاحْتِسَاباً غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۹۰۱) | جلد۲ | صفحہ۵۶۶ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۷۶۰) | جلد۲ | صفحہ۱۹۱ |
| صحیح ابن حبان (مختصراً)/ رقم الحدیث (۳۴۳۲) | | جلد۸ | صفحہ۲۱۸ |
| قال المحقق: | إسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۴۸۵) | جلد۹ | صفحہ۴۹۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۰۷۳) | جلد۹ | صفحہ۳۹۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۹۲۵۹) | جلد۹ | صفحہ۱۶۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الدارمی | رقم الحدیث (۱۸۱۷) | جلد۲ | صفحہ۱۱۴ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی (مختصراً)/رقم الحدیث (۸۵۰۶) | | جلد۴ | صفحہ۵۰۱ |
| قال البیھقی: | راوہ البخاری فی الصحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۴۵۱) | جلد۲ | صفحہ۱۸ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۹۹۲) | | جلد۱ | صفحہ۵۸۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | | جلد۴ | صفحہ۱۵۶ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۰۱) | جلد۲ | صفحہ۱۱۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۳۷۲) | جلد۱ | صفحہ۴۳۲ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۱۳۷۲) | جلد۱ | صفحہ۳۷۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۶۸۳) | جلد۲ | صفحہ۱۵۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۶۸۳) | جلد۱ | صفحہ۳۶۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا: جس نے ایمان واحتساب سے رمضان کے روزے رکھے اس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کردیے جائیں گے اور جس نے ایمان واحتساب سے رمضان کی راتوں میں قیام کیااس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کردیے جائیں گے اور جس نے ایمان واحتساب سے لیلۃ القدر میں قیام کیااس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کردیے جائیں گے۔

سنن ابن ماجہ(۱)(مختصراً)/رقم الحدیث(۱۶۹۱) جلد۲ صفحہ۳۰۷
قال المحقق: الحدیث صحیح
سنن ابن ماجہ(۲) رقم الحدیث(۱۶۴۱) جلد۳ صفحہ۱۴۶
قال المحقق: اسنادہ صحیح
صحیح سنن ابن ماجہ رقم الحدیث(۱۳۶۴) جلد۲ صفحہ۵۸
قال الالبانی: صحیح
ارواء الغلیل (مختصراً) رقم الحدیث(۹۰۶) جلد۴ صفحہ۱۴
قال الالبانی: صحیح
مشکاۃ المصابیح رقم الحدیث(۱۹۵۸) جلد۱ صفحہ۶۱۰
قال المحقق: متفق علیہ

Marfat.com

عَنْ حِبْرِ الْاُمَّةِ اَبِی الْعَبَّاسِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ: کُنْتُ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَاغُلَامُ اِنِّیْ اُعَلِّمُکَ کَلِمَاتٍ: اِحْفَظِ اللّٰہَ یَحْفَظْکَ اِحْفَظِ اللّٰہَ تَجِدْہُ تُجَاھَکَ اِذَا سَاَلْتَ فَاسْاَلِ اللّٰہَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰہِ وَاعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّةَ لَوِاجْتَمِعَتْ عَلٰی اَنْ یَنْفَعُوْکَ بِشَیْءٍ لَمْ یَنْفَعُوْکَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ کَتَبَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لَکَ وَاِنِ اجْتَمَعُوْا عَلٰی اَنْ یَضُرُّوْکَ بِشَیْءٍ لَمْ یَضُرُّوْکَ اِلَّا بِشَیْءٍ قَدْ کَتَبَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجَفَّتِ الصُّحُفُ.

رَوَاہُ التِّرْمَذِیُّ وَقَالَ حَسَنٌ" صَحِیْحٌ"—وَفِیْ رِوَایَةِ غَیْرِ التِرمَذِیِّ اِحْفَظِ اللّٰہَ تَجِدْہُ اَمَامَکَ تَعَرَّفْ اِلَی اللّٰہِ فِی الرَّخَاءِ یَعْرِفُکَ فِی الشِّدَّةِ وَاعْلَمْ اَنَّ مَااَخْطَاکَ لَمْ یَکُنْ لِیُصِیْبَکَ وَمَا اَصَابَکَ لَمْ یَکُنْ لِیُخْطِئَکَ وَاعْلَمْ اَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ وَاَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْکَرْبِ وَاَنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْراً.

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الاوسط | رقم الحدیث (۵۴۱۷) | جلد۴ | صفحہ۱۱۹ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۲۴) | جلد۴ | صفحہ۲۳۱ |
| قال الترمذی: | حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۵۱۶) | جلد۲ | صفحہ۶۰۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حِبرُ الامّت ابوالعباس حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں آپ فرماتے ہیں:

میں حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم- کے پیچھے سواری پر بیٹھا ہوا تھا تو آپ نے فرمایا اے لڑکے! میں تجھے چند باتوں کی تعلیم دیتا ہوں (انہیں یاد رکھنا): اللہ کا دھیان رکھ وہ تیری حفاظت کرے گا۔اللہ کا دھیان رکھ تو اسے اپنے سامنے پائے گا اور جب تو کچھ مانگنا چاہے تو اللہ سے مانگ اور جب تجھے مدد کی ضرورت ہو تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگ۔

اس بات کو پیش نظر رکھ اگر ساری قوم اس مقصد کیلئے اکٹھی ہو جائے کہ تجھے کچھ نفع پہنچائیں تو جو اللہ نے تیرے لیئے لکھ دیا اس کے سوا نفع نہیں پہنچا سکتے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۳۰۲) | جلد۳ | صفحہ۱۴۵۹ |
| قال الالبانی: | حدیث صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۶۳۵۷) | جلد۴ | صفحہ۶۹۸ |
| تاریخ بغداد | رقم الحدیث (۸۴۵۷) | جلد۱۴ | صفحہ۱۲۵ |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۱ | صفحہ۳۱۴ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۶۶۹) | جلد۳ | صفحہ۱۹۴ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۵۴۱۵) | جلد۴ | صفحہ۳۸۲ |
| شعیب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث (۱۹۵) | جلد۱ | صفحہ۲۱۶ |

Marfat.com

اگر ساری قوم اس مقصد کیلئے اکٹھی ہو جائے کہ تجھے کچھ (جانی یا مالی) نقصان پہنچائیں تو اس کے سوا تجھے کچھ ضرور نہیں پہنچا سکتے جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لیئے لکھ دیا ہے۔

(فیصلہ کرنے والے) قلم اٹھا لیئے گئے اور صحیفوں کی سیاہی خشک ہو چکی ہے۔

اور غیر ترمذی کی روایت میں ہے: اللہ کی طرف دھیان کر تو اسے اپنے آگے پائے گا۔ خوشحالی کے زمانہ میں اللہ کی طرف میلان رکھ وہ تنگدستی میں تیری طرف (خصوصی) توجہ فرمائے گا۔

اور اس بات کو بھی پیش نظر رکھ جو مصیبت تجھ سے ٹل گئی وہ تجھے پہنچنے والی نہ تھی اور جو مصیبت تجھ پر آ کر رہی وہ تجھ سے ٹلنے والی نہ تھی۔

یہ بھی جان لے (اللہ کی طرف سے) مدد صبر کے ساتھ اور کشائش تنگی کے ساتھ ہے اور یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

-☆-

## اِحفَظِ اللّٰہَ یَحفَظُکَ:

اللہ کی حفاظت کرو اللہ تمہاری حفاظت کرے گا۔

اللہ کی حفاظت کرو یعنی اللہ تعالیٰ کے احکامات کی حفاظت کرو۔ اس کے اوامر کو بجا لاو، اس کے نواھی سے مجتنب رہو۔ بندہ جب اوائل عمری میں اللہ کے اوامر کو بجالاتا ہے اس کے نواھی سے اجتناب برتتا ہے تو قادر و قیوم اللہ اس پر یہ کرم کرتا ہے کہ جب اسکی عمر ڈھلنے لگتی ہے اللہ اسے اپنی یاد کی مزید توفیق عطا فرماتا ہے اور جیسے جیسے عمر ناپائیدار اختتام کی طرف بڑھتی ہے اسکا ذوقِ عبادت ترقی کرتا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ عالم

marfat.com
Marfat.com

جوانی میں پیکر شرم وحیا تھے اتباع رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اپنی ترجیحات وخواہشات قربان کرتے تھے جب کریم اللہ نے جواباً ان پر کرم کیا تو وہ روزانہ ایک قرآن کریم تلاوت کرلیا کرتے تھے۔

عارف باللہ قدوۃ الاولیاء حضرت قاضی فتح اللہ صدیقی شطاری رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد میں حضرت خواجہ محمد اکبر علی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ کے اوامر کی پاسداری کی، اسکے نواھی سے مجتنب رہے تو اللہ تعالیٰ نے یوں کرم کیا کہ روزانہ قرآن کریم ختم کرلیا کرتے تھے۔ انکے تلاوت قرآن کا بیان بڑا انوکھا ہے۔ ملاحظہ ہو:

یہ پیکر صدق وصفا صبح اپنے معمولات سے فارغ ہو کر کھیتوں کی طرف روانہ ہو جاتے بیلوں کی جوڑی کے پیچھے ہل پر ہاتھ رکھتے اور قرآن کریم کی تلاوت شروع کر دیتے جونہی تلاوت قرآن کے لئے بسم اللہ کرتے بیل خود بخود حرکت میں آجاتے پھر نہ اللہ والے کی زبان تھمتی اور نہ ہی بیل رکتے۔ یہ سلسلہ دوپہر تک جاری رہتا اور جب آپ قرآن کی آخری سورت کے آخری لفظ والناس تک پہنچتے بیل خود بخود ٹھہر جاتے۔

عشقِ الٰہی کی آگ میں جلا ہوا یہ وجود جب کلام الٰہی کی تلاوت شروع کرتا تو ہر طرف سناٹا چھا جاتا جس کی آنکھوں میں جمالِ الٰہی کا خمار ہو اور زبان وقلب میں انوار الٰہیہ کی چاشنی ہو اس کی تلاوت کا انداز جداگانہ ہوتا ہے۔

جیسے ہی چشمہ تسلیم ورضا سے دھلی ہوئی یہ زبان کھلتی کھیت کے چاروں طرف لوگ دیوانہ وار کھڑے ہو جاتے اور وہ کھڑے کھڑے پورا قرآن کریم سن لیتے کھڑے کھڑے نہ کسی کو اکتاہٹ محسوس ہوتی اور نہ تھکاوٹ انہیں اس بات کا شعور ہی نہ رہتا کہ ہم کھڑے ہیں یا بیٹھے۔

Marfat.com

تلاوتِ قرآن کریم کے تین مدارج ہیں:

۱۔ عالم ملک وملکوت کی ہر چیز عیاں ہو جاتی ہے۔ وہ تلاوت کرتا ہے اور عالم ملک وملکوت کے سربستہ رازوں کا مشاہدہ کرتا جاتا ہے۔

۲۔ قاری ذاتِ خدا میں اس درجہ فنا ہوتا ہے کہ زبان تو قاری کی ہوتی ہے لیکن کلام متکلم کا۔ جیسے شجر موسیٰ علیہ السلام سے متکلم کلام کرتا ہے اسی طرح قاری کی زبان سے متکلم کلام فرمارہا ہوتا ہے۔

زنانِ مصر نے چہرہ یوسف میں تجلیاتِ الٰہیہ کا مشاہدہ کیا انہیں اپنے اپنے وجود کا احساس تک نہ رہا انہوں نے چھریوں سے پھلوں کی بجائے اپنے اپنے ہاتھ زخمی کر لئے۔ ان کے ہاتھوں سے خون رس رہا ہے لیکن ان کی نگاہیں جمالِ یوسفی پر مرکوز ہیں۔

یوں ہی عمدۃ الاذکیاء عارف باللہ حضرت خواجہ قاضی اکبر علی صدیقی رحمہ اللہ کی زبان مبارک سے لوگ اللہ کے کلام کو سنتے انہیں ہوش ہی نہ رہتا کہ وہ کھڑے ہیں انہیں اپنا کئی گھنٹے کھڑا رہنا بھول جاتا اور وہ کلام الٰہی کی حلاوت میں ہی مست ہوتے رہتے۔ حالانکہ کھڑا ہونا تو درکنار انسانی فطرت میں کئی گھنٹے جم کر بیٹھنا بھی مشکل ہوتا ہے۔

گلستانِ صدیقی کے گل سرسبد حضرت خواجہ قاضی اکبر علی صدیقی رحمہ اللہ کی ذاتِ خدا میں اس درجہ فنائیت ہی کا ثمر ہے کہ اللہ نے آپ کی اولادِ امجاد میں حضرت قبلہ عالم سلطان الاولیاء خواجہ قاضی محمد سلطان عالم صدیقی چچوی رحمہ اللہ کو پیدا کیا جن کے اخلاص وللہیت اور قدسی صفات اولاد امجاد کی خوشبو وادی جنت نظیر کشمیر کے ہزاروں گھروں میں محسوس کی جاسکتی ہے اور اس خوشبو کی مہک کشمیر و پاکستان کی سرحدوں سے تجاوز کر کے دیار غیر میں بھی بے شمار لوگوں

marfat.com
Marfat.com

کے ایمانوں کو تازگی و فرحت بخش رہی ہے۔

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذَالِکَ حَمْداً کَثِیْراً.**

آپ کے بارے میں یہ بات بھی پایہ ثبوت تک ہے کہ تلاوت قرآن کے دوران اگر قضائے حاجت کی ضرورت پیش آتی تو اپنی زبان بڑی مضبوطی سے دانتوں میں دبا لیتے ورنہ ان کی زبان قابو سے باہر ہوتی اور تلاوت میں مگن رہتی۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ عُقْبَۃَ بْنِ عَمْرٍوالْاَنْصَارِیْ الْبَدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَکَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِ النُّبُوَّۃِ الْاُوْلٰی اِذَا لَمْ تَسْتَحْیِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۳۲۹۶) | جلد۳ | صفحہ۱۲۸۴ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث(۲۰۷۸۷) | جلد۱۰ | صفحہ۳۲۴ |
| قال المحقق: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث(۱۲۷۱۳) | جلد۸ | صفحہ۵۹ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۶۰۷) | جلد۲ | صفحہ۳۷۱ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث(۶۵۱) | جلد۱۷ | صفحہ۲۳۵ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث(۳۵۹۷) | جلد۱۳ | صفحہ۱۷۳ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| المصنف لعبدالرزاق | رقم الحدیث(۲۰۱۴۹) | جلد۱۱ | صفحہ۱۴۳ |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۸ | صفحہ۱۲۴ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۴۱۸۳) | جلد۴ | صفحہ۵۰۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابومسعود عقبہ بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پہلے انبیاء کرام کے کلام سے جو لوگوں نے ابھی تک محفوظ رکھا یہ بات (بھی) ہے جب تجھ میں حیا نہ رہے تو جو چاہے کیے جا۔

-☆-

حیاء کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

اَلْحَیَاءُ خُلُق" یَبْعَثُ عَلٰی تَرْکِ الْقَبِیْحِ وَیَمْنَعُ مِنَ التَّقْصِیْرِ فِی حَقِّ ذِی الْحَقِ. (جامع العلوم والحکم)

حیاء اس عادت کو کہتے ہیں جو انسان کو قبیح اور فحش کام کرنے سے روکتی ہے اور حقدار کے

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۳۹۱) | جلد ۳ | صفحہ ۳۶۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۶۸۴) | | جلد ۲ | صفحہ ۲۹۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۷۹۷) | جلد ۴ | صفحہ ۲۷۰ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۷۹۷) | جلد ۳ | صفحہ ۱۷۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۹۹۷۲) | جلد ۷ | صفحہ ۳۲۸ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۳۱۶) | | صفحہ ۴۴۵ |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۶۲۱) | | صفحہ ۸۶ |

Marfat.com

حق میں کوتاہی سے منع کرتی ہے۔

حیاء ہی وہ اعلیٰ صفت ہے جو انسان کو انسانیت کے دائرے میں رکھتی ہے اگر یہ صفتِ حیا نہ رہے تو ایک انسان اور حیوان میں کیا فرق رہ جاتا ہے اگر کوئی بے حیائی پر اتر آئے تو وہ سب کچھ کر گزرتا ہے کیونکہ اس کا ضمیر ہی مردہ ہو چکا ہوتا ہے اور اس سے وصفِ انسانیت ناپید ہو چکا ہوتا ہے۔

اِذَا لَمْ تَستَحْيِ فَاصْنَعْ مَاشِئتَ.

جب تجھ میں حیاء نہ رہے تو جو چاہے کرتا جا۔

فارسی زبان میں اسکا ترجمہ ان الفاظ میں کیا گیا ہے

بے حیا باش و ہر چہ می خواہی کن

بے حیا ہو جا اور جو جی چاہے کرتا جا۔

یہی وہ حیاء ہے جسے ایمان کا شعبہ قرار دیا گیا ہے۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ : اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ "وَسَبْعُوْنَ اَوْبِضْعٌ" وَسِتُّوْنَ شُعْبَةً فَاَفْضَلُهَا قَوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِیْقِ وَالْحَیَاءُ شُعْبَةٌ" مِنَ الْاِیْمَانِ.**

---

صحیح مسلم — رقم الحدیث (۳۵) — جلد۱ — صفحہ۵۹۳

سنن ابن ماجہ (۱) — رقم الحدیث (۵۷) — جلد۱ — صفحہ۵۶

قال محمود محمد محمود: متفق علیہ

سنن ابن ماجہ (۲) — رقم الحدیث (۵۷) — جلد۱ — صفحہ۸۲

قال بشار عوار معروف: اسنادہ صحیح

marfat.com

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۵۷) | جلد۳ | صفحہ۳۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۴۶۷۶) | جلد۵ | صفحہ۳۹ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۴۶۷۶) | جلد۳ | صفحہ۱۳۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۹) | جلد۱ | صفحہ۱۲ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۱۴) | جلد۳ | صفحہ۴۴۲ |
| قال الترمذی: | هذا حدیث حسن صحیح | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۵۹۸) | | صفحہ۱۵۶ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۵۹۸) | | صفحہ۲۲۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۹۰) | جلد۱ | صفحہ۴۱۹ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط البخاری | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۶۷) | جلد۱ | صفحہ۳۸۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن النسائی | | جلد۸ | صفحہ۱۱۰ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۰۱۹) | جلد۳ | صفحہ۳۴۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | | جلد۸ | صفحہ۱۱۰ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۵۰۲۰) | جلد۳ | صفحہ۳۴۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایمان کی ستر اور کچھ یا ساٹھ اور کچھ شاخیں ہیں ان میں افضل لا الہ الا اللہ کہنا ہے اور سب سے ادنی اذیت دینے والی چیز کو راستہ سے ہٹا دینا ہے اور حیاء ایمان کا شعبہ ہے۔

-☆-

اس حدیث پاک میں الگ ذکر کیا گیا ہے کہ حیاء ایمان کا شعبہ ہے یہ اس کی اہمیت کے پیش نظر ذکر کیا گیا ہے تا کہ اھل ایمان اسے نظر انداز نہ کریں جس میں حیاء ہے۔ گویا اس میں کچھ نہ کچھ ایمان ہے لیکن درج ذیل حدیث پاک میں غور کیجئے تو حیاء کی قدر و منزلت مزید نکھر کر سامنے آتی ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۸۱۶) | جلد ۹ | صفحہ ۴۲۹ |
| المسند الجامع | | جلد ۱۶ | صفحہ ۴۷۸ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵) | جلد ۱ | صفحہ ۱۰ |
| قال الخطیب التبریزی: متفق علیہ | | | |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۳) | جلد ۱ | صفحہ ۱۱۳ |

marfat.com
Marfat.com

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : اِنَّ الْحَيَاءَ وَ الْاِيْمَانَ قُرِنَا جَمِيْعاً فَاِذَا رُفِعَ اَحَدُهُمَا رُفِعَ الْآخَرُ.

## ترجمة الحديث:

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا حیاء اور ایمان دونوں جڑواں ہیں اگر ان میں سے ایک اٹھ جائے ختم ہو جائے تو دوسرا خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔

-☆-

حیاء میں وہ وصف جمیل ہے جس سے ایک بندہ انسان کہلاتا ہے اور اس کی موجودگی

---

شعب الایمان للبیہقی رقم الحدیث (۷۷۴۷) جلد ۶ صفحہ ۱۴۰

قال البیہقی: اسنادہ حسن

المستدرک للحاکم رقم الحدیث (۵۸) جلد ۱ صفحہ ۳۰

قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح علی شرطھما

تلخیص بذیل مستدرک رقم الحدیث (۵۹) جلد ۱ صفحہ ۳۰

قال الذھبی: علی شرطھما

کنز العمال رقم الحدیث (۵۷۵۶)

مشکوۃ المصابیح رقم الحدیث (۵۰۹۳) جلد ۳ صفحہ ۱۰۱۰

Marfat.com

ایمان کی موجودگی پر دلالت کرتی ہے۔

حیاء کی اہمیت کو سمجھنے کیلئے ایک اور حدیث پاک ملاحظہ ہو۔

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ: اَلاتَسْتَحْیُوْنَ؟ قَالُوْا: اِنَّا لَنَسْتَحْیِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! قَالَ لَیْسَ ذَالِکَ، مَنِ اسْتَحْیٰی مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ، فَلْیَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَاوَعٰی وَالْبَطْنَ وَمَاحَوٰی وَلْیَذْکُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلٰی وَمَنْ اَرَادَ الْآخِرَۃَ تَرَکَ زِیْنَۃَ الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا فَمَنْ فَعَلَ ذَالِکَ فَقَدِ اسْتَحْیٰی مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ

## ترجمۃ الحدیث:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم حیاء نہیں کرتے ہو تو صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ! یقیناً ہم شرم وحیاء کرتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ایسا نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ سے حیاء کرتا ہے جیسے حیاء کرنے کا حق ہے تو اسے چاہیئے

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | | جلد۴ | صفحہ۳۲۳ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| تلخیص بذیل مستدرک | | جلد۴ | صفحہ۳۲۳ |
| قال الذھبی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۴۶۶) | جلد۴ | صفحہ۲۰۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۴۵۸) | جلد۲ | صفحہ۵۹۰ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث(۱۶۰۷) | جلد۱ | صفحہ۵۰۴ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث(۱۱۴۲) | جلد۱ | صفحہ۵۳۳ |

marfat.com
Marfat.com

کہ وہ سر اور جو چیزیں سر میں موجود ہیں ان کی حفاظت کرے۔ پیٹ اور جس چیز کو پیٹ شامل ہے اس کی حفاظت کرے اور اسے چاہیے کہ وہ موت کو یاد رکھے اور مرنے کے بعد جسم کی بوسیدگی کو یاد کرے اور جو آخرت کا ارادہ رکھتا ہے وہ دنیاوی زندگی کی زینت کو ترک کرتا ہے پس جس نے ایسا کیا تو اس نے اللہ سے ایسی حیاء کی جیسے حیاء کرنے کا حق ہے۔

غور کیجئے! ایک صفت حیاء میں کتنی چیزیں آ جاتی ہیں۔ جو آدمی اللہ تعالیٰ سے شرم وحیاء کرتا ہے وہ اپنے پورے جسم کی حفاظت کرتا ہے اور اس کے کسی عضو کو نافرمانی کی جانب نہیں لے جاتا کیونکہ اسے شرم آتی ہے کہ اس کا خالق و مالک اسے دیکھ رہا ہو اور پھر وہ اس کی نافرمانی کرے۔

## فَلْيَحْفَظِ الرَّأْسَ وَمَاوَعٰى:

سر اور سر کے مشتملات کی حفاظت کرے

سر میں آنکھیں آتی ہیں ایک شرم وحیا کا پیکر اپنی آنکھوں کی حفاظت کیا کرتا ہے اپنے کانوں کی حفاظت کرتا ہے اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے بلکہ اپنی سوچ وفکر کی حفاظت کرتا ہے پیکر شرم وحیاء کی آنکھیں ناجائز جگہ نہیں اٹھتیں نہ اسکے کان بے ہودہ اور فحش کلام سنتے ہیں اور نہ اسکی زبان سے تہذیب سے گری ہوئی باتیں نکلتی ہیں بلکہ اس کی سوچ اور اسکی فکر بھی طیب وطاہر ہوتی ہے ایسا پاکیزہ انسان اس قابل ہے کہ قدسی بھی اسے سلامی کریں اس کی نگاہوں کے سامنے یہ ارشاد ربانی رہتا ہے۔

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلاً.

بیشک سمع وبصر اور دل ہر ایک کے بارے میں باز پرس ہوگی۔

Marfat.com

## فَلْیَحْفَظِ الْبَطْنَ وَمَاحَوٰی:

ایک حیادار انسان اپنے پیٹ اور اسکے مشتملات ستر وغیرہ کی حفاظت کرتا ہے اس میں ایسا لقمہ نہیں جانے دیتا جو مشتبہ ہو کیونکہ وہ وحدہٗ لاشریک سے حیاء کرتا ہے اگر کسی ایسی جگہ ہو جہاں اسے کوئی نہ دیکھ رہا ہو پھر بھی وہ کوئی ایسا کام نہیں کرتا کیونکہ اسے معلوم ہے کہ میرا خالق و مالک اور میرا رازق مجھے ہر آن اور ہر لحہ دیکھ رہا ہے۔ حیاءدار آدمی کا ستر کبھی بھی غیر کیلئے نہیں کھلتا وہ ایمان کی دولت سے لبریز ہوتا ہے تو ایمان عطا کرنے والا اللہ اور ایمان تقسیم فرمانے ولا نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس سے راضی ہوتے ہیں اور اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

## وَلْیَذْکُرِ الْمَوْتَ وَالْبِلٰی:

حیادار آدمی کی نگاہوں کے سامنے ہر وقت موت رقص کرتی ہے وہ موت کی یاد سے کبھی غافل نہیں ہوتا وہ ہر لحہ دار آخرت کی تیاری میں رہتا ہے دنیا اور اسکے فریب میں نہیں آتا بلکہ علیم وخبیر اللہ کی حاضری کیلئے بے قرار و بے چین رہتا ہے اور اس کی تیاری میں مگن اپنے اوقات کو معمور رکھتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو (وَقِیْلَ اَبِیْ عَمْرَۃَ) سُفْیَانَ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قُلْ لِیْ فِی الْاِسْلَامِ قَوْلاً لا اَسْئَلُ عَنْہُ اَحَداً غَیْرَکَ قَالَ قُلْ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ ثُمَّ اسْتَقِمْ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۹۴۲) | جلد۳ | صفحہ۲۲۱ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۳۸) | جلد۱ | صفحہ۹۵ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۴۱۸) | جلد۴ | صفحہ۱۸۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۴۱۰) | جلد۲ | صفحہ۵٦۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۹۷۲) | جلد۴ | صفحہ۳۸۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۲۲۳) | جلد۳ | صفحہ۳۸۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۴۴۷۸) | جلد۴ | صفحہ۲۰ |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۱۲۳۱) | | صفحہ۱۷۱ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو عمرو یا ابو عمرۃ سفیان بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے حضور۔صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ سے عرض کی یارسول اللہ! مجھے اسلام کے بارے میں ایسی بات بتا دیجئے کہ اس بارے میں آپ کے سوا کسی سے سوال نہ کروں۔

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (دل وجان سے) کہہ دیجئے میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر ثابت قدم رہیے۔

-☆-

علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**اَلْاِسْتِقَامَةُ : هِیَ سُلُوْکُ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ وَهُوَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ مِنْ غَيْرِ تَعْرِيْجٍ عَنْهُ يُمْنَةً وَيُسْرَةً وَيَشْمِلُ ذالِکَ فِعْلَ الطَّاعَاتِ كُلِّهَا ، الظَّاهِرَةِ وَالْبَاطِنَةِ وَتَرْکَ الْمَنْهِيَّاتِ كُلِّهَا كَذَالِکَ.** [1]

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۶۳۹۷-۶۳۹۶) | جلد ۷ | صفحہ ۶۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۵۳۵۴) | جلد ۱۲ | صفحہ ۱۲۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۲۷۱۱) | جلد ۲ | صفحہ ۳۸۶ |

(۱) جامع العلوم والحکم ۱/۵۱۰

marfat.com
Marfat.com

## استقامت:

یہ صراطِ مستقیم پر چلنا ہے اور وہ دین قیم ہے جس میں دائیں بائیں جھکاؤ نہیں اور یہ شامل ہے تمام فعل طاعات پر ظاہراً و باطناً اور شامل ہے تمام ظاہری و باطنی منہیات کے ترک پر۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں ایک آدمی عرض کرتا ہے:

یارسول اللہ! مجھے اسلام کے بارے میں ایک ایسی بات کی وصیت فرمادیجئے جو حرفِ آخر ہو اور اس کے بعد میں کسی سے اس سلسلہ میں استفسار نہ کروں۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہی جملہ ارشاد فرمایا جو تمام تعلیمات اسلام کا نچوڑ ہے اور اس میں سب کچھ سمو کر رکھ دیا گیا ہے۔

## قُلْ آمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ:

کہہ دیجئے میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا پھر اس کے بعد اس پر ثابت قدم رہو۔

علامہ لکھتے ہیں: گویا استقامت صراط مستقیم پر چلنے کا نام ہے اور یہ وہ دین حق ہے جس میں کسی قسم کی کوئی کجی و کمی نہیں اس دین پر کاربند افراد دائیں بائیں جھکا نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ سیدھی راہ پر چلا کرتے ہیں۔

استقامت صرف زبان سے اللہ پر ایمان لا کر اس پر قائم و دائم رہنا نہیں بلکہ اس میں تمام اوامر ظاہریہ و باطنیہ آ جاتے ہیں جن پر کاربند رہا جاتا ہے اور یہ تمام منہیات ظاہریہ و باطنیہ کو بھی شامل ہے جن سے اجتناب کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

یہی وہ استقامت ہے جسے فوق الکرامت کہا گیا ہے یعنی جس آدمی میں استقامت علی الدین موجود ہے اگرچہ ظاہری طور پر اس سے کسی کرامت کا صدور نہ بھی ہو پھر وہ کرامتوں والے سے بلند بہت بلند ہے۔

مسند الامام احمد کی روایت میں بھی اس طرح موجود ہے:

**اِنَّ رَجُلاً قَالَ : یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! مُرْنِیْ فِی الْاِسْلَامِ لَا أَسْأَلُ عَنْهُ اَحَداً بَعْدَکَ قَالَ قُلْ أٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ثُمَّ اسْتَقِمْ قُلْتَ : فَمَا اَتَّقِیْ ؟ فَأَوْمَأَ اِلٰی لِسَانِهٖ.**

ایک آدمی بارگاہ خیرالوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! اسلام میں مجھے ایسی چیز کا حکم دیجئے کہ میں اس سلسلہ میں آپ کے بعد کسی سے استفسار نہ کروں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہہ دیجئے میں اللہ پر ایمان لایا اور اس پر استقامت اختیار کیجئے۔ راوی کہتا ہے:

میں نے عرض کی مجھے کس چیز سے بچنا چاہئے؟

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زبان کی طرف اشارہ فرمایا۔

یہاں بھی اس سوال کے جواب میں استقامت کا حکم ارشاد فرمایا استقامت وہ عظیم دولت ہے جس کی نظیر نہیں پیش کی جاسکتی۔ ہزار آندھیاں آئیں لیکن صاحب استقامت کے پاؤں میں لغزش نہیں آیا کرتی۔ مصائب وآلام کے طوفان اٹھیں بندہ مومن کے وصفِ استقامت میں فرق نہیں آیا کرتا۔ اگر کسی بندہ مومن صاحب استقامت کو ہزار لالچ بھی دی جائے دولت کے انبار اس کے قدموں میں رکھ دیے جائیں وہ انہیں پائے حقارت سے بھی نہیں ٹھکراتا۔ اس مردحق آگاہ صاحبِ استقامت کو نہ ڈرا کر دھمکا کر مرعوب کیا جاسکتا ہے اور نہ لالچ

marfat.com
Marfat.com

سے اس کے نعمت ایمان کو داغدار کیا جا سکتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰه ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الملائکةُ اَنْ لاتخافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ.

بے شک وہ لوگ جو کہہ دیتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر استقامت اختیار کرتے ہیں تو ان پر فرشتے نازل ہوا کرتے ہیں اور وہ کہتے ہیں تم خوف نہ کھانا تم غمگین نہ ہونا اور تمہیں مبارک ہو اس جنت کی جس جنت کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔

صاحب استقامت جہاں بھی بیٹھا ہو اسے تنہا نہ سمجھا جائے اگر وہ کہیں نکل جائے تو بھی اسے اکیلا تصور نہ کیا جائے اس کے بارے میں کبھی بھی یہ ذھن میں نہ آئے کہ وہ بے یار و مددگار ہے بلکہ اللہ کا فرمان'' تتنزل علیم الملائکة'' ان خوش قسمت افراد پر ملائکہ نازل ہوتے ہیں تو جس مرد مومن پر فرشتے نازل ہوں وہ خداداد قوتوں کا مالک ہوا کرتا ہے جس کی چاکری کیلئے نوری مخلوق ہو وہ عام انسانوں میں ہوتے ہوئے بھی عام انساں نہیں ہوا کرتا۔

یہ فرشتے اللہ کی طرف سے حکم پہنچاتے ہیں۔

اے سراپا استقامت! اے کلمہ طیبہ پڑھ کر اس پر ڈٹ جانے والے! اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی کا قلادہ گلے میں ڈال کر اس کی حفاظت کرنے والے! تمہیں اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرنا اللہ تیرا امدومعان ہے تم کسی بات سے غمگین نہ ہونا قادر و قیوم اللہ تجھ سے راضی ہے پھر وہی فرشتے جنت کی بشارتیں دیتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

Marfat.com

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ، اُوْلٰٓئِکَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِیْنَ فِیْهَا جَزَاءً بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ[1]

بیشک وہ لوگ جنہوں نے کہہ دیا ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر استقامت اختیار کی تو انہیں نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوتے ہیں یہی وہ اصحاب جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ جزاء ان کے ان اعمال کی جو وہ کیا کرتے تھے۔

(۱) الاحقاف ۱۳

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَجُلاً سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَرَأَیْتَ اِذَا صَلَّیْتُ الْمَکْتُوْبَاتِ وَصُمْتُ رَمَضَانَ وَاَحْلَلْتُ الْحَلَالَ وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ وَلَمْ اَزِدْ عَلٰی ذٰلِکَ شَیْئاً اَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَالَ نَعَمْ.

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوعبداللہ جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سوال کیا آپ اس بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں:

جب میں صلواتِ مکتوبات (فرض نمازیں) ادا کروں، رمضان کے روزے رکھوں، حلال کو حلال جانوں اور حرام کو حرام جانوں اور ان امور پر کچھ بھی اضافہ نہ کروں کیا میں جنت میں جاؤں گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں (تو جنت میں ضرور جائے گا)۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۵) | جلد۱ | صفحہ۴۲ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۷۲۸۷) | جلد۹ | صفحہ۵۴۴ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۲۹۵۰) | جلد۲ | صفحہ۳۴۶ |

Marfat.com

مکتب سید الوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طلباء اور بارگاہ خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پروردہ کس درجہ پاک باطن تھے ان کی سوچ وفکر کس درجہ طیب وطاہر تھی انہیں اس دنیا کا فکر نہیں نہ یہاں کی دولت جمع کرنے کی لگن ہے ان کے ذہنوں میں فکر ہے تو فکر آخرت اور ان کی سوچ کا محور آخرت کی نجات ہے۔

زیر نظر حدیث میں ملاحظہ کیجئے حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے والا کس اعلیٰ ذوق کا ہے اور وہ اپنی نجات کے بارے میں سول کرتا ہے۔

## اِذَا صَلَّيْتُ الْمَكْتُوْبَاتِ وَصُمْتُ رَمَضَانَ

جب میں فرض نمازیں ادا کروں اور رمضان کے روزے رکھوں۔

یہاں صرف دو چیزوں کا ذکر ہے حالانکہ اسلام کا قصر رفیع جن ستونوں پر استادہ ہے ان کی تعداد پانچ ہے۔جنہیں ارکان اسلام بھی کہا جاتا ہے۔

پہلا رکن تو اقرار الشہادتین ہے یعنی اللہ الواحد کی الوہیت کی گواہی دینا اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت اور رسالت کی گواہی دینا یعنی اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰهِ. کہنا یہ وہ بنیادی رکن ہے جس کے بغیر کوئی مسلم ہو ہی نہیں سکتا۔صحابی نے جب یہ استفسار کیا تو اس وقت وہ کلمہ پڑھ چکے تھے۔باقی دو ارکان کا انہوں نے ذکر نہیں کیا۔

اس کی ایک وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہو گی یعنی صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہ سوال کیا اس وقت صرف صلاۃ اور رمضان کے روزے فرض ہونگے اور باقی زکاۃ اور حج کی فرضیت کا حکم نازل نہ ہوا ہوگا۔

marfat.com
Marfat.com

دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ

صلاۃ اور صوم یہ عبادت بدنیہ کہلاتے ہیں لیکن زکوۃ عبادت خالص مالیہ ہے اور حج بھی بغیر استطاعت کے فرض نہیں تو ہو سکتا ہے وہ صحابی مالی حیثیت نہ رکھتے ہوں ان پر یہ دو رکن فرض نہ ہوں جب فرض ہی نہیں تو انہوں نے ان کے بارے میں استفسار بھی نہ کیا۔

## اَحْلَلْتُ الْحَلاَلَ وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ :

حلال کو حلال جانوں اور حرام کو حرام جانوں یعنی جو امور شریعت مطہرہ میں حلال ہیں میں انہیں صدق دل سے حلال سمجھوں اور جو امور شریعت اسلامیہ میں حرام ہیں میں انہیں حرام جانوں۔ جو آدمی اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حلال سمجھتا ہے اور حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام جانتا ہے تو یہ اس کے مومن ہونے کی علامت ہے جو آدمی اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں میں سے کسی ایک کی حلت کا انکار کردے یا اس کی حرام کی ہوئی چیزوں میں سے کسی ایک کی حرمت کا انکار کردے تو وہ آدمی مومن نہیں رہ سکتا۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ مَالِکٍ الْحَارِثِ بْنِ عَاصِمٍ الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِیْزَانَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاٰنِ (اَوْ تَمْلَاُ) مَابَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلَاةُ نُوْرٌ" وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ" وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ" وَالْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ" لَکَ اَوْ حُجَّةٌ" عَلَیْکَ کُلُّ النَّاسِ یَغْدُوْ فَبَائِعٌ" نَفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ".

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۲۸۰۰) | جلد ۱۶ | صفحہ ۴۶۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۲۳) | جلد ۱ | صفحہ ۲۵۹ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۵۲۸) | جلد ۵ | صفحہ ۳۰۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۵۱۷) | جلد ۳ | صفحہ ۴۴۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۸۰) | جلد ۱ | صفحہ ۱۶۶ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۲۹) | جلد ۱ | صفحہ ۱۰۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو مالک حارث بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

طہارت نصف ایمان ہے۔

الحمدللہ کہنا (عمل کے) ترازو کو بھرتا ہے۔

سبحان اللہ اور الحمدللہ کہنا بھر دیتے ہیں آسمانوں اور زمین کے درمیان ساری جگہ کو۔

نماز نور ہے۔ صدقہ برھان ہے۔ صبر روشنی ہے۔

قرآن حجت ہے تیرے حق میں یا تیرے خلاف

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۴۳۳) | جلد۵ | صفحہ۶ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۴۳۶) | جلد۲ | صفحہ۱۷۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۱۶۳) | جلد۹ | صفحہ۲۸۲ |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۶۵۳) | جلد۱ | صفحہ۱۷۴ |
| مسند ابی عوانہ | رقم الحدیث (۶۰۰) | جلد۱ | صفحہ۱۸۹ |
| السنن الکبری للبیہقی | رقم الحدیث (۱۸۵) | جلد۱ | صفحہ۶۹ |
| قال المحقق: | اخرجہ مسلم فی الصحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۴۸) | جلد۱ | صفحہ۳۱۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح اخرجہ مسلم | | |
| مصنف ابن ابی شیبہ | | جلد۱ | صفحہ۶ |

Marfat.com

جو شخص صبح کو (گھر سے) نکلتا ہے پس کوئی تو اپنے نفس کا سودا کر کے اپنے نفس کو جہنم سے آزاد کروالیتا ہے اور کوئی اسے شیطان کے ہاتھوں بیچ کر (جہنم کا سزاوار قرار دیکر) ہلاک کر دیتا ہے۔

-☆-

## اَلطَّھُوْرُ شَطْرُ الاِیْمَانِ:

علامہ زمخشری شطر کا معنی نصف کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو ان کی تالیف الفائق فی غریب الحدیث:

اَلشَطرُ : اَلنِّصفُ [1]

علامہ ابن الاثیر نے بھی یہی لکھا ہے:

اَلشَطرُ : اَلنِّصفُ [2]

المحیط فی اللغۃ میں بھی اسکا معنی نصف ہی لکھا ہے:

شَطْرُ کُلِّ شَیْءٍ نِصْفُه' (۱۲) [3]

لیکن المعجم الوسیط میں مرقوم ہے:

الشَّطْرُ : نِصْفُ الشَّیْءِ وَیُسْتَعْمَلُ فِی الْجُزْءِ مِنْهُ . [4]

شطر کسی چیز کے نصف کو کہتے ہیں اور شطر کی چیز کے جز کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

(۱) الفائق فی غریب الحدیث ۲/۲۰۱

(۲) النھایہ لابن الاثیر ۲/۴۷۳

(۳) المحیط فی اللغۃ ۷/۲۹۰

(۴) المعجم الوسیط ۱/۴۸۲

marfat.com
Marfat.com

"الطهور شطر الایمان" میں اگر شطر کا معنی جز و کریں تو مفہوم بالکل واضح ہے کہ وضو ایمان کا جزء ہے لیکن اگر اسکا معنی نصف کریں تو پھر سوال یہ ہے کہ وضو کو نصف ایمان کس وجہ سے کہا گیا۔

۱۔ ایمان کا انحصار صلاۃ پر ہے۔

"اَلصَّلاَ ۃُعِمَادُ الدِّیْنِ "

صلاۃ دین کا ستون ہے۔اس پر واضح دلالت کرتا ہے۔

اب دو چیزیں نظر آتی ہیں:

(ا۔ صلاۃ - اصل مقصد

ب۔ وضو - اسکے بغیر صلاۃ نہیں

اس وجہ سے وضو کو شطر ایمان نصف ایمان کہا گیا ہے۔

۲۔ ایمان کامل اس شخص کا ایمان ہے جو ہر قسم کی معصیت و نافرمانی سے محفوظ ہو۔

(ا۔ معصیت صغیرہ

ب۔ معصیت کبیرہ

وضو کرنے سے صغیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں اس لئے وضو کو نصف ایمان قرار دیا گیا۔

۳۔ کامل الایمان وہ ہے جو گناہوں سے پاک ہو اور وہ نیکیوں سے آراستہ ہو وضو گناہوں سے پاک کرتا ہے اور صلاۃ نیکیوں سے آراستہ کرتی ہے اس لئے وضو کو شطر الایمان ﴿نصف ایمان﴾ کہا گیا ہے۔

Marfat.com

۴۔ اللہ تعالیٰ جب اجر وثواب سے نوازتا ہے تو اس کی عطا کی دو قسمیں ہیں:

ا۔ عطاء عام

ب۔ عطاء خاص

اللہ کی وہ عطا جو ہر ایک کو بلا تخصیص ملے اسے عطاء عام کہتے ہیں۔ لیکن اللہ کا وہ کرم جو خاص بندوں کو ان کے اخلاص وللہیت کی بنا پر دیتا ہے اسے عطاء خاص کہتے ہیں۔

اللہ ہر وضو کرنے والے کو بھی اجر دیتا ہے۔ یہ اس کا کرم بلا تخصیص ہے لیکن کچھ ایسے افراد بھی ہیں جو اس خلوص وللہیت سے وضو کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کا اجر وثواب اس درجہ بڑھا دیتا ہے کہ اس اجر وثواب کو دیکھ کر بجا طور پر عام آدمی کا نصف ایمان کہا جا سکتا ہے۔ یہ اللہ کا کرم ہے اور اس کے کرم کو کوئی روک نہیں سکتا جیسے اللہ تعالیٰ

کسی کو ایک نیکی کے بدلے دس نیکیاں اور

کسی کو ایک کے بدلے ستر اور

کسی کو ایک کے بدلے سات سو دیتا ہے اور اپنے خاص بندوں کے بارے میں فرمایا:

**واللّٰہ یُضَاعِفُ لِمَنْ یَشَاءُ**

اللہ جس کے لئے چاہتا ہے اجر وثواب سات سو گنا سے بڑھا دیتا ہے اور اسکی کوئی حد مقرر نہیں۔

## تَمْلَأُ الْمِیْزَانِ :

اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا ایک مومن کا امتیاز ہے اس کا شکر کرنا ایمان کی حلاوت ہے تو یہ الحمد للہ بظاہر تو ایک مختصر جملہ ہے لیکن کریم اللہ جب اس پر اجر وثواب عطا فرماتا ہے تو اس سے

marfat.com
Marfat.com

اعمال تولنے والا میزان بھر جاتا ہے جس کا اعمال نامہ نیکیوں سے بھر پور ہو وہ بڑا سعید ہے اس لیئے اھل ایمان کی زبانیں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا میں مگن رہتی ہیں اور جب تک وہ اس خالق و مالک کی تعریف وتوصیف نہ کر لیں انہیں چین نصیب نہیں ہوتا وجہ واضح ہے کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيْزَانِ .

## اَلتَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ تَمْلَآنِ مَابَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ :

سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہنا آسمانوں اور زمین کو بھر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے وہ ذات وحدہ لاشریک ہر کجی سے منزہ ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں جب ایک مومن سبحان اللہ کہتا ہے تو دل و جان سے خدائے بزرگ و برتر کو ہر قسم کے عیوب ونقائص سے مبرا سمجھتا ہے یہ سمجھنا ہی انسان کو شرک جیسے قبیح وصف سے بچائے رکھتا ہے اور

اللہ اکبر، اللہ کی عظمت و کبریائی کا اظہار ہے دنیا میں بڑے بڑے صاحبان اقتدار ہوئے اور بڑے بڑے صاحبان علم وعقل ہوئے لیکن وہ سب اللہ کی عطاوکرم سے ہوئے۔ اللہ سب سے بڑا ہے اس کی عظمت و کبریائی کے سامنے کل جہاں سرنگوں ہیں بندۂ مومن جب اللہ تعالیٰ کو اکبر تسلیم کرتا ہے اور اس کا برملا اظہار کرتا ہے تو اس کی اپنی ذات ریا کاری و دکھلاوے کے عیوب سے پاک ہو جاتی ہے اس لیئے یہ دو کلمات اتنے خیرات و برکات سے معمور ہیں کہ ان کے ادا کرنے والے کیلئے اتنا اجر وثواب ہوتا ہے جس سے آسمان و زمین بھر جاتے ہیں۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ ذرٍّ الغِفَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْمَا یَرْوِیْهِ عَنْ رَبِّهٖ اَنَّهٗ قَالَ یَاعِبَادِیْ اِنِّیْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰی نَفْسِیْ وَجَعَلْتُهٗ بَیْنَکُمْ مُحَرَّماً فَلاَ تَظَالَمُوْا یَاعِبَادِیْ کُلُّکُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ هَدَیْتُهٗ فَاسْتَهْدُوْنِیْ اَهْدِکُمْ یَاعِبَادِیْ کُلُّکُمْ جَائِعٌ اِلَّا مَنْ اَطْعَمْتُهٗ فَاسْتَطْعِمُوْنِیْ اُطْعِمْکُمْ یَاعِبَادِیْ کُلُّکُمْ عَارٍ اِلَّا مَنْ کَسَوْتُهٗ فَاسْتَکْسُوْنِیْ اَکْسُکُمْ یَاعِبَادِیْ اِنَّکُمْ تُخْطِئُوْنَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَاَنَا اَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعاً فَاسْتَغْفِرُوْنِیْ اَغْفِرْ لَکُمْ یَاعِبَادِیْ اِنَّکُمْ لَنْ تَبْلُغُوْا ضُرِّیْ فَتَضُرُّوْنِیْ وَلَنْ تَبْلُغُوْا نَفْعِیْ فَتَنْفَعُوْنِیْ یَاعِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَاِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ کَانُوْا عَلٰی اَتْقٰی قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْکُمْ مَازَادَ ذَالِکَ فِیْ مُلْکِیْ شَیْئاً یَاعِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَاِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ کَانُوْا عَلٰی اَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْکُمْ مَانَقَصَ ذَالِکَ مِنْ مُلْکِیْ شَیْئاً یَاعِبَادِیْ لَوْ اَوَّلَکُمْ وَاٰخِرَکُمْ وَاِنْسَکُمْ وَجِنَّکُمْ قَامُوْا فِیْ صَعِیْدٍ وَاحِدٍ فَسَاَلُوْنِیْ فَاَعْطَیْتُ کُلَّ وَاحِدٍ مَسْئَلَتَهٗ مَانَقَصَ ذَالِکَ مِمَّا عِنْدِیْ اِلَّا کَمَا یَنْقُصُ الْمِخْیَطُ دَخَلَ الْبَحْرَ یَاعِبَادِیْ اِنَّمَا هِیَ اَعْمَالُکُمْ اُحْصِیْهَا لَکُمْ ثُمَّ اُوَفِّیْکُمْ اِیَّاهَا فَمَنْ

marfat.com
Marfat.com

وَجَدَ خَيْراً فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذَالِكَ فَلاَ يَلُوْمَنَّ اِلاَّ نَفْسَهُ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس کلام کی

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (٦١٩) | جلد٢ | صفحہ٣٨٥ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط مسلم۔ | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (٢٥٧٧) | جلد٥ | صفحہ١٥٥ |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد٥ | صفحہ١٢٦-١٢٥ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (٤٩٠) | | صفحہ١٧٢ |
| المستدرک | رقم الحدیث (٧٦٨٠) | جلد٥ | صفحہ٣٤٣ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علیٰ شرط الشیخین | | |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (٤٦٣) | | صفحہ٦٢ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (٢٥٠٣) | جلد٤ | صفحہ٢٢٢ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن | | |
| المصنف لعبد الرزاق | رقم الحدیث (٢٠٢٧٢) | جلد١١ | صفحہ١٨٢ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (٢١٢٦٤) | جلد١٥ | صفحہ٥٠٥ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (١١٥٠٣) | جلد٦ | صفحہ١٥٤ |
| قال المحقق: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (٨٤٦٦) | جلد١١ | صفحہ٣ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (١١٩٣٦) | جلد٩ | صفحہ١٦٩ |

Marfat.com

روایت کرتے ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے رب سے روایت کرتے ہیں کہ یہ اللہ جل جلالہٗ نے ارشاد فرمایا:

میں نے اپنی ذات پر ظلم کرنا حرام ٹھہرایا ہے اور میں اس ظلم کو تمہارے درمیان بھی حرام قرار دیا ہے پس تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔

اے میرے بندو! تم میں سے ہر ایک گمراہ ہے سوائے اس کے جسے میں نے ہدایت سے نوازا۔ پس مجھسے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت سے سرفراز کردوں گا۔

اے میرے بندو! تم میں سے ہر ایک بھوکا ہے سوائے اسکے جسے میں کھانا کھلاؤں تم مجھ سے کھانا مانگو میں تمہیں کھانا کھلاؤں گا۔

اے میرے بندو! تم تمام عریاں (بے لباس) ہو مگر جسے میں لباس پہنادوں تم مجھ سے لباس کا سوال کرو میں تمہیں پہننے کیلئے لباس عطا کروں گا۔

اے میرے بندو! تم دن اور رات خطائیں کرتے ہو اور میں سب گناہ بخشنے والا ہوں تم مجھ سے گناہوں کی بخشش مانگوں میں تمہیں بخش دونگا۔

اے میرے بندو! تم مجھے تکلیف پہنچانے پر قدرت نہیں رکھتے کہ مجھے تکلیف پہنچاسکو اور تم مجھے نفع پہنچانے کی قدرت نہیں رکھتے کہ مجھے فائدہ پہنچاسکو۔

اے میرے بندو! اگر تمہارے اولین وآخرین تمہارے انسان اور جن سب ایسے ہوں جیسے تم میں سے متقی ترین دل والا آدمی ہے (یہ بات) میری سلطنت میں کچھ بھی اضافہ نہ کر سکے گی۔

اے میرے بندو! اگر تم میں سے اول وآخر اور انسان وجن سب ایسے ہوں جیسے تم میں سے کوئی فاجر ترین دل والا ہے تو یہ بات میری سلطنت سے کچھ بھی نہ کم کر سکے گی۔

marfat.com
Marfat.com

اے میرے بندو! اگر تم میں سے اول و آخر اور انسان و جن سب ایک کھلے میدان میں اکھٹے ہو جائیں پس وہ مجھ سے مانگیں (جو وہ چاہیں) اور میں ہر ایک کو جو اس نے مانگا ہے عطا کر دوں (تو یہ عطا کرنا) جو کچھ میرے پاس ہے اس سے کچھ بھی کم نہ کر سکے گا سوائے ایسے جیسے سوئی سمندر میں داخل ہو کر اس کا پانی کم کر دیتی ہے۔

اے میرے بندو! یہ تمہارے اعمال ہیں جنہیں میں تمہارے لیئے سنبھال کر رکھتا ہوں پھر میں تمہیں ان کا پورا پورا بدلہ دوں گا۔ پس جو خیر بات پائے وہ اللہ کا شکر ادا کرے اور جو اس کے سوا کچھ اور پائے اسے چاہیئے کہ وہ اپنے ہی نفس کو ملامت کرے۔

-☆-

**یَاعِبَادِیْ اِنِّیْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰی نَفْسِی.**

اے میرے بندو! میں نے اپنی ذات پر ظلم کو حرام کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بھی متعدد جگہ اپنی ذات کو ظلم و ستم سے بری قرار دیا ہے۔

**اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا.** ١

بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا۔

**اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ.** ٢

بیشک اللہ تعالیٰ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا۔

**وَمَااَنَا بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيْدِ.** ٣

(١) یونس-۴۴

(٢) النساء-۴۰

(٣) ق-۲۹

Marfat.com

اور میں بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔

وَمَا اللّٰهُ يُرِيدُ ظُلْماً لِلْعِبَاد.(۱)

اور اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔

وَمَا اللّٰهُ يُرِيدُ ظُلْماً لِلْعَالَمِينَ.(۲)

اور اللہ تعالیٰ عالمین پر ظلم کا ارادہ نہیں رکھتا۔

وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلاَ يَخَافُ ظُلْماً وَلاَ هَضْمَاً.(۳)

اور جو آدمی نیکیاں کرے اس حال میں کہ وہ مومن ہو تو اسے نہیں ڈرنا چاہیئے کہ اس پر ظلم ہوگا اور اس کی نیکیوں کی اسے جزا کم ملے گی۔

ظلم کی تعریف یوں کی جاتی ہے:

اَلظُّلْمُ : وَضْعُ الشَيیءِ فِیْ غَيْرِ مَوْضِعِهِ

کسی چیز کو اس کی غیر جگہ میں رکھنا ظلم کہلاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ قیامت کو یہ نہیں کرے گا کہ گناہ کوئی کرے اور اس کی سزا کسی اور کو دی جائے

وَلاتَزِرُوَازِرَةٌ وِزْرَاُخْرٰی.

کوئی کسی دوسرے کا بوجھ اٹھانے والا نہیں ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی ذات ظلم وزیادتی سے پاک ہے وہ خالق و مالک کسی پر ظلم نہیں فرماتا۔

---

(۱) غافر-۳۱

(۲) آل عمران-۱۰۸

(۳) طٰہٰ-۱۱۲

marfat.com
Marfat.com

انسان کوتاہ ہے یہ اللہ تعالیٰ کے احسانات میں پھنسا ہوا ہے اگر ساری زندگی سر سجدہ میں رکھ کر اس کے احسانات کا شکر ادا کرنا چاہے تو پھر بھی حق ادا نہیں کر سکتا۔ اگر اللہ تعالیٰ قیامت کو بنی نوع انسان کو عذاب میں مبتلا کر دے تو پھر بھی اس کی طرف سے ظلم نہ ہو گا۔

عَنِ ابْنِ الدَّیْلَمِیِّ اَنَّهُ سَمِعَ اُبَیَّ بْنَ کَعْبٍ یَقُوْلُ :

لَوْ اِنَّ اللّٰهَ عَذَّبَ اَهْلَ سَمَاوَاتِهٖ وَاَهْلَ اَرْضِهٖ لَعَذَّبَهُمْ وَهُوَ غَیْرُ ظَالِمٍ لَهُمْ وَلَوْرَحِمَهُمْ لَکَانَتْ رَحْمَتُهٗ خَیْرًا لَّهُمْ مِنْ اَعْمَالِهِمْ.

وَاَنَّهٗ اَتَی ابْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مِثْلَ ذَالِکَ ثُمَّ اَتَی زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَحَدَّثَهٗ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذَالِکَ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

اگر اللہ تعالیٰ تمام اہل سماوات کو اور تمام اہل ارض کو عذاب دے تو اللہ تعالیٰ کا انہیں عذاب دینا ان پر ظلم نہ ہو گا اور اللہ تعالیٰ اگر ان پر رحم کرے تو اللہ کی رحمت ان کے اعمال سے بہتر ہے۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ نَاساً مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالْاُجُوْرِ یُصَلُّوْنَ کَمَا نُصَلِّیْ وَیَصُوْمُوْنَ کَمَا نَصُوْمُ وَیَتَصَدَّقُوْنَ بِفُضُوْلِ اَمْوَالِهِمْ قَالَ اَوَلَیْسَ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَکُمْ مَاتَصَدَّقُوْنَ بِهٖ اِنَّ بِکُلِّ تَسْبِیْحَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلِّ تَکْبِیْرَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلِّ تَحْمِیْدَةٍ صَدَقَةٌ وَکُلِّ تَهْلِیْلَةٍ صَدَقَةٌ وَاَمْرٍ م بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَةٌ وَنَهْیٍ عَنِ الْمُنْکَرِ صَدَقَةٌ وَفِیْ بُضْعِ اَحَدِکُمْ صَدَقَةٌ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَیَاْتِیْ اَحَدُنَا شَهْوَتَهٗ وَیَکُوْنُ لَهٗ فِیْهَا اَجْر" قَالَ اَرَاَیْتُمْ لَوْ وَضَعَهَا فِیْ حَرَامٍ اَکَانَ عَلَیْهِ وِزْر" فَکَذَالِکَ اِذَا وَضَعَهَا فِی الْحَلَالِ کَانَ لَهٗ اَجْر".

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۸۲۳) | جلد۴ | صفحہ۳۱۶ |
| قال المحقق: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۲۴۲) | جلد۷ | صفحہ۸۲ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۱۹۳۲) | جلد۹ | صفحہ۱۶۸ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۰۰۶) | جلد۲ | صفحہ۳۹۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحدیث:

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے صحابہ میں سے کچھ لوگوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ! اہل ثروت بہت زیادہ اجر لے گئے وہ نمازیں پڑھتے ہیں جیسے ہم نمازیں پڑھتے ہیں وہ روزے رکھتے ہیں جیسے ہم روزے رکھتے ہیں اس کے علاوہ اپنے فاضل (اضافی) مال سے صدقہ کرتے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیئے وہ چیزیں نہیں بنائیں جس سے تم صدقہ کرتے ہو یقیناً

ہر بار سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے۔ ہر بار اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔
ہر بار الحمد للہ کہنا صدقہ ہے۔ ہر بار لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے۔
نیکی کی ہدایت کرنا صدقہ ہے۔ برائی سے روکنا صدقہ ہے۔
اور اپنی اہلیہ کے پاس جانا صدقہ ہے۔
انہوں نے عرض کی یارسول اللہ!
ہم سے کوئی اپنی طلب پوری کرے کیا اس کیلئے اس میں اجر ہے؟
آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
تمہاری کیا رائے ہے؟ اگر کوئی بدکاری کرے اسے گناہ نہیں؟ ایسے ہی اگر کوئی حلال میں طلب پوری کرے تو اس کیلئے اجر ہے۔

-☆-

سبحان اللہ! حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نیکیاں جمع کرنے میں کس درجہ حریص تھے

Marfat.com

اور انکی خواہش وکوشش ہوتی کہ کسی طرح زیادہ سے زیادہ نیکیاں اکٹھی کی جائیں کیونکہ انہیں علم تھا کہ نیکی سے خالق و مالک راضی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا سب سے بڑی دولت ہے پھر جو نیکی وہ نہ کرسکیں جو نیکی ان کے بس میں نہ ہو اس کے فوت ہوجانے اس نیکی کے رہ جانے کا انہیں بڑا غم ہوا کرتا تھا۔ اس غم کے مداوا کیلئے وہ بارگاہ خیرالوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوکر اپنی عرض داشت پیش کرتے ہیں:

ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالْاُجُوْرِ.

اہل ثروت اجر وثواب لے گئے۔ وہ صلوات (نمازیں) ادا کرتے ہیں جیسے ہم ادا کرتے ہیں وہ روزے بھی رکھتے ہیں جیسے ہم روزے رکھتے ہیں لیکن وہ اپنے اضافی مال سے صدقہ کرتے ہیں۔ ہمارے پاس وہ مال ودولت نہیں اس پر امت کے والی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو سب کے خیر خواہ ہیں اور آپ کے دامن سے کوئی بھی محروم نہیں رہتا آپ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے تمہیں بھی ایسی نعمت مرحمت فرمائی ہے کہ تم بھی صدقہ کرسکتے ہو۔

ہر تکبیر صدقہ ہر تسبیح صدقہ ہر تحمید صدقہ ہر تہلیل صدقہ امر بالمعروف صدقہ اور نہی عن المنکر صدقہ ہے۔

اگر اغنیاء مال ودولت صرف کرکے نیکیاں حاصل کرسکتے ہیں تو فقراء کو مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔ اللہ الکریم نے اپنے کریم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل ان پر بھی کرم کیا کہ وہ زبان سے سبحان اللہ کہیں صدقہ کا اجر وثواب الحمدللہ کہیں صدقہ کا اجر وثواب اللہ اکبر کہیں صدقہ کا اجر وثواب لا الہ الا اللہ کا ورد کریں صدقہ کا اجر وثواب کسی کو نیکی کی راہ بتائیں صدقہ کا اجر وثواب کسی کو بدی سے روکنے کی کوشش کریں اس سے بھی صدقہ کا اجر وثواب۔ سبحان اللہ! اس امت

marfat.com
Marfat.com

مصطفویہ پر اللہ جل جلالہٗ کا کتنا احسان عظیم ہے اور اسکے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کتنا لطف وکرم ہے۔

عَنْ اَبِیْ صَالِح عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِیْنَ اَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُوْرِ بِالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی وَالنَّعِیْمِ الْمُقِیْمِ فَقَالَ مَاذَالِکَ؟ قَالُوْا یُصَلُّوْنَ کَمَا نُصَلِّیْ وَیَصُوْمُوْنَ کَمَا نَصُوْمُ وَیَتَصَدَّقُوْنَ وَلَانَتَصَدَّقُ وَیُعتِقُوْنَ وَلَا نُعْتِقُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَفَلَا اُعَلِّمُکُمْ شَیْئاً تُدْرِکُوْنَ بِهٖ مَنْ قَدْ سَبَقَکُمْ، وَتَسْبِقُوْنَ بِهٖ مَنْ بَعْدَکُمْ، وَلَایَکُوْنُ اَحَدٌ اَفْضَلَ مِنْکُمْ اِلَّا مَنْ صَنَعَ مِثْلَ مَاصَنَعْتُمْ؟ قَالُوْا بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ تُسَبِّحُوْنَ وَتُکَبِّرُوْنَ وَتَحْمِدُوْنَ دُبُرَ کُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثاً وَثَلَاثِیْنَ مَرَّةً قَالَ اَبُوْصَالِح فَرَجَعَ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِیْنَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: سَمِعَ اِخْوَانُنَا اَهْلُ الدُّثُوْرِ عَمَلَنَا فَفَعَلُوْا مِثْلَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَشَاءُ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۵۹۵) | جلد۳ | صفحہ۱۹۲۹ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۸۴۳) | جلد۱ | صفحہ۲۵۴ |
| صحیح البخاری (مختصراً) | رقم الحدیث (۶۳۲۹) | جلد۴ | صفحہ۱۹۹۱ |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۳۰۲۴) | جلد۲ | صفحہ۲۶۵ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۹۶۵) | جلد۱ | صفحہ۳۰۴ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۶۸۶) | جلد۱ | صفحہ۳۶۰ |
| قال المحقق: | متفق علیہ | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

جناب ابوصالح روایت کرتے ہیں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

فقراء المھاجرین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو انہوں نے عرض کی مالدار اصحاب ثروت بلند و بالا درجات اور دائمی انعامات لے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ کیسے؟ تو انہون نے عرض کی وہ صلوات (نمازیں) ادا کرتے ہیں جیسے ہم ادا کرتے ہیں وہ روزے رکھتے ہیں جیسے ہم روزے رکھتے ہیں وہ مال راہ حق میں صدقہ کرتے ہیں اور ہم صدقہ نہیں کر سکتے وہ اللہ کی رضا کیلئے غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم غلام آزاد نہیں کرتے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتادوں

---

فتح الباری جلد۲ صفحہ۳۲۷

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۲۳۶۹) جلد۲ صفحہ۴۴۳

قال المحقق: صحیح

صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۱۵۹۲) جلد۲ صفحہ۲۵۵

قال الالبانی: صحیح

سنن ابی داؤد رقم الحدیث (۱۵۰۴) جلد۱ صفحہ۴۷۲

صحیح سنن ابی داؤد رقم الحدیث (۱۵۰۴) جلد۱ صفحہ۴۱۲

قال الالبانی: صحیح

marfat.com
Marfat.com

کہ جس کے ذریعہ تم ان تک پہنچ جاؤ جو تم سے سبقت لے جا چکے ہیں اور جو تمہارے پیچھے رہ جانے والے ہیں ان سے تم سبقت لے جاو اور کوئی بھی تم سے افضل و برتر نہ ہوگا مگر وہی جو تم کرتے ہو وہ کرے۔

ان صحابہ کرام نے عرض کی یارسول اللہ ضرور خبر دیجئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہر نماز کے بعد سبحان اللہ کہو، اللہ اکبر کہو، الحمد للہ کہو تینتیس تینتیس (۳۳،۳۳) مرتبہ

جناب ابوصالح بیان فرماتے ہیں کہ فقراء المھاجرین دوبارہ بارگاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی (یارسول اللہ!) ہمارے اھل ثروت بھائیوں نے سن لیا جو ہم کرتے ہیں تو انہوں نے بھی ایسا کرنا شروع کر دیا تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ.

یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

-☆-

غور کیجئے! ان کلمات طیبات کا کتنا اجر و ثواب ہے یہ تسبیحات جو آدمی ادا کرتا ہے اسے صدقہ سے زیادہ اجر ملتا ہے۔ عموماً یہ سمجھا جاتا ہے کہ صدقہ صرف راہِ حق میں مال خرچ کرنے کا نام ہے لیکن احادیث مبارکہ میں غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ ہر قسم کی نیکی بھی صدقہ ہے لوجہ اللہ کوئی کام کیا جائے وہ بھی صدقہ ہے۔

امر بالمعروف صدقہ ہے نہی عن المنکر صدقہ ہے اھل اسلام کو اللہ کی اطاعت و بندگی

Marfat.com

کی طرف بلانا صدقہ ہے انہیں اللہ کی نافرمانی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔قرآن کریم کی تعلیم دینا صدقہ ہے احادیث مقدسہ کا درس دینا صدقہ ہے۔جملہ علوم اسلامیہ کی تعلیم وترویج صدقہ ہے غرضیکہ اھل اسلام کیلیئے دعا کرنا اور انکے لیے استغفار کرنا بھی صدقہ ہے۔

**عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: "كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ".**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۱۰۰۵) | جلد۷ | صفحہ۷۹ |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث(۴۹۴۷) | جلد۲ | صفحہ۷۰۵ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث(۴۹۴۷) | جلد۳ | صفحہ۲۱۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث(۷۸۲۵) | جلد۴ | صفحہ۳۱۶ |
| قال البیھقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی (جابر)/رقم الحدیث(۲۱۱۳۲) | | جلد۱۰ | صفحہ۴۰۹ |
| مجمع الزوائد (عن عبداللہ بن یزید)/رقم الحدیث(۴۷۴۹) | | جلد۳ | صفحہ۳۳۰ |
| مجمع الزوائد (عن نبط بن شریط)/رقم الحدیث(۴۷۵۳) | | جلد۳ | صفحہ۳۳۱ |
| مجمع الزوائد (عن ابی مسعود)/رقم الحدیث(۴۷۵۵) | | جلد۳ | صفحہ۳۳۱ |
| التمھید | | جلد۳ | صفحہ۹۳ |
| فتح الباری (جابر بن عبداللہ)/رقم الحدیث(۶۰۲۱) | | جلد۱۰ | صفحہ۴۴۷ |
| شرح السنۃ البغوی | رقم الحدیث(۱۶۴۲) | جلد۶ | صفحہ۱۴۲ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| مصنف ابن ابی شیبہ | رقم الحدیث(۵۴۸۳) | جلد۸ | صفحہ۳۶۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث(۲۳۲۷۲) | جلد۱۶ | صفحہ۶۰۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۱۴۵) | جلد ۱۶ | صفحہ ۵۶۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۲۶۳) | جلد ۱۶ | صفحہ ۶۰۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی (عن عثمان بن عفان)/رقم الحدیث (۱۱۲۶) جلد ۱ | | | صفحہ ۳۶۶ |
| المعجم الکبیر للطبرانی (عن عبداللہ)/رقم الحدیث (۱۰۴۱۲) | | جلد ۱۰ | صفحہ ۱۸۸ |
| المعجم الکبیر للطبرانی (عن ابیہ)/رقم الحدیث (۸۲۰۰) | | جلد ۸ | صفحہ ۳۲۰ |
| المعجم الکبیر للطبرانی (عن ابیہ جدہ)/رقم الحدیث (۹۶۴) | | جلد ۲۲ | صفحہ ۳۸۷ |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد ۶ | صفحہ ۴۱۳ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۲۲۴) | | صفحہ ۲۶ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۲۲۴) | | صفحہ ۱۰۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۰۲۱) | جلد ۴ | صفحہ ۱۹۰۴ |
| تاریخ بغداد | رقم الحدیث (۱۴۷) | جلد ۱ | صفحہ ۲۹۱ |
| تاریخ بغداد | رقم الحدیث (۴۱۳۸) | جلد ۸ | صفحہ ۶۲ |
| تاریخ بغداد | رقم الحدیث (۷۲۰۶) | جلد ۱۳ | صفحہ ۲۴۵ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۳۷۸) | جلد ۸ | صفحہ ۱۷۲ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۳۷۹) | جلد ۸ | صفحہ ۱۷۲ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح ورجالہ ثقات | | |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۱۳۳۷) | جلد ۲ | صفحہ ۴۵ |
| قال المحقق: | متفق علیہ | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔

-☆-

**عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: تَبَسُّمُکَ فِیْ وَجْهِ اَخِیْکَ صَدَقَةٌ" -اَمْرُکَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيُکَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ" وَاِرْشَادُکَ الرَّجُلَ فِیْ اَرْضِ الضَّلَالِ لَکَ صَدَقَةٌ" وَاِمَاطَتُکَ الْحَجَرِ وَالشَّوْکَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَکَ صَدَقَةٌ" وَاِفْرَاغُکَ مِنْ دَلْوِکَ فِیْ دَلْوِ اَخِيْکَ لَکَ صَدَقَةٌ".**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۶۳) | جلد ۳ | صفحہ ۳۸۴ |
| قال الترمذی: | هذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۵۶) | جلد ۲ | صفحہ ۳۶۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۵۷۲) | | جلد ۲ | صفحہ ۱۱۲ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۸۹۱) | | صفحہ ۲۲۹ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۸۹۱) | | صفحہ ۳۳۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابن حبان (المختصر) / رقم الحدیث (۴۷۴) | | جلد ۲ | صفحہ ۲۲۱ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۲۹) | جلد ۲ | صفحہ ۲۸۶ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیرا اپنے بھائی کے روبرو مسکرادیان صدقہ ہے تیرامر بالمعروف اور نہی عن المنکر صدقہ ہے کسی آدمی کو گمشدہ جگہ میں صحیح راستہ بتادینا تیرے لیئے صدقہ ہے راستہ میں پتھر، کانٹا یاہڈی کادور کردینا تیرے لیے صدقہ ہے اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈال دینا تیرے لیے صدقہ ہے۔

-☆-

الحمدللہ! اھل ایمان کیلئے کتنی بڑی نوید ہے اس کا کوئی کام بھی بے کارنہیں اس کا کوئی عمل بھی رائیگاں نہیں جاتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کیا گیا ہر کام اگرچہ وہ بادی النظر میں معمولی ہی کیوں نہ ہواس کیلئے صدقہ ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے ایک مومن کس درجہ نصیبوں والا ہے کہ اس کا ہر عمل بلکہ اسکا جوقدم بھی دائرہ شریعت میں ہے اس کیلئے صدقہ ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۱۹۱۱) | جلدا | صفحہ۵۹۶ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۱۳۵۵) | جلد۲ | صفحہ۵۰ |
| مواردالظمان | رقم الحدیث (۸۶۴) | | صفحہ۲۲۰ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۹۷۰) | جلد۳ | صفحہ۴۰۸ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/ رقم الحدیث (۲۳۲۱) | | جلد۲ | صفحہ۵۸۱ |
| قال الالبانی: | الحدیث حسن | | |

Marfat.com

اے اللہ! اے ارحم الراحمین! تیرا کس کس زبان سے شکر ادا کیا جائے۔ ہم پر تیری رحمت بے پایاں ہے تیرے لطف وکرم کا کوئی حساب نہیں تو کریم تو رحیم ہمیں لذت شکر سے مالا مال فرما۔

یارسول اللہ! یا حبیب اللہ! آپ کی عنایات کریمانہ ہم جیسے تہی دامنوں پر ان گنت ہیں آپ کے سحاب لطف وکرم کی موسلا دھار بارش ہر لحہ برس رہی ہے اور آپکی شفقتیں اور آپ کی رحمتیں ان روسیاہوں پر بے حساب ہیں۔

یا نبی اللہ! آپ کا یہ فرمان مبارک ہر امتی کیلئے باعث اطمینان وسکون ہے اور اسکے اعمال نامہ میں نیکیوں کے انبار لگا تا ہے:

**عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ اَلْاِیْمَانُ وَالْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِهٖ قُلْتُ : فَاَیُّ الرِّقَابِ اَفْضَلُ قَالَ اَغْلاهاثَمَنًاوَ اَنْفَسُهَا عِنْدَ اَهْلِهَا قُلْتُ فَاِنْ لَمْ اَفْعَلْ قَالَ تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّفَاِنَّهَاصَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلٰی نَفْسِکَ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۲۵۱۸) | جلد۲ | صفحہ۷۵۹ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۸۴) | جلد۱ | صفحہ۷۰ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۴۵۹۶) | جلد۱۰ | صفحہ۴۵۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۲۵۹۵) | جلد۶ | صفحہ۴۴۶ |
| قال البیہقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۹۰۸۱) | جلد۹ | صفحہ۴۵۶ |
| قال البیہقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |

marfat.com

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر غفاری -رضی اللہ عنہ- نے فرمایا: میں نے عرض کی:

یارسول اللہ! سب سے افضل عمل کونسا ہے تو حضور -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ۔

میں نے عرض کی کونسا غلام آزاد کرنا سب سے افضل ہے۔؟

حضور -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

قیمت کے اعتبار سے سب سے مہنگا اور اپنے مالکوں کے ہاں سے سب سے نفیس۔ میں نے عرض کی اگر میں ایسا نہ کرسکوں تو؟

حضور -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھ کیونکہ یہ وہ صدقہ ہے جو تو اپنے نفس پر صدقہ کرتا ہے۔

---

سنن الکبریٰ للبیھقی رقم الحدیث (۲۱۳۱۴) جلد ۱۰ صفحہ ۴۶۱
قال البیھقی: رواہ البخاری فی الصحیح
سنن ابن ماجہ (مختصراً) رقم الحدیث (۲۵۲۳) جلد ۳ صفحہ ۲۱۵
قال محمود محمد محمود: متفق علیہ
صحیح سنن ابن ماجہ رقم الحدیث (۲۵۶۸) جلد ۲ صفحہ ۵۱۲
قال الالبانی: صحیح

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ کُلُّ سُلَامٰی مِنَ النَّاسِ عَلَیْهِ صَدَقَةٌ" کُلَّ یَوْمٍ تَطْلُعُ فِیْهِ الشَّمْسُ تَعْدِلُ بَیْنَ الْاِثْنَیْنِ صَدَقَةٌ" وَتُعِیْنُ الرَّجُلَ فِیْ دَابَّتِهٖ فَتَحْمِلُهٗ عَلَیْهَا اَوْ تَرْفَعُ عَلَیْهَا مَتَاعَهٗ صَدَقَةٌ" وَالْکَلِمَةُ الطَّیِّبَةُ صَدَقَةٌ" وَبِکُلِّ خُطْوَةٍ تَمْشِیْهَا اِلَی الصَّلٰوةِ صَدَقَةٌ" وَتُمِیْطُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ صَدَقَةٌ".

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۲۸۲۷) | جلد ۳ | صفحہ ۱۰۹۰ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۰۰۹) | جلد ۲ | صفحہ ۳۹۴ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۴۶۵) | جلد ۱ | صفحہ ۲۸۷ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۲۳۰) | جلد ۱ | صفحہ ۴۲۴ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۱۶۸) | جلد ۸ | صفحہ ۲۲۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | وھذا حدیث صحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۸۲۰) | جلد ۴ | صفحہ ۳۱۵ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۳۸۱) | جلد ۸ | صفحہ ۱۷۴ |
| قال شعیب الارنووط: | صحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۶۴۵) | جلد ۶ | صفحہ ۱۴۵ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| شعب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث (۱۱۰۸۷) | جلد ۷ | صفحہ ۴۸۸ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے ہر جوڑ پر صدقہ لازم ہے۔

ہر روز جس میں سورج طلوع ہوتا ہے تو دو آدمیوں کے درمیان عدل وانصاف کرے (تیرا یہ عدل کرنا) صدقہ ہے۔

تو مسافر آدمی کو اس کی سواری میں مدد کرے اور تو اسے اس پر سوار کر دے یا اسے سامان اٹھا کر دے دے (تیرا یہ عمل) صدقہ ہے۔

کلمہ طیبہ صدقہ ہے۔

اور ہر قدم جس سے تو نماز کی طرف چلتا ہے (تیرا ہر قدم چلنا) صدقہ ہے۔ اور تو اذیت دینے والی چیز راستہ سے ہٹا دے (یہ بھی) صدقہ ہے۔

-☆-

انسان اللہ تعالیٰ کے احسانات میں از سر تا بقدم غرق ہے۔ رحیم وکریم اللہ نے انسان کو کس احسن صورت میں تخلیق فرمایا۔ اس کے اعضاء نہایت مناسب اور ان میں آپس میں مکمل ہم آہنگی ہے۔ یہ رحیم وکریم اللہ کا احسان عظیم ہے اب انسان پر لازم ہے کہ اس خالق ومالک کا شکر ادا کرے اپنے ہر ہر عضو کیلئے بارگاہ الٰہی میں صدقہ پیش کرے۔ اس کا یہ صدقہ پیش کرنا خود اس کی اپنی بھلائی کیلئے اور جو فرزند آدم صدقہ کرنے کا خوگر ہوتا ہے وہ ہر منزل پر کامیاب ہوا کرتا ہے۔

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ۔رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ۔عَنِ النَّبِیِّ۔صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔قَالَ: اَلاِنْسَانُ ثَلاثُ مِئَةٍ وَسِتُّوْنَ عَظْماً اَوْسِتَّةٌ" وَثَلاثُوْنَ سُلامٰی، عَلَیْهِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ صَدَقَةٌ" قَالُوْا فَمَنْ لَمْ یَجِدْ؟ قَالَ: یَرْفَعُ عَظْماً من الطَّرِیْقِ قَالُوْا: فَمَنْ لَمْ یَسْتَطِعْ قَالَ: فَلْیُعِنْ ضَعِیْفاً قَالُوْا فَمَنْ لَمْ یَسْتَطِعْ ذَالِکَ؟قَالَ:فَلْیَدَعْ النَّاسَ من شَرِّهٖ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:انسان تین سوساٹھ ہڈیوں کا مجموعہ ہے۔ اس پر ہرروز صدقہ کرنا لازم ہے۔حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی جوصدقہ نہ کرپائے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایاوہ نیکی کاحکم دےاور برائی سے روکے۔انہوں نے عرض کی جواس کی طاقت نہ رکھتا ہو۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایاوہ راستہ سے ہڈی کواٹھادے۔انہوں نے عرض کی جواس کی طاقت نہ رکھتا ہوتو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایاوہ کسی ضعیف کی مدد

---

مسند ابزار (۹۲۸)

جامع العلوم والحکم جلد۲ صفحہ۱۷

قال المحقق: رجال اسنادہ ثقات رجال الشیخین۔

marfat.com
Marfat.com

کرے انہوں نے عرض کی وہ اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے۔

انسان پر روزانہ صدقہ کرنا لازم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے جسم کو مختلف انواع کے جوڑوں سے بنایا ہے۔ انسان بڑی آسانی سے اٹھ بیٹھ سکتا ہے، چلتا پھرتا ہے اور دیگر امور سرانجام دیتا ہے۔ اب اس پر لازم ہے کہ روزانہ صدقہ وخیرات کرے کیونکہ یہ صدقہ اس کی طرف سے شکرانہ ہوگا اور باری تعالیٰ جل جلالہٗ کا فرمان ہے **وَلَئِنْ شَكَرْتُمْ لَازِيْدَنَّكُمْ** اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہیں مزید عطا کروں گا۔ انسان جب شکر کرتا ہے تو رحیم وکریم اللہ اس کے اعضاء کو مزید قوت بخشتا ہے ان اعضاء کو نیک کاموں کی طرف لگا دیتا ہے۔ انسانی اعضاء کا نیکی کی طرف مائل ہونا اور نیکیاں کرتے جانا اللہ تعالیٰ کی طرف سے مزید احسان وکرم کی دلیل ہے۔

**عَنْ عَائِشَةَ -رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا- عَنِ النَّبِيِّ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- قَالَ: خُلِقَ ابْنُ آدَمَ عَلٰى سِتِّيْنَ وَثَلَاثِ مِئَةِ مَفْصَلٍ، فَمَنْ ذَكَرَ اللّٰهَ، وَحَمِدَاللّٰهَ، وَهَلَّلَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ اللّٰهَ وَعَزَلَ حَجَراً عَنْ طَرِيْقِ الْمُسْلِمِيْنَ، اَوْعَزَلَ شَوْكَةً اَوْعَزَلَ عَظْماً اَوْ اَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ اَوْنَهٰى عَنْ مُنْكَرٍ عَدَدَ تِلْكَ السِّتِّيْنَ وَالثَّلَاثِ مِئَةِ السُّلَامٰى اَمْسٰى مِنْ يَوْمِهٖ وَقَدْزَحْزَحَ نَفْسَهٗ عَنِ النَّارِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۰۰۷) | جلد۲ | صفحہ۳۹۳ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۳۸۰) | جلد۸ | صفحہ۱۷۳ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۸۲۲) | جلد۴ | صفحہ۳۱۵ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ۔رضی اللہ عنھا) سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ابن آدم (انسان) کو تین سو ساٹھ (۳۶۰) جوڑوں پر پیدا کیا گیا ہے۔لیکن جب نے اللہ کا ذکر کیا، اللہ کی حمد کی، تھلیل کی اور اللہ کی تسبیح کی (الحمدللہ کہا، لا الہ الا اللہ کہا، سبحان اللہ کہا) مسلمین کی راہ سے پتھر کو ہٹا دیا یا مسلمین کی راہ سے کانٹے کو ہٹا دیا یا مسلمین کی راہ سے ہڈی کو دور کر دیا یا نیکی کا حکم دیا، برائی سے روکا ان تین سو ساٹھ جوڑوں کی تعداد میں تو اس نے اس دن اپنے نفس کو آگ سے دور کر دیا۔

---

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۲۳۰۴) جلد۲ صفحہ۴۱۳

قال المحقق: صحیح

صحیح الترغیب والترھیب/ رقم الحدیث (۱۵۶۰) جلد۲ صفحہ۲۳۶

قال الالبانی: صحیح

الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۲۹۷۵) جلد۳ صفحہ۱۴۰

قال الالبانی: صحیح

عمل الیوم واللیلۃ (للنسائی)/ رقم الحدیث (۸۳۷) صفحہ۴۸۳

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ -رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ- عَنِ النَّبِیِّ -صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ- قَالَ: یُصْبِحُ عَلٰی کُلِّ سُلَامٰی مِنْ اَحَدِکُمْ صَدَقَۃٌ. فَکُلُّ تَسْبِیْحَۃٍ صَدَقَۃٌ" وَکُلُّ تَحْمِیْدَۃٍ صَدَقَۃٌ" وَکُلُّ تَھْلِیْلَۃٍ صَدَقَۃٌ" وَکُلُّ فَکْبِیْرَۃٍ صَدَقَۃٌ" وَاَمْرٌ" بِالْمَعْرُوْفِ صَدَقَۃٌ" وَنَھْیٌ" عَنِ الْمُنْکَرِ صَدَقَۃٌ" وَیَجْزِیْ عَنْ ذَالِکَ رَکْعَتَانِ یَرْکَعُھُمَا مِنَ الضُّحٰی.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۷۲۰) | جلد۲ | صفحہ۱۶۲ |
| السنن الکبریٰ (للبیہقی) / رقم الحدیث (۴۸۹۸) | | جلد۳ | صفحہ۶۷ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی الصحیہ | | |
| سنن ابی داوٗد | رقم الحدیث (۱۲۸۵۰) | جلد۲ | صفحہ۴۲ |
| صحیح سنن ابی داوٗد | رقم الحدیث (۱۲۸۵) | جلد۱ | صفحہ۳۵۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۵۷۷) | | جلد۲ | صفحہ۱۲۰ |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۳۷۴) | جلد۱۵ | صفحہ۵۴۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۳۶۵) | جلد۱۵ | صفحہ۵۳۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر-رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہرایک کے ہر جوڑ پر روزانہ صبح کو صدقہ واجب ہوتا ہے پس ہر تسبیح (سبحان اللہ کہنا) صدقہ ہے ہر تحمید (الحمد للہ کہنا) صدقہ ہے ہر تہلیل (لا الہ الا اللہ کہنا) صدقہ ہے۔ ہر تکبیر (اللہ اکبر کہنا) صدقہ ہے امر بالمعروف صدقہ ہے اور نہی عن المنکر صدقہ ہے ان سے دو رکعتیں کافی ہونگی جو انہیں ادا کرتا ہے صلاۃ الضحیٰ (چاشت کی صلاۃ) کی صورت میں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۶۳۱۲) | جلد۶ | صفحہ۴۱۲ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۶۳۱۳) | جلد۶ | صفحہ۴۱۲ |
| الدر المنثور | | جلد۱ | صفحہ۴۸۸ |
| الدر المنثور | | جلد۱ | صفحہ۶۲۹ |
| الترغیب والترهیب | رقم الحدیث (۹۸۴) | جلد۱ | صفحہ۵۲۰ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترهیب/رقم الحدیث (۶۶۵) | | جلد۱ | صفحہ۴۲۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| جامع العلوم والحکم | | | صفحہ۳۲۴ |

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی-رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ-عَنِ النَّبِیِّ-صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ-قَالَ:

عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَۃٌ" قَالُوْا فَاِنْ لَمْ یَجِدْ؟ قَالَ فَیَعْمَلُ بِیَدِہٖ فَیَنْفَعُ نَفْسَہٗ وَیَتَصَدَّقُ قَالُوْا فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ، اَوْلَمْ یَفْعَلْ؟ قَالَ فَیُعِیْنُ ذَاالْحَاجَۃِ الْمَلْھُوْفِ قَالُوْافَاِنْ لَمْ یَفْعَل؟ قَالَ فَلْیَاْمُرْ بِالْخَیْرِ اَوْقَالَ: بِالْمَعْرُوْفِ قَالُوْا فَاِنْ لَمْ یَفْعَلْ؟قَالَ فَلْیُمْسِکْ عَنِ الشَّرِّ فَاِنَّہٗ لَہٗ صَدَقَۃٌ"

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۱۰۰۸) | جلد۲ | صفحہ۳۹۴ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۱۴۴۵) | جلد۱ | صفحہ۴۳۰ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۶۰۲۲) | جلد۴ | صفحہ۱۹۰۴ |
| السنن الکبری(للبیہقی)/رقم الحدیث(۷۸۲۱) | | جلد۴ | صفحہ۳۱۵ |
| قال البیہقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث(۱۹۴۲۳) | جلد۱۴ | صفحہ۵۰۴ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ/رقم الحدیث(۵۷۳) | | جلد۲ | صفحہ۱۱۷ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث(۲۲۵) | | صفحہ۸۸ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوموسیٰ اشعری -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: ہر مسلم پر صدقہ لازم ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم نے عرض کی اگر وہ نہ دے پائے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پس وہ اپنے ہاتھ سے کمائی کرے تو اپنے نفس کو ہی فائدہ دے اور صدقہ کر دے۔ انہوں نے عرض کی اگر وہ اس کی طاقت نہ رکھے

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۱۶۶) | | صفحہ ۱۰۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۳۰۶) | | صفحہ ۱۱۴ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۸۷۴) | جلد ۳ | صفحہ ۳۷۴ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث (۲۶۲۰) | | جلد ۲ | صفحہ ۷۰۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۱۴۴۵) | جلد ۴ | صفحہ ۳۹۲ |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۶۰۲۲) | جلد ۱۳ | صفحہ ۵۴۹ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۶۳۰۷) | جلد ۶ | صفحہ ۴۱۱ |
| جامع العلوم والحکم | | | صفحہ ۳۲۵ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۶۴۳) | جلد ۶ | صفحہ ۱۴۳ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| المصنف ابن ابی شیبہ | رقم الحدیث (۶۷۰۰) | جلد ۹ | صفحہ ۱۰۸ |

marfat.com
Marfat.com

یا اگر وہ ایسا نہ کرے تو؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا مفلوک الحال ضرورت مند کی مدد کرے۔ انہوں نے عرض کی اگر وہ ایسا نہ کرے تو؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا پس وہ بھلائی کا حکم دے۔ انہوں نے عرض کی اگر وہ یہ نہ کرے تو؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ شر سے رک جائے۔ اسکا شر سے رک جانا اس کیلئے صدقہ ہے۔

Marfat.com

عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَاحَاکَ فِیْ النَّفْسِ وَکَرِھْتَ اَنْ یَّطَلِعَ عَلَیْہِ النَّاسُ رَوَاہُ مُسْلِم"۔

عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبِدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اِسْتَفْتِ قَلْبَکَ اَلْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ اِلَیْہِ النَّفْسُ وَاطْمَأَنَّ اِلَیْہِ الْقَلْبُ وَالْاِثْمُ مَاحَاکَ فِی النَّفْسِ وَتَرَدَّدَ فِی الصَّدْرِ وَاِنْ اَفْتَاکَ النَّاسُ وَاَفْتَوْکَ حَدِیْث" صَحِیْح" رَوَیْنَاہُ فِیْ مُسْنَدَی الْاِمَامَیْنِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلِ وَالدَّارِمِیّ بِاِسْنَادٍ جَیِّدٍ۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۵۵۳) | جلد۵ | صفحہ۱۳۹ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۹۷) | جلد۲ | صفحہ۱۲۳ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الصحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۵۶۳) | جلد۱۳ | صفحہ۴۴۴ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۹۶) | جلد۴ | صفحہ۱۷۳ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیکی حُسن خُلق ہے

اور گناہ وہ ہے جو (تیرے) نفس میں کھٹکے اور لوگوں کا اس پر مطلع ہونا تجھے ناگوار گزرے۔

حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں میں حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (میرے دل کی بات بتاتے ہوئے) فرمایا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۸۹) | جلد۲ | صفحہ۵۶۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۴۹۴) | جلد۱۳ | صفحہ۷۶ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح اخرجہ مسلم | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۲۰۷۸۵) | جلد۱۰ | صفحہ۳۲۳ |
| قال البیہقی: | اخرجہ مسلم فی الصحیح | | |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۲ | صفحہ۳۰ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۲۹۵) | | صفحہ۱۱۰ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۹۲۹) | جلد۱۴ | صفحہ۳۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۷۷۱۲) | جلد۹ | صفحہ۶۰ |

Marfat.com

تو نیکی کے بارے میں سوال کرنے آیا ہے۔

میں عرض کی ہاں (یا رسول اللہ!)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اپنے دل سے پوچھ! نیکی وہ ہے جس کے کرنے سے نفس مطمئن ہو اور دل کو قرار ہو اور گناہ وہ ہے جو نفس میں کھٹکے اور سینے میں تردد پیدا کرے۔

اگر چہ لوگوں نے تجھے (اس کے خلاف) بتایا ہو اور (بار بار) بتایا ہو (لیکن حقیقت وہی ہے جو میں نے بیان کردی ہے)

## حُسْنُ الخُلُق:

ایک مومن اخلاق حسنہ کا پیکر ہوا کرتا ہے اور وہ حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات عالیہ کے مطابق اپنے باطن کی اصلاح کرلیتا ہے پھر وہ شریعت مطہرہ کے مطابق عمل کرتا ہے وہ کسی مقام پر بھی قبیح اخلاق کا مظاہرہ نہیں کیا کرتا۔ ملاحظہ ہو:

**عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ–رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ–قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَ خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۹۴) | جلد ۳ | صفحہ ۳۹۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۸۷) | جلد ۲ | صفحہ ۳۷۳ |
| قال الالبانی: | حسن | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر-رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جہاں کہیں بھی ہوتقویٰ اللہ اختیار کرو، بدی کے بعد نیکی کرو۔ یہ نیکی اس برائی کو مٹادے گی اور لوگوں سے خلق حسن سے برتاؤ کرو۔

اھل ایمان اخلاق کریمانہ سے متصف ہوتے ہیں وہ لوگوں کی ترشی وتنگی کا خندہ پیشانی سے جواب دیتے ہیں۔ کسی کی گالی وگلوچ پر وہ زیادہ دل برداشتہ نہیں ہوا کرتے کسی کے تنگ کرنے پر وہ آپے سے باہر نہیں ہوجاتے بلکہ وہ گالی کا جواب دعا سے دیا کرتے ہیں پتھر برسانے والے کو پھول پیش کیا کرتے ہیں وہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ اس لئے کہ یہ ان کے نبی

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۰۸۳) | جلد ۳ | صفحہ ۸۸ |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۵۱) | جلد ۱۵ | صفحہ ۵۰۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۲۹۷) | جلد ۱۵ | صفحہ ۵۱۵ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۷۸) | جلد ۱ | صفحہ ۷۹ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | علی شرطھما | | |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۵۶۲۹) | جلد ۳ | صفحہ ۸۹ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۴۳۲۹۶) | جلد ۱۵ | صفحہ ۸۲۹ |

Marfat.com

حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان مبارک پر عمل مومن کی سب سے بڑی سعادت ہوا کرتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان ذیشان بھی ہم جیسوں کو غفلت سے بیدار کرنے کیلئے کاری ہے۔

صِلُ مَنْ قَطَعَکَ وَاعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَکَ وَاَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَاءَ اِلَیْکَ.

جو تم سے قطع تعلقی کرے اس سے صلہ رحمی کرو اور جو تم پر ظلم کرے اسے معاف کرو اور جو تمہارے ساتھ برے طریقے سے پیش آئے اس پر احسان کرو۔

یہ دین حق درگزر اور عفو کا درس دیتا ہے اس دین میں اپنے مسلم بھائی کی کوتاہیوں سے چشم پوشی کا سبق ہے۔ آج جو دوسروں کے عیب چھپاتا ہے تو یقینی بات ہے وہ حسن خلاق کے وصف سے متصف ہے اور حسن خلق کے وصف سے متصف اللہ کے ہاں بڑا محبوب ہوا کرتا ہے۔

اس کے صلہ میں رحیم و کریم اللہ قیامت کو اس کے عیبوں پر پردہ ڈال دے گا۔

مَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جو کسی مسلم کی ستر پوشی کرتا ہے اللہ اس کی ستر پوشی فرمائے گا قیامت کے دن۔

عَنْ عَائِشَةَ-رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا-قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ-صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ-يَقُوْلُ: اِنَّ الْمُوْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ.

---

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۴۸۰) جلد ۲ صفحہ ۲۲۸

قال المحقق: حدیث صحیح

المسند الامام احمد رقم الحدیث (۲۴۴۷۶) جلد ۱۷ صفحہ ۳۷۸

قال حمزہ احمد الزین: اسنادہ صحیح

marfat.com

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ -رضی اللہ عنہا- نے فرمایا میں نے سنا حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- ارشاد فرما رہے تھے: بے شک مومن اپنے حسن خلق کے سبب صائم

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المسند الامام احمد | رقم الحديث (۲۴۲۳۶) | جلد ۱۷ | صفحہ ۳۰۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحديث (۴۷۹۸) | جلد ۵ | صفحہ ۹۷ |
| الادب المفرد | رقم الحديث (۲۸۴) | | صفحہ ۱۰۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحديث (۲۱۷) | | صفحہ ۱۲۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحديث (۷۹۵) | | جلد ۲ | صفحہ ۴۲۱ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحديث (۱۹۹) | جلد ۱ | صفحہ ۸۷ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | علی شرطھما | | |
| المطالب العالیہ | رقم الحديث (۲۷۴۵) | جلد ۳ | صفحہ ۱۳ |
| الدر المنثور | | جلد ۲ | صفحہ ۱۳۳ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحديث (۳۹۰۴) | جلد ۳ | صفحہ ۳۸۶ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحديث (۲۶۴۳) | | جلد ۳ | صفحہ ۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحديث (۳۵۰۱) | جلد ۱۳ | صفحہ ۸۲ |

Marfat.com

وقائم کے درجہ کو پالیتا ہے۔

دن کو روزہ رکھنا بہت بڑی نیکی ہے۔روزہ رکھنے سے پروردگار راضی ہوتا ہے اور وہ بے حساب اجر وثواب عطا فرماتا ہے بلکہ وہ یہاں تک فرماتا ہے کہ

اَلصَّوْمُ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ

روزہ میرے لیے ہے اور اسکی جزاء بھی میں دوں گا۔

یعنی دیگر عبادات کا اجر وثواب گنتی وشمار میں ہے لیکن روزہ کا اجر وثواب گنتی سے وراء ہے جس کو اللہ الکریم اپنے خصوصی کرم سے عطا فرمائے اسے کون شمار کرسکتا ہے۔اب اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حسن خلق کا پیکر مسلم روزہ دار اور شب زندہ دار کے مرتبہ ومقام کو پالیتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ نَجِیْحِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ السلمِی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَوْعِظَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُیُوْنُ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰه كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا قَالَ اُوْصِیْكُمْ بِتَقْوَی اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ تَاَمَّرَ عَلَیْكُمْ عَبْدٌ" وَاِنَّهٗ مَنْ یَعِشْ مِنْكُمْ فَسَیَرَی اِخْتِلَافاً كَثِیْراً فَعَلَیْكُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ عَضُّوْا عَلَیْهَا بِالنَّوَاجِدِ وَاِیَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" رَوَاه اَبُوْدَاؤدَ وَتِرمَذِیُّ وَقَالَ حَدِیْثٌ" حَسَنٌ".

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵) | جلد۱ | صفحہ۱۷۸ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۸۵) | جلد۴ | صفحہ۳۰۸ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۷۶) | جلد۲ | صفحہ۶۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۲) | جلد۱ | صفحہ۴۷ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابونجیح عرباض سارہ سُلَمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ہمیں وعظ فرمایا کہ اس سے دل دہل گئے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے ہم نے عرض کی یارسول اللہ! (ہمیں یوں محسوس ہورہا ہے کہ) گویا یہ (دنیا کو) الوداع کہنے والے کا وعظ ہے۔ ہمیں کچھ نصیحت فرمائیے۔

آپ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ کا تقویٰ

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۰) | جلد۱ | صفحہ۳۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۱۶۵) | جلد۱ | صفحہ۵۸ |
| قال الالبانی: | سندہٗ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۹۸۹۱) | جلد۷ | صفحہ۲۸۹ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۱۰۲) | جلد۱ | صفحہ۲۰۵ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث حسن | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۰۷۹) | جلد۱۳ | صفحہ۲۷۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۵۸) | جلد۱ | صفحہ۹۴ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۶۰۷) | جلد۴ | صفحہ۲۰۵ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۶۰۷) | جلد۳ | صفحہ۱۱۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

اختیار کرواور (امیر کا حکم) سنواور اطاعت کروا گر چہ کوئی غلام تم پر امیر مقرر کر دیا جائے بے شک تم میں سے جو آدمی میرے بعد زندہ رہے گا وہ بہت زیادہ اختلاف دیکھے گا تو (اس وقت) تم پر لازم ہے کہ میری سنت اور میرے خلفائے راشدین مھدیین کی سنت کو مضبوطی سے پکڑ لو اور تم بچو (خلاف شرع) نئی باتوں سے یقیناً ہر بدعت گمراہی ہے۔

-☆-

## تقوی اللہ:

تقوی کی تعریف یوں کی جاتی ہے:

اِنَّ اللّٰہَ لَایَرَاکَ حَیْثُ نَھَاکَ وَلَا یَفْقِدُکَ حَیْثُ اَمَرَکَ۔[1]

اللہ تعالیٰ تجھے وہاں نہ دیکھے جہاں جانے سے اس نے منع فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ تجھے وہاں غیر حاضر نہ پائے جہاں جانے کا اس نے حکم دیا ہے۔

یہ تقوی کی تعریف ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اوامر کو بجالانا اور اس کے نواہی سے اجتناب کرنا حقیقی تقویٰ ہے۔ صلاۃ وصیام کا حکم دیا، زکوۃ وحج کو فرض قرار دیا، صدقہ وخیرات سخاوت ودریادلی شجاعت وبہادری، عفت وعصمت، نرمی وخندہ پیشانی وغیرہ یہ سب کچھ بجا لانا تقویٰ ہے۔ چوری وبدکاری، قتل وجادو، طعنہ زنی وعیب جوئی، چغلی وغیبت، جھوٹ اور اتہام بازی وغیرہ ان سب سے بچ جانا تقویٰ ہے تو گویا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ہی جملہ ارشاد فرما کر بہت کچھ ارشاد فرما دیا۔

---

[1] (ضیاء القرآن جلد اول)

Marfat.com

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ متقی کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں:

**اَلـمُتَّقِی : مَنْ سَلَکَ سَبِیْلَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَنَبَذَ الدُّنْیَاوَرَاءَ الْقَفَاوَ کَلَّفَ النَّفْسَ الْاِخْلَاصَ وَالْوَفَا وَاجْتَنَبَ الْحَرَامَ وَالْجَفَا۔[۱]**

متقی وہ ہے جو حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقہ مرضیہ پر چلے دنیا کو پس پشت پھینکے اور نفس کو اخلاص ووفا کا خوگر بنائے اور حرام و جفا سے اجتناب کرے۔

**وَاِیَّاکُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ کُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ"۔**

اور بچو تم (خلاف شرع) باتوں سے یقیناً ہر بدعت گمراہی ہے۔

بدعت: ہر اس نئی بات کو کہیں گے جو رافع سنت ہو۔ یعنی جس کے کرنے سے سنت اٹھ جائے وہ بدعت ہے ایسی بدعت گمراہی ہے اور جو عمل سنت کو ختم کرنے والا ہو اس کی گمراہی میں کسی کو شک وشبہ نہیں۔

علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

**اَلْـمُـرَادُ بِـالْبِـدْعَةِ : مَـاحَدَثَ مِمَّالَا اَصْلَ لَهٗ فِی الشَّرِیْعَةِ یَدُلُّ عَلَیْهِ فَاَمَّا مَاکَانَ لَهٗ اَصْلٌ" مِنَ الشَّرْعِ یَدُلُّ عَلَیْهِ فَلَیْسَ بِبِدْعَةٍ شَرْعاً۔[۲]**

بدعت سے مراد وہ کام ہے جو نیا پیدا شدہ ہو جس کی شریعت مطہرہ میں کوئی اصل نہ ہو جو اس پر دال ہو۔ بہر حال وہ امر جس کی شریعت میں اصل ہو تو اس نئے کام کو شرعاً بدعت ہرگز نہ کہیں گے۔

(۱) تفسیر کبیر للرازی

(۲) جامع العلوم والحکم ۲/ ۱۲۷

marfat.com
Marfat.com

فَكُلُّ مَنْ اَحْدَثَ شَيْئاً وَنَسَبَهُ اِلَى الدِّيْنَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ اَصْل" مِنَ الدِّيْنَ يَرْجِعُ اِلَيْهِ فَهُوَ ضَلَالَة" وَالدِّيْنُ بَرِي" مِنْهُ۔[1]

پس جس نے بھی کوئی ایسی نئی بات نکالی اور اسکی نسبت دین کی طرف کردی حالانکہ اس کی دین سے کوئی اصل نہ ہو جس کی طرح اس کا رجوع کیا جا سکے تو وہ نئی بات گمراہی اور دین اس سے بری ہے۔

حرملۃ بن یحیی قال سمعت الشافعی رحمۃ اللہ علیہ یقول:

اَلْبِدْعَةُ بِدْعَتَانِ بِدْعَة" مَحْمُوْدَة" وَبِدْعَة" مَزْمُوْمَة" فَمَا وَافَقَ السُّنَّةَ فَهُوَ مَحْمُوْد" وَمَا خَالَفَ السُّنَّةَ فَهُوَ مَذْمُوْم"۔[2]

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: بدعت کی دو قسمیں ہیں بدعۃ محمودہ بدعۃ مذمومہ پس جو نیا کام سنت کے موافق ہو وہ محمود ہے اور جو سنت کے مخالف ہو وہ مذموم ہے۔

---

(۱) جامع العلوم والحکم ۲/ ۱۲۸

(۲) جامع العلوم والحکم ۲/ ۱۳۱۔ قال الارنووط: وھو صحیح عن الامام الشافعی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُدْخِلُنِی الْجَنَّۃَ وَیُبَاعِدُنِیْ عَنِ النَّارِ قَالَ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْ عَظِیْمٍ وَاِنَّہٗ لَیَسِیْرٌ" عَلٰی مَنْ سَھَّلَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ تَعْبُدُاللّٰہَ لَاتُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا وَتُقِیْمُ الصَّلٰوۃَ وَتُؤْتِی الزَّکٰوۃَ وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَیْتَ ثُمَّ قَالَ لَہٗ اَلاَ اَدُلُّکَ عَلٰی اَبْوَابِ الْخَیْرِ الصَّوْمُ جُنَّۃٌ" وَالصَّدَقَۃُ تُطْفِیءُ الْخَطِیْئَۃَ کَمَا یُطْفِیءُ الْمَاءُ النَّارَ وَصَلٰوۃُ الرَّجُلِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ ثُمَّ تَلاَ تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ حَتّٰی بَلَغَ یَعْمَلُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلاَ اُخْبِرُکَ بِرَأْسِ الْاَمْرِ وَعَمُوْدِہٖ وَذِرْوَۃِ سَنَامِہٖ قُلْتُ بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ رَأْسُ الْاَمْرِ الْاِسْلَامُ وَعَمُوْدُہُ الصَّلٰوۃُ وَذِرْوَۃُ سَنَامِہِ الْجِھَادُ ثُمَّ قَالَ اَلاَ اُخْبِرُکَ بِمَلاکِ ذَالِکَ کُلِّہٖ قُلْتُ بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فَاَخَذَ بِلِسَانِہٖ ثُمَّ قَالَ کُفَّ عَلَیْکَ ھٰذَا قُلْتُ یَانَبِیَّ اللّٰہِ وَاِنَّا لَمُؤَاخَذُوْنَ بِمَا نَتَکَلَّمُ بِہٖ فَقَالَ ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ وَھَلْ یَکُبُّ النَّاسَ فِی النَّارِ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ اَوْ قَالَ عَلٰی مَنَاخِرِھِمْ اِلَّا حَصَائِدُ اَلْسِنَتِھِمْ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ حَسَنٌ" صَحِیْحٌ".

| | | | |
|---|---|---|---|
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۰۹۶) | جلد۱ | صفحہ۵۸۰ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۲۵) | جلد۳ | صفحہ۲۸۰ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے ایسا عمل بتایئے جو مجھے جنت میں داخل کردے اور مجھے آگ سے دور کردے۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو نے بہت بڑے عمل کے بارے میں سوال کیا ہے اور یقیناً وہ (عمل) آسان ہے اس آدمی پر جس پر اللہ تعالیٰ آسان کردے۔
تو اللہ کی عبادت کرے اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائے
اور تو نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۶۱۶) | جلد۳ | صفحہ۴۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۹۷۳) | جلد۴ | صفحہ۳۸۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۲۲۴) | جلد۳ | صفحہ۳۰۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث (۴۱۳) | جلد۲ | صفحہ۱۳۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۱۳۱۱) | جلد۸ | صفحہ۳۹۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۱۹۱۵) | جلد۱۶ | صفحہ۱۶۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

اور رمضان کے روزے رکھے

اور بیت اللہ کا حج کرے۔

پھر آپ نے ان (حضرت معاذ بن جبل) سے فرمایا:

کیا میں تمہیں بھلائی کے دروازوں کی طرف راہنمائی نہ کروں؟

روزہ (گناہوں سے) ڈھال ہے۔

اور صدقہ گناہ (کی آگ) کو اس طرح بُجھاتا ہے جس طرح پانی آگ کو بُجھاتا ہے۔

اور آدمی کا نماز پڑھنا رات کے وسط میں (یعنی نماز تہجد ادا کرنا)

پھر اپ نے قرآن کی تلاوت

تَتَجَافٰی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ سے شروع کی اور یَعْلَمُوْنَ تک پہنچے پھر ارشاد فرمایا

کیا میں تمہیں رأس الامر اور اس (دین) کے ستوں اور اسکی کہان کی چوٹی کی خبر نہ دوں؟

میں نے عرض کی کیوں نہیں یا رسول اللہ! (ضرور خبر دیجئے)

آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

رأس الامر اسلام ہے

اور اس کا ستون نماز ہے

اور اسکے کہان کی چوٹی جہاد ہے

پھر ارشاد فرمایا

marfat.com
Marfat.com

کیا میں تمہیں اس سب کے مجموعے کی خبر نہ دوں؟

میں نے عرض کی کیوں نہیں یارسول اللہ! (ضرور خبر دیجئے)

پس آپ نے اپنی زبان مبارک پکڑی پھر فرمایا اس کو اپنے تک روکے رکھو۔

میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی! کیا ہم پکڑے جائیں گے ان باتوں سے جو ہم بولتے ہیں؟

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تیری ماں تجھے کھوئے

لوگوں کو (قیامت کے دن) آگ میں ان کے چہروں کے بل یا نتھنوں کے بل نہیں گرائے گی مگر ان کی زبانوں کی کاشت

-☆-

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بارگاہ خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضری دیتے ہیں اور اپنا مدعا عرض کرتے ہیں یارسول اللہ! صلی اللہ علیک وسلم مجھے ایسا عمل بتا دیجئے جو مجھے جنت میں داخل کر دے اور آگ سے دور کر دے یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا کا مقام جنت نصیب ہو پروردگار عالم جل جلالہٗ اپنی رضا و خوشنودی کی سند عطا فرما دے اور جو مقام غضب الٰہی ہے جہنم سے چھٹکارا مل جائے اللہ تعالیٰ کی غضب و ناراضگی سے نجات مل جائے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ تم نے ایک بہت بڑی بات کے بارے میں استفسار کیا ہے واقعی بات بہت بڑی ہے جس عمل سے نجات ابدی مل جائے عذاب الٰہی سے چھٹکارا مل جائے اللہ کی خوشنودی نصیب ہو اور پروردگار کی ناراضگی سے

Marfat.com

بچ جائے یقیناً وہ عمل بہت اہم ہے لیکن جس خوش نصیب کیلئے اللہ الکریم یہ آسان کر دے اس کیلئے واقعی یہ آسان ہے اللہ تعالیٰ کی توفیق یاوری کرے تو کوئی کام صعب ومشکل نہیں۔ پروردگار عالم جل جالہٗ کی رحمت شامل حال ہوتو بڑی سے بڑی مشکلیں آسان ہوجاتی ہیں۔ انہونے کام ہوجاتے ہیں بظاہر جس کے وقوع سے ناامیدی ہووہ بھی ہوجایا کرتا ہے۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے چند امور کا ذکر کیا ان میں سے کچھ فرائض ہیں کچھ نوافل اوران کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

## اَنْ تَعْبُدُاللّٰهَ وَلا تُشْرِکْ بِهٖ شَیْئاً :

## عبادت:

## عبادت کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے انسان کو عبادت کیلئے پیدا فرمایا اور بنی نوع انسان کو اپنی عبادت کا حکم دیا۔اب سوال یہ ہے کہ عبادت کسے کہتے ہیں۔

علامہ محمد طاہر عبادت کا معنی لکھتے ہیں

**العبادة : الطاعة او المعرفة۔[1]**

عبادت اطاعت یا معرفت کو کہتے ہیں۔

کیا ہر اطاعت یا معرفت کو عبادت کہیں گے؟

ہمیں امیر کی اطاعت کا حکم ہے۔

(۱) مجمع بحارالانوار۳/۵۱۲

marfat.com
Marfat.com

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کا حکم ہے۔

اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ.

اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرو۔

بدیہی بات ہے کہ اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو عبادت نہیں کہہ سکتے۔

ابواسحاق الزجاج لکھتے ہیں

مَعْنَی الْعِبَادَةِ فِی اللُّغَةِ الطَّاعَةِ مَعَ الْخُضُوْعِ.[1]

لغت میں عبادت کا معنی ایسی اطاعت ہے جس میں عاجزی ہو۔

علامہ بیضاوی اور علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں

اَلْعِبَادَةُ : اَقْصٰی غَایَةِ الْخُضُوْعِ وَالتَّذَلُّلُ.[2]

عبادت انتہا درجہ کی عجز وانکساری کو کہتے ہیں۔

انتہا درجہ کی عجز وانکساری کیا ہے؟

فرمانبردار بیٹا اپنے باپ سے انکساری سے پیش آتا ہے۔ ایک لائق شاگرد اپنے استاد کے سامنے عاجزی سے بیٹھتا ہے۔ تو کیا اسے عبادت کہیں گے؟ ہرگز نہیں۔

ایک مخلوق دوسری مخلوق سے انکساری تو کر سکتی ہے لیکن حد درجہ کی انکساری نہیں ہو سکتی کیونکہ شعور میں یہ بات موجود ہے کہ یہ بھی تو مخلوق ہی ہے۔ اسکا وجود بھی کسی ذات کا محتاج ہے۔ ہاں وہ ذات جو غیر محتاج ہو واجب الوجود ہو اسکی بارگاہ میں انکساری عبادت کہلائے گی

(۱) معانی القران واعرابہ ۱/ ۴۸ دار الحدیث القاہرہ ۱۹۹۴ء

(۲) تفسیر البیضاوی ۱/ ۹ دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۹۸۸ء تفسیر المظہری ۱/ ۹ بلوچستان بک ڈپو کوئٹہ پاکستان

Marfat.com

بلکہ اسکی اطاعت، اسکی تعظیم اور اسکی حمد بھی عبادت کہلاتی ہے۔ وہ بد بخت آدمی جو کسی محتاج کو غیر محتاج سمجھ لے اور کسی ممکن الوجود کو واجب الوجود جانے تو اس بد بخت کا اس نظریہ سے انکساری کرنا یا اطاعت کرنا عبادت کہلائے گا۔ مفسر قران علامہ ابن جریر طبری اسی مفہوم کو واضح کرنے کیلئے لکھتے ہیں:

وَتَاوِيلُ قَوْلِهِ إِيَاكَ نَعْبُدُ : لَكَ اَللّٰهُمَ نَخْشَعُ وَنَذِلُّ وَنَسْتَكِنُ إِقْرَاراً لَكَ يَارَبَّنَا بِالرَّبُوْبِيَةِ لا لِغَيْرِكَ۔[1]

إِيَّاكَ نعبد کا معنی ہے: اے اللہ! آپ کیلئے ہم عجز کا اظہار کرتے ہیں اور آپ کیلئے ہی فروتنی اور انکساری کرتے ہیں۔ اے ہمارے رب! یہ سب کچھ آپ کیلئے ربوبیت کا اقرار کرتے ہوئے کرتے ہیں آپ کے غیر کیلئے نہیں۔

ان ساری باتوں کا ماحاصل یہ ہے کہ

کسی ذات کو واجب الوجود، مستقل بالذات اور غیر محتاج مان کا اسکی اطاعت کرنا یا اسکی تعریف و تعظیم کرنا عبادت کہلاتا ہے۔

نعمتِ ایمان سے معمور شخص جب بھی اللہ کا حکم مانتا ہے تو اسے واجب الوجود جان کر مانتا ہے۔ جب بھی اسکی حمد بیان کرتا ہے تو مستقل بالذات مان کر اور جب بھی اسکی تعظیم کرتا ہے تو غیر محتاج یقین رکھ کر۔ اس مرد مومن کا یہ سب کچھ کرنا عبادت کہلاتا ہے۔

---

(۱) جامع البیان ۱/۱۰۳ دار الفکر بیروت ۱۴۱۵ھ/۱۹۹۵ء

marfat.com
Marfat.com

## شرک:

اللہ وحدہٗ لاشریک کے علاوہ کسی کو واجب الوجود، مستقل بالذات، غیرمحتاج جان کر اسکی تعظیم کرنا اسکا حکم ماننا شرک کہلاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ مشرک کی مغفرت نہیں فرمائے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ لا یَغْفِرُ اَنْ یُشْرَکَ بِهٖ وَیَغْفِرُ مَادُوْنَ ذَالِکَ لِمَنْ یَشَاءُ.

بیشک اللہ تعالیٰ مغفرت نہیں فرمائے گا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے اور اس کے علاوہ جسکی چاہے مغفرت فرمادے۔

اس جگہ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلاتُشْرِکَ بِهٖ شَیئاً سے مراد اقرار الشہادتین ہے یعنی زبان قلب وقالب کہے

اَشْهَدُاَنْ لا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُاَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ.

کلمہ طیبہ جب تک زبان سے ادا نہ کیا جائے کسی کو مسلم نہیں کہہ سکتے کسی کے مسلم ومومن ہونے کیلئے شرط ہے کہ وہ دل سے اللہ کی واحدنیت کا قائل ہو حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت پر ایمان ہو اور زبان سے بھی اس کا اقرار کرے۔

ایک مرتبہ تو اس کلمہ طیبہ پڑھنا فرض ہے بلکہ ایمان کی شرط ہے پھر اس کے بعد زندگی بھر اس کا تکرار ہوتا رہے تاکہ تجدید ایمان ہوتی رہے اور اس کلمہ طیبہ کے ثمرات سے بہرہ ور ہوتے رہیں۔

## تُقِیْمُ الصَّلاۃَ:

صلاۃ (نماز) مومن کی پہچان ہے۔ صلاۃ کے بغیر مومن کو سکون وقرار نہیں جب تک یہ

Marfat.com

بارگاہ ذوالجلال میں سجدہ ریز نہ ہو جائے اس وقت تک اسکی روح کو سکون نہیں ملتا۔ پس صلاۃ قرب الٰہی کا ذریعہ ہے۔

حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

**عَن جَابِرِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ انَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ یَا کَعبَ بنَ عُجرَةَ أُعِیذُکَ بِاللّٰهِ مِنْ إمَارَةِ السُّفَهَاء اِنَّهَا سَتکُونُ أمَرَاءَ مَن دَخَلَ عَلَیهِم فَاَعَانَهُم عَلٰی ظُلْمِهِم وَصَدَّقَهُم بِکَذِبِهِم فَلَیسَ مِنِّی وَلَستُ مِنهُ وَلَن یَرِدَ عَلَیَّ الحَوضَ وَمَنْ لَمْ یَدْخُلْ عَلَیْهِم وَلَم یُعِنهُم عَلٰی ظُلْمِهِم وَ لَم یُصَدِّقهُم بِکَذِبِهِم فَهُوَ مِنِّی وَاَنَا مِنهُ وَسَیَرِدُ عَلَیَّ الحَوضَ.**

**یَا کَعبَ بنَ عُجرَةَ الصَّلاۃُ قُربَان" وَالصَّومُ جُنَّۃ" وَالصَّدَقَةُ تُطفِیُٔ الخَطِیئَةَ کَمَا یُطفِیُٔ الماءُ النَّارَ وَالنَّاسُ غَادِیَانِ فَمُبتَاع" نَفسَهُ فَمُعتِق" رَقَبَتَهُ وَمُوبِقُهَا.**

**یَا کَعبَ بنَ عُجرَةَ اِنَّهُ لَایَدخُلُ الجَنَّةَ لَحم" نَبَتَ مِن سُحتٍ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۱۷۲۳) | جلد۵ | صفحہ۹ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |
| المصنف لعبد الرزاق | رقم الحدیث (۲۰۸۱۹) | جلد۱۱ | صفحہ۳۴۵ |
| المستدرک | رقم الحدیث (۲۰۸۴) | جلد۴ | صفحہ۲۰۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۴۳۷۸) | جلد۱۱ | صفحہ۴۴۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۵۲۲۱) | جلد۱۲ | صفحہ۱۱۸ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے کعب بن عجرۃ!

میں تجھے سفہاء کی حکومت کے شر سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔ ہاں عنقریب سفیہ حکمران ہوں گے جس شخص نے ان سے راہ و رسم رکھا ان کے ظلم و عدوان پر ان کی اعانت کی اور ان کے جھوٹ کو سچ کہا تو وہ مجھ سے نہیں اور نہ میرا اس سے کوئی تعلق ہے اور وہ قیامت کے دن حوض کوثر پر میری بارگاہ میں حاضر نہیں ہو سکے گا اور جس شخص نے نہ ان ظالم و سفیہ حکمرانوں سے راہ و رسم رکھا اور نہ ان کے ظلم پر ان کی مدد و اعانت اور نہ ان کے جھوٹ کو سچ کہا وہ خوش قسمت مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور حوض کوثر پر میری خدمت میں حاضر ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۹۲۶۳) | جلد۵ | صفحہ۴۴۵ |
| قال المحقق: | رواهما رجال الصحیح | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۱۹۹۹) | جلد۳ | صفحہ۴۷۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ قوی | | |
| الترغیب والترهیب | رقم الحدیث (۱۲۶۸) | جلد۱ | صفحہ۶۶۲ |
| قال المنذری: | رواہ أبو یعلی باسنادہ صحیح | | |
| وقال المحقق: | صحیح | | |
| شرح مشکل الاثار | رقم الحدیث (۱۳۴۵) | جلد۳ | صفحہ۳۷۵ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |

Marfat.com

اے کعب بن عُجرہ!

صلاۃ قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو یوں مٹاتا ہے جیسے پانی آگ بجھا دیتا ہے۔ دو طرح کے لوگ صبح اپنے نفسوں کا سودا کرتے ہیں۔ ایک اطاعت الٰہی کر کے اپنے آپ کو جہنم سے آزاد کرا لیتا ہے دوسرا اللہ کی نافرمانی کر کے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال دیتا ہے۔

اے کعب بن عُجرہ!

جو گوشت حرام سے پرورش شدہ ہے وہ جنت میں داخل نہ ہو سکے گا۔

-☆-

اس حدیث پاک میں صلاۃ کو قرب الٰہی کا ذریعہ قرار دیا گیا ہے۔ اس فرزند آدم کے بخت قابل رشک ہیں جو ہر روز قرب الٰہی کی منزلیں طے کرتا جاتا ہے۔ ادھر وہ اللہ کے حکم کی تعمیل میں اللہ اکبر کہتا ہے اور ادھر اللہ کی شان رحیمی اسے قرب کی مزید منزلوں سے سرفراز کرتی جاتی ہے اور جو صلاۃ کی لذت سے مالا مال ہے وہ یقیناً قرب الٰہی کی چاشنی سے بہرور ہے۔

## تُؤتِی الزَّکَاۃَ:

زکاۃ بنائے اسلام ہے۔ اسلام کی حسین جمیل عمارت جن ستونوں پر استادہ ہے ان میں ایک زکاۃ ہے زکاۃ ادا کرنے والا اپنے دین و ایمان کا محافظ ہوا کرتا ہے اور زکاۃ کا انکار کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ : بُنِیَ الاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسَةٍ عَلٰی اَنْ یُوَحَّدَ اللّٰهُ وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکَاةِ

marfat.com
Marfat.com

وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَالْحَجِّ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۸) | جلد۱ | صفحہ۲۸ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۱۵۸) | جلد۱ | صفحہ۳۷۴ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۶۱۸) | جلد۴ | صفحہ۲۷۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۶۰۹) | جلد۳ | صفحہ۳۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ارواء الغلیل | رقم الحدیث(۷۸۱) | جلد۳ | صفحہ۲۴۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۱۶) | جلد۱ | صفحہ۳۷ |
| سنن النسائی | | جلد۸ | صفحہ۱۰۸ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث(۵۰۱۶) | جلد۳ | صفحہ۳۴۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث(۱۶۷۵) | جلد۱ | صفحہ۵۲۶ |
| شرح سنۃ للبغوی | رقم الحدیث(۶) | جلد۱ | صفحہ۱۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح متفق علیٰ صحتہ | | |
| مسند الحمیدی | رقم الحدیث(۷۰۳) | جلد۲ | صفحہ۳۰۸ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث(۱۳۲۰۳) | جلد۱۲ | صفحہ۲۳۸ |
| شعب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث(۲۰) | جلد۱ | صفحہ۵۴ |
| شعب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث(۳۵۶۷) | جلد۳ | صفحہ۲۸۸ |
| شعب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث(۳۹۷۲) | جلد۳ | صفحہ۴۲۸ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر

اللہ کی واحدنیت، محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینا، صلاۃ قائم کرنا، زکاۃ ادا کرنا، رمضان کے روزے رکھنا اور حج کرنا ہے۔

زکاۃ کی اہمیت کو واضح کرنے کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی بھی قابل

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۳ | صفحہ۶۲ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۶۶۸۲) | جلد۵ | صفحہ۳۳۰ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۷۰۴۷) | جلد۵ | صفحہ۴۲۰ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۷۴۲۹) | جلد۶ | صفحہ۴۱ |
| الکامل (لابن عدی) | | جلد۳ | صفحہ۱۷ |
| الکامل (لابن عدی) | | جلد۵ | صفحہ۱۵۹ |
| صحیح ابن خزیمہ | رقم الحدیث (۳۰۸) | جلد۱ | صفحہ۱۵۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۷۹۸) | جلد۴ | صفحہ۴۰۳ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ منقطع | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۶۰۱۵) | جلد۱ | صفحہ۳۴۴ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۶۳۰۱) | جلد۱ | صفحہ۴۹۷ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

غور ہے:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا اَدَّیْتَ زَکَاۃَ مَالِکَ فَقَدْ قَضَیْتَ مَا عَلَیْکَ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا جب تو اپنے مال کی زکاۃ ادا کردے تو تو نے جو تجھ پر لازم تھا اس کو پورا کردیا۔

زکاۃ اپنے مال سے سال کے بعد ۴۰واں حصہ نکالنا ہے سال کے بعد یہ معمولی چیز ہے لیکن اس کیلئے جس کیلئے اللہ تعالیٰ آسان کردے اللہ تعالیٰ کی توفیق واعانت کے بغیر زکاۃ بھی مشکل نکلتی ہے ہاں جو مردمومن خوشدلی سے زکاۃ ادا کرتا ہے گویا اس پر جو حقوق مالیہ تھے وہ ان کی ادائیگی سے فارغ ہوچکا ہے۔ اللہ رب العزت ہر مسلم کو دین حق کی تفہیم کی توفیق عطا فرمائے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۲۴۰) | جلد۴ | صفحہ۱۴۱ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۴۴۰) | جلد۲ | صفحہ۵۵۴ |
| وقال الذھبی: | صحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۵۷۳) | جلد۲ | صفحہ۵۳۷ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۱۷۱۹) | | جلد۲ | صفحہ۳۱۸ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| التمہید | | جلد۲ | صفحہ۲۱۲ |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد۴ | صفحہ۱۰۵ |

Marfat.com

## وَتَصُوْمَ رَمُضَانَ:

اھل ایمان بڑی خوشدلی سے رمضان المبارک کے روزے رکھتے ہیں وہ پورا سال اس سعادتوں سے لبریز ماہ کا انتظار کرتے ہیں اھل ایمان کی سحری وافطاری کا اہتمام ان کی اندورنی خوشی وجذبہ ایمانی کو اجاگر کرتا ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی روزہ کی اہمیت کو کیسے بیان کرتا ہے ملاحظہ ہو۔

**عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ -رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ- عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فَرَضَ صِيَامَ رَمَضَانَ عَلَيْكُمْ وَسَنَنْتُ لَكُمْ قِيَامَهُ فَمَنْ صَامَهُ وَقَامَهُ اِحْتِسَاباً خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ.**

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے تم پر رمضان کے روزے فرض ہے اور میں نے تم پر اس کی راتوں کا قیام سنت قرار دیا پس جس نے رمضان المبارک میں دن کو روزہ رکھا اور رات کو قیام کیا حصول ثواب کیلئے تو وہ اپنے گناہوں سے اس دن کی طرح پاک وصاف ہوگا جس دن وہ اپنی ماں سے پیٹ سے باہر آیا تھا۔

---

المسند الامام احمد رقم الحدیث (١٦٦٠) جلد٢ صفحہ٣٠٦

قال احمد محمد شاکر: اسنادہ صحیح

سنن النسائی رقم الحدیث (٢٦٠٦) جلد٤ صفحہ١٦٢

marfat.com
Marfat.com

سبحان اللہ! حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس امت پر کس درجہ مہربانی ہے یہ آپ ہی کی نظر کرم کا فیض ہے کہ بندہ رمضان کے روزے رکھے اور اسکی راتوں کو قیام کرے تو وہ گناہوں سے بالکل پاک وصاف ہو جاتا ہے۔ انسان خود سوچے وہ روزانہ کتنے گناہ کرتا ہے اس سے کس قدر معصیتیں سرزد ہوتی ہیں اور وہ نافرمانیوں پر نافرمانیاں کیے جاتا ہے لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر اس درجہ شفقت فرمائی کہ اگر وہ رمضان کے روزے رکھ لے اور حصول ثواب کیلئے اس کی راتوں کو صلاۃ التراویح ادا کرے تو وہ گناہوں سے اپنی پیدائش کے دن کی طرح پاک وصاف ہوگا۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ –رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ– قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ –صَلَّی اللّٰه عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ– قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: کُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهٗ اِلا الصِّیَامَ فَاِنَّهٗ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ وَالصِّیَامُ جُنَّة" وَاِذَا کَانَ یَوْمُ صَوْمِ اَحَدِکُمْ فَلا یَرْفَثْ وَلا یَصْخَبْ فَاِنْ سَابَّهٗ اَحَد" اَوْ قَاتَلَهٗ فَلْیَقُلْ اِنِّی اِمْرُء" وصَائِم" وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَخَلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْکِ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَان یَفْرَحُهُمَا اِذَااَفْطَر فَرِحَ بِفِطْرِهٖ وَاِذَالَقِیَ رَبَّهٗ فَرِحَ بِصَوْمِهٖ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۹۰۴) | جلد۲ | صفحہ۵۶۶ |
| السنن الکبری (للبیہقی) | رقم الحدیث (۸۳۱۰) | جلد۴ | صفحہ۴۴۸ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۷۱۳۴) | جلد۷ | صفحہ۶۰۱ |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۳۸۲۳) | جلد۴ | صفحہ۲۹۶ |
| قال محمود محمد محمود: | متفق علیہ | | |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۳۸۲۳) | جلد۵ | صفحہ۳۵۰ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۰۹۲) | جلد۳ | صفحہ۲۵۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۱۰۳۸) | جلد۲ | صفحہ۳۰۵ |
| قال محمود محمد محمود: | متفق علیہ | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۱۶۳۶) | جلد۳ | صفحہ۱۴۳ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۱۴۴۰۲) | جلد۱۷ | صفحہ۱۲۹ |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۵۹۲) | جلد۷ | صفحہ۳۵۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۶۷۹) | جلد۷ | صفحہ۴۱۰ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن خزیمہ | رقم الحدیث (۱۸۹۲) | جلد۳ | صفحہ۱۹۲ |
| صحیح ابن خزیمہ | رقم الحدیث (۱۸۹۷) | جلد۳ | صفحہ۱۹۷ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| السنن الکبریٰ (للبیہقی) / رقم الحدیث (۸۵۰۷) | | جلد۴ | صفحہ۵۰۱ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۴۲۴) | جلد۸ | صفحہ۲۱۱ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علیٰ شرطھما | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۱۵۱) | جلد۲ | صفحہ۵۰۷ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے

فرزند آدم کا ہر عمل اس کیلئے ہے سوائے روزے کے یہ روزہ میرے لیے ہے اور اسکی جزاء میں دونگا۔روزہ ڈھال ہے جب تم میں سے کسی کے روزے کا دن ہوتو وہ بے ہودہ بات نہ کرے اور نہ کسی کو درشت طریقے سے پیش آئے اگر اسے کوئی گالی دے یا اس سے لڑنا چاہے تو اسے چاہے کہ وہ کہہ دے میں روزہ دار ہوں۔

قسم ہے اس اللہ کی جس کے ہاتھ میں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جان ہے! روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔روزاہ دار کیلئے دوخوشیاں ہیں جن سے وہ خوش ہوتا ہے ایک جب وہ روزہ افطار کرتا ہے تو روزہ کی افطاری سے خوش ہوتا ہے اور دوسرا جب وہ اپنے رب سے ملاقات کرے گا تو اپنے روزہ کی وجہ سے اس ملاقات سے خوش ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۲) | جلد۴ | صفحہ۱۶۶ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۲) | جلد۲ | صفحہ۱۲۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۵) | جلد۴ | صفحہ۱۶۸ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۲۲۱۵) | جلد۲ | صفحہ۱۲۰ |
| قال الالبانی: | صحیح الاسناد | | |

Marfat.com

سبحان اللہ! ایک روزہ دار کیلئے کتنی بڑی بڑی نویدیں ہیں اللہ الکریم اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اس امت کو جس انداز سے نوازتا ہے اگر یہ امت ساری زندگی اس کے شکرانے میں سربسجود ہو کر گزار دے تو حق شکر ادا نہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا روزہ میرے لیئے ہے اور اسکی جزا میں دوں گا کتنا پر کیف ارشاد ہے جو روزہ رکھتا ہے اس ارشاد کو سن کر اس کی اندرونی کیفیت کا عالم کیا ہوگا جس سے اس کا خالق و مالک راضی ہو جائے اور پھر یوں راضی ہو کہ فرمائے اس کے اس عمل کی جزاء میں دونگا اب اس روزہ دار کو کس چیز کی ضرورت رہ جاتی ہے۔ ویسے ہر عمل کی جزا اللہ ہی عطا فرماتا ہے لیکن روزہ کے بارے میں یہ فرمانا کہ اس کی جزا میں دونگا بہت بڑی نوید ہے یعنی روزہ دار پر جب روزہ کی وجہ سے کرم ہوگا تو درمیان میں کوئی فرشتہ واسطہ نہیں ہوگا دینے والا اللہ ہوگا اور اپنے دست کرم سے دیگا۔

روزہ ڈھال ہے۔ ڈھال سے انسان دشمن کے وار سے بچ جاتا ہے جنگ کے دوران ڈھال انسان کو بچاتی ہے تو اللہ الواحد روزہ کو اھل ایمان کی ڈھال قرار دیا کہ تمہارے دشمن بے شمار ہیں دیکھے بھی اور ان دیکھے بھی ان سب سے بچاؤ کیلئے ان کے حملوں اور ان کے مکر و فریب سے بچنے کیلئے روزہ ڈھال ہے روزہ کی موجودگی میں ان کا کوئی وار کارگر ثابت نہ ہوگا بلکہ یہ اپنا سا منہ لیکر ناکام و نامراد واپس پلٹیں گے۔

شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے یہ اھل ایمان پر روزانہ مختلف انوع حملے کیا کرتا ہے اس کے حملے بڑے اچانک اور اتنے گہرے ہوا کرتے ہیں کہ اگر اسکا حملہ ہو جائے تو بندہ کیلئے سنبھلنا مشکل ہوتا ہے لیکن اللہ الکریم نے روزہ دار پر کرم کیا کہ روزہ کو اس کی ڈھال بنا دیا جس کے

marfat.com
Marfat.com

ہوتے ہوئے اس ازلی دشمن کے حملے ناکام جاتے ہیں وہ پورا زور لگا کر بھی آئے لیکن اخلاص وللّٰہیت سے روزہ رکھنے والے پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ یہ دنیا کی ڈھال یہ انسان کی بنائی ہوئی ڈھال یہ بندے کا بنا ہوا مدافعتی نظام خراب ہوسکتا ہے ناکارہ ہوسکتا ہے لیکن اللہ القادر کا دفاعی نظام اس کی عطا کردہ ڈھال کو کوئی نہیں توڑ سکتا روزہ کو پروردگار عالم جل جلالہٗ نے ڈھال بنایا ہے آیئے روزے رکھ کر اپنے آپ کو حفاظتی قلعہ میں لے آئیں اور جو اللہ کی حفاظت میں آجاتا ہے پھر وہ محفوظ ہی رہا کرتا ہے۔

قیامت کے دن جب پل صراط سے گزر ہوگا آتش جہنم خوب جوش میں ہوگی اس وقت اللہ الکریم کا کرم ہی بچائے تو بچا جاسکتا ہے ورنہ اس جہنم سے کون بچنے والا ہے۔ روزہ دار کو یہ نوید ہے کہ تیرے پاس ڈھال ہے اور جب تو پل صراط سے گزرے گا جہنم ہزار جوش میں آئے تیرے پاس اللہ کا حفاظتی نظام ہے تجھے جہنم کچھ نہیں کہہ سکتی بلکہ تو جہنم سے خیر وعافیت سے گزر جائے گا۔

**وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ:**

قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جان ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ہر قول اور آپ کا ہر فرمان سچا ہے بلکہ صداقت در مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے خیرات لیتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہاں سادا انداز میں روزہ دار کے شرف کو ذکر نہیں کیا بلکہ قسم سے ذکر کیا ہے پھر قسم کا انداز بھی جداگانہ ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میں محمد کی جان ہے اس سے بڑھ کر اس کی اور کیا اہمیت ہوسکتی ہے اس قسم کے بعد جو بات بیان کی اس پر فدا ہونے کو جی چاہتا ہے بلکہ اگر زمین وآسمان اس

Marfat.com

پر قربان کر دیے جائیں تو حق ادا نہیں ہوتا۔

لَخَلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْکِ.

روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے ہاں کستوری کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔

بو سے انسان کو نفرت ہے کسی کے منہ سے بو نکلے اور دوسرا اس کو محسوس کرے تو اسے ناگواری ہوتی ہے لیکن محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے غلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے امتی پر اللہ الکریم کا کتنا کرم ہے اور اللہ کو اس سے کتنا پیار ہے کہ اس کے منہ سے روزہ کی حالت میں نکلنے والی بو اللہ الطیب کو کستوری کی خوشبو سے زیادہ محبوب ہے۔

## لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ:

روزہ دار کو دو خوشیاں ہیں۔ ایک خوشی روزہ افطار کرتے وقت۔ اھل ایمان جانتے ہیں کہ روزہ دار پورا دن افطاری کے وقت کا انتظار کرتا ہے وہ لحہ لحہ گنا کرتا ہے تلخ دنوں میں تو افطاری کا انتظار بڑی شدت سے ہوتا ہے پھر افطاری کے وقت حسب استطاعت اہتمام اھل ایمان کی اندرونی خوشی کا اظہار کرتا ہے یہ خوشی یہ مسرت ایمان کی نشانی ہے اس خوشی سے ہر اھل ایمان واقف ہے۔

دوسری خوشی اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت۔ جب تک بندہ مومن اس دنیا میں ہے اللہ تعالیٰ سے ملاقات نہیں ہے جب وہ اس دنیا سے کوچ کر جائے گا پھر اس کی ملاقات وحدہٗ لاشریک سے ہوگی جیسے روزہ دار افطاری کا انتظار کرتا ہے اسی طرح وہ دنیا سے رخصتی کے دن کا بھی انتظار کرتا ہے اسے اس دن جو مسرت و شادمانی نصیب ہوگی اس کو اس ناپائیدار دنیا کے ناپائیدار الفاظ میں کیسے بیان کیا جا سکتا ہے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد

marfat.com
Marfat.com

فرمایا: مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰہِ اَحَبَّ اللّٰہُ لِقَائَہٗ.

جو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملاقات کو محبوب رکھتا ہے۔ یہ محبت طرفین سے ہے اے روزہ رکھنے والے سعید و فیروز بخت! اپنے مقدر پر ناز کر کہ اگر تجھے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی چاہت ہے تو اللہ تعالیٰ تجھ سے بھی ملاقات کا مشتاق ہے۔ اس ملاقات پر جو خوشی ہوگی اسکا اندازہ وہی کر سکتے ہیں جو ملاقات سے بہرور ہو چکے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ شَرِّفْنَا بِھٰذِہِ السَّعَادَۃِ الْعُظْمٰی اللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَالِقَائَکَ وارحمنا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ.

## تَحُجَّ الْبَیْتَ:

بیت اللہ کا حج کرنا اسلام کا پانچواں رکن ہے یہ جامع عبادت ہے اللہ تعالیٰ ہر اھل ایمان کو حج بیت اللہ نصیب فرمائے۔ حج بیت اللہ کی فضیلت و شرف کو سمجھنے کیلئے درج ذیل فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیش نظر رہے۔

عَنْ مَاعِزِ التَّمِیْمِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ سُئِلَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِیْمَانٌ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ ثُمَّ حَجَّۃٌ مَبْرُوْرَۃٌ تَفْضُلُ سَائِرَ الْاَعْمَالِ کَمَا بَیْنَ مَطْلَعِ الشَّمْسِ اِلٰی مَغْرِبِھَا۔[1]

حضرت ماعز تمیمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کونسا عمل افضل ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ وحدہ لاشریک

(۱) مسند الامام احمد ۴/۳۴۲۔ المتجر الرابع صفحہ ۱۲۱۸ اسنادہ جید

Marfat.com

پر ایمان لانا پھر مقبول حج یہ حج باقی اعمال پر اتنی فضیلت رکھتا ہے جتنی مطلع الشمس (مشرق) کو اس کے مغرب پر ہے۔

حج بیت اللہ میں جو کہ تمام اعمال کا جامع ہے اس میں مال خرچ کرنا ہے حالت سفر ہے پھر ان سلے کپڑے (مردوں کا لباس) پہن کر زبان حال سے عرض کی جاتی ہے جسے مردہ کی کوئی خواہش نہیں ایسے ہی میری بھی کوئی خواہش نہیں اے اللہ! آج کے بعد اپنی رضا پر چلنے کی سعادت بخش دے مجھ سے اپنے نفس کی اتباع کرنے کی قوت چھین لے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نصیحتیں فرمائیں ان میں یہ پانچ فرائض تھے ان کے بعد مزید ارشاد فرمایا:

## اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی اَبْوَابِ الْخَیْرِ:

کیا میں تمہیں خیر کے دروازوں کی خبر نہ دوں؟ دروازے چیزوں کو داخل وخارج کیا جاتا ہے جس کے پاس دروزاہ آجائے وہ سہولت اندر جاسکتا ہے اور اندر کے انعامات سے شادکام ہوسکتا ہے۔ جس خوش نصیب کو خیر وبھلائی کے دروزوں کی خبر ہوجائے وہ جب چاہے خیر وبرکت سے اپنا دامن بھر سکتا ہے۔

## اَلصَّوْمُ جُنَّۃٌ:

روزہ ڈھال ہے۔ یہ وہ مضبوط ڈھال ہے جسے شیطان قوتیں توڑ نہیں سکتیں جس کے پاس روزہ کی ڈھال ہے یعنی جو روزے رکھنے کا عادی ہے اس پر اللہ کا لطف وکرم اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر رحمت ہے جس کے سبب وہ روزے رکھتا ہے ایسا خوش نصیب

marfat.com
Marfat.com

اس رزم گاہ حیاۃ میں اپنی نعمت ایمان سلامت لے جاتا ہے اور شیطان کے دست برد کے محفوظ رہ کر تیاری آخرت میں وقت گزارتا ہے۔

## اَلصَّدَقَةُ تُطْفِیءُ الْخَطِیْئَةَ:

صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ گناہ کرنے سے اللہ الواحد ناراض ہوتا ہے جس سے اس گناہ کرنے والے کے حصہ کی آگ بھڑکائی جاتی ہے گناہ جیسے جیسے بڑھتے جائیں گے اس کے حصہ کی آگ میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ صدقہ کرنے سے اللہ الکریم راضی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کی رضا غضب کو ٹھنڈا کرتی ہے اللہ کی خوشنودی نار جہنم کو بجھا دیتی ہے جیسے آگ کے الاؤ پر پانی ڈال دیا جائے تو آگ بجھ جاتی ہے بشرطیکہ پانی آگ سے زائد مقدار میں ہو اسی طرح صدقہ گناہ سے زائد مقدار میں ہو تو وہ آگ کو بجھا دیتا ہے۔ اخلاص وللّٰہیت سے کیا گیا کوئی بھی عمل رائگاں نہیں جاتا اس عمل کی بدولت اللہ الکریم اس کے حصہ کی آگ کو سرد کر دیتا ہے۔ جب آگ بالکل سرد ہو جائے تو پھر اس کے لیے تعمیر جنت شروع ہو جاتی ہے جیسے جیسے نیکیاں کرتا جائے گا جنت کی تعمیر بڑھتی جائے گی۔

## صَلٰوةُ الرَّجُلِ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ :

نرم و گرم بستر چھوڑ کر اللہ القدیر کی بارگاہ میں صلاۃ التہجد کیلئے اٹھنا بہت بڑی سعادت ہے یہ سعادت توفیق الٰہی کے بغیر ناممکن ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم ہوتا ہے وہ رات کو اٹھ اٹھ کر اس کی بارگاہ میں سجدے کیا کرتا ہے اسے کبھی قیام میں لطف آتا ہے تو کبھی رکوع میں کبھی سجدہ سے پر بہار ہوتا ہے تو کبھی استغفار سے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے

Marfat.com

**وَالَّذِيۡنَ يَبِيۡتُوۡنَ لِرَبِّهِمۡ سُجَّداً وَقِيَاماً.**

وہ بڑے خوش نصیب ہیں جو رات اپنے رب کی بارگاہ میں سجدے کرتے اور قیام کرتے گزارتے ہیں انہیں رات کی گھڑیوں میں سجدوں کا یوں کیف آتا ہے کہ دنیا کی ساری نعمتیں اس کیف کے سامنے ہیچ ہوتی ہیں۔

**عَنۡ اَبِیۡ هُرَيۡرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُ – اَنَّ رَسُوۡلَ اللّٰهِ–صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ– قَالَ: يَنۡزِلُ رَبُّنَا كُلَّ لَيۡلَةٍ اِلٰى سَمَاءِ الدُّنۡيَا حِيۡنَ يَبۡقٰى ثُلُثُ اللَّيۡلِ الآخِرِ فَيَقُوۡلُ : مَنۡ يَدۡعُوۡنِیۡ فَأَسۡتَجِيۡبَ لَهٗ؟ وَمَنۡ يَسۡأَلُنِیۡ فَاُعۡطِيَهٗ وَمَنۡ يَسۡتَغۡفِرُنِیۡ فَاَغۡفِرَلَهٗ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۳۵۰۹) | جلد۵ | صفحہ۲۹۹ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث(۴۶۵۲) | جلد۳ | صفحہ۳ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۱۳۶۶) | جلد۲ | صفحہ۱۶۱ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث متفق علیہ | | |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث(۱۴۷۸) | جلد۱ | صفحہ۴۱۲ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۹۲۰) | جلد۳ | صفحہ۱۹۹ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین | | |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث(۹۰) | جلد۱۰ | صفحہ۱۲۹ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۷۰۴۱) | جلد۲۵ | صفحہ۱۸۸(کتاب التوحید) |
| جامع الاصول | رقم الحدیث(۲۰۹۷) | جلد۵ | صفحہ۵ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث(۱۵۱۲۹) | جلد۱۱ | صفحہ۲۳ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث(۱۳۴۶۳) | جلد۱۰ | صفحہ۹۸ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث(۱۳۱۵) | جلد۱ | صفحہ۴۲۰ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرۃ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ والہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: ہمارا رب تعالیٰ ہر رات جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہتا ہے آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے یعنی اس کی رحمت خاصہ نزول فرماتی ہے تو ارشاد فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کی دعا کو قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے میں اسے عطا کروں؟ کون ہے جو مجھ سے مغفرت کا سوالی ہو میں اس کی مغفرت فرمادوں؟

-☆-

اس حدیث پاک میں رات کے آخری تیسرے حصہ کا ذکر ہے۔ رات کا نصف برکات الٰہیہ سے معمور ہے لیکن رات کے آخری تیسرے حصہ میں اللہ کی عنایات کا جوبن نرالا ہوا کرتا ہے اور اس گھڑی بارگاہ ذوالجلال میں دست سوال دراز کرنے والا محروم نہیں رہا کرتا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۳۱۵) | جلد ۱ | صفحہ ۳۶۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الموطا الامام مالک | | جلد ۱ | صفحہ ۱۸۷ |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۱۳۲) | جلد ۱ | صفحہ ۴۰۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۷۵۸) | جلد ۲ | صفحہ ۱۸۸ |

Marfat.com

یہ وہ مبارک لمحات ہیں جن میں اللہ والے سر بندگی جھکا کر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کا کیف لیا کرتے ہیں۔ استغفار سے اپنی زبانیں معطر کیا کرتے ہیں، دستِ سوال دراز کر کے اپنی ارواح کو مزید قرب الٰہی کی دولت سے سرفراز کرتے ہیں۔ باری تعالیٰ کی بارگاہ میں آنسوؤں کا نذرانہ پیش کر کے اس کی رضا حاصل کرتے ہیں۔ یہ وہ مبارک لمحات ہیں جو خالق و مالک کو بڑے پیارے ہیں ان لمحات کی قدر کرنے والا اللہ کی عنایات سے محروم نہیں رہا کرتا۔

سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی -رضی اللہ عنہ- کے وصال کے بعد کسی سے ملے تو اس نے سوال کیا حضور! قبر کے احوال سنایئے اور سنایئے کیسی بیتی؟

آپ نے ارشاد فرمایا ہم جو دنیا میں بڑے بڑے القابات سے مشہور تھے ان القابات نے کوئی فائدہ نہ دیا ہاں سحری کے وقت جو چند رکعات پڑھتا تھا ان کے ذریعے سرمدی انعامات سے نوازا گیا۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب یہ بیان فرمایا تو قرآن کریم یہ آیت تلاوت فرمائی: **تَتَجَافٰی جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفاً وَطَمَعاً وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ فَلا تَعْلَمُ نَفْس "مَاأُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ.** ؎

ان کے پہلو بستروں سے جدا رہتے ہیں وہ اپنے رب کو (اسکے عذاب کے) خوف سے اور (اسکے انعامات کی) امید سے پکارتے رہتے ہیں اور ہم نے جو کچھ انہیں دیا ہے اس سے وہ اس کی راہ میں خرچ کرتے رہتے ہیں۔ کوئی نہیں جانتا کہ جو نعمتیں ان کیلئے چھپا کر رکھی گئی ہیں جس سے آنکھیں ٹھنڈی ہونگی یہ جزا و صلہ ہے ان اعمال کا جو وہ کیا کرتے تھے۔

---

(۱) السجدہ ۳۲/۱۶-۱۷

.marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ جُرْثُوْمِ بْنِ نَاشِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی فَرَضَ فَرَائِضَ فَلَا تُضَیِّعُوْهَا وَحَدَّ حُدُوْدًا فَلَا تَعْتَدُوْهَا وَحَرَّمَ اَشْیَاءَ فَلَا تَنْتَهِكُوْهَا وَسَكَتَ عَنْ اَشْیَاءَ رَحْمَةً لَّكُمْ غَیْرَ نِسْیَانٍ فَلَا تَبْحَثُوْا عَنْهَا. حَدِیْثٌ "حَسَنٌ" رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِیُّ وَغَیْرُهٗ.

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابوثعلبہ خشنی جرثوم بن ناشر رضی اللہ عنہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے (اولاد آدم پر) کچھ فرائض فرض کیے ہیں پس تم انہیں ضائع مت کرو اور اس نے کچھ حدود مقرر کی ہیں پس ان سے آگے نہ بڑھو اور کچھ چیزوں کو (تم پر) حرام قرار دیا ہے پس تم ان کی حرمت کو نہ توڑو۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۷۹۶) | جلد۱ | صفحہ۴۱۷ |
| قال الہیثمی: | رجالہ رجال الصحیح | | |
| سنن الدار قطنی | رقم الحدیث (۴۳۵۰) | جلد۴ | صفحہ۱۰۹ |
| قال مجدی بن منصور: | اسنادہ حسن | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۵۸۹) | جلد۲۲ | صفحہ۲۲۱ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۹۷۲۵) | جلد۱۰ | صفحہ۲۱ |

Marfat.com

اور کچھ چیزوں کے بارے میں سکوت فرمایا ہے تم پر رحمت کرتے ہوئے نہ کہ بھول کر تم ان کومت کریدو۔

-☆-

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ الْعَبَّاسِ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ اِذَا عَمِلْتُهٗ اَحَبَّنِیَ اللّٰهُ وَاَحَبَّنِیَ النَّاسُ فَقَالَ ازْهَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبَّکَ اللّٰهُ وَازْهَدْ فِیْمَا عِنْدَ النَّاسِ یُحِبَّکَ النَّاسُ حَدِیْثٌ حَسَنٌ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَغَیْرُهٗ بِاَسَانِیْدَ حَسَنَةٍ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوالعباس سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۵۹۷۲) | جلد ۶ | صفحہ ۱۹۳ |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد ۷ | صفحہ ۱۳۶ |
| حلیۃ الاوالیاء | | جلد ۳ | صفحہ ۲۵۳-۲۵۲ |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ / رقم الحدیث (۹۴۴) | | جلد ۲ | صفحہ ۶۲۴ |
| قال الالبانی: | صحیح الاسناد | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۳۲۶) | جلد ۳ | صفحہ ۳۴۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شعب الایمان للبیہقی | رقم الحدیث (۱۰۵۲۳) | جلد ۷ | صفحہ ۳۴۴ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۹۴۳) | جلد ۵ | صفحہ ۴۴۵ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا اس نے عرض کی یارسول اللہ! میری راہنمائی ایسے عمل کی طرف کیجئے کہ جب میں اس پر عمل کروں تو اللہ تعالیٰ مجھ سے محبت کرے اور لوگ (بھی) مجھ سے محبت کریں۔

پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو دنیا میں زھد اختیار کر (یعنی دنیا میں بے رغبت ہو جا) اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرے گا۔

اور بے رغبت ہو جا اس (مال و مرتبہ) میں جو لوگوں کے پاس ہے تو لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔

-☆-

حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار اقدس میں مختلف قسم کے لوگ آتے اور اپنے اپنے ذوق کے مطابق مسائل پوچھتے زیرِ نظر حدیث پاک میں ایک آدمی آیا اس کی یہ خواہش تھی کہ مجھ سے اللہ تعالیٰ بھی محبت کرے اور مخلوق خدا بھی محبت کرے اس چیز کے حصول کیلئے وہ بارگاہ خیر الوریٰ میں عرض کناں ہوا۔

حضور سید العرب والعجم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

**اِزْهَدْ فِی الدُّنْیَا یُحِبُّکَ اللّٰهُ وَازْهَدْ عِنْدَ النَّاسِ یُحِبُّکَ النَّاسُ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۸۷۳) | جلد ۸ | صفحہ ۲۸۰۶ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | خالد بن عمرو القرشی وضاع | | |
| فیض القدیر | رقم الحدیث (۹۶۰) | جلد ۱ | صفحہ ۴۸۱ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

دنیا میں زھد اختیار کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے زھد اختیار کرو تو لوگ تم سے محبت کریں گے۔

-☆-

زَهَدَفِيْهِ وَعَنْهَ-زُهْداً: اَعْرَضَ عَنْهُ وَتَرَكَهُ لاحتِقَارِهِ- زَهَدَفِي الدُّنْيَا تَرَكَ حَلالَهَا مَخَافَةَ حِسَابِهِ تَرَكَ حَرَامَهَا فَخَافَهُ عذابَهُ. - تقديم على الزهد لابن الوكيع۔(۱)

| | | | |
|---|---|---|---|
| سلسلة الاحاديث الصحيحه / رقم الحديث (۹۴۴) | | جلد۲ | صفحہ۶۶۱ |
| اتحاف السادة المتقين | | جلد۸ | صفحہ۳۰۹ |
| اتحاف السادة المتقين | | جلد۹ | صفحہ۳۲۶ |
| التمهيد (عبدالبر) | | جلد۹ | صفحہ۲۰۱ |
| مشكاة المصابيح | رقم الحديث (۵۱۸۷) | جلد۳ | صفحہ۱۴۳۳ |
| مصابيح السنه | رقم الحديث (۴۰۲۹) | جلد۳ | صفحہ۴۲۴ |
| المعجم الكبير للطبرانى | رقم الحديث (۵۹۷۲) | جلد۶ | صفحہ۱۹۳ |
| مسند الشهاب | رقم الحديث (۶۴۳) | جلد۱ | صفحہ۳۷۳ |
| جامع العلوم والحكم | | جلد۲ | صفحہ۱۷۴ |

(۱) صفحہ۱۲۳ جلد۱

Marfat.com

زَهَدَ فِيهِ وَعَنهُ زُهداً کا معنی ہے کسی چیز سے اعراض کرنا اور اسکو حقیر سمجھ کر اس کوترک کرنا زھد فی الدنیا اسکے لیئے بولا جاتا ہے جو دنیا کے حلال کوترک کرے اس کے حساب سے ڈرتے ہوئے اور اسکے حرام کوترک کردے اس کے عذاب سے ڈرتے ہوئے۔

جو کچھ دنیا میں اس سے بے رغبتی اختیار کرو اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت فرمائے گا اور جو کچھ لوگوں کے پاس ہے اس سے بے رغبتی اختیار کرو لوگ تجھ سے محبت کریں گے۔

متاع دنیا دنیا کا ساز وسامان اس قابل نہیں کہ ایک بندہ مومن اس سے رغبت کرے بندہ مومن باقی کا طلبگار رہا کرتا ہے متاع دنیا تو فانی ہے وہ فانی پر فریفتہ نہیں ہوتا اور نہ اس کے حصول میں اپنی قیمتی عمر ضائع کرتا ہے۔

**اَلدُّنیَا مَلعُونَۃٌ وَمَلعُونٌ مَافِیهَا اِلَّا ذِکرَ اللّٰہِ وَمَا وَالاہُ اَوعَالِماً اَو مُتَعَلِّماً.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۴۱۱۲) | جلد۴ | صفحہ۴۶۹ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۴۱۱۲) | جلد۵ | صفحہ۵۵۸ |
| قال المحقق: | اسنادہ حسن | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۱۸۷) | جلد۳ | صفحہ۵۴۸ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۲۹) | جلد۴ | صفحہ۱۴۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۲۲) | جلد۲ | صفحہ۵۳۳ |
| قال الالبانی: | حسن | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۳۵۷۲) | جلد۱۰ | صفحہ۱۳۷ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

دنیا ملعون ہے اور جو کچھ اس میں ہے وہ بھی ملعون ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے وماوالاہ یاعالم اوومتعلم.

اس سے بڑھ کر دنیا کی مذمت کیا ہوگی کہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا کوملعون قرار دے رہے ہیں جس چیز پر لعنت برس رہی ہوایک مومن صادق الایمان اس کا خواہشمند اوراس کے محبت کرنے والا کیسے ہوسکتا ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مذمت دنیا کو یوں بھی واضح فرمایا:

عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ–رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ–عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ–قَالَ:مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَمْرَه وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَاْتِهٖ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ اَمْرَهُ وَجَعَلَ غِنَاهُ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ".

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ(۱) | رقم الحدیث(۴۱۰۵) | جلد۵ | صفحہ۴۶۵ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح، اسنادہ صحیح رجالہ ثقات | | |
| سنن ابن ماجہ(۲) | رقم الحدیث(۴۱۰۵) | جلد۵ | صفحہ۵۵۴ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۴۱۸۰) | جلد۳ | صفحہ۳۴۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث(۹۵۰) | | جلد۲ | صفحہ۶۷۱ |
| قال الالبانی: | وھذا اسناد صحیح رجالہ ثقات کما قال فی (الزوائد) | | |

Marfat.com

**ترجمة الحديث:**

حضرت زید بن ثابت -رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

تمام امور میں جس کی نیت حصول دنیا ہوگی اللہ اس کے اموراس پر منتشر کردے گا اور اسکے فقر کواس کی آنکھوں کے سامنے کردے گا اور اسے اتنی ہی دنیا ملے گی جواس کیلئے لکھ دی گئی ہے اور

جس (خوش نصیب) کے تمام امور میں آخرت نیت ہوگی اللہ اسکے تمام اموراس پر جمع کردے گا اور اسکی غنا کو اسکی آنکھوں کے سامنے کردے گا اور دنیا اسکے پاس آئے گی اس حال میں کہ وہ اس کی مطیع وفرمانبردار ہوگی۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۴۷۳) | جلد ۴ | صفحہ ۲۱۱ |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۴۶۵) | جلد ۲ | صفحہ ۵۹۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۴۸۹۱) | جلد ۵ | صفحہ ۱۴۳ |
| موارد الظمآن للہیثمی | رقم الحدیث (۷۲) | | صفحہ ۴۷ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۳۶۹۵) | جلد ۳ | صفحہ ۲۰۶ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۸۰) | جلد ۲ | صفحہ ۴۵۴ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

ایک مومن صادق الایمان کوفکر ہے تو فکرآخرت ہے وہ دنیانہیں سنوارتا بلکہ اس دنیا میں رہ کروہ آخرت سنوارتا ہے وہ متاع دنیا کی طرف توجہ نہیں کرتا کیونکہ اسے معلوم ہے کہ دنیا کے سازوسامان سے بے رغبتی اللہ تعالیٰ کی محبت کو جیت لیتی ہے اور خالق و مالک ایسے آدمی سے محبت کرتا ہے جودنیا میں رہتے ہوئے دنیا سے محبت نہیں کرتا وہ دنیا کو جمع نہیں کرتا بلکہ وہ اسے بے دریغ راہ حق میں لٹادیتا ہے۔

صحیح مسلم کے یہ الفاظ ہرمومن کے دل میں اترے ہوئے ہیں۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۹۵۶) | جلد۵ | صفحہ۴۷۱ |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۴۱۱۳) | جلد۴ | صفحہ۴۷۰ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۴۱۱۳) | جلد۵ | صفحہ۵۵۹ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۱۸۸) | جلد۳ | صفحہ۳۴۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| جامع العلوم والحکم | | جلد۲ | صفحہ۱۹۰ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۲۷۲) | جلد۸ | صفحہ۲۶۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۹۰۳۲) | جلد۹ | صفحہ۹۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۲۳۸) | جلد۹ | صفحہ۴۳۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

**ترجمۃ الحدیث:**

دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔

-☆-

دنیا مومن کا سجن وقید خانہ ہے۔قید خانہ سے کوئی بھی دل نہیں لگایا کرتا جو آدمی جیل میں

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۳۳۱) | جلد۴ | صفحہ۱۴۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۳۵۲۴) | جلد۲ | صفحہ۵۳۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث(۶۴۶۵) | جلد۱۱ | صفحہ۳۵۱ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۶۸۷) | جلد۲ | صفحہ۴۶۲ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۶ | صفحہ۳۵۰ |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث(۴۱۰۵) | جلد۱۴ | صفحہ۲۹۶ |
| ھذا حدیث صحیح اخرجہ مسلم | | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث(۶۵۴۵) | جلد۶ | صفحہ۲۳۲۷ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث غریب صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | الوراق شرکۃ الدارقطنی | | |
| المعجم الکبیر | رقم الحدیث(۶۱۸۳) | جلد۶ | صفحہ۲۶۹ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث(۱۸۰۸۱) | جلد۱۰ | صفحہ۵۱۶ |
| قال الہیثمی: | رواہ الطبرانی، وفیہ | | |

marfat.com
Marfat.com

دل لگالے اور وہاں سے رہائی کے بارے نہ سوچے تو سمجھیئے اس سے عقل رخصت ہو چکی ہے۔ یہ دنیا اھل ایمان کے لیے قید خانہ ہے یہاں کی اشیاء میں اگر چمک دمک ہے تو وہ سراسر فریب ہے جو اس فریب میں مبتلا ہوگا وہ اپنا بہت بڑا نقصان کر گیا۔

اللہ تعالیٰ خود ایسے اسباب پیدا فرماتا ہے جس سے ایک مومن صادق الایمان دنیا سے بے رغبت ہو جاتا ہے وہ فانی کو باقی پر ترجیح نہیں دیتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا و محبت کو حاصل کیا کرتا ہے۔

ارشاد گرامی ملاحظہ ہو:

**اِنَّ اللّٰہَ لَیَحْمِی عَبْدَہُ الدُّنْیَا وَھُوَ یُحِبُّہُ کَمَا تَحْمُوْنَ مَرْضَاکُمُ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ تَخَافُوْنَ عَلَیْہِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۴۰۶۵) | جلد ۱۴ | صفحہ ۲۶۶ |
| قال المحقق: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۵۱۳) | جلد ۱۷ | صفحہ ۵۷ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۵۱۸) | جلد ۱۷ | صفحہ ۵۸ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد ۸ | صفحہ ۴۳۷ |
| المستدرک للحاکم (الفاظ مختلف) / رقم الحدیث (۷۸۵۷) | | جلد ۸ | صفحہ ۲۸۰۱ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | علی شرط البخاری ومسلم | | |
| موارد الظمان (الفاظ مختلف) / رقم الحدیث (۲۴۷۴) | | | صفحہ ۶۱۲ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

بیشک اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کو دنیا سے بچاتا ہے حالانکہ وہ اس سے محبت کرتا ہے جیسے تم اپنے مریض کو کھانے اور پینے سے بچاتے ہو تم اس پر ڈرتے ہو کہ کہیں مرض بڑھ نہ جائے۔

-☆-

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندے کو دنیا سے بچاتا ہے اور اس کیلئے ایسے اسباب پیدا فرما دیتا ہے ہے جس سے بندہ دنیا اور تمام دنیا سے بے رغبت ہو جاتا ہے اس سے بے رغبتی میں بندہ کا

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۰۴۴) | جلد ۴ | صفحہ ۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۰۳۶) | جلد ۲ | صفحہ ۳۹۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۲۵۰) | جلد ۳ | صفحہ ۱۴۴۵ |
| مصابیح السنہ | رقم الحدیث (۴۰۶۰) | جلد ۳ | صفحہ ۴۳۵ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۴۶۴۸) | جلد ۴ | صفحہ ۳۳ |
| قال المحقق: | حسن | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/ | رقم الحدیث (۳۱۷۹) | جلد ۳ | صفحہ ۲۳۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۶۹) | جلد ۲ | صفحہ ۴۴۳ |
| اسنادہ صحیح علی شرط مسلم | | | |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۸۰۵۳) | جلد ۱۰ | صفحہ ۵۰۸ |
| قال الھیثمی: | رواہ الطبرانی واسنادہ حسن | | |

marfat.com
Marfat.com

فائدہ ہے اور اس کیلئے بھلائی ہے۔

حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان اقدس خود ایسی کہ سب کچھ ہونے کے باوجود متاع دنیا سے بے رغبت رہے آپ کے پاس ظاہری مال و دولت کی ریل پیل نہیں بلکہ حالانکہ خود ارشاد فرمایا:

**يَاعَائِشَةُ لَوْشِئْتُ لَسَارَتْ مَعِيَ جِبَالُ الذَّهَبِ.**

اے عائشہ! اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں۔

لیکن فوراً ہی ارشاد فرمایا:

**مَالِيْ وَلِلدُّنْيَا، اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ الدُّنْيَا كَرَاكِبٍ قَالَ فِي ظِلِّ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۸۵۸) | جلد۸ | صفحہ۲۸۰۲ |
| قال الحاکم: | هذا حدیث صحیح علی شرط البخاری، ولم یخرجاه | | |
| وقال الذهبی: | علی شرط البخاری ومسلم | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۸۵۹) | جلد۸ | صفحہ۲۸۰۲ |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۴۳۸) | | جلد۱ | صفحہ۷۲۳ |
| قال الالبانی: | حدیث حسن صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۳۷۰۹) | جلد۳ | صفحہ۵۵۶ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث (۲۷۷) | | صفحہ۳۶ |
| حلیة الاولیاء | | جلد۲ | صفحہ۱۰۲ |
| حلیة الاولیاء | | جلد۲ | صفحہ۲۳۴ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

میرا دنیا سے کیا سروکار میری اور دنیا کی مثال تو ایسے ہے جیسے کسی سوار نے کسی درخت کے نیچے دو پہر کو آرام کیا پھر چلا گیا اور اس درخت کے سایہ کو چھوڑ آیا۔

-☆-

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۸۴) | جلد۴ | صفحہ۱۶۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۷۷) | جلد۲ | صفحہ۵۵۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِی سَعِیْدٍ سَعْدِ بْنِ مَالِکِ بْنِ سَنَانِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ حَدِیْثٌ حَسَنٌ رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارَقُطْنِیُّ وَغَیْرُھُمَا مُسْنَدًا وَرَوَاہُ مَالِکٌ فِی الْمُوَطَّا مُرْسَلًا عَنْ عَمْرِو بْنِ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَاَسْقَطَ اَبَا سَعِیْدٍ وَلَہٗ طُرُقٌ یُقَوِّی بَعْضُھَا بِبَعْضٍ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الدارقطنی | رقم الحدیث(۳۰۶۰) | جلد۳ | صفحہ۶۴ |
| قال مجدی بن منصور: | اسنادہ حسن | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث(۲۳۹۲) | جلد۲ | صفحہ۳۶۹ |
| قال الحاکم: | حدیث صحیح الاسناد علی شرط مسلم ولم یخرجاہ | | |
| سنن الکبری للبیہقی | رقم الحدیث(۲۰۴۴۴) | جلد۱۰ | صفحہ۲۲۵ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث(۶۵۳۷) | جلد۴ | صفحہ۱۹۹ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث(۶۰۱۶) | جلد۵ | صفحہ۱۱۹ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث(۴۹۲۹) | جلد۶ | صفحہ۶۴۴ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۲۳۴۱) | جلد۳ | صفحہ۱۱۷ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح بما قبلہ | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۱۹۱۰) | جلد۲ | صفحہ۲۵۸ |
| قال الالبانی: | صحیح بما قبلہ | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوسعید سعد بن مالک بن سنان الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہ (پہل کر کے) ضرر دینا (روا) ہے اور نہ (جواباً) ضرر دینا (جائز) ہے۔

-☆-

اسلام دین رحمت ہے اسکا دامن رحمتوں سے لبریز ہے ایسا کیوں نہ ہو جبکہ بانی اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سرانور پر رحمۃ للعالمین کا تاج سجا ہوا ہے۔ حضور سراپا رحمت وشفقت ہیں آپ کے دین میں ہر جگہ اور ہر مقام پر شفقت ورأفت نظر آتی ہے۔

زیرنظر حدیث پاک میں فرمایا اسلام میں ضرر وتکلیف کی گنجائش نہیں کوئی کسی کو تکلیف نہ پہنچائے بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ امن وسکون سے رہیں اس دین کا طرۂ امتیاز ہے کہ اس کے رنگ ونسل کے امتیاز کو مٹا دیا اور تمام ماننے والوں کو بھائی چارہ کی لڑی میں پرو دیا سب کو آپس میں بھائی بھائی بنا دیا۔ یہ دین اسلام بھائیوں کا دین ہے اس میں کسی کو گزند پہنچانا تکلیف دینا روا نہیں بلکہ یہ دین اس درجہ اخوت کا دین ہے کہ اس نے تمام مسلمین کو جسد واحد قرار دیا ہے۔

**مَثَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ جَسَدٍ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوٌ اِشْتَكٰى سَائِرُ جَسَدِهٖ بِالْحُمّٰى وَالسَّهَرِ.**

مسلمانوں کے آپس میں مروت ومحبت کی مثال ایسے ہے جیسے یہ ایک جسم ہو اگر جسم کے کسی حصہ میں تکلیف ہو تو باقی جسم بے خوابی اور بخار میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

جسم میں کہیں درد کسی جگہ تکلیف ہو سارا جسم بے آرام ہو جاتا ہے اسی طرح مسلمان کہیں بھی بستے ہوں ان کا مسکن کہیں بھی ہو اگر انہیں کوئی تکلیف آتی ہے تو سب مسلمان بے قرار و بے چین ہو جاتے ہیں یہ انکی باہمی محبت و الفت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اھل اسلام کو عطا فرمائی ہے۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ یُعْطَی النَّاسُ بِدَعْوَاھُمْ لَادَّعٰی رِجَالٌ" اَمْوَالَ قَوْمٍ وَدِمَاءَ ھُمْ لٰکِنَّ الْبَیِّنَۃَ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْیَمِیْنَ عَلٰی مَنْ اَنْکَرَ حَدِیْثٌ" حَسَنٌ" رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ وَغَیْرُہٗ ھٰکَذَا وَبَعْضُہٗ فِی الصَّحِیْحَیْنِ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۰۸۳) | جلد ۱۱ | صفحہ ۴۷۷ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۳۱۸۸) | جلد ۳ | صفحہ ۳۷۱ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۷۱۱) | جلد ۳ | صفحہ ۵۴۷ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۳۶۱۹) | جلد ۳ | صفحہ ۳۰۵ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۳۶۱۹) | جلد ۲ | صفحہ ۴۰۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۲۵۹۵) | جلد ۴ | صفحہ ۴۶۴ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۱۱۲۲۳) | جلد ۱۱ | صفحہ ۱۱۶ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۲۱۱۹۷) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۲۶ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۷۶۸۰) | جلد ۱۰ | صفحہ ۱۸۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر لوگوں کو (محض) دعویٰ پر (جو وہ چاہیں) دیا جائے تو کچھ اشخاص لوگوں کے اموال اور ان کے خون کا دعویٰ کریں لیکن گواہی مدعی پر لازم ہے اور قسم اس پر جو انکار کرے۔

-☆-

Marfat.com

**عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ رَأٰی مِنْکُمْ مُنْکَراً فَلْیُغَیِّرْهُ بِیَدِهٖ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذَالِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ''۔**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۱۲۷۵) | جلد۲ | صفحہ۱۱۸ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث(۱۰۶۰) | جلد۱ | صفحہ۳۸۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۴۹) | جلد۱ | صفحہ۱۰۰ |
| سنن النسائی | رقم الحدیث(۵۰۱۹) | جلد۸ | صفحہ۱۱۶ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث(۵۰۲۴) | جلد۳ | صفحہ۳۴۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث(۱۱۴۰) | جلد۱ | صفحہ۴۲۴ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث(۱۱۴۰) | جلد۱ | صفحہ۳۱۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد۷ | صفحہ۲۵۸-۲۵۹ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث(۱۴۵۴۸) | جلد۷ | صفحہ۴۳۳ |
| قال البیہقی: | اخرجہ مسلم فی الصحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا آپ فرمار ہے تھے:

تم میں سے جو بھی کوئی برائی دیکھے اسے اپنے ہاتھ سے زائل کر دے پس اگر وہ اس کی طاقت نہیں رکھتا تو اپنی زبان سے زائل کر دے اور اگر وہ اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا تو وہ اپنے دل سے زائل کر دے اور یہ کمزور ترین ایمان ہے۔

-☆-

یہ امت خیر الامم ہے یہ امت نیکیوں سے محبت کرتی ہے اعمال صالحہ کیلئے کوشاں رہتی ہے اسے ہر اس کام سے رغبت ہے جس کے کرنے کا اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم ارشاد فرمایا ہے۔ یہ امت برائی سے نفرت کرتی ہے یہ ہر اس کام کو ناپسند کرتی ہے جو معصیت کے داغ سے داغدار ہے اور اس امر سے کراہت محسوس کرتی ہے جس کے کرنے سے اللہ تعالیٰ اور حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۴۰۸۵) | جلد ۳ | صفحہ ۳۶۸ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۳۹۷) | جلد ۳ | صفحہ ۱۷۶ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۱۳۹۸) | جلد ۱۰ | صفحہ ۱۵۴ |

قال حمزہ احمد الزین: اسنادہ صحیح

Marfat.com

بات یہیں تک نہیں بلکہ یہ امت نیکی کی اشاعت وترویج میں کوشاں رہتی ہے اور برائی کو پھلنے پھولنے سے روکتی ہے اس امت کے صلحاء امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے وصف سے متصف ہوتے ہیں۔

زیرِنظر حدیث پاک میں برائی کو روکنے کے بارے میں حکم ارشاد فرمایا ہے: بندہ مومن جب برائی دیکھتا ہے تو اس کو روکنے کی سعی بھی کرتا ہے اگر اس کے بازو میں قوت وطاقت ہے تو وہ برائی کو قوت بازو سے روکتا ہے اور اگر اس کے پاس زبان کی قوت ہے اس کے کلام میں اثر ہے تو وہ برائی کو زبان سے روکنے کی کوشش کرتا ہے اور اگر اس کے پاس دل کی قوت ہے تو وہ برائی کو دل سے روکنے کی سعی کرتا ہے۔

افضل واعلیٰ وصف بدی کو بزور بازو روکنا ہے۔ پھر بدی کو زبان سے روکنا ہے اور سب سے کم درجہ دل سے برائی کو ختم کرنا ہے اور دل سے بدی کو ختم کرنا اضعف الایمان ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لاَ تَحَاسَدُوْا وَلاَ تَنَاجَشُوْا وَلاَ تَبَاغَضُوْا وَلاَ تَدَابَرُوْا وَلاَ يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ وَكُوْنُوْا عِبَادَاللّٰهِ اِخْوَاناً اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لاَ يَظْلِمُهٗ وَلاَ يَخْذُلُهٗ وَلاَ يَكْذِبُهٗ وَلاَ يَحْقِرُهٗ اَلتَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلاَثَ مَرَّاةٍ بِحَسْبِ امْرِىءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يَحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَام'' دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ رَوَاهُ مُسْلِم''.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۷۱۳) | جلد ۷ | صفحہ ۴۴۳ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۴۹۴۱) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۵۶ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۴۷۳۱) | جلد ۶ | صفحہ ۵۲۳ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۵۶۳) | جلد ۵ | صفحہ ۱۴۵ |
| الموطا امام مالک | رقم الحدیث (۱۵) | جلد ۲ | صفحہ ۶۹۲ |
| سنن الکبری للبیہقی | رقم الحدیث (۱۱۴۹۶) | جلد ۶ | صفحہ ۱۵۳ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحدیث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشادفرمایا: ایک دوسرے سے حسد نہ کرواور محض قیمت بڑھانے کیلئے بولی نہ دو، ایک دوسرے سے بغض نہ کرو، ایک دوسرے سے منہ نہ موڑواور تم میں سے کوئی کسی کے سودے پر سودانہ کرے اوراے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یارومددگار چھوڑتا ہے اور نہ اس سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اسے حقیر جانتا ہے۔اور سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشادفرمایا: تقویٰ یہاں ہے۔

انسان کے براہونے کیلئے یہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کوحقیر جانے۔

مسلمان کا سب کچھ (دوسرے) مسلمان پرحرام ہے اس کا خون بہاناحرام ہےاوراس کا مال چھینناحرام ہےاوراس کی عزت وآبرو سے کھیلناحرام ہے۔

حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس درجہ شفیق ورحیم ہیں آپ کے سرانور پر رحمۃ للعالمین کا تاج ضیابار ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دامن کرم ہرایک کیلئے کشادہ ہےاورآپ ہرایک کواپنی عنایات کریمانہ سے سرفراز فرماتے ہیں۔

زیرنظر حدیث پاک میں غور کیجئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کوکتنی پیاری پیاری نصیحتیں فرمارہے ہیں جن کودیکھ کرقربان ہونے کوجی چاہتا ہے۔

اے آسمان! سنا ہے تیری عمر بڑی لمبی ہے ذرا یہ تو بتا کیا تو نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر بھی کسی رحیم وشفیق کودیکھا؟

marfat.com
Marfat.com

اے روزانہ طلوع ہونے والے سورج! تو روئے زمین کے ہر گوشے کو منور کرتا ہے کیا تو نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر امت کا خیر خواہ دیکھا جو اتنی پیاری نصیحتیں فرماتا ہو جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں یہ شفیق ورحیم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس محبت بھرے انداز میں تعلیم دیتے ہیں سبحان اللہ!

## لاتحاسدوا:

اے میری امت! ایک دوسرے سے حسد نہ کرو اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنی عنایات کریمانہ سے سرفراز فرماتا ہے یہ اس کی عطا وبخشش ہے اس میں کسی کے ذاتی کمال کو کوئی دخل نہیں جب وہ کسی کو کوئی انعام دے تو اسے دیکھ کر خواہ مخواہ نہ جلا کرو یہ اندر ہی اندر سے کڑھنا انسانیت کے حسن کو داغدار کر دیتا ہے۔

حسد وہ آگ ہے انسان اسے خود جلاتا ہے اور خود ہی اس میں جلتا ہے۔

حضور سیدی وابی زید مجدہ نے ایک دن فرمایا:

حسد محسود کی دنیا برباد کر دیتا ہے اور حاسد کی آخرت تباہ کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا کیا حکیمانہ انداز تعلیم ہے

**قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ.**

اے حبیب! عرض کیجئے میں رب الفلق کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا فرمایا خصوصاً رات کی ظلمت کے شر سے جب وہ چھا جائے اور گرہوں میں پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے اور میں پناہ وحفاظت میں آتا ہوں حاسد کے شر سے جو وہ

Marfat.com

حسد کرے۔

حاسد کا شر وہ ہے جس سے پناہ مانگنے کا حکم دیا گیا ہے۔ مومن جو کہ احکام الہیہ کا پابند ہوتا ہے اس لیئے اس کا سینہ بے کینہ ہوتا ہے حسد جیسی کریہہ بیماریوں سے وہ محفوظ ہوتا ہے۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خصوصی طور پر امت کو یاددھانی کرائی کہ کبھی بھی حسد جیسی بیماری میں مبتلا نہ ہو جانا۔

**عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبَاغَضُوْا ، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَاناً.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۵۵۹) | جلد۱۰ | صفحہ۲۶۴ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۹۱۰) | جلد۴ | صفحہ۳۰۱ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۹۱۰) | جلد۳ | صفحہ۲۰۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۷۱۸) | جلد۵ | صفحہ۲۲۵۳ |
| صحیح البخاری (عن ابی ھریرہ) / رقم الحدیث (۵۷۱۹) | | جلد۵ | صفحہ۲۲۵۳ |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۲۱۰۶۱) | جلد۱۰ | صفحہ۳۹۲ |
| قال الھیثمی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۳۹۸) | | صفحہ۱۴۴ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۳۹۸) | | |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الادب المفرد (عن ابی ھریرہ) / رقم الحدیث (۴۰۸) | | | صفحہ۱۴۷ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۴۰۸) | | |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک دوسرے سے بغض نہ کرو اور نہ ایک دوسرے سے حسد کرو اور نہ ایک دوسرے پیٹھ پھیر جاؤ اور اے اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

-☆-

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۳۵۲۲) | جلد ۱۳ | صفحہ ۱۰۰ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث متفق علی صحتہ | | |
| المسند الحمیدی | رقم الحدیث (۱۱۸۳) | جلد ۲ | صفحہ ۵۰۰ |
| التمھید | | جلد ۶ | صفحہ ۱۱۵ |
| التمھید | | جلد ۶ | صفحہ ۱۱۶ |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۶۰۶۵) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۸۱ |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۶۰۷۶) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۹۲ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷) | جلد ۱ | صفحہ ۱۷۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۳۸۷۰) | جلد ۱۱ | صفحہ ۳۱۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۰۱۷۰) | جلد ۹ | صفحہ ۴۲۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

Marfat.com

## لاتناجشوا:

نجش کہتے ہیں خریدار کو دھوکہ دینے کیلئے مال کی تعریف کرنا۔ خریدار کو دھوکہ دینے کیلئے کسی کے مال کی مذمت کرنا خریدار کو دھوکہ دینے کیلئے مال کی قیمت بڑھانا۔

اب مفہوم واضح ہوا کہ اے میرے امتیو! خریدار کو دھوکہ دینے کیلئے ایک دوسرے کے مال کی نہ تعریف کرو اور نہ مذمت اور نہ ہی خریدار کو دھوکہ دینے کیلئے قیمت بڑھاؤ۔

رزق اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں ہے وہ جسے چاہتا ہے جتنا چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔ کسی کو کم دیتا ہے تو کسی کو زیادہ اور اللہ کے فیصلہ کو کوئی تبدیل نہیں کر سکتا۔

خریدار مال خریدنے کیلئے آیا دوکاندار مال بیچنا چاہتا ہے لیکن اس دوکاندار نے ایک ایسا آدمی مقرر کیا ہوا ہے جو اس کے مال کی زیادہ قیمت بتاتا ہے یعنی وہ کہتا ہے کہ مال مجھے اتنے کا دے دو حالانکہ اس کے لینے کی نیت نہیں صرف خریدار کو دھوکہ دینا ہے کہ وہ یہ سمجھے واقعی یہ مال مہنگا ہے۔ شریعت اسلامیہ دھوکہ دہی کے تمام ذرائع بند کر دینا چاہتی ہے اس لیئے اس نے ایسی خرید و فروخت بھی ممنوع قرار دے دی ہے اور اب کرنے والا گنہگار قرار دیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللّٰهُ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ تَعَالٰى فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَاكَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِيْهِ وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقاً يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْماً سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِيْقاً اِلَى الْجَنَّةِ وَمَااجْتَمَعَ قَوْمٌ فِیْ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهٗ بَيْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلاَئِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْمَنْ عِنْدَهٗ وَمَنْ بَطَّأَبِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ".

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الاوسط | رقم الحدیث (۱۳۳۲) | جلد۱ | صفحہ۳۶۵ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۴۷۹۳) | جلد۶ | صفحہ۵۶۲ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۶۹۹) | جلد۵ | صفحہ۲۴۶ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۰۵) | جلد۱ | صفحہ۱۱۹ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۹۴۶) | جلد۴ | صفحہ۳۱۲ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۴۹۴۶) | جلد۳ | صفحہ۲۱۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے ایمان والے سے دنیا کی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت دور کی تو اللہ تعالیٰ (اس کے بدلے) قیامت کی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت دور کردے گا اور جس نے کسی تنگدست پر آسانی کی تو اللہ تعالیٰ (اس کے بدلے) دنیا اور آخرت میں اس پر آسانیاں کرے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۳۰) | جلد۲ | صفحہ۳۵۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۳۷) | جلد۲ | صفحہ۳۷۳ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۲۵) | جلد۱ | صفحہ۱۳۷ |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۸۵) | جلد۱ | صفحہ۹۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شرح السنۃ للبغوی | رقم الحدیث (۳۵۴۹) | جلد۱۳ | صفحہ۱۳۰ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۷۴۲۱) | جلد۷ | صفحہ۲۲۹ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۲۵۱۰) | جلد۹ | صفحہ۳۷۸ |

marfat.com
Marfat.com

اور جس نے کسی مسلمان کے عیبوں پر پردہ ڈالا اللہ تعالیٰ (اس کے بدلے) دنیا وآخرت میں اس کے عیبوں پر پردہ ڈالے گا۔

اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد واعانت میں لگا رہتا ہے۔

جس نے علم کی تلاش میں سفر شروع کیا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کا راستہ آسان کر دے گا۔

جب بھی لوگ اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر میں اکٹھے ہو کر کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کو درس دیتے ہیں تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے اور انہیں رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر ان (نفوس قدسیہ میں کرتا ہے) جو اس کی بارگاہ میں ہیں۔

جس کا عمل اسے بلند مرتبہ میں پہنچانے میں دیر لگائے اس کا نسب اسے جلدی نہیں پہنچائے گا۔

-☆-

حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث پاک میں چند نیکیوں کا ذکر فرمایا اور ان پر مرتب ہونے والے اجر و ثواب کا ذکر بھی فرمایا۔ جب عطا فرمانے والا اللہ الکریم ہو اور وہ عطا اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو فرما رہا ہو تو پھر عطا و کرم کا جوبن نرالا ہوتا ہے۔

مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ

Marfat.com

يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

جو کسی مومن سے دنیاوی پریشانیوں میں سے کسی پریشان کو دور کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے پریشانیوں میں سے ایک پریشانی دور فرمائے گا۔

اس دنیا میں انسان کو دکھ، تکالیف اور پریشانیاں لاحق ہوتی رہتی ہیں اگر کوئی بندہ مومن اپنے مومن بھائی کی کوئی پریشانی دور کرنے کی سعی کرتا ہے اس سے تکلیف کو رفع کرنے کی تگ ودو کرتا ہے اسے ان نازل ہونے والے مصائب میں سے کسی مصیبت سے چھٹکارا دلاتا ہے تو ایسا کرنے والا ایسے درد دل والا مسلم بھی اللہ کی رحمتوں سے محروم نہیں رہے گا بلکہ اللہ الکریم اس مومن کو قیامت کی پریشانیوں میں سے کسی پریشانی سے نجات دلائے گا۔ قیامت کے دکھوں میں سے کسی دکھ سے چھٹکارا دے گا۔

مَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَة.

جو کسی تنگ دست کی تنگی دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس تنگی دور کرنے والے پر دنیا وآخرت کی تنگی دور فرمائے گا۔

اگر آج کوئی مسلم بھائی اپنے اس بھائی کی یہ تنگی دور کر دیتا ہے تو وہ اللہ الکریم کی نظر کرم میں آجاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کی دنیا وآخرت کی مشکل دور کر دے گا۔

مَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَة.

جو کسی مسلم کی ستر پوشی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیا وآخرت میں ستر پوشی کرے گا۔

ایک مسلم بھائی کو اپنے بھائی کی کسی خامی کا پتہ چل جاتا ہے وہ اس کے کسی عیب پر مطلع ہو جاتا ہے تو وہ مسلم بھائی اس کے عیب پر اسکی خامی پر پردہ ڈال دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے بدلے

marfat.com
Marfat.com

اس ستر پوشی کرنے والے کی ستر پوشی کرے گا۔ اس کے عیبوں پر پردے ڈال دے گا اسے رسواہونے سے محفوظ فرمائے گا۔ اور یہ عیبوں پر پردے صرف اس دنیا ہی میں نہ ہونگے بلکہ دنیا وآخرت میں عیبوں پر کریم اللہ پردے ڈال دے گا۔

وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ.

اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا ہے جب تک بندہ اپنے مسلم بھائی کی مدد واعانت کرتا ہے۔

جو مسلم اپنے مسلم بھائی کی مدد کرتا ہے بوقت ضرورت اس کی مشکل کی کشود کی وشش کرتا ہے وہ یہ مت سمجھے کہ میری یہ تگ ودو ضائع گئی اور میری اس کوشش کا مجھے کوئی اجر وثمر نہیں ملے گا۔ اللہ الکریم کا وعدہ ہے کہ جب تک وہ مسلم بھائی کی مدد کرے گا اللہ تعالیٰ بھی اس کی مدد واعانت فرمائے گا۔

ایک اور حدیث پاک ملاحظہ فرمائیے

عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ : اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لایَظْلِمُهٗ وَلا یُسْلِمُهٗ وَمَنْ کَانَ فِیْ حَاجَةِ اَخِیْهِ کَانَ اللّٰهُ فِیْ حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ کُرْبَةً مِنْ کُرَبِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِماً سَتَرَهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۵۸۰) | جلد ۱۰ | صفحہ ۲۵۹ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۲۶) | جلد ۲ | صفحہ ۳۹۳ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح غریب | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلم مسلم کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے بے یار و مددگار چھوڑتا ہے جو اپنے مسلم بھائی کی حاجت برآری میں ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرماتا ہے جو کسی مسلم سے تنگی دور کرتا ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس سے قیامت کے دن کی تنگیوں میں سے کوئی تنگی دور کر دے گا اور جو کسی مسلم کے عیبوں پر پردہ ڈالتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیبوں پر پردہ ڈالے گا۔

ایک مسلم بھائی جب اپنے دوسرے مسلم بھائی کی مدد کرتا ہے تو لامحالہ یہ بات ہے کہ اس بھائی کے دل میں جذبہ رحم ہے اسکا دل رحم و کرم سے لبریز ہے ہاں جو اللہ کی مخلوق پر رحم فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر بھی رحم فرماتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۴۲۶) | جلد۲ | صفحہ۱۱۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۵۰۴) | | جلد۲ | صفحہ۳۱ |
| سنن ابی داود | رقم الحدیث (۴۸۹۳) | جلد۵ | صفحہ۱۲۹ |
| صحیح سنن ابی داود | رقم الحدیث (۴۸۹۳) | جلد۳ | صفحہ۱۹۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۱۳۱۳۷) | جلد۱۲ | صفحہ۲۸۷ |
| السنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۷۶۰۴) | جلد۸ | صفحہ۵۷۳ |
| قال البیہقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

اِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ.

## ترجمة الحديث:

بیشک اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں پر رحم کرتا ہے جو خود رحم کرنے والے ہوتے ہیں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۹۲۳) | جلد۴ | صفحہ۲۵۷۹ |
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۸۶۴) | جلد۴ | صفحہ۲۲ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۸۶۷) | جلد۲ | صفحہ۲۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مسند الامام احمد | | جلد۵ | صفحہ۲۰۴،۲۰۷ |
| فتح الباری | | جلد۱۱ | صفحہ۵۴۱ |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۱۵۸۸) | جلد۲ | صفحہ۲۷۵ |
| قال المحقق: | متفق علیہ | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۶۱۱) | جلد۲ | صفحہ۴۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۱۲۲۴) | جلد۱ | صفحہ۴۳۱ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۳۳۱) | جلد۵ | صفحہ۲۱۴۱ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۲۷۹) | جلد۶ | صفحہ۲۴۵۲ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۹۴۲) | جلد۶ | صفحہ۲۶۸۶ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۷۰۱۰) | جلد۶ | صفحہ۲۷۱۱ |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۱۲۹) | جلد۴ | صفحہ۱۰۸ |
| قال البیہقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۷۱۴۹) | جلد۴ | صفحہ۱۱۴ |
| قال البیہقی: | رواہ مسلم فی صحیح | | |

Marfat.com

جو بندہ مومن وصف رحمت سے آراستہ ہو اس پر رحیم وکریم اللہ بھی کرم کرتا ہے۔اے اهل اسلام آیئے ہم بھی اپنے دلوں میں وصف رحمت پیدا کرنے کی سعی کریں جس دل میں رحمت ہوگی تو اللہ الکریم بھی اس پر رحمت فرمائے گا۔اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتو بندہ اس دنیا کی زندگی میں امن وسکون سے سانس لیتا ہے اس کے لمحات بڑے اچھے گزرتے ہیں۔کریم اللہ کی رحمت ہوتو پھر اس پر توفیق عبادت کے دروازے کھل جاتے ہیں جس کے سبب وہ بندگی کا کیف لیا کرتا ہے اور دار آخرت میں اللہ الکریم کی ایک رحمت نجات ابدی عطا کردیتی ہے۔رحمٰن کی رحمت عذاب جہنم سے چھٹکارا دلا دیتی ہے اور عرصہ قیامت میں اس کی ہولناکیوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

**عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَرَاہُ قَدْرَفَعَهُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَیُّمَا مُؤْمِنٍ سَقٰی مُؤْمِناً عَلٰی ظَمَاٍ سَقَاہُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنَ الرَّحِیْقِ الْمَخْتُوْمِ وَاَیُّمَامُؤْمِنٍ عَلٰی جُوْعٍ اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَاَیُّمَامُؤْمِنٍ کَسَامُؤْمِناً ثَوْباً عَلٰی عُرْیٍ کَسَاہُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۱۰۴۳) | جلد ۱۰ | صفحہ ۴۷ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۶۸۲) | جلد ۱ | صفحہ ۵۲۶ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۴۵۷) | جلد ۴ | صفحہ ۲۰۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث غریب | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشادفرمایا جومومن کسی مومن بھائی کو پیاس کی حالت میں پانی پلائے گا تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن رحیق مختوم پلائے گا اور جس مومن بھائی نے اپنے کسی مومن بھائی کو حالت بھوک میں کھانا کھلایا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کے پھل کھلائے گا اور جس نے کسی مومن بھائی کو لباس نہ ہونے کی صورت میں لباس پہنا دیا تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کا سبز لباس پہنائے گا۔

-☆-

اسلام اپنے ماننے والوں کو درس رحمت دیتا ہے اسلام یہ کہتا ہے کہ مصیبت کے وقت کسی کے کام آؤ۔ جومومن کسی مومن کی مصیبت میں اس کے کام آتا ہے تو اللہ الکریم اسے اس کی اس نیکی سے بہتر جزا دیتا ہے۔

آج پیاسے بھائی کو پانی پلانے والا مایوس نہ ہو بلکہ اسے مبارک ہو کہ قیامت کے دن جب لوگوں کی پیاس سے زبانیں باہر ہونگی اس وقت رحیم وکریم اللہ رحیق مختوم (سربند شراب) پلائے گا۔ جس کا ذائقہ ابدالاباد تک رہے گا۔

جو کسی بھوکے بھائی کو کھانا کھلائے گا اللہ الکریم اسے جنت کے پھلوں سے شادکام فرمائے گا۔ دنیا کے پھل دنیا ہیں ان کی لذت فانی لیکن جنت کے پھل سبحان اللہ! اپنے ذائقہ اور مٹھاس میں اپنا ثانی نہیں رکھتے پھر یہ ضیافت اللہ الکریم کی جانب سے ہوگی تو اسکا کیف ہی نرالا ہوگا۔

بزرگان دین کے آستانوں پر آج بھی کھانا کھلایا جاتا ہے اور بلاتفریق کھلایا جاتا ہے

Marfat.com

جب اللہ الکریم قیامت کو ان آستانوں والوں کو جو اثمار جنت کھلائے گا تو اس کا کیف ہی نرالا ہوگا۔

آج کسی ایسے مومن کو جس کے پاس کپڑا نہیں اسے کپڑا پہنانے والا جب قیامت کے دن اللہ الکریم کے کرم سے مالا مال ہوگا وہ منظر بھی قابل دید ہوگا۔ یہ دنیا کے کپڑے پھٹ جانے والے انکے رنگ مانند پڑ جانے والے یہ خود بوسیدہ ہونے والے لیکن جنت کا لباس ان سب عیبوں سے پاک پھر لطف یہ کہ ایسے آدمی کو سبز لباس پہنایا جائے گا جس کی شان ہی نرالی ہوگی۔

آج مومن بھائی کی کسی مصیبت کو دور کر دیجئے انشاء اللہ قیامت کے دن خالق و مالک قیامت کی مصیبتیں دور فرمائے گا۔ قیامت کو کیا کوئی ایک مصیبت ہوگی؟ الامان الحفیظ۔

**عَنِ الْمِقْدَادِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: تَدْنُو الشَّمْسُ مِنَ الْعِبَادِ حَتّٰى يَكُوْنَ قَدْرَ مِيْلٍ اَوْمِيْلَيْنِ فَتَصْهَرُهُمُ الشَّمْسُ فَيَكُوْنُوْنَ فِی الْعَرَقِ كَقَدْرِ اَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَّاْخُذُهٗ اِلٰى عَقِبَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّاْخُذُهٗ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَّاْخُذُهٗ اِلٰى حَقْوَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يُّلْجِمُهُ الْجَاماً.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۸۶۴) | جلد ۵ | صفحہ ۳۸۸ |
| جمع الجوامع | رقم الحدیث (۱۰۲۷۰) | جلد ۴ | صفحہ ۶۷ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (۱۸۳۳۷) | جلد ۱۰ | صفحہ ۶۰۷ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۴۲۹۲) | جلد ۳ | صفحہ ۵۲۸ |
| شعب الایمان | رقم الحدیث (۲۵۸) | جلد ۱ | صفحہ ۲۴۳ |
| قال البیھقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۵۴۰) | جلد ۳ | صفحہ ۱۵۳۵ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت المقداد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن سورج بندوں کے قریب ہوگا، ایک میل یا دو میل کی تعداد۔ سورج ان کو اذیت دیگا۔ پس لوگ پسینوں میں ہونگے اپنے اپنے اعمال کے موافق پس ان میں کچھ اپنے ٹخنوں تک پسینوں میں ہونگے، کچھ اپنے گھٹنوں تک اور کچھ اپنے ازار باندھنے کی جگہ تک پسینوں میں ہونگے اور کچھ کو پسینہ منہ تک ہوگا۔

-☆-

کسی مسلم بھائی کی آج مصیبت دور کردیجئے اگر اس کے صلہ میں اللہ تعالیٰ صرف ایک مصیبت سے نجات دلادے تو کتنی بڑی رحمت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلم بھائیوں کو دنیا وآخرت کی ہر مصیبت سے نجات عطا فرمائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۵۲۵۶) | جلد۴ | صفحہ۲۹۱ |
| صحیح الترغیب والترھیب/رقم الحدیث (۵۳۸۷) | | جلد۳ | صفحہ۴۱۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۶۰۲) | جلد۲۰ | صفحہ۲۵۵ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۷۰۳) | جلد۱۷ | صفحہ۱۳۷ (اللفظ لہٗ) |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۳۷۰) | جلد۱۳ | صفحہ۳۷۲ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ تَاجِر" یُدَایِنُ النَّاسَ فَاِذَا رَأَی مُعْسِراً قَالَ لِفِتْیَانِهٖ : تَجَاوَزُوْا عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یَتَجَاوَزَ عَنَّا فَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۲۰۷۸) | جلد۲ | صفحہ۶۱۸ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۰۴۶) | جلد۱۱ | صفحہ۴۲۶ |
| قال المحقق: | إسناده صحیح علی شرط مسلم | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۵۰۴۲) | جلد۱۱ | صفحہ۴۲۱ |
| قال المحقق: | حدیث صحیح | | |
| مسند الامام احمد | | جلد۲ | صفحہ۲۳۹ |
| ابوداود الطیالسی | رقم الحدیث (۲۵۱۴) | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۵۶۲) | جلد۷ | صفحہ۴۲۰۰ |
| شرح السنة للبغوی | رقم الحدیث (۲۱۳۹) | جلد۸ | صفحہ۱۹۶ |
| قال البغوی: | هذا حدیث متفق علی الصحیة | | |
| سنن الکبریٰ للبیهقی | رقم الحدیث (۱۰۹۷۳) | جلد۵ | صفحہ۵۸۳ |
| قال البیهقی: | رواه مسلم فی الصحیح | | |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۲۵۴۰) | جلد۳ | صفحہ۶۸۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک تاجر لوگوں سے ادھار کاروبار کیا کرتا تھا۔ جب وہ کسی تنگ دست کو دیکھتا تو اپنے کارندوں سے کہتا اس سے درگزر کرو شاید اللہ تعالیٰ ہم سے درگزر کرے تو اللہ تعالیٰ نے اس سے درگزر فرمایا۔

-☆-

جب کوئی آدمی کسی آدمی پر احسان کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں بھی اس احسان کرنے والے کی طرف متوجہ ہو جاتی ہیں۔ درج بالا ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں دیکھیئے ایک کاروباری آدمی کاروبار میں سختی نہیں کرتا بلکہ تنگ دست پر نرمی کرتا ہے تو اللہ الکریم نے اسے بھی محروم نہیں رکھا بلکہ اس سے بھی درگزر فرمایا تو جس سے اللہ تعالیٰ درگزر فرمائے وہ سب جہانوں میں کامیاب و کامران ہوا کرتا ہے۔

صحیح مسلم کی روایت ملاحظہ ہو

عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ حُوْسِبَ رَجُلٌ" مِمَّنْ کَانَ قَبْلَکُمْ فَلَمْ یُوْجَدْلَہٗ عَنِ الْخَیْرِ شَیْءٌ" اِلَّا اَنَّہٗ کَانَ یُخَالِطُ النَّاسَ وَکَانَ مُوْسِراً. فَکَانَ یَاْمُرُ غِلْمَانَہٗ اَنْ یَتَجَاوَزُوْا عَنِ الْعُسْرِ قَالَ: قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ: نَحْنُ اَحَقُّ بِذَالِکَ عَنْہُ تَجَاوَزُوْا عَنْہُ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۵۶۱) | جلد ۷ | صفحہ ۴۲۵۹ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۳۰۷) | جلد ۲ | صفحہ ۳۱۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں سے پہلی امتوں میں ایک آدمی کا حساب لیا گیا تو اس کے اعمال نامہ میں کوئی خیر و بھلائی نہ پائی گئی مگر یہ کہ وہ لوگوں سے کاروبار کرتا تھا وہ خود مالدار تھا تو وہ اپنے غلمان کو حکم دیا

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۳۰۷) | جلد۲ | صفحہ۵۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۱۰۹۷۲) | جلد۵ | صفحہ۵۸۳ |
| قال البیھقی: | رواہ مسلم فی الصحیح | | |
| مسند الامام احمد | | جلد۴ | صفحہ۱۲۰ |
| المستدرک علی الصحیحین / رقم الحدیث (۲۲۲۶) | | جلد۲ | صفحہ۳۴ |
| قال المحقق: | ھذا اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | علی شرط البخاری ومسلم | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۱۳۲۸) | جلد۱ | صفحہ۶۸۹ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث (۹۰۶) | | جلد۱ | صفحہ۵۴۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۵۳۷) | جلد۱۷ | صفحہ۲۰۱ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۱۵۳۹۶) | جلد۶ | صفحہ۲۱۵ |
| اتحاف السادۃ المتقین | | جلد۹ | صفحہ۱۷۰ |
| جامع الاصول | رقم الحدیث (۲۵۴۲) | جلد۳ | صفحہ۶۸۶ |

marfat.com
Marfat.com

کرتا تھا کہ تنگ دست سے درگزر کیا کرو تو اللہ تعالیٰ (بوقت حساب) ارشاد فرمایا ہم اس بات کے زیادہ حقدار ہیں (اے فرشتو!) اس سے بھی درگزر کرو۔

یہ پہلی امتوں میں سے کسی امت کے ایک مالدار کا واقعہ ہے جس کا اعمال نامہ نیکیوں سے خالی ہے لیکن وہ تنگ دست افراد سے درگزر کرنے کا عادی ہے تو رحیم وکریم اللہ نے اس سے بھی درگزر فرمایا اور فرمایا درگزر کرنے کے ہم زیادہ حقدار ہیں۔

اے اھل ایمان! غور کیجئے! اگر کسی پہلی امت کے فرد پر اللہ تعالیٰ کا یہ کرم ہے تو یہ تو اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت ہے اس پر تو پہلے ہی بڑا رحیم وشفیق ہے اس کی رحمت کا جوبن اس امت پر نرالا ہے تو آج جو اس امت کا فرد تنگ دستوں سے درگزر کرے گا تو یقیناً اللہ الکریم اس سے بہت زیادہ ہی درگزر کرے گا اور اللہ تعالیٰ کا درگزر کردینا بندہ کیلئے باعثِ نجات، باعثِ صد افتخار ہے۔

**مَنْ سَلَکَ طَرِیْقاً یَلْتَمِسُ بِہٖ عِلْماً سَھَّلَ اللّٰہُ لَہٗ طَرِیْقاً اِلَی الْجَنَّۃِ.**

جس نے علم کی تلاش میں سفر کیا اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کی راہ آسان کردے گا۔

یہ دنیا قیام گاہ نہیں گزرگاہ ہے۔ ہمارا وطن دار آخرت ہے اور جو خوش نصیب اپنا ایمان سلامت لے گیا اور ساتھ عمل صالح بھی لے گیا تو اس کا گھر جنت، دائمی جنت اللہ کی رضا کا مقام ہوگا۔ اصل مقصود حصول جنت ہے اللہ کی رضا ہے اور دائمی عذاب سے چھٹکارا ہے۔ یہ تب نصیب ہوگا جب ہم ایمان کی دولت سے مالا مال ہونگے اعمال صالحہ ہمارا وطیرہ ہوگا اور عارضی جہاں میں اللہ تعالیٰ کو یاد کریں گے۔

یہ ساری باتیں اسے ہی نصیب ہوسکتی ہیں جو علم رکھتا ہو جس کے پاس علم ہی نہ ہوا سے

Marfat.com

کیا خبر کہ ایمان کسے کہتے ہیں اور کن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔علم کے بغیر اعمال صالحہ کا صدور ناممکن ہے۔

علم ہوگا تو صلاۃ ادا کی جائے گی، روزہ رکھا جائے گا، زکاۃ دی جائے گی، حج بیت اللہ کیا جائے گا، علم ہوگا تو صدقہ وخیرات ہوگا، غرباء ویتامیٰ پر رحم ہوگا، علم ہوگا تو ناحق مال کھانے سے بچا جاسکتا ہے، ظلم وعدوان سے ہاتھ روکا جاسکتا ہے۔ الغرض ایمان واعمال صالحہ جنت لے جاتے ہیں تو جب علم نہ ہوگا تو جنت جانا دشوار وناممکن ہے اور علم ایسا نور ہے جس سے یہ راہ جنت روشن ہوجاتی ہے۔علم کے بغیر عبادات کا بجالانا ناممکن ہوتا ہے علم ہی درحقیقت راہ جنت آسان کردیتا ہے۔اس چیز کو حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِيقاً اِلَى الْجَنَّةِ.**

اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت جانے کا راستہ آسان کردیتا ہے۔

اس دین حق دین اسلام میں علم کو بڑی اہمیت ہے اللہ وحدہ لاشریک کا ارشاد گرامی ہے:

**هَلْ يَسْتَوِىْ الَّذِينَ يَعْلَمُوْنَ والَّذِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ.**

کیا علم والے اور وہ جو علم نہیں رکھتے برابر ہیں یا نہیں ہرگز نہیں۔

پھر فرمایا:

**اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ.**

اللہ کے بندوں میں سے علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں۔

بے علم کو تو پتہ ہی نہیں کہ کن چیزوں سے بچ کر اللہ کی ناراضگی سے بچا جاسکتا ہے کون کون سی چیزیں ہیں جو غضب الٰہی کو ٹھنڈا کردیتی ہیں اور کون کون سے اعمال ہیں جن کے صدور

marfat.com
Marfat.com

سے خالق و مالک راضی ہوتا ہے۔

یہ کتاب ھدایت پراز حکمت کتاب قرآن کریم اس کے پہلی وحی کا پہلا کلمہ ملاحظہ ہو

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ.

اپنے اس رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا فرمایا

یہاں اقـــرا (پڑھیے) وحی کا پہلا کلمہ ہے یہ بھی علم کی اہمیت کو واضح کرنے کیلئے کافی ہے۔

حضور سید العالمین معلم انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس انوکھے انداز سے علم کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ–رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ–قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه –صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ–طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ'' عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الکبیر (للطبرانی) | رقم الحدیث (۱۰۴۳۹) | جلد۱۰ | صفحہ۲۴۰ |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۲۴) | جلد۱ | صفحہ۱۳۶ |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۸۴) | جلد۱ | صفحہ۹۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۱۸) | جلد۱ | صفحہ۱۰۸ |
| مجمع الزوائد (عبداللہ بن مسعود)/ رقم الحدیث (۴۷۲) | | جلد۱ | صفحہ۳۲۳ |
| مجمع الزوائد (عن ابی سعید خدری)/ رقم الحدیث (۴۷۳) | | جلد۱ | صفحہ۳۲۳ |
| قال الہیثمی: | رواہ الطبرانی فی الاوسط | | |
| مجمع الزوائد (عن ابن عباس)/ رقم الحدیث (۴۷۴) | | جلد۱ | صفحہ۳۲۳ |
| قال الہیثمی: | رواہ الطبرانی فی الاوسط | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علم کا طلب کرنا ہر مسلم پر فرض ہے۔

ہر کلمہ گو جس کی زبان لاالٰہ الاّ اللّٰہُ مُحَمَّد" رَسُوْلُ اللّٰہِ(صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم- سے سرشار ہے اس پر علم حاصل کرنا فرض ہے یہ اللہ اور اسکے رسول کا حکم ہے اور اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کو ماننا ہر مومن کے ایمان کا تقاضا ہے۔

---

المطالب العالیہ (عن عبداللہ)/رقم الحدیث (۳۰۶۵) جلد ۳ صفحہ ۱۳۰
کنز العمال رقم الحدیث (۲۸۶۵۳) جلد ۱۰ صفحہ ۱۳۱
کنز العمال رقم الحدیث (۲۸۶۵۲) جلد ۱۰ صفحہ ۱۳۱

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ -رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ- قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- اِذَامَاتَ الاِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ ثَلاثَةٍ اِلاّ مِنْ صَدَقَةٍ جَارِیَةٍ اَوْعِلْمٍ یُنْتَفَعُ بِهٖ بَعْدَهٗ اَوْوَلَدٍ صَالِحٍ یَدْعُوْلَهٗ.

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن داؤد | رقم الحدیث (۲۸۸۰) | جلد۳ | صفحہ۲۰۱ |
| صحیح سنن ابن داؤد | رقم الحدیث (۲۸۸۰) | جلد۲ | صفحہ۲۱۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۶۳۱) | جلد۳ | صفحہ۴۵۳ |
| السنن الکبریٰ (للبیہقی) / رقم الحدیث (۱۲۶۳۵) | | جلد۶ | صفحہ۴۵۵ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۴۳۶۵۵) | جلد۱۵ | صفحہ۹۵۲ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۸۸۳۰) | جلد۹ | صفحہ۲۱ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۳۸۱) | جلد۳ | صفحہ۸۸ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۳۷۶) | جلد۲ | صفحہ۹۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۳۶۵۳) | جلد۳ | صفحہ۵۵۷ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۰۳) | جلد۱ | صفحہ۱۰۴ |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب آدمی مرجاتا ہے تو اس کے تمام اعمال منقطع ہوجاتے ہیں سوائے تین چیزوں کے۔صدقہ جاریہ،علم اس کے بعد اس کے فائدہ اٹھایا جائے،صالح بیٹا جو اس کیلئے دعا کرے۔

-☆-

اس حدیث پاک میں واضح کیا گیا مرنے سے انسان کے تمام اعمال منقطع ہوجاتے ہیں سوائے تین اعمال کے ان میں سے ایک ایسا علم ہے جس سے انسان مرنے کے بعد فائدہ اٹھایا جائے۔

عالم آدمی دنیا سے جاتا ہے بطور یادگار علم چھوڑ جاتا ہے تو اس کے مرنے کے بعد جو حضرات اس علم سے فائدہ اٹھائیں گے اس کا برابر ثواب اس عالم کو بھی ملتا رہے گا۔بعد والوں کے فائدہ حاصل کرنے کی وجہ سے اس کے جنت میں درجات بلند ہوتے رہیں گے۔

دین متین کا خادم عالم دین ساری زندگی دین حق کا پرچار کرتا رہا اس نے شاگردوں کی ایک کثیر تعداد چھوڑی اب اس کے مرنے کے بعد اس کے شاگرد استاد کی علم کی شمع کو بجھنے نہیں دے رہے تو جب تک اس کے شاگرد اس علم سے فائدہ اٹھاے رہیں گے اور جب تک دوسروں کو اس کا فائدہ منتقل کرتے رہیں گے اس عالم دین کی قبر کو مزید راحتوں سے لبریز کیا جاتا رہے گا اور برکات وعنایات الٰہیہ کی پھوار مسلسل ہوتی رہے گی۔

عالم دین نے اللہ کی رضا کیلئے چند کتابیں لکھیں وہ عالم دین اپنے سانس پورے کرکے

marfat.com
Marfat.com

اس دنیا فانی سے چلا گیا لیکن جب تک اس کی کتابوں کا مطالعہ کر کے لوگ راہ ہدایت پاتے رہیں گے اپنی کشت ایمان کو سیراب کرتے رہیں گے اس وقت تک اس عالم دین کے قبر میں درجات بلند سے بلند تر ہوتے رہیں گے۔

کیا علم کے صلہ میں یہ عنایات کم ہیں! اے اللہ اے ارحم الراحمین! ہمیں بھی علم سے محبت عطا فرما ہمارے سینے علوم دینیہ سے معمور فرمایا اور ہمارے قلوب کو علوم لدنیہ کی دولت سے مالا مال فرما محض اپنے لطف و کرم سے اور نظر رحمت سے ہمارے دنیا سے جانے کے بعد بھی اس علم کی شمع کو فروزاں فرما تا کہ اس سے روشنی حاصل کرنے والے حاصل کرتے رہیں اور ہمارے قبور میں درجات بلند ہوتے رہیں۔

**اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر۔**

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

**مَامِنْ عَمَلٍ اَفْضَلُ مِنْ طَلَبِ الْعِلْمِ اِذَا صَحَّتْ نِیَّتُهٗ۔**[1]

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

طلب علم سے بڑھ کر کوئی بھی عمل نہیں جبکہ طالب کی نیت درست ہو۔

**وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِیْ بَیْتٍ مِنْ بُیُوْتِ اللّٰهِ تَعَالٰی یَتْلُوْنَ کِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَتَدَارَسُوْنَهٗ بَیْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَةُ.**

تلاوت قرآن کریم مومن کی روح کی غذاء ہے جیسے بدن کیلئے غذا ضروری ہے اسی طرح روح کیلئے بھی غذا ضروری ہے جس روح کو غذا ملتی رہے وہ روح توانا ہوتی ہے اس میں

---

(۱) جامع بیان العلم (۴۹) =/۴۰

Marfat.com

ملکوتی صفات کی جلوہ نمائی ہوتی ہے۔

حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تلاوت قرآن کریم کی ترغیب دی تاکہ خیر الامم کے افراد کلام الٰہی کی برکات سے مستفیض رہیں۔

**عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ-رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ-عَنِ النَّبِيِّ-صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ-قَالَ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ.**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۵۰۲۷) | جلد۳ | صفحہ۱۶۲۱ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۱۶) | جلد۴ | صفحہ۴۱۵ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۰۷) | جلد۳ | صفحہ۱۶۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۲۱۱) | جلد۱ | صفحہ۱۲۹ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۲۱۱) | جلد۱ | صفحہ۲۰۴ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۷۶) | جلد۱ | صفحہ۸۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۱۷) | جلد۴ | صفحہ۴۱۶ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۰۸) | جلد۳ | صفحہ۱۶۲ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۳۵۱) | جلد۱ | صفحہ۵۲۵ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عثمان بن عفان امیر المومنین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۳۵۲) | جلد ۱ | صفحہ ۵۲۵ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۱۰۹) | جلد ۱ | صفحہ ۵۸۱ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۱۲) | جلد ۱ | صفحہ ۳۳۹ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۱۳) | جلد ۱ | صفحہ ۳۴۰ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیحان | | |
| مجمع الزوائد (عن انس) / رقم الحدیث (۱۱۶۷۳) | | جلد ۷ | صفحہ ۳۴۴ |
| قال الہیثمی: | رواہ الطبرانی فی الصغیر | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۱۱۷۳) | | جلد ۳ | صفحہ ۱۶۷ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۰۹۶) | جلد ۳ | صفحہ ۳۱۷ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث (۱۴۱۶) | | جلد ۲ | صفحہ ۱۶۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن ابن داؤد | رقم الحدیث (۱۴۵۲) | جلد ۲ | صفحہ ۹۹ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۱۴۵۲) | جلد ۱ | صفحہ ۴۰۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| شرح السنہ للبغوی | رقم الحدیث (۱۱۷۲) | جلد ۴ | صفحہ ۴۲۷ |
| قال البغوی: | ھذا حدیث صحیح | | |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد ۴ | صفحہ ۱۹۴ |

Marfat.com

تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن کی تعلیم حاصل کرے اور دوسروں کو تعلیم دے۔

-☆-

آج کے دور میں ہم اسے بہتر جانتے ہیں جس کے پاس مال و دولت کی فراوانی ہو جو جس مجلس میں بیٹھے میر مجلس بن جائے جب وہ بات کرے تو لوگ اس کے کلام کو بڑی توجہ وانہماک سے سنیں لیکن مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا میری امت میں بہتر وہ ہے جو قرآن کریم سیکھتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے۔

یہ کتاب مقدس قرآن کریم اس درجہ خیرات و برکات سے لبریز ہے کہ اس کا ہر حرف پڑھنے والے کو تلاوت کرنے والے کو نیکیوں سے معمور کر دیتا ہے۔

**عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ -رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ- قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ -صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ- مَنْ قَرَأَ حَرْفاً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا لَا اَقُوْلُ "الم" حَرْفٌ" وَلٰكِنْ اَلِفٌ" وَلَامٌ" حَرْفٌ" وَمِيْمٌ" حَرْفٌ".**

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| کنز العمال | رقم الحدیث (۲۳۲۲) | جلد ۱ | صفحہ ۵۱۹ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۲۰۹۷) | جلد ۲ | صفحہ ۳۱۷ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب/ رقم الحدیث (۱۴۱۶) | | جلد ۲ | صفحہ ۱۶۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۱۹) | جلد ۴ | صفحہ ۴۱۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۱۰) | جلد ۳ | صفحہ ۱۶۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود-رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا جس نے کتاب اللہ کے ایک حرف کی تلاوت کی اسے اس کے بدلے ایک نیکی ملے گی اور نیکی دس نیکیوں کے برابر۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ''الم'' ایک حرف ہے بلکہ الف حرف ہے، لام حرف ہے اور میم حرف ہے۔

-☆-

سبحان اللہ! جو مرد مومن قرآن کریم کی ایک آیت کی تلاوت کرتا ہے اسے اس آیت میں موجود ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ مثلاً ایک آیت میں اگر ۲۰ حروف ہیں تو پڑھنے والے کو ۲۰۰ نیکیاں ملیں گی۔ اس خیر الامم میں کتنے افراد ایسے ہیں جو روزانہ قرآن کریم

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۲۱۳۷) | جلد ۱ | صفحہ ۵۸۸ |
| سنن الدارمی | رقم الحدیث (۳۳۵۱) | جلد ۴ | صفحہ ۲۰۸۴ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ صحیح | | |
| المعجم الکبیر (للطبرانی) | رقم الحدیث (۸۶۴۸) | جلد ۹ | صفحہ ۱۴۰ |
| المعجم الکبیر (للطبرانی) | رقم الحدیث (۸۶۴۹) | جلد ۹ | صفحہ ۱۴۰ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۲۰۴۰) | جلد ۱ | صفحہ ۷۷۴ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ (صالح بن عمر) | | |
| وقال الذھبی: | صالح ثقہ | | |
| حلیۃ الاولیاء | | جلد ۶ | صفحہ ۲۶۳ |

Marfat.com

کا ایک حصہ تلاوت کرلیا کرتے تھے۔عارف باللہ حضرت خواجہ محمد سلطان عالم رضی اللہ عنہ کے بعض نیازمند آج بھی روزانہ سواپارہ تلاوت قرآن کریم کرتے ہیں تو ایسے سعید افراد کی نیکیاں ہی نیکیاں ہیں اور وہ یقیناً رحمات الٰہیہ میں وقت گزار رہے ہیں۔ہمارے اسلاف میں بعض ایسے افراد بھی ہوئے جو روزانہ پورے قرآن کریم کی تلاوت کیا کرتے تھے۔مکمل قرآن کریم کی تلاوت وہ کیسے کر لیتے تھے یہ سوال ان سے متعلق نہیں بلکہ یہ فضل الٰہی سے متعلق ہے یہ سب کچھ محض اللہ کے فضل وکرم سے سرانجام پاتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ-رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ-قَالَ : قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! اَوْصِنِیْ قَالَ : اُوْصِیْکَ بِتَقْوَیٰ اللّٰہِ،فَاِنَّہُ رَأْسُ الاَمْرِ کُلِّہٖ. قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ! زِدْنِیْ قَالَ : عَلَیْکَ بِتِلاوَۃِ الْقُرْاٰنِ، فَاِنَّہُ نُوْرٌ" لَکَ فِی الاَرْضِ وَذُخْرٌ" لَکَ فِی السَّمَاءِ.

## ترجمة الحديث:

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے میں نے عرض کی یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تجھ تقوی اللہ لازم ہے یہ تمام امور کی اصل ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (٣٦١) | جلد٢ | صفحہ٧٨ |
| المعجم الکبیر (للطبرانی) | رقم الحدیث (١٦٥١) | جلد٢ | صفحہ١٥٧ |
| مجمع الزوائد | رقم الحدیث (٧١١٣) | جلد٤ | صفحہ٣٩٢ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (١١٧١٣) | جلد١٠ | صفحہ٢٥٧ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ حسن | | |
| موارد الظمان | رقم الحدیث (٩٤) | جلد١ | صفحہ١٩٥ |

marfat.com
Marfat.com

میں نے عرض کی یارسول اللہ! کچھ اور اضافہ فرمایئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تجھ پر تلاوت قرآن لازم ہے کیونکہ یہ تیرے لیئے نور ہے زمین میں اور ذخیرہ ہے سماء میں۔

-☆-

تارک لذات دنیا حضرت ابوذر غفاری -رضی اللہ عنہ- کس قدر عمدہ سوچ رکھتے ہیں وہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وصیت طلب کرتے ہیں تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان ذیشان کو عمر بھر مشعل راہ بناتے رہیں۔ حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے انہیں تقویٰ کی تعلیم دیتے ہیں اور اسے تمام امور کی اصل قرار دیتے ہیں کیونکہ جس کا سینہ خشیت الٰہی سے لبریز ہو اور جس کا دل خوف خدا سے کانپتا رہتا ہو وہ ہمہ وقت خیرات جمع کرنے میں لگا رہتا ہے اور وہ ان امور سے روگرداں دکھائی دیتا ہے جو امور راہ جنت میں رکاوٹ بنتے ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوذر غفاری -رضی اللہ عنہ- کو تقویٰ کے بعد تلاوت قرآن کریم کی وصیت فرماتے ہیں کیونکہ جو خوش نصیب تلاوت قرآن کریم کا کیف لیا کرتا ہے وہ انسانوں میں ہوتے ہوئے بھی انسانوں سے وراء بہت وراء ہوا کرتا ہے۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِيْمَا يَرْوِيْهِ عَنْ رَبِّهٖ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى كَتَبَ الْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ ثُمَّ بَيَّنَ ذَالِكَ فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى عِنْدَهٗ حَسَنَةً كَامِلَةً وَاِنْ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى عِنْدَهٗ عَشْرَ حَسَنَاتٍ اِلٰى سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ اِلٰى اَضْعَافٍ كَثِيْرَةٍ وَاِنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كَتَبَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى عِنْدَهٗ حَسَنَةً كَامِلَةً وَاِنْ هَمَّ بِهَا فَعَمِلَهَا كَتَبَ لَهٗ سَيِّئَةً وَاحِدَةً. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ" فِيْ صَحِيْحَيْهِمَا بِهٰذِهِ الْحُرُوْفِ.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۱۲۶) | جلد ۵ | صفحہ ۲۳۸۰ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۳۱) | جلد ۱ | صفحہ ۱۶۲ |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۸۲۸) | جلد ۳ | صفحہ ۲۵۵ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند الامام احمد | رقم الحدیث (۳۴۰۲) | جلد ۳ | صفحہ ۴۳۳ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۶۳۱۸) | جلد ۵ | صفحہ ۱۹۳ |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمۃ الحدیث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنھما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

بے شک اللہ تعالیٰ نے نیکیاں اور برائیاں الگ الگ لکھ دی ہیں پھر اس نے اس بات کو واضح کر دیا ہے۔ پس جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور اسے کر نہ سکا تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس ایک کامل نیکی لکھ دے گا۔ اگر اس آدمی نے نیکی کا ارادہ کیا پھر اس پر عمل (بھی) کر لیا تو اللہ تعالیٰ اپنے ہاں اس نیکی کو دس نیکیوں سے لیکر سات سو نیکیوں تک بلکہ کئی گنا زیادہ تک لکھے گا۔

اگر اس آدمی نے برائی کا ارادہ کیا اور اسے نہ کر سکا تو اللہ تعالیٰ اس اپنے ہاں پوری نیکی لکھ دے گا۔ اور اگر اس آدمی نے برائی کا ارادہ کیا پھر اسے کر لیا اللہ تعالیٰ اسے اپنے ہاں ایک گناہ لکھے گا۔

-☆-

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل اس امت پر کس درجہ رحیم وشفیق ہے اس کی ایک رحمت کے شکرانہ کے طور پر زندگی بھر سجدہ میں گزار دیں تو بھی حقِ شکر ادا نہیں ہو سکتا۔

مذکورہ بالا حدیث پاک میں غور کیجئے کتنا کیف نصیب ہوتا ہے۔

فَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا، كَتَبَهَا اللّٰهُ عِنْدَهُ حَسَنَةً كَامِلَةً.

جس نے نیکی کا ارادہ کیا اور اسے کر نہ سکا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اسے اپنے ہاں ایک کامل نیکی لکھ دیتا ہے۔

Marfat.com

نیکی کی نہیں بلکہ نیکی کا ارادہ کیا کریم اللہ پھر بھی پوری نیکی کا ثواب لکھ دیتا ہے۔ایسا عمل جس سے پروردگار راضی ہوا سے نیکی کہتے ہیں تو انسان ایسے عمل کا ارادہ ونیت کرتا ہے جس سے پروردگار عالم جل جلالہٗ راضی ہو لیکن کسی عارضہ کی وجہ سے وہ نیکی نہ کر سکا تو خالقِ ارض وسما اپنے ہاں اسے ایک کامل نیکی کی صورت میں لکھ لیتا ہے۔

عَنْ اَنَسٍ-رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ-عَنِ النَّبِيِّ-صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ-قَالَ:

**مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ، فَلَمْ يَعْمَلْهَا، كُتِبَتْ لَهٗ حَسَنَةً فَإِنْ عَمِلَهَا، كُتِبَتْ لَهٗ عَشْراً وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا لَمْ يُكْتَبْ عَلَيْهِ شَيْءٌ فَإِنْ عَمِلَهَا، كُتِبَتْ عَلَيْهِ سَيِّئَةٌ وَاحِدَةٌ.**

## ترجمة الحديث:

حضرت انس بن مالک-رضی اللہ عنہ-سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم-صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم-نے ارشاد فرمایا:

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۶۲) | جلد۱ | صفحہ۹۲۶ |
| موارد الظمآن | رقم الحدیث (۳۱) | | صفحہ۳۸ |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۳۴۵۱) | جلد۶ | صفحہ۱۷۰ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ صحیح | | |
| مسند ابی یعلی الموصلی | رقم الحدیث (۳۴۹۹) | جلد۶ | صفحہ۲۱۹ |
| قال حسین سلیم اسد: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

جس نے نیکی کا ارادہ کیا اسے کر نہ سکا تو اس کیلئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے پس اگر وہ اس نیکی کو کر گیا تو اس کیلئے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور جس نے برائی کا ارادہ کیا لیکن اسے کر نہ سکا تو اس پر کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا اور اگر وہ اس پر عمل کرے تو اس پر ایک گناہ لکھا جاتا ہے۔

انسان نیکی کا ارادہ کرتا ہے تو یہ اسکا ارادہ ونیت رائیگاں نہیں جاتی اگر چہ وہ نیکی نہ کر سکے کیونکہ نیکی کا ارادہ بھی من جانب اللہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہو تو نیکی کی طرف دل کا میلان ہوتا ہے۔ جس کے لطف وکرم سے آج نیکی کی طرف رغبت ہے انشاء اللہ اس کی کرم نوازی سے نیکی کا عملی ظہور بھی ہوگا اور نیکی کا عملی ظہور انسان کو سعید ونجات یافتہ بنانے کیلئے کافی ہے۔

عَنَ خریم بن فَاتِک –رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ– عَنِ النَّبی – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ –قَالَ:

مَنْ ھَمَّ بِحَسَنَةٍ ، فَلَمْ یَعْمَلْھَا ، فَعَلِمَ اللّٰہُ اَنَّہٗ قَدْ اَشْعَرَھَا قَلْبُہٗ وَحَرَصَ عَمَلِھَا کُتِبَتْ لَہٗ حَسَنَةٌ وَمَنْ ھَمَّ بِسَیِّئَةٍ لَمْ تُکْتَبْ عَلَیْہِ. وَمَنْ عَمِلَھَا کُتِبَتْ لَہٗ وَاحِدَةٌ وَلَمْ تُضَاعَفْ عَلَیْہِ وَمَنْ عَمِلَ حَسَنَةً کَانَتْ لَہٗ بِعَشْرِ اَمْثَالِھَا. وَمَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ، کَانَتْ لَہٗ بِسَبْعِ مِئَةِ ضِعْفٍ.

---

صحیح ابن حبان رقم الحدیث (۶۱۷۱) جلد ۱۴ صفحہ ۴۸
قال المحقق: اسنادہ صحیح، رجالہ ثقات رجال الصحیح
المعجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث (۴۱۵۲) جلد ۴ صفحہ ۲۰۶
المعجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث (۴۱۵۳) جلد ۴ صفحہ ۲۰۶

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت خریم بن فاتک -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

جس نے نیکی کا ارادہ کیا لیکن اسے نہ کر سکا تو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ اس کے دل نے اس نیکی کا شعور ابھارا ہے اور اس کے کرنے پر حریص بنایا ہے تو اس کیلئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے اور جس نے برائی کا ارادہ کیا تو اس پر کوئی گناہ نہ لکھا جاتا ہے اور جس نے اس برائی پر عمل کیا تو اس کیلئے ایک برائی لکھی جاتی ہے اس پر برائی کو دگنا نہیں کیا جاتا اور جس نے نیکی پر عمل کی اتو اس کیلئے وہ نیکی دس گنا تک ہوگی اور جس نے فی سبیل اللہ کوئی چیز خرچ کی تو اس کیلئے اجر سات سو گنا تک ہوگا۔

غور کیجئے! انسان نیکی کا ارادہ کرتا ہے ایسے عمل کا ارادہ کرتا ہے جس سے خالق و مالک کی رضا و خوشنودی ملے لیکن وہ عمل کر نہ سکا تو یہ ارادہ و نیت بھی اللہ کے ہاں محمود ہے کیونکہ نیکی کا

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۴۱۵۵) | جلد۴ | صفحہ۲۰۷ |
| سنن الترمذی (مختصراً) | رقم الحدیث (۱۶۲۵) | جلد۲ | صفحہ۵۲۳ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۶۲۵) | جلد۲ | صفحہ۲۲۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| موارد الظمآن | رقم الحدیث (۳۱) | | صفحہ۳۸ |

marfat.com
Marfat.com

ارادہ بھی من جانب اللہ ہوتا ہے جس کے قلب میں اللہ تعالیٰ نیکی کا خیال ڈالتا ہے اور نیکی کرنے کا جذبہ جس کے باطن میں انگڑائی لیتا ہے خالق و مالک جل جلالہ اسے کامل و مکمل نیکی کا ثواب عطا فرماتا ہے۔

قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ –رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ–

مَنْ اَتٰی فِرَاشَهٗ وَهُوَ یَنْوِیْ اَنْ یُصَلِّیْ مِنَ الَّیْلِ فَغَلَبَتْهُ عَیْنَاهُ حَتّٰی یُصْبِحَ کُتِبَ لَهٗ مَانَوٰی.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۱۱۷۰) | جلد۲ | صفحہ۴۵۱ |
| قال الحاکم: | هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه | | |
| وقال الذهبی: | علی شرطهما | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۱۳۴۴) | جلد۲ | صفحہ۱۴۹ |
| قال المحقق: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۱۳۴۴) | جلد۲ | صفحہ۴۷۵ |
| قال المحقق: | رجاله ثقات | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۳۶۱) | جلد۱ | صفحہ۴۰۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| الترغیب والترهیب | رقم الحدیث (۲۵) | جلد۱ | صفحہ۶۹ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترهیب/ رقم الحدیث (۲۱) | | جلد۱ | صفحہ۱۱۳ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۲۵۸۸) | جلد۶ | صفحہ۳۲۳ |
| قال شعیب الارنووط: | اسناده جید | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابودرداء -رضی اللہ عنہ- نے ارشادفرمایا:

جوآدمی اپنے بستر پرآیااوراسکی نیت ہے کہ وہ صلاۃ التہجد ادا کرے گالیکن نیند کے غلبہ کی وجہ سے وہ اٹھ نہ سکا یہاں تک کہ صبح ہوگئی تواس کیلئے لکھ دیا جائے گاجواس نے نیت کی۔

سبحان اللہ! جومردمومن رات سوتے وقت نیت کرتا ہے کہ میں سحری کواٹھ کرصلاۃ التہجد (نمازتہجد)اداکرونگا یہ نیت محمودہ لے کروہ نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہےاس کی آنکھ اس وقت کھلتی ہے جب سپیدہ سحر طلوع ہو چکا ہوتا ہےتواسے صلاۃ التہجد کی ادائیگی کااجروثواب ملے گا۔

---

صحیح سنن النسائی رقم الحدیث(۱۷۸۶) جلدا صفحہ۵۶۷

قال الالبانی: صحیح

ارواءالغلیل رقم الحدیث(۴۵۴) جلد۲ صفحہ۲۰۵

marfat.com
Marfat.com

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُهٗ عَلَیْهِ وَلَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّهٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُهٗ کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِهَا وَلَئِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّهٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّهٗ .رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ.

**ترجمة الحديث:**

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشادفرمایا اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۵۰۲) | جلد۴ | صفحہ۲۰۳۹ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۱۳۷) | جلد۵ | صفحہ۲۳۸۵ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۳۴۷) | جلد۲ | صفحہ۵۸ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۱۴۲۲۲) | جلد۱۰ | صفحہ۴۷ |
| فتح الباری | رقم الحدیث (۶۵۰۲) | جلد۱۱ | صفحہ۳۴۰ |

Marfat.com

جس نے میرے کسی ولی سے عداوت کی تو میں اس سے اعلانِ جنگ کرتا ہوں اور میری پسندیدہ چیزوں میں سے کسی بھی چیز کے ذریعے میرا بندہ مجھ سے اتنا قریب نہیں ہوتا جتنا ان چیزوں کی ادائیگی کے ذریعے قریب ہوتا ہے جو میں نے اس پر فرض کی ہیں۔

اور میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرے قریب ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اس سے محبت کرتا ہوں تو جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو اس کے کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی انکھ جس سے وہ دیکھتا ہے اور اسکا ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں جس سے وہ چلتا ہے۔

اور اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو اسے ضرور عطا کروں گا اور اگر وہ میری پناہ مانگے تو ضرور میں اسے اپنی پناہ وحفاظت میں لے لونگا۔

-☆-

## مَنْ عَادَى لِيْ وَلِيّاً فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ:

جس نے میرے کسی ولی سے دشمنی کی تو میری اس سے جنگ ہے۔

جنگ ولڑائی دوستوں کے درمیان نہیں ہوتی بلکہ دشمنوں کے درمیان ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے کسی ولی سے دشمنی رکھنے والا اللہ تعالیٰ کا دشمن بن جاتا ہے اللہ کا دشمن خائب وخاسر ہوا کرتا ہے۔

دشمن لڑائی میں ایک دوسرے کی قیمتی چیزوں کو نشانہ بنایا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جب کسی سے لڑائی کرتا ہے تو وہ اس کی قیمتی چیز کو نشانہ بناتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے نشانے خطا نہیں جایا کرتے۔

marfat.com
Marfat.com

انسان کی سب سے قیمتی چیز اس کا ایمان ہے تو جو اولیاء اللہ سے عداوت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے اس کا ایمان سلب کر لیتا ہے (العیاذ باللہ) جس سے اسکا ایمان سلب ہو جائے اس جیسا بدنصیب کون ہو گا۔

مولانا داود غزنوی کے زمانہ میں ایک مولوی نے حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں نا مناسب بات کہہ دی کہ امام صاحب کو صرف سترہ حدیثیں یاد تھیں اس کی اس خرافات کو سن کر مولانا داود غزنوی نے کہا یہ آدمی مرتد ہو جائے گا۔

کچھ ہی دنوں میں وہ آدمی قادیانی ہو گیا کسی نے مولانا سے پوچھا آپ کو یہ کیسے علم ہوا تھا کہ یہ مرتد ہو جائے گا تو انہوں نے کہا جب میں نے سنا یہ مولوی حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں نازیبا کلمات کہتا ہے اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اللہ ولی ہیں تو مجھے یہ حدیث یاد آ گئی:

**مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ**

جو میرے کسی ولی سے دشمنی کرے میں اس سے اعلان جنگ کرتا ہوں۔

تو جنگ میں دشمن کی قیمتی چیز کو تباہ کیا جاتا ہے نقصان پہنچایا جاتا ہے انسان کی سب سے قیمتی چیز چونکہ ایمان ہے تو مجھے یہ یقین ہو گیا کہ اس مولوی کا ایمان ختم ہو جائے گا۔ **اَلْعَیَاذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذَالِکَ.**

## کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ :

بندہ فرائض پر مداومت کے ساتھ نوافل کی طرف توجہ دیتا ہے پھر یہ نوافل اس کی طبیعت ثانیہ بن جاتے ہیں ان نوافل سے اس درجہ شغف ہو جاتا ہے کہ جب تک انہیں ادا نہ

Marfat.com

کرلیا جائے طبیعت کوسکون نہیں ملتا رات رات بھر نوافل میں وقت گزرتا ہے یہ نوافل یہ سجدے انسان کو قرب الٰہی کی دولت سے لبریز کرتے ہیں یہ قرب الٰہی محبت الٰہی کو جیت لیتا ہے کہ خود خالق کائنات اس کی محبت کرتا ہے جب اللہ وحدہ لاشریک ایک بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کی طرف انعام یہ ہے کہ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے کان بننے کے مفہوم امام المفسرین حضرت امام رازی رحمۃ اللہ علیہ یوں بیان کرتے ہیں: وَكَذَالِكَ الْعَبْدُ إِذَا وَاظَبَ عَلَى الطَّاعَاتِ بَلَغَ إِلَى الْمَقَامِ الَّذِي يَقُولُ اللّٰهُ كُنْتُ لَهُ سَمْعاً وَبَصَراً فَإِذَا صَارَ نُورُ جَلَالِ اللّٰهِ لَهُ سَمِعَ الْقَرِيْبَ وَالْبَعِيْدَ وَإِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّوْرُ نُوْرُ جَلَالِ اللّٰهِ لَهُ بَصَراً رَأَى الْقَرِيْبَ وَالْبَعِيْدَ وَإِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّوْرُ نُوْرُ جَلَالِ اللّٰهِ يَداً لَهُ قَدَرَ عَلَى التَّصَرُّفِ فِي الصَّعْبِ وَالسَّهْلِ وَالْقَرِيْبِ وَالْبَعِيْدِ. [1]

ایسے ہی جب اللہ کا بندہ طاعات پر مواظبت اختیار کرتا ہے تو اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں اس کے کان اور آنکھ بن جاتا ہوں۔ میں جب اللہ تعالیٰ کا نور جلال اس بندہ کے کان بن جاتا ہے تو وہ قریب و بعید کو سنتا ہے پس جب وہ نور، اللہ تعالیٰ کے جلال کا نور اس کی آنکھ بن جاتا ہے تو وہ قریب و بعید کو دیکھتا ہے اور جب وہ نور اللہ تعالیٰ کے جلال کا نور اس کے ہاتھ بن جاتا ہے تو وہ مشکل اور آسان کاموں پر قریب و بعید میں تصرف پر قادر ہو جاتا ہے۔

---

(۱) التفسیر الکبیر جلد ۵ صفحہ ۴۶۷

marfat.com
Marfat.com

یہ امت محمدیہ علی صاحبھا افضل التحیات واکمل التسلیمات کس قدر غنی امت ہے اس امت کے اولیاء تمام امت کے اولیاء سے تعداد میں زیادہ بہت زیادہ ہیں اور مراتب و درجات میں بلند بہت بلند ہیں۔ ان اولیاء کرام کو کمالات سے نوازنے والا خود وحدہ لاشریک ہے جس ولی کے بارے میں وہ خود فرمائے میں اسکے کان بن جاتا ہوں اگر وہ ولی اللہ دور و نزدیک کی باتیں سن لے یا دل میں آنے والے خیالات کے واقف ہو جائے تو حیرانگی کی کونسی بات ہے اللہ القادر فرماتا ہے میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے تو امت کا ولی مشرق میں بیٹھے مغرب کو دیکھ لے یا زمین پر بیٹھے عالم بالا کا مشاہدہ کرے تو یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی عطاو کرم سے ہے۔

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں اب ایسا خوش قسمت ولی اللہ اگر سینکڑوں میل دور سے کسی کی فریاد رسی کر دے یا کسی مصیبت زدہ کو مصیبت سے رہائی دے دے یا کسی غریق کو غرق ہونے سے بچالے تو یہ حقیقی کمال اس ولی اللہ کا نہیں بلکہ حقیقی کمال اللہ وحدہ لاشریک کا ہے جس نے اپنے اس بندے کو قوت و طاقت اور تصرف کی قوت عطا فرمائی ہے۔

فَلَكَ الْحَمْدُ يَااَللّٰهُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَكَ الشُّكْرُ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

ارشاد ربانی ملاحظہ ہو

حَتّٰى اِذَا اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ" يَااَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ

Marfat.com

لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ فَتَبَسَّمَ ضَاحِکاً مِّنْ قَوْلِھَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضٰہُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ۔(۱)

یہاں تک کہ وہ گزرے چیونٹیوں کی ایک وادی سے تو ایک چیونٹی نے کہا: اے چیونٹیو! داخل ہو جاؤ اپنی اپنی بلوں میں کہیں کچل نہ دے تمہیں (حضرت) سلیمان اور انکا لشکر اس حال میں کہ انہیں (تمہارا) شعور ہی نہ ہو تو حضرت سلیمان نے تبسم فرمایا ہنستے ہوئے اس کی اس بات سے اور آپ نے (اللہ کی جناب میں) عرض کی: اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کروں تیری اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمائی اور (مجھے توفیق دے کہ) میں عمل صالح کروں جس سے تو راضی ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت کے سبب اپنے صالح بندوں میں داخل کر دے۔

ان قرآنی آیات میں غور و فکر کیجئے۔ حضرت سیدنا سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے لشکر جرار سمیت گزر رہے ہیں اور چیونٹیوں کی وادی سے گزرنے والے ہیں لیکن ابھی اس وادی سے میلوں دور ہیں ایک چیونٹی دوسری چیونٹیوں کو آگاہ کرتی ہے کہ ایک لشکر جرار آ رہا ہے اپنے اپنے مساکن میں داخل ہو جاؤ۔ حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کی اس بات کو سن لیتے ہیں اور مسکراتے ہوئے تبسم فرماتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کی بات کو اتنی دور سے کیسے سن لیا چیونٹی کی آواز تو قریب سے سنائی نہیں دیتی یہ دور موجودہ دور علمی ترقی اور ایجادات کا دور ہے بڑی بڑی مشینیں ایجاد ہو چکی ہیں جو ستاروں کی حرکات کا مشاہدہ کر لیتی

(۱) النمل ۲۷/۱۹،۱۸

marfat.com
Marfat.com

ہیں لیکن ابھی تک ایسا کوئی آلہ ایجاد نہ ہوسکا جو چیونٹیوں کی باتیں سن سکے اور انکے کلام کو سمجھ سکے۔ حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی آواز کو کیسے سنا اور کیسے سمجھا تو جواب بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

**كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِىْ يَسْمَعُ بِهٖ:**

میں بندے کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔

جس کے کانوں میں الٰہی قوت وطاقت اور انوار ہوں اس کے سامنے ایسی چیزوں کی کیا اہمیت ہے؟ یہ مقام ایک ولی کو ملتا ہے، مقرب بارگاہ الٰہی کو ملتا ہے کہ اللہ اسکے کان اور آنکھیں بن جاتا ہے تو جو ذات مقام نبوت پر فائز ہو اس پر کرم الٰہی کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

اس امت میں انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام سے فیض لینے والے ان افراد کی کمی نہیں جن کے سمع وبصر میں انوار الٰہیہ سرایت کر چکے ہوں پھر وہ قرب وبعد کی ہر چیز کی آواز باذن اللہ سن لیتے ہیں۔

ہمارے اسلاف میں حضرت صالح مُرّیٰ رضی اللہ عنہ گزرے ہیں علامہ عبدالرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا ان کے بارے میں تبصرہ ملاحظہ ہو

**وَكَانَ يَسْمَعُ كَلَامَ الْمَوْتٰى، وَيُخَاطِبُوْنَهٗ وَيَعِظُوْنَهٗ وَيَقُوْلُوْنَ لَهٗ : قَدْ وَجَدْنَا كَذَا حَقًّا وَكَذَا وَكَذَا.**

حضرت صالح مُرّیٰ رحمۃ اللہ علیہ اموات کے کلام کو سنا کرتے تھے وہ ان کے مخاطب ہوتے اور انہیں نصیحت فرمایا کرتے تھے اور ان سے کہتے تھے ہم ایسے سچ پایا ایسے ایسے پایا۔

Marfat.com

یہ اموات کے کلام کو کیسے سن لیتے جواب واضح ہے وعدہ الٰہی ہے کُنتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ ہے۔ میں اس کی سماعت بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم ہوا اور ان کی سماعت میں جلال الٰہی کا نور سرایت کر گیا تو پھر ان کی باتیں بھی سن لیتے جو اس دار فانی سے کوچ کر چکے ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس برصغیر کے نامور صاحب نسبت عالم دین ہیں علم حدیث کے سلسلہ میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں لطف یہ کہ خطہ پاک وھند کے تمام مسالک کے نزدیک یہ حجت ہیں۔ اب آیئے ان کے قلم سے نکلے ہوئے چند کلمات ملاحظہ ہوں:

نیز یہ فقیر اپنی ماں کے پیٹ میں جنین کی صورت میں تھا۔ حضرت والا نے ایک بھکارن کو فی سبیل اللہ نصف روٹی دی۔ پھر اسے دوبارہ بلا کر نصف دوسری بھی دی اور کہا یہ بچہ جو ابھی جنین ہے کہتا ہے کہ خدا کی راہ میں پوری روٹی دینی چاہیئے۔ (انفاس العارفین=/۱۰۶)

سبحان اللہ! حضرت شاہ عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ کی قوت سماعت پر قربان جائیں کہ ماں کے پیٹ میں بچہ کے کلام کو سن لیتے ہیں۔ انہوں نے سنا وجہ واضح ہے کہ فرمان خداوندی ہے کُنتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ ہے میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔ اللہ کی عطا وکرم نوازی سے ان کے کانوں میں وہ قوت پیدا ہوئی کہ جنین کی آواز سن لیتے ہیں اور سمجھ بھی لیتے ہیں۔ اور اس جنین (حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ) پر بھی لطف الٰہی ملاحظہ ہو کہ ابھی اس دار فانی میں آئے نہیں بلکہ ماں کے پیٹ میں ہیں اور حالت جنین میں ہیں پھر بھی آداب شریعت کے واقف ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم۔

## کُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ:

مرادرسول امیرالمومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں سرزمین نہاوند میں جہاد جاری ہے اھل اسلام کی جمعیت حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کی زیر قیادت دشمنانِ اسلام سے نبرآزما ہے۔ حضرت ساریہ پہاڑ کواوٹ میں لیکر دشمن سے لڑ رہے ہیں دشمن نے موقع غنیمت سمجھا اور پچھلی جانب ہوکر پہاڑ پر چڑھنے لگے اگر وہ پہاڑ پر چڑھ جاتے تو پورا لشکر اسلام ان کے تیروں کی زد میں تھا۔ حضرت ساریہ کی توجہ اس جانب نہ تھی۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں منبر نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جلوہ افروز خطبہ جمعہ دے رہے تھے چ (میں اسکی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے) کا اظہار یوں ہوا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دوران خطبہ ہی ارشاد فرمایا دیا: یَاسَارِیَۃُ الْجَبَلَ، یَاسَارِیَۃُ الْجَبَلَ

اے ساریہ! پہاڑ کا خیال رکھو، اے ساریہ! پہاڑ کا خیال رکھو۔

یہ آواز سینکڑوں میل کی مسافت طے کر کے حضرت ساریہ کے کانوں سے ٹکراتی ہے اور وہ دشمن کی اس چال سے محفوظ ہو جاتے ہیں اور لشکر اسلام فتح و نصرت ملتی ہے۔

اس روایت پر بحث کرتے ہوئے علامہ محمد ناصر الدین الالبانی لکھتے ہیں: فَالْقِصَّۃُ ثَابِتَۃٌ" صَحِیْحَۃٌ" وَھِیَ کَرَامَۃٌ" اَکْرَمَ اللّٰہُ بِھَا عُمَرَ حَیْثُ اَنْتَزَبِہٖ جَیْشَ الْمُسْلِمِیْنَ مَنَ الاَسْرِاَوِالْفَتْکِ بِہٖ۔[1]

---

(۱) سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ ۳/۱۰۴

Marfat.com

پس یہ قصہ ثابت ہے اور صحیح ہے یہ کرامت ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر کو عزت بخشی ایسے کہ ان کے ذریعے مسلمین کے لشکر کو قید یا قتل ہونے سے بچالیا۔

سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کرامت ملاحظہ ہو۔

ابن علوان کہتے ہیں

میں رحبہ میں کسی غرض سے گیا تو میں نے وہاں ایک جنازہ دیکھا میں اس کے ساتھ ہولیا کہ صلاۃ الجنازہ ادا کروں میری نظر ایک عورت پر پڑگئی جو پردہ سے نہ تھی تو میں نے نظریں چرا کر اس کی طرف دیکھا پھر میں نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا اور اللہ سے استغفار کیا۔

پھر میرے دل میں آیا کہ اپنے پیر و مرشد حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ میں حاضری دینی چاہیئے تو میں بغداد اتر گیا اور آپ کی منزل پر حاضر ہوا میں دروازہ پر دستک دی تو حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

اُدْخل اَبَاعُمَرَ! تَذْنِبُ بِالرَّحْبَۃِ وَانَسْتَغْفِرُلَکَ بِبَغْدَادَ.

اے ابوعمر! اندر آجاؤ تم سوق الرَّحْبَہ میں گناہ کرتے ہو اور ہم بغداد میں تیرے لئے استغفار کرتے ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کو کیسے نظر آیا کہ ان کا مرید سوق الرَّحْبَہ میں ارتکاب گناہ کررہا ہے اور وہ وہیں بغداد میں اس کے لیے بارگاہ لم یزل میں استغفار کرتے ہیں۔ یہ حدیث پاک اس مسئلہ کو بالکل واضح کردیتی ہے کہ

کُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ اللہ فرماتا ہے میں اسکی آنکھیں بن جاتا ہوں جن

marfat.com
Marfat.com

سے وہ دیکھتا ہے۔اگرنور جلال الٰہی حضرت عمر کی نگاہ میں آتا ہے تو مدینہ طیبہ بیٹھ کر نہاوند کے معرکہ کا مشاہدہ کرتے ہیں اور یہی نور بطفیل عمر حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی نگاہ میں آتا ہے تو وہ بغداد میں بیٹھ کر سوق الرَّحْبَہ میں گناہ میں مرتکب اپنے مرید کا مشاہدہ کر لیتے ہیں۔یہ کمال حقیقت میں نورالٰہی کا ہے جس کے کرم سے نگاہ حجابات کو چیر جاتی ہے۔

حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ ارشاد گرامی بھی اس حدیث پاک کی عملی تشریح ہے:

نَظَرْتُ اِلٰی بِلادِ اللّٰهِ جَمْعاً

کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُكْمِ اتِّصَالِ

میں نے اللہ کی بلاد کو دیکھا جیسے ہاتھ کی ہتھیلی پر رائی کا دانہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِيْ عَنْ اُمَّتِيَ الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ وَمَا اسْتُكْرِهُوْا عَلَيْهِ. حَدِيْث'' حَسَن'' رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ وَغَيْرُهُمَا.

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا

بے شک اللہ تعالیٰ میری خاطر میری امت سے درگزر کیا ہے بھول چوک کو اوران امور سے بھی جو مجبوراً ان سے کروائے جائیں۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الکبریٰ للبیہقی | رقم الحدیث (۱۵۰۹۴) | جلد۷ | صفحہ۵۸۴ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۷۲۱۹) | جلد۱۶ | صفحہ۲۰۲ |
| قال شعیب الارنووط: | اسنادہ صحیح علیٰ شرط البخاری | | |
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۲۰۴۵) | جلد۲ | صفحہ۵۱۸ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۱۶۷۵) | جلد۲ | صفحہ۱۷۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے خطا ونسیان کو اس امت پر معاف کر دیا ہے یعنی جو کام غلطی سے ہو جائے یا بھول کر ہو جائے پروردگار عالم اس کو معاف فرما دیتا ہے۔

**اَلْخَطَاءُ : هُوَ اَنْ يَقْصِدَ بِفِعْلِهٖ شَيْئاً فَيُصَادِفُ فِعْلُهٗ غَيْرَ مَاقَصَدَ بِهٖ.**

اپنے فعل کے ساتھ کسی چیز کا قصد کیا ہو لیکن اس فاعل کا فعل غیر مقصود سے مل گیا یہ خطا کہلاتا ہے یعنی ایک کام کرنے کا ارادہ ہے لیکن وہ کام نہ ہو سکا بلکہ غلطی سے دوسرا کام ہو گیا۔

**اَلنِّسْيَانُ : اَنْ يَكُوْنَ ذَاكِراً لِشَيْئٍ فَيَنْسَاهُ عِنْدَ الْفِعْلِ.**

ایک آدمی کو کوئی چیز یاد ہے لیکن عندالفعل اسے بھول گیا اسے نسیان کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک ہے

**لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَا اَخْطَأْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَاقَصَدَتْ قُلُوْبُكُمْ.**

تم پر کوئی حرج نہیں جو کام تم نے غلطی سے کر لیا لیکن جس کام کو تم نے عمداً کیا (اس پر مؤ خذہ ہوگا)

سورۃ البقرہ کے آخر میں دعا کے یہ کلمات بھی ہیں

**رَبَّنَا لا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا.**

اے ہمارے رب ہم سے مواخذہ نہ فرمانا جو ہم بھول گئے یا جو ہم غلطی سے کر گئے۔

**عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا نَزَلَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى رَبَّنَا لا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا قَالَ اللّٰهُ : قَدْ فَعَلْتُ.**

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۲۶) | جلد ا | صفحہ ۸۲ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۹۲) | جلد ۴ | صفحہ ۷۰ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا یہ قول نازل ہوا رَبَّنَا لا تُوَاخِذْنَا اِنْ نَسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا میں نے ایسا کرلیا ہے۔

-☆-

اللہ! اللہ! اس امت پر خالق و مالک کی یہ مہربانی۔ اللہ ذوالجلال کا یہ لطف و کرم کس وجہ سے یہ عنایت کس سبب سے؟ حدیث پاک کے الفاظ مبارکہ خود وضاحت کررہے ہیں۔

**اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِیْ عَنْ اُمَّتِیْ الْخَطَأَ وَالنِّسْيَانَ وَمَا اسْتُكْرِهُوْا عَلَيْهِ.**

اللہ تعالیٰ نے میری وجہ سے میری امت سے تجاوز فرمایا..........

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۹۹۲) | جلد ۳ | صفحہ ۲۰۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث (۵۴۳۴) | جلد ۴ | صفحہ ۳۹۱ |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۳۱۳۲) | جلد ۲ | صفحہ ۳۱۴ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاہ | | |
| التلخیص بذیل المستدرک | | جلد ۲ | صفحہ ۳۱۴ |
| قال الذھبی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للنسائی | رقم الحدیث (۱۱۰۵۹) | جلد ۶ | صفحہ ۳۰۷ |
| مسند الامام احمد | | جلد ۱ | صفحہ ۲۳۳ |
| المستدرک للحاکم | | جلد ۲ | صفحہ ۲۸۶ |

marfat.com
Marfat.com

یہ مہربانی یہ لطف وکرم حضور-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے صدقے ہے۔ اے نبی کریم-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے لاڈلے امتی! دیکھ اللہ تعالیٰ نبی کریم-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے صدقے کتنا مہربان ہے جس نبی-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- کے صدقے مہربان ہے تو بھی اس نبی اطہر-صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- پر دل وجان سے فدا ہو جا۔ آپ کے ارشادات کو حرز جاں بنالے، دونوں جہاں کے مقدر تیری جھولی میں ہونگے۔

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عُمَرَ -رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا- قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ -صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ -بِمَنْکَبِیَّ فَقَالَ کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ" اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ- رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا- یَقُوْلُ: اِذَا اَمْسَیْتَ فَلاَ تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَاِذَا اَصْبَحْتَ فَلاَ تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَخُذْ مِنْ صِحَّتِکَ لِمَرَضِکَ وَمِنْ حَیَاتِکَ لِمَوْتِکَ. رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(٦٤١٦) | جلد٤ | صفحہ٢٠١٦ |
| تحفۃ الاشراف | رقم الحدیث(٧٣٨٦) | جلد٦ | صفحہ٢٨ |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث(١١٥٧) | | جلد٣ | صفحہ١٤٧ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث(١٦٠٤) | جلد١ | صفحہ٤٥١ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث(١١٣٦) | جلد١ | صفحہ٥٣٢ |
| ریاض الصالحین | رقم الحدیث(٤٧٥) | | صفحہ٢٢٦ |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث(٤٨٩٩) | جلد٤ | صفحہ١٣٩ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب / رقم الحدیث(٣٣٤١) | | جلد٣ | صفحہ٣٠٥ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث(٢٣٣٣) | جلد٣ | صفحہ٢٩٩ |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(٢٣٣٣) | جلد٢ | صفحہ٥٣٨ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے میرے کندھوں کو پکڑا پھر ارشاد فرمایا: دنیا میں ایسے ہو جاؤ گویا کہ تم مسافر ہو یا راستہ عبور کرنے والے ہو۔ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار نہ کرو اور جب تم صبح کرو تو شام کا انتظار نہ کرو اور اپنے زمانہ صحت میں اپنی بیماری کے لئے اور اپنی حیات میں اپنی موت کے لئے (نیک اعمال کا ذخیرہ) کرو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۴۱۱۴) | جلد۴ | صفحہ۴۷۰ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۳۳۴۸) | جلد۳ | صفحہ۳۴۸ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۶۵۱۲) | جلد۳ | صفحہ۵۱۶ |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۴۷۶۴) | جلد۴ | صفحہ۳۸۹ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۵۰۰۲) | جلد۴ | صفحہ۴۷۸ |
| قال احمد محمد شاکر: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث (۶۹۸) | جلد۲ | صفحہ۴۷۱ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث (۱۳۴۷۰) | جلد۱۲ | صفحہ۳۰۴ |
| المسند الجامع | رقم الحدیث (۱۰۹۴/۸۲۵۳) | جلد۱۰ | صفحہ۸۰۷ |

Marfat.com

## اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ :

ایک بندہ مومن دنیا میں مسافر سے بھی ایک ہاتھ آگے بے رغبت ہوتا ہے کہ اس کی حیثیت ایک راہ گزرنے والے کی سی ہوتی ہے۔ جب انسان راہ گزر رہا ہوتو وہ راستہ میں نہ جائیداد بناتا ہے نہ کوئی کام کرتا ہے بلکہ گزرنے والا پیچھے مڑ کر بھی نہیں دیکھتا اھل ایمان اس دارفانی میں ایمان کی نوری قندیل پاس رکھتے ہیں اور ظلمت خانہ دنیا میں تیزی سے گزرتے ہوئے توبہ استغفار سے راستہ کی رکاوٹوں کو دور کرتے ہیں وہ پیچھے مڑ کر بھی نہیں دیکھتے بلکہ وہ رضائے الٰہی کی ضیاء بار مشعل کی معیت میں منزل کی جانب رواں دواں رہتے ہیں اپنی پونجی اپنا اثاثہ دشمن کی دست برد سے محفوظ رکھتے ہیں انکی زبان وقلب وقالب حرکت میں رہتی ہے یہ اس وقت تک متحرک رہتی ہے جب تک دنیا سے جانے کا بلاوا نہیں آجاتا ان کا ایمان وعمل محفوظ ہوتا ہے اس لیے ان کی دنیا سے رخصی قابل دید ہوا کرتی ہے۔ انکی دنیا سے رخصتی کے منظر کو دیکھ کر کئی بیگانے اپنے بن جایا کرتے ہیں۔

کوئی عقل مند مسافر خانہ میں دل نہیں لگایا کرتا اور گزرگاہ کو اپنا وطن نہیں سمجھتا۔ مسافر خانہ میں جو آیا ہے اس نے وہاں سے کوچ کر جانا ہے گزرگاہ میں کسی کو قیام کی اجازت نہیں ہوا کرتی۔ مسافر خانہ کو اپنا وطن سمجھ کر سنگریزے اکٹھے کرنے والا انتہائی احمق ہوا کرتا ہے۔ حالت سفر میں انسان ہلکا پھلکا اچھا لگتا ہے اتنا بے فائدہ سامان اکٹھا کر لینا کہ اسے اٹھانا ہی مشکل ہو یہ کہاں کی دانشمندی ہے۔

حضور سید العالمین رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس دنیا کو ایک مسافر خانہ قرار دیا حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسافر خانہ قرار دینے سے یہ بات عیاں ہوگئی کہ اصل وطن اور

marfat.com
Marfat.com

گھر کوئی اور ہے اصل وطن وہی ہے جس کی جانب ہم کوچ کرتے جارہے ہیں۔اس مسافر خانہ-دنیا میں دل نہیں لگانا چاہیے بلکہ اپنے اصلی گھر کو کوچ کی فکر کرنی چاہیے۔یہاں اپنے لئے سنگریزے اکٹھے کرلیں کہ انہیں اٹھایا ہی نہ جاسکے اور اپنے سر پر کوڑا کرکٹ کا بوجھ اٹھا کر اپنے گھر چلتے جانا کسی عقل مند کا شیوہ نہیں۔

ہمارا اصلی وطن دارآخرت ہے اس وطن کو جاتے ہوئے متاع دنیا کو اکٹھا کرنا،متاع دنیا آخرت میں کوڑا کرکٹ سے زیادہ بدبودار ہے،انسان کے لئے اپنے اصلی وطن میں باعثِ شرمندگی ورسوائی ہے۔

انسان اپنے گھر اپنے اہل خانہ کے لئے دولت لے کر جایا کرتا ہے آخرت میں جانے کے لئے دولت ایمان ہے اس دنیا میں رہتے ہوئے جو ایمان بچا کر چلا گیا وہ اپنا اصل زر بچا کر نکل گیا اور جس نے اپنے ایمان کے ساتھ عمل صالح بھی کئے وہ اپنی تجارت میں خوب نفع کما کر گیا ہے۔

اے ارحم الراحمین !اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے ہمیں حقیقت سمجھنے کی سعادت عطا فرما اور ہمیں فکر آخرت کی وہ دولت نصیب فرما جس سے ہمارا ایمان محفوظ رہے اور اعمال صالحہ سے معمور ہو کر اس دار فانی سے کوچ کریں۔

شیخ الاسلام امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وقالوا فی شرح هذا الحديث معناه :

لاتركن الى الدنيا ولا تتخذها وطنا ولا تحدث نفسک بطول البقاء فيها ولا بالا عتنا بها ، ولا تتعلق منها الابما يتعلق به الغريب فی غير وطنه ولا

**تشتغل فیھا بما لا یشتغل بہ الغریب الذر یرید الذھاب الی اھلہ وباللّٰہ التوفیق.**(۱)

علماء کرام اس حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے اس کا مفہوم ومعنی یہ بیان کرتے ہیں:
تم دنیا کی طرف زیادہ مائل نہ ہوجاؤ اور نہ ہی اسے اپنا وطن قرار دو اور اس دار فانی میں لمبا عرصہ رہنے اور اس پر زیادہ توجہ دینے کا پروگرام نہ بناؤ۔ اور تم اس دنیا میں اتنا ہی تعلق رکھو جتنا ایک مسافر پردیس میں تعلق رکھتا ہے اور اس دار فانی میں زیادہ مشغول نہ ہوجاؤ اس طرح جس طرح ایک مسافر جو اپنے اھل خانہ کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہے غیر وطن میں وابستگی نہیں رکھتا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حضور سید المرسلین صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پڑھایا ہوا یہ سبق خوب یاد رکھا آپ نے زندگی بھر ایک مسافر کی طرح وقت گزارا اس دنیا کو قیام گاہ نہیں بلکہ گزرگاہ تصور کیا پھر یہی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے۔

**اذا امسیت فلا تنتظر الصباح واذا اصحبت فلا تنتظر المساء وخذمن صحتک لمرضک ومن حیاتک لموتک .**

اے اللہ کے بندے! اے حضور سید المرسلین صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی! جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار نہ کرو، اور جب صبح کرو تو شام کا انتظار نہ کرو یعنی ہر صبح کو اپنی آخری صبح تصور کرو اور ہر شام کو اپنی زندگی کی آخری شام خیال کرو۔ جو آدمی اپنی زندگی کی صبحیں اور شامیں اس تصور میں گزارتا ہے وہ یقیناً گناہ اور نافرمانی سے کوسوں دور ہے کیونکہ جسے معلوم ہے کہ آج میں نے بارگاہ علیم وخبیر میں حاضر ہونا ہے تو وہ اپنے تمام اعمال کا حساب لیگا اپنے جرم و

(۱) ریاض الصالحین

marfat.com
Marfat.com

عصیاں پر نادم ہوگا اور بارگاہ ایزدی میں دست بدعا ہوگا اور عرض کرے گا اے علیم وبشیر اے رحیم وکریم میرے گناہ معاف فرمادے میری لغزشیں معاف کردے میرے اعمال سے درگزر فرما۔ پھر وہ مرد مومن یہاں تک بس نہ کرے گا بلکہ وہ اس بات کا خیال رکھے گا کہ اس کی زندگی کا کوئی سانس یادالٰہی کے بغیر نہ گزرے اس کی زندگی کا ہر لمحہ اللہ کی رضا میں بسر ہو یقیناً ایسا آدمی سزاوار رحمت الٰہی ہے۔

## دنیا-دارِفانی:

یہ زمین اور اس کی وسعت، یہ پہاڑ اور ان کی بلندی وصلابت یہ دریا اور ان کی روانی یہ سمندر اور ان کی اٹھتی موجیں یہ درخت یہ سبزہ یہ جانور یہ چرند یہ پرند سب فانی اور ختم ہونے والے ہیں۔ یہ آگ برساتا ہوا سورج اور اس کی شعائیں یہ چمکتا چاند اور اس کی کرنیں یہ نیلگوں آسمان اور اس کے جگمگاتے تارے سب فنا کے داغ سے داغدار ہیں ان میں سے کسی کو بھی دوام نہیں یہ سب کچھ مٹ جانے والا ہے۔

انسان اشرف المخلوقات کا تاج سر پر سجائے اس عالم رنگ وبو میں وارد ہوا یہ عزت و کرامت کی خلعت زیبا سے مزین ہو کر اس کرہ ارض پر جلوہ گر ہوا یہ اس جہان دنیا میں ایک وقت مقررہ تک رہنے کے لئے آیا ہے پھر اس نے اس عالم سے کوچ کر جانا ہے اگر وہ اس حقیقت کو سمجھ گیا اور اس نے عالم بقا کے لئے کچھ زادِراہ تیار کرلیا اور اپنا ایمان سلامت لے گیا تو وہ واقعی اشرف المخلوقات ٹھہرا اور اگر وہ اس دنیا کی رنگینیوں میں کھو گیا اس کے فریب میں آ کر اپنا ایمان ضائع کر گیا تو پھر وہ تمام مخلوقات سے نیچے چلا گیا اور اس کی اللہ کے ہاں کوئی قدر و منزلت نہ ٹھہری۔

Marfat.com

اے فرزندانِ اسلام! آیئے اس عالم میں اپنا دِل نہ لگائیں یہ فانی ہے اس کی اشیاء فانی یہ ختم ہونے والا اس کی لذات تباہ ہونے والی اس لئے اس تباہی کے گھر کو اپنا گھر نہ سمجھیں بلکہ یہاں سے کوچ کی تیاری کریں اور اپنے اصلی وطن جانے کیلئے سامان باندھ لیں کسی وقت بھی بلاوا آ سکتا ہے۔ جب بھی بلاوا آئے اپنا ایمان ساتھ لے جائیں اگر ایمان سلامت گیا تو زہے نصیب! سمجھیے زندگی کی بازی جیت گئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس حقیقت سے آگاہی بخشے اور دارِ باقی کی جانب روانگی کے لئے مستعد رہنے کی سعادت ارزانی فرمائے۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، كِلَا هُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ يَحْيَى : اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ قَالَ : سَمِعْتُ

اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ –:

يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلَاثَةٌ" ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى وَاحِد" ، يَتْبَعُه أَهْلُهُ وَ مَالُهُ وَعَمَلُهُ فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَيَبْقَى عَمَلُهُ .

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۹۶۰/۷۲۹۰) | جلد ۱۱ | صفحہ ۲۳۱ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۶۵۱۴) | جلد ۴ | صفحہ ۲۰۴۲ |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۷۹) | جلد ۳ | صفحہ ۳۲۱ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۷۹) | جلد ۲ | صفحہ ۵۵۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- فرماتے ہیں کہ حضور رسول اللہ -صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

تین چیزیں میت کے پیچھے لگتی ہیں اس کے اھل خانہ، اس کا مال اور اس کا عمل۔ پس ان میں سے دو لوٹ آتی ہیں اور ایک میت کے ساتھ رہتی ہے۔ اس کے اھل خانہ اور اس کا مال

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۹۳۶) | جلد ۴ | صفحہ ۳۵۴ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث (۱۹۳۶) | جلد ۲ | صفحہ ۳۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۵۱۶۷) | جلد ۳ | صفحہ ۱۰۷ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۴۰۰۹) | جلد ۳ | صفحہ ۴۱۸ |
| قال المحقق: | متفق علیہ | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۲۰۱۹) | جلد ۱۰ | صفحہ ۳۵۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۴۷۲۷) | جلد ۴ | صفحہ ۶۸ |
| قال المحقق: | صحیح | | |
| صحیح الترغیب والترھیب | رقم الحدیث (۳۲۳۰) | جلد ۳ | صفحہ ۲۶۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ریاض الصالحین | رقم الحدیث (۴۶۵) | | صفحہ ۲۲۳ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۴۲۶۸۷) | جلد ۱۶ | صفحہ ۶۷۵ |
| کنز العمال | رقم الحدیث (۴۲۷۶۱) | جلد ۱۶ | صفحہ ۶۹۰ |

Marfat.com

واپس لوٹ آتے ہیں اور اس کا عمل میت کے ساتھ رہتا ہے۔

-☆-

اس حدیث پاک میں انسان کو ایک بہت بڑی حقیقت سے آشنا کیا گیا ہے۔آج انسان دنیا کی رنگینیوں میں یوں مست ہے کہ آخرت کو بھول چکا ہے وہ اپنے مال و دولت سے محبت کرتا ہے ہر وقت اسے بڑھانے کی فکر میں رہتا ہے جائز و ناجائز کی تمیز اٹھ چکی ہے مال اکٹھا کرنے کے لئے ہر حربہ استعمال کیا جاتا ہے۔صبح و شام اسی فکر میں بسر ہوتے ہیں حالانکہ یہی مال جب انسان پر موت آئے گی اس کا ساتھ چھوڑ جائے گا یہ مال ورثاء کا ہو جائے گا،اس چیز کے لئے اپنی زندگی کی قیمتی بہاریں صرف کرنا جو وفا سے خالی ہے کہاں کی دانشمندی ہے۔

انسان اپنے اھل و عیال اور اپنی اولاد سے محبت کرتا ہے اور بسا اوقات ان کی محبت میں یوں اندھا ہوتا ہے کہ **الامان الحفیظ** ۔ان کو خوش رکھنے کے لئے دن رات محنت کرتا ہے ان کو آرام پہنچانے کے لئے اپنا راحت و آرام قربان کرتا ہے ان کی خواہشات کی تکمیل کے لئے اکثر حدود شریعہ کو بھی پھلانگ جاتا ہے لیکن اسے خبر نہیں کہ یہ اھل و عیال ، یہ اولاد و اطفال وقت آنے پر اس سے بچھڑ جائیں گے اسے قبر تک پہنچا کر واپس آ جائیں گے پھر جیسے جیسے وقت گزرتا جائیگا وہ اسے فراموش کرتے جائیں گے۔ ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے۔اولاد و عیال کے لئے حد سے تجاوز سراسر گھاٹے کا سودا ہے اور باعث پشیمانی ہے۔

اعمال انسان کے رفیق ہیں یہ وفاداری کریں گے انسان کے ساتھ اس کی قبر میں بھی جائیں گے ایسے رفیق اور وفادار کے لئے کچھ کرنا چاہیے زندگی کے ان لحات میں اعمال صالحہ بجا لانے چاہئیں تا کہ ان کا حسن و جمال انسان کو قبر میں راحت پہنچائے اگر انہی اعمال کا خیال

marfat.com
Marfat.com

نہ رکھا گیا بلکہ اعمال بد سے رغبت ہوگئی تو یاد رہے یہ رفیق قبر ہیں اور قبر میں اگر برے اعمال ساتھ گئے تو وہاں چین کیسے ملے گا۔اس لئے دانا و بینا انسان اس حیاتِ مستعار کے لمحات کو ضائع نہیں کرتا بلکہ تمام لمحات رضائے الٰہی میں بسر کرتا ہے اسے معلوم ہے کہ یہ اعمال اس کی قبر میں اس کے ساتھ داخل ہوں گے اور اعمال صالحہ قبر والے کے راحت و آرام کا ذریعہ بنیں گے۔

محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت نور منور مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کس محبت بھرے انداز سے اعمال صالحہ کے بجالانے کی ترغیب دیتے ہیں۔

مخدوم ومکرم شفقت آثار! کام کا وقت نکلا جارہا ہے اور ہر لمحہ جو گزر جاتا ہے عمر کو کم کر جاتا ہے اور وقت مقررہ کو قریب کرتا ہے۔آج اگر آگاہ نہ ہوئے تو کل سوائے حسرت وندامت کے اور کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔اہتمام کرنا چاہیے کہ ان چند دنوں میں روشن شریعت کے مطابق زندگی گزر جائے تاکہ نجات متصور ہو۔یہ وقت عمل کا وقت ہے۔عیش وآرام کا وقت آگے ہے جو کہ اس عمل کا پھل ہے کام کے وقت عیش کرنا اپنی کھیتی کو برباد کرنا ہے اور اس کے پھل سے محروم رہنا ہے۔(مکتوبات امام ربانی مکتوب ۸۹ دفتر دوم)

**حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّىٰ وَابْنُ بَشَّارٍ – وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّىٰ – قَالَا : حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جعفرٍ : حَدَّثَنَا شُعبة" عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ**

**عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ – رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – أَنَّهُ قَالَ :**

**اللَّهُمَّ ! لا عَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الآخِرَةِ**

Marfat.com

فَاغْفِرِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَة .

## ترجمة الحديث:

حضرت انس بن مالک -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے اللہ کی بارگاہ میں (یوں) عرض کی

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۱۸۰۵/۴۵۹۲) | جلد۸ | صفحہ۵۰۲۱ |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث (۳۷۹۵) | جلد۳ | صفحہ۱۱۶۱ |
| السنن الکبریٰ (للنسائی) / رقم الحدیث (۸۲۵۷) | | جلد۷ | صفحہ۳۷۶۱ |
| سنن الترمذی عن سہل بن سعد / رقم الحدیث (۳۸۵۶) | | جلد۴ | صفحہ۵۳۲ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح غریب | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۳۸۵۶) | جلد۳ | صفحہ۵۶۶ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۲۱۱۷) | جلد۱۰ | صفحہ۳۷۹ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۱) | رقم الحدیث (۷۴۲) | جلد۱ | صفحہ۴۰۲ |
| قال محمود محمد محمود: | الحدیث صحیح | | |
| سنن ابن ماجہ (۲) | رقم الحدیث (۷۴۲) | جلد۲ | صفحہ۶۲ |
| قال بشار عواد معروف: | اسنادہ صحیح | | |
| صحیح سنن ابن ماجہ | رقم الحدیث (۶۱۱) | جلد۱ | صفحہ۲۳۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| ریاض الصالحین | رقم الحدیث (۴۶۴) | | صفحہ۲۲۳ |
| قال النووی: | متفق علیہ | | |

marfat.com
Marfat.com

اے اللہ! نہیں ہے زندگی مگر آخرت کی زندگی

پس انصار ومھاجرین کی مغفرت فرما۔

-☆-

کچھ مواقع ایسے ہوتے ہیں کہ شیطان اھل ایمان کو راہِ حق سے پھسلانے میں اپنی سعی صرف کرتا ہے اور اکثر ایسے مواقع سے شیطان فائدہ اٹھا جاتا ہے ان میں سے ایک تنگ دستی کا وقت ہے جب انسان افلاس زدہ ہو غربت نے اس کے گھر ڈیرے جمائے ہوں فاقہ سے اس کے اھل خانہ کی حالت غیر ہو ایسے موقع پر شیطان وسوسہ اندازی کی پوری کوشش کرتا ہے اور اھل ایمان سے ان کا ایمان چھین لینے کی تگ ودو کرتا ہے۔

دوسرا موقع جب مال ودولت کی فراوانی ہے۔ عیش وعشرت کا بسیرا ہے کسی قسم کی تکلیف وپریشانی نہ ہو ایسے موقع پر شیطان اپنا کام کر جاتا ہے۔ جس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ انسان اللہ سے غافل ہو جاتا ہے یہ غفلت کے پردے گہرے ہی ہوتے چلے جاتے ہیں جن کے سبب اس کا شمعِ ایمان گل ہو جاتا ہے اور اس میں نور نام کی کوئی چیز نہیں رہتی۔

معلم انسانیت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے یہ الفاظ

**اللهم لاعيش الاعيش الآخرة**

دو موقعوں پر ادا فرمائے

ایک غزوہ خندق کے موقع پر جب پورا کفر یلغار کرنے کے لئے مدینہ طیبہ کا رخ کر رہا ہے اس وقت بظاہر حالات بڑے مخدوش نظر آ رہے ہیں۔ بچاؤ بڑا مشکل نظر آ رہا ہے حالات سنگین سے سنگین تر ہوتے جا رہے ہیں اھل اسلام کو ایک جگہ اکٹھا کر کے خندق کھودی جا رہی

Marfat.com

ہے اس عالم میں صبر اور حوصلے کی تلقین کی جارہی ہے اور اسلام کے ماننے والوں کو یہ باور کرایا جارہا ہے کہ یہ دنیا کی زندگی ناپائیدار ہے آخر ایک دن یہاں سے کوچ کر جانا ہے اس لئے اس زندگی کی اتنی فکر نہیں کرنی چاہے اس عالم آب وگل میں ایک وقت مقررہ تک رہنا ہے پھر چلے جانا ہے اگر مصائب وآلام کے بادل آتے ہیں تو گھبرانا نہیں اصل زندگی آخرت کی زندگی ہے وہ زندگی حقیقی زندگی ہے اِنَّ دَارَالْاٰخِـرَةِ لَهِيَ الْحَيَوَان ہمیں ہر کام اُس جہاں کو بہتر بنانے کے لئے کرنا چاہیے یہ حیات مستعار گزر جائے گی اپنی اس زندگی کا ہر لمحہ اخروی زندگی کو سنوارنے کے لئے صرف کرنا چاہیے۔ اس لئے زبان رسالتِ ماب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جاری تھا:

**اللھم لاعیش الاعیش الآخرة**

**فاغفر الانصارو المهاجر ة .**

دوسرا موقع جہاں یہ مبارک کلمات ارشاد فرمائے وہ حجۃ الوداع کا موقع ہے۔ حجۃ الوادع کے موقع پر مسلمانوں کا جم غفیر موجود ہے ان کے چہرے اجلے اور مصفا ہیں ان کی ظاہری صورت ان کے باطن کی خوشی کا پتہ دے رہی ہے کہاں وہ وقت تھا جب مٹھی بھر مسلمان تھے چھپتے چھپاتے مکہ سے کوچ کر رہے تھے آج وہ موقع ہے کہ سوا لاکھ کے قریب مسلمان عرفات کے میدان میں خطبہ مبارک سن رہے ہیں۔ آج اللہ نے انہیں مال ودولت کی فراوانی سے بھی نوازا ہے ظاہری شان وشوکت بھی نصیب ہے مکہ مکرمہ حرم مقدس سلطنت اسلامیہ کا حصہ بن چکا ہے اس عالم میں یہ فرمایا:

**اللھم لا عیش الاعیش الآخرة**

marfat.com
Marfat.com

سننے والوں کو یہ درس دیا جا رہا تھا کہ اس ظاہری شان وشوکت سے نہیں اپنے اصلی گھر دار آخرت کو نہ بھول جانا یہ دنیا چندروزہ ہے یہ گزر جائے گی حقیقی وابدی زندگی دار آخرت کی زندگی ہے۔ جہاں ابدالآباد تک رہنا ہے وہ نہ ختم ہونے والا جہاں ہے اس لئے یہاں جو بھی عمل کرو اُس جہان کو سنوارنے کے لئے کرو یہاں نیکی اور پارسائی کو شعار بناؤ ایسی کوئی حرکت نہ کرنا جس سے کفِ افسوس ملنا پڑے شیطان ازلی وابدی دشمن ہے وہ ہر لمحہ مومن کا ایمان چھیننے کے درپے رہتا ہے پس ایسا نہ ہو کہ دولت کی فراوانی یادِ خدا کو فراموش کر دے بلکہ اس حیات ناپائیدار کا ہر لمحہ یادِ الٰہی میں بسر ہونا چاہیے تاکہ حقیقی عزت وتکریم سے سرفراز کیا جائے۔

حضور سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی کس قدر فکر انگیز ہے:

مَالِیْ وَلِلدُّنیَا اِنَّمَا مَثَلی وَمَثَلُ الدُّنیَا کَمَثَلِ رَاکِبٍ قَالَ فِیْ ظِلِّ شَجَرَۃٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَکَهَا.

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۸۴) | جلد۴ | صفحہ۱۶۷ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۲۳۷۷) | جلد۲ | صفحہ۵۵۴ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۸۵۸) | جلد۸ | صفحہ۲۸۰۲ |
| قال الحاکم: | ھذا حدیث صحیح علی شرط البخاری ولم یخرجاہ | | |
| وقال الذھبی: | علی شرط البخاری ومسلم | | |
| المستدرک للحاکم | رقم الحدیث (۷۸۵۹) | جلد۸ | صفحہ۲۸۰۲ |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ / رقم الحدیث (۴۳۸) | | جلد۱ | صفحہ۷۲۳ |
| قال الالبانی: | حدیث حسن صحیح | | |

Marfat.com

## ترجمة الحديث:

میرا اس دنیا سے کیا کام؟ میری مثال اور دنیا کی مثال ایسے ہے جیسے ایک سوار نے کسی درخت کے نیچے دو پہر کو آرام کیا پھر وہ چلا گیا اور اسے چھوڑ گیا۔

یہ اس ذات اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان مبارک ہے جو مقصود کائنات ہے باقی کسی کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے۔ آیئے کوشش کریں کہ اس دار فانی میں دل نہ لگے دل ہر وقت دار آخرت کی طرف متوجہ رہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی کوشش وسعی کریں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ملاحظہ ہو

**كَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ : اِنَّ الدُّنْيَا قَدِارْتَحَلَتْ مُدْبِرَةً وَاِنَّ الآخِرَةَ قَدِارْتَحَلَتْ مُقْبِلَةً وَلِكُلٍّ مِنْهُمَا بَنُوْنَ،تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الآخِرَةِ وَلا تَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا. فَاِنَّ الْيَوْمَ عَمَلٌ" وَلا حِسَابَ وَغَداً حِسَابٌ" وَلا عَمَلَ.[1]**

دنیا پیٹھ پھیرے کوچ کرنے کی تیاری میں ہے اور آخرت متوجہ ہو کر آنے کی تیاری میں ہے ان دونوں جہاں کے چاہنے والے ہیں اے اللہ کے بندو! ابناء الآخرہ، آخرت کے طلبگار بن جاؤ اور دنیا کے طلبگار نہ بنو آج (دنیا میں) عمل ہے حساب نہیں کل (قیامت کو) حساب ہے عمل نہیں۔

---

مسند الامام احمد رقم الحدیث (۳۷۰۹) جلد ۳ صفحہ ۵۵۶
قال احمد محمد شاکر: اسنادہ صحیح
(۱) جامع العلوم والحکم ۲/ ۳۷۸

marfat.com
Marfat.com

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عمرٍو – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا –، قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :–

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُهَاجِرُ : مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ ـ

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث(۶) | جلد۱ | صفحہ۴۴ |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث(۴) | جلد۱ | صفحہ۱۱۴ |
| قال المحقق: متفق علیہ | | | |
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۱۰) | جلد۱ | صفحہ۲۹ |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۶۵/۴۱) | جلد۱ | صفحہ۶۰۳ |
| سنن الترمذی(مختصراً) | رقم الحدیث(۲۶۲۷) | جلد۳ | صفحہ۴۴۸ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث(۲۶۲۷) | جلد۳ | صفحہ۴۶ |
| قال الالبانی: | حسن صحیح | | |
| سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ | رقم الحدیث(۵۴۹) | جلد۲ | صفحہ۸۹ |

(۱)الموسوعۃ للفقیہ ۸/۳۹

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ -صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

مسلم وہ ہے : کہ مسلمین اس کی زبان اور ہاتھ سے سلامت رہیں اور مہاجر وہ ہے جو ہجرت کر جائے ان امور سے جن سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔

......☆......

ایمان جب کسی کے دل میں بسیرا کرتا ہے تو ایمان کی تمام برکات کی جانب اس کا دل مائل ہوتا ہے۔ جب کوئی خوش قسمت اسلام کو زیب گلو کرتا ہے تو پھر اس کی جملہ خصوصیات پر بھی وہ دل و جان سے فریفتہ ہوتا ہے۔ ایک مرد نیک بخت جب کلمہ طیبہ پڑھ کر حلقہ بگوش اسلام ہو جاتا ہے تو پھر حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جملہ احکامات کو حرز جاں بنایا کرتا ہے آپ کے

| | | | |
|---|---|---|---|
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۸۴۰) | جلد ۱۷ | صفحہ ۱۸۳ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۳۸۴۹) | جلد ۱۷ | صفحہ ۱۸۶ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| مصابیح السنۃ | رقم الحدیث (۳۱) | جلد ۱ | صفحہ ۱۲۳ |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث (۳۳) | جلد ۱ | صفحہ ۵۲ |
| حلیۃ الاولیاء | رقم الحدیث (۳۲۰۳) | جلد ۳ | صفحہ ۲۶ |
| سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۲۴۸۱) | جلد ۲ | صفحہ ۳۳۷ |
| صحیح سنن ابی داؤد | رقم الحدیث (۲۴۸۱) | جلد ۲ | صفحہ ۹۰ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

ارشادات پر عمل وہ دلیل سعادت سمجھتا ہے اپنی اعمال خیر میں سے ایک یہ ہے کہ اھل ایمان اپنی زبان اور ہاتھ کو تابع شریعت کریں۔ان سے ایسا کوئی عمل سرزد نہ ہو جس سے شریعت کی مخالفت کی بو آتی ہو اور ان کا صحیح مصرف یہ ہے کہ ان سے افعال خیر وعافیت سے سرزد ہوں وہ امور بجا لائیں جس سے تمام اھل اسلام راضی وخوش ہوں زبان کی مٹھاس انسان کو گرویدہ بنادیتی ہے۔ سچ کی سعادت اسے اللہ کے ہاں محبوب کردیتی ہے۔مردمومن اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے کہ یہ مرکز خیر تو رہتی ہے اس سے شر کا گزر نہیں ہوتا جھوٹ، غیبت، چغلی، گالی گلوچ سے یہ بچی رہتی ہے۔اھل اسلام کے لئے اچھے کلمات استعمال کرتی ہے۔ان کی عزت وآبرو سے نہیں کھیلتی اس طرح مرد مومن کا ہاتھ بھی کسی کو اذیت نہیں دیتا دست درازی نہیں ہوتی کسی سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا کسی کا سامان نہیں اٹھایا جاتا کسی کو کوئی تکلیف نہیں دی جاتی ہے تو ایسا آدمی پوری طرح اللہ کے کرم سے آراستہ ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کی چاشنی سے بہرہ ور ہے۔تو گویا یہ کامل الاسلام ہے اس کے اس کمال اسلام کو ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے:

سَلِمَ المسلم من لسانهِ وَيدهِ ۔

عن ابی هريرة - رضی الله عنه - عن رسول الله - صلّى الله عليه وسلم- قال :

لو كان لی مثل ادرذهباً ، لسترنی ان لا لمر علی ثلاث ايال و عندی منه بشئی الا يشئی ارصده لدين (1)

(1) ریاض الصالحین (۴۶۶) متفق علیہ

Marfat.com

حضرت ابو ہریرہ - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر میرے پاس احد پہاڑ کے برابر سونا ہو تو مجھے اس بات سے خوشی ہو گی کو میری تین راتین اس میں نہ گزریں کہ اس (سونا میں) سے میرے پاس کچھ بھی (میں سب کچھ راہ حق میں تقسیم کردوں) سوائے اتنے حصّے کے جو میں قرض کی ادائیگی کے لئے سنبھال کر رکھ لوں۔

......☆......

حضور سید العالمین محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم زاھد اعظم ہیں۔ دنیا اور متاع دنیا سے کوئی رغبت نہیں آپ کی نگاہِ پاک کے سامنے کل جہاں عیاں ہیں آپ عالم ملک وملکوت کا مشاھدہ فرماتے ہیں آپ کی نگاہ میں عالم دنیا کے علاوہ بالا بھی ہے دائمی وابدی جہاں بھی اس کی اس کی ہمیشہ رہنے والی نعمتیں بھی تو جس ذات اقدس واطہر صلّی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عالم عقبی عیاں ہو اس کی ذات کی نگاہ میں اس عالم ودنیا کی کیا حیثیت رہ جاتی ہے۔

احد پہاڑ جتنا ہونا اللہ اکبر! یہ نہ کہیں ہے اور نہ کسی نگاہ نے دیکھا ہے اگر کل دنیا کا سونا اکٹھا کی اجائے شاید ھر بھی اتنا سونا نہ بن سکے اس کے بارے میں ارشاد گرامی ہے کہ تین دن کے اندر اندر راہ حق میں خیرات کردوں کیوں اس............ کہ اپ اس جہاں میں رہنے کے لئے نہیں آئے بلکہ یہ تو ایک گزرگاہ ہے گزرگاہ کے مال سے دل نہیں لگایا جاتا اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس ناپائیدار کا مال اگر اللہ کی راہ میں خرچ کردیا جائے تو یہ پائیدار ہو جاتا ہے اس سے فنا کی صفت فنا ہو جاتی ہے۔ اور یہ اللہ الکریم کے کرم سے باقی بن جاتا ہے اس کا اجر وثواب عالم آخرت میں ملے گا اور عالم آخرت کا اجر باقی رہنے والا ہے۔

حضور رحمۃ للعالمین صلّی اللہ علیہ وسلم جو............ انسانیت میں آپ نے اپنی امت کو

marfat.com
Marfat.com

ترغیب دی کہ اے میری امت! دیکھ اگر میرے پاس اس قدر دولت ہوتو میں جتنی جلدی ممکن ہو اللہ کی راہ میں خیرات کر دوں تم بھی تو میرا کلمہ پڑھتے ہو میری سنت پر فدا ہو جاؤ میرے طریقے اپنالو ساری کائنات کا خالق و مالک راضی ہو جائے گا۔ یہ جہاں عارضی ہے اس کی نعمتیں بھی عارضی ان عارضی اشیاء سے دل نہیں لگاتے بلکہ ایسا طریقہ استعمال کرتے ہیں جس سے یہ عارضی نعمتیں باقی نعمتوں کا روپ دھار لیں اس لئے ان نعمتوں کو راہ مولیٰ میں خرچ کر دو یہ بھی با قی اور ابدی ہو جائیں گی۔

**الا یشئی ارصده لدین :**

یہ ارشاد گرامی قرض کی اہمیت کو واضح کرنے کے لئے ہے۔ قرض قرض ہے جب تک ادا نہ کیا جائے چھٹکارا نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آخری جملہ ارشاد فرما کہ اپنی امت کو درس دیا کہ راہ حق میں جتنا مال بھی خرچ کرو محمود ہے اس پر ابر و ثواب ملے گا۔ لیکن دیکھنا جس کا قرض دینا ہے اس کا پہلے انتظام کرو قرض کی ادائیگی کی رقم الگ کرلو باقی راہ حق میں خیرات کرو۔ کیونکہ یہ خیرات مستجب کے زمرہ میں آتی ہے۔ لیکن قرض کی ادائیگی تم پر فرض ہے اور فرض ادا کرنا سب سے اہم ہوا کرتا ہے۔

**عن عبد اللّٰه بن عمرو ، حديثه عن النبی – صلّی اللّٰه عليه وسلم – قال : الدنيا سجن المومن و سنتة و فاذ افارق الدنيا فارق السجن و السنة** (1)

حضرت عبداللہ بن عمرو الواص نے بیان فرمایا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) مسند امام احمد (۶۸۵۵) ۶/ ۳۳۸

Marfat.com

دنیا مومن کا قید خانہ اور قحط ہے پس جب وہ دنیا سے جدائی اختیار کرے گا تو قید خانہ اور قحط سے جدائی اختیار کرے گا۔

☆......

جیل جیل ہوتی ہے اسے آزادی پر ترجیح نہیں دی جا سکتی۔ جیل میں انسان قید ہوتا ہے وہاں اسے آزادی نصیب نہیں اگرچہ جیل میں قید افراد کو کھانے پینے کی وافر اشیاء دے دی جائیں پھر بھی وہ جیل کو پسند نہیں کرتا بلکہ آزادی کے لئے تڑپتا ہے۔

دنیا اھل ایمان کے لئے ایک جیل ہے اس جیل میں اگرچہ کسی مومن کو وافر نعمتیں بھی ملیں پھر بھی مومن کا دل اس جیل خانہ میں نہیں لگتا وہ اس جیل پر آزادی کو ترجیح دیتا ہے۔ وہ قید ہونا پسند نہیں کرتا آزاد فضا میں سانس لینے کے لئے بے قرار رہتا ہے۔

دار آخرت میں اھل ایمان کو اتنا وسیع و اعریض جنت ملے گا کہ آج اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

**وسارعو .......... مغفرة من ربکم و جنت عرضها الموات والارض ۔**

اور جلدی کرو اپنے ربّ کی جانب سے مغفرت کی طرف اور جنت کی طرف جس کی چوڑائی آسمانوں اور زمین جتنی ہے۔

اور اھل ایمان کو مقابلہ میں یہ دنیا قید خانہ معلوم ہوتی ہے۔ یہ دنیا ہے کتنی ہو پھر اھل ایمان کا اس کے کتنے حصّہ پر تصرف ہے دار آخرت کے مقابلہ میں یہ دنیا ایک جیل ایک قید خانہ معلوم ہوتی ہے۔ اور جنت کی نعمتیں ابدی و سرمدی نعمتیں ان کے مقابلہ میں یہ انعام قحط سالی کی سے کیفیت معلوم ہوتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

اھل ایمان ہر لحہ اس قید سے آزادی چاہتے ہیں اور اس دینا کے لئے اس جیل کے لئے کچھ نہیں کرتے بلکہ وہ اپنے اھل وطن اپنی آزاد جگہ کے لئے تو شہ کرتے ہیں۔ انہیں یقین کامل ہے کہ ایک دن اس دینا سے اس قید خانہ سے رہائی ملنے والی ہے اور ایک دن جیل سے آزادی ملے گی۔ اس لئے وہ اس جیل خانہ میں دل نہیں لگا یہ کرتے اور ہمیشہ تیاری کی حالت میں رہتے ہیں۔

**فاذا فارق الدنیا فارق السجن و اسنة :**

جب مومن دنیا سے مفارقت اختیار کرے گا تو وہ جیل اور قحط سالی سے چھٹکارا حاصل کرے گا۔ ان الفاظ مبارکہ میں غور کیجئے بلکہ فکر وغور کیجئے۔ جب دنیا سے مومن جائے گا تو جیل خانہ سے نکل جائے گا اور حقیقت میں ایک مومن کی قبر اتنی کشادہ ہوتی ہے کہ یہ دنیا اس قبر کے مقابلہ میں جیل معلوم ہوتی ہے اور قبر میں ایک مومن کو اتنے انعامات ملیں گے کہ اتنا وافر...... دیا جائے گا کو انیا کی نعمتیں اور دنیا کی غذائیں اس مقدار ولذت کے مقابلہ میں قحط سالی کی سی کیفیت معلوم ہونگی۔

اللہ تعالیٰ ہر اھل ایمان کا ایمان محفوظ مامون فرمائے اور اسے تیاری آخرت کی ارزانی فرمائے۔

Marfat.com

**عن سهل بن سعد – رضی الله عنه – قال قال رسول الله – صلّی الله علیه وسلم – انا و کا فل الیتیم فی الجنة هکذا واشار بالسبابة والو سطیٰ و فترج بیهما۔**

حضرت سہل بن سعد۔ رضی اللہ عنہ۔ سے مروی ہے کہ حضور رسول اللہ۔ صلّی اللہ علیہ وسلم۔ نے ارشاد فرمایا:

میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ایسے ہونگے اور آپ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ فرمایا اور ان کے درمیان کشادگی فرمائی۔

......☆......

جیسے جنت مل جائے وہ کامیاب وکامران ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

**و من زحزح من النار وادخل الجنة فقد نار ۔**

جیسے نار جہنم سے دور کردیا گیا اور جنت میں داخل کردیا گیا وہ کامیاب ہوگیا۔ حقیقی کامیابی یہی ہے کہ انسان اللہ کے غضب سے بچ کر اس کی رضا وخوشنودی کی جگہ جنت میں پہنچ

---

ریاض الصالحین (۲۶۲)

صحیح البخاری (۶۰۰۵)

marfat.com
Marfat.com

جائے۔ پھر جنت جنت میں فرق ہے وہ بڑا ہی سعید ہے جیسے جنت کے بلند مدارج نصیب ہیں لیکن اس کی قسمت کا اندازہ کون لگائے جیسے جنت بھی ملے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب و رفاقت ملے سبحان اللہ! ایسے خوش افراد جنہیں جنت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب و رفاقت بھی نصیب ہوگی ان میں ایک یتیم کی کفالت کرنے والا ہے۔

وہ بچہ جس کے سر سے اس کے باپ کا سایہ اٹھ جائے وہ یتیم کہلاتا ہے۔ ایسے بچے کے لئے ہماری اس دنیا میں بے شمار مصائب و آلام ہیں اس کا نو عمری میں قرار و سکون چھن جاتا ہے اس کے مستقبل کے بارے میں طرح طرح کے شکوک و شبہات جنم لیتے ہیں۔ کیونکہ یہ دنیا ہے یہاں کسی کو پھلتا پھولتا دیکھنے والے کم ہیں اور کسی کو رنج والم میں مبتلا دیکھ کر بغلیں بجانے والے زیادہ ہیں۔ اس خودغرضی کے گھر میں جو مومن کسی یتیم کا خیال رکھے اس کی دیکھ بال کرے اسے اپنے بچوں کی طرح عزیز رکھے۔ وہ یہ مت سمجھے کہ اس کا یہ عمل بے کار ہے اور اسے اس عمل پر شاباش دینے والا اور انعام دینے والا کوئی نہیں۔

سن لیجئے حضور۔صلی اللہ علیہ وسلم۔ نے ارشاد فرمایا یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوگا اور پھر آپ انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کھول کر واضح کر دیا کو دیکھ لو جیسے ان دو انگلیوں کے درمیان کوئی اور نہیں اس طرح یتیم کی کفالت کرنے والا قیامت کے دن جنت میں میرے ساتھ یوں ہوگا کہ میرے اور اس کے درمیان کوئی اور نہیں ہو گا۔

Marfat.com

عَنِ الْعَبّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسلّم – یَقُوْلُ :ذَاقَ طَعْمَ الْاِ یْمَانِ مَنْ رَضِیَ لِلّٰہِ رَبّاً وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْناً وَ بِمُحَمَّدٍ رَسُوْلاً ۔

حضرت عباس بن عبدالمطلب – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور رسول اللہ–صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم– سے سنا۔آپ ارشاد فرمارہے تھے:

ایمان کا ذائقہ چکھ لیا جو راضی ہوا اللہ سے ربّ مان کو اور اسلام سے دین مال کر اور (حضرت) محمد (مصطفیٰ) صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے رسول مان کر۔

......☆......

ہمارا اس دنیا میں مشاہد ہے کہ اللہ ہر نعمت کا ذائقہ اور لذت ہے اگر انسان سلیم الطبع ہو تو اس نعمت کے ذائقہ سے لذت گیر ہوتا ہے۔بعض ذائقے عمدہ ہوتے ہیں کہ انسان انہیں عرصہ دراز تک یاد رکھتا ہے۔اگر کوئی آدمی وہ نعمت انسان کے منہ میں ڈال دے تو اسے پرانی یاد تازہ ہو جاتی ہے اور فوراً بول اٹھتا ہے کہ یہ وہی نعمت ہے۔

(۱) صحیح مسلم (۳۴)

marfat.com
Marfat.com

اللہ ربّ العزۃ نے ایمان کو ذائقہ دار نعمت بنایا ہے۔ اگر ایک مسلم سلیم الطبع ہو تو وہ ایمان کی لذت سے آشنا ہوا کرتا ہے اسے معلوم ہے کہ ایمان کی لذت ہر لذت سے بالا ہے یہ ایک بے مثال لذیز نعمت ہے اور اھل ایمان اس نعمت کا ذائقہ زندگی کے آخری سانس تک محسوس کرتے ہیں۔

حضور سید للعالمین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین چیزیں ذکر فرمائیں جس خوش نصیب مسلم میں یہ تین چیزیں ہوں گی اسے ایمان کی لذت محسوس ہو گی اور ان تین فضائل سے آراستہ مومن سلیم الطبع مومن ہے جس کی حسن زوق سلامت ہے۔

**(۱) من رضی با للّٰہ رباً :**

جواللہ کو ربّ مان کر راضی ہوا۔

''رضا'' بہت بڑی دولت ہے جسے یہ نصیب ہو جائے اس کے امور بڑے سہل انداز سے انجام پاتے ہیں۔ جس مومنم وموحد کا اللہ تعالیٰ کی ابدیعت پر کامل ایمان ہے اور پھر ایمان رضا کی حدود کو چھورا ہے تو وہ اللہ کے ہر حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرے گا۔

رضا کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ رضائے عام

۲۔ رضائے خاص

## ۱۔ رضائے عام:

یہ ہر مسلم وموحد ک ونصیب ہے اس کے بغیر ایمان واسلام مکمل ہی نہیں۔ اس کا مطلب بڑا سادہ ہے کہ

Marfat.com

اللہ کو ربّ مان کر راضی ہوا اور غیر اللہ کو رب ماننے کیلئے راضی ہی نہیں وہ دل و جان سے اللہ وحدہ ولاشریک کی ابدیت و ربوبیت کا اقرار کرتا ہے۔

وہ اسلام کو دین مان کر راضی ہے اسلام کے علاوہ کسی کو سچا دین نہیں مانتا اس نے اپنے گلے میں اسلام کی اتباع کا ہار ڈالا ہوا ہے وہ کسی اور ملت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا۔

حضور سید للعالمین رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کو رسول مان کر راضی ہے اور آپ کے بعد ہر مدعی نبوت کو کاذب یقین رکھتا ہے اس کے نزدیک حضور صلّی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ اور آپ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔

رضائے عام والا مسلم بھی ایمان کی لذت کو سمجھتا ہے لیکن اپنی ذوق کے مطابق۔

## ۲۔ رضائے خاص:

یہ دولت اسے نصیب ہوتی ہے جو کامل الایمان ہوا کرتا ہے۔ وہ اللہ کو رب مان کر کیا راضی ہوا کہ اسے احکام الٰہیہ سرانجام دیکر ہی راحت ملتی ہے۔ جب تک کہ وہ عبادت و بندگی کر نہ لے اسے سکون ہی نہیں ملتا۔ یہ رضائے الٰہی اس کی زندگی کا اوڑھنا بچھونا ہو جاتا ہے۔ جو امور عام مسلمین سرانجام دیتے ہیں رضائے الٰہی کی دولت سے معمور ہو مرد مومن ان امور کو رضا و رغبت سرانجام دیتا ہے۔

اسلام کو دین مان راضی کیا ہوا کہ اس کے احکامات قلبی لگاؤ ہو گیا۔ دین کی ہر بات اسے اپنی جان سے زیادہ عزیز ہوتی ہے۔ وہ اسلام کا ایک چلتا ہوتا موقع بن جاتا ہے کو جس کی بھی نظر پڑے وہ اس کے دین پر فرفتگی کا گڑھ ہو جاتا ہے۔

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کو رسول مان کر کی اراضی ہوا کہ آپ کی محبت و چاہت میں ہر چیز

marfat.com
Marfat.com

سے تجاوز کر گیا۔ وہ سوتا ہے تو حضور کی اتباع میں سوتا ہے وہ جاگتا ہو کو خیر الوری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت میں جاگتا ہے اس کا کھنا اس کا پینا اس کا چلنا اس کا پھرنا سب کچھ الامت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوب کر ہوتا ہے پھر وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے یوں محبت کرتا ہے کہ جب بھی آپ کا ذکر خیر آ جائے اس کی بلائیں بھیگ جاتی ہیں اس کی زبان ہر لمحہ درود پاک سے تر و تازہ رہتی ہے۔ اس کے دل میں ہر لمحہ محبت رسول کے موتے پھوٹتے رہتے ہیں۔

ایسا خوش ذوق ایمان کی حقیقی لذت پالیتا ہے اسے ہر چیز سے پان ایمان زیادہ عزیز ہوا کرتا ہے وہ ایمان کی مٹھاس میں یوں مست ہوتا ہے کہ اس کے رنگ رنگ سے ایمان کی مہک محسوس کیجا سکتی ہے ایسے خوش نصیب مسلم و مومن کی قبائے ایمان کو کون تار تار نہیں کر سکتا اور نہ ہی ایسے مسلم و مومن کے ایمان کو خریدا جا سکتا ہے حقیقت میں ہیں وہ الوالعزم افراد میں جن کے بارے میں کہا گیا ہے۔

**ذوق للعم الا یمان ۔**

Marfat.com

# النفقة على العيال

حدثنا ابوبكر بن ابى شيبة وزهيرين حرب وابو كريب ، واللفظ لابى كريب . قالوا حدثنا وكيع عن سفيان ، عن مزاحم بن زفر ، عن مجاهد عن ابى هريرة – رضى اللّٰه عنه – قال : قال رسول الله صلّى اللّٰه عليه وسلّم: انفقته فى سبيل الله ، ودينار انفقته فى رقبة ، و دينار تصدقت به على مسكين و دينار انفقته علٰى اهلك ، اعظمها اجرا الذى انفقته على اهلك ۔

**ترجمة الحديث:**

*حضرت ابو ہریرۃ – رضی اللہ عنہ – سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ – صلّی اللہ علیہ وسلم – نے ارشاد فرمایا:*

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح مسلم | رقم الحدیث(۹۹۵/۲۲۷۴) | جلد۴/صفحہ۲۷۶۷ | |
| السنن الکبریٰ (للنسائی) | رقم الحدیث(۹۱۳۹) | جلد۸ | صفحہ۲۷۰ |
| الادب المفرد | رقم الحدیث(۷۵۱) | | صفحہ۲۶۳ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث(۷۵۱/۵۷۸) | | صفحہ۲۸۱ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| مشکاۃ المصابیح | رقم الحدیث(۱۹۳۱) | جلد۱ | صفحہ۵۳۲ |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث(۱۰۰۷۵) جلد۹ | صفحہ۳۹۶ | |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

ایک دینار وہ ہے جسے تم فی سبیل اللہ خرچ کرو ایک دینار وہ ہے جسے تم کسی غلام کے آزاد کرنے میں خرچ کرو: ایک دینار وہ ہے جو تم کسی مسکین پر صدقہ کرو اور ایک دینار وہ ہے جسے تم اھل وعیال پر خرچ کرو۔ اس میں سے سب سے زیادہ اجر وثواب والا وہ دینار ہے جسے تم اپنے اھل وعیال پر خرچ کرو۔

کنز العمال رقم الحدیث (۴۴۴۴۴) جلد ۱۶ صفحہ ۲۷۷
الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۲۹۱۴) جلد ۲ صفحہ ۶۸۴
قال المنذری: صحیح
صحیح الترغیب والترھیب رقم الحدیث (۱۹۵۱) جلد ۲ صفحہ ۴۲۱
قال الالبانی: صحیح

Marfat.com

**حدثنا حجاج بن منهال قال : حدثنا شعبة قال : اخبرنی عدی بن ثابت قال :سمعت عبد اللّٰه بن يزيد :**

**عن ابی سعود – رضی اللّٰه عنه – عن النبی – صلّی اللّٰه علیه وسلم– قال : اذا انفق الرجل علی اهله یحتسبها فهوله صدقة .**

| | | | |
|---|---|---|---|
| صحیح البخاری | رقم الحدیث(۵۵) | جلد ۱ | صفحہ ۴۲ |
| جمع الجوامع رقم الحدیث(۱۱۱۵) | | جلد ۱ | صفحہ ۱۶۷ |
| سنن النسائی | رقم الحدیث(۲۵۴۱) | جلد ۵ | صفحہ ۷۰ |
| صحیح سنن النسائی | رقم الحدیث(۲۵۴۴) | جلد ۲ | صفحہ ۲۰۹ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ رقم الحدیث(۷۲۹) | | جلد ۲ | صفحہ ۳۵۹ |
| مسند ابی داؤد الطیالسی | رقم الحدیث(۶۱۵) | جلد ۱۷ | صفحہ ۱۹۶ |
| المعجم الکبیر للطبرانی | رقم الحدیث(۵۲۲) | جلد ۱۷ | صفحہ ۱۹۶ |
| صحیح ابن حبان | رقم الحدیث(۴۲۳۹) | جلد ۱۰ | صفحہ ۵۰ |
| قال شعیب الارنؤط: | اسنادہ صحیح | | |

marfat.com
Marfat.com

## ترجمة الحديث:

حضرت ابو سعود-رضی اللہ عنہ- سے مروی ہے کہ حضور اکرم-صلّی اللہ علیہ وسلم- نے ارشاد فرمایا: جب آدمی اپنے اھلِ خانہ پر خرچ کرے اجر وثواب کی نیت سے تو یہ اس کے لئے صدقہ ہے۔

---

| | | | |
|---|---|---|---|
| السنن الکبریٰ للبیھقی | رقم الحدیث (۷۷۵۶) جلد۴ | صفحہ۲۹۸ | |
| قال البیھقی: | رواہ البخاری فی الصحیح | | |
| صحیح مسلم | رقم الحدیث (۲۲۸۵/۱۰۰۲) | جلد۴ / صفحہ۲۷۷ | |
| سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۶۵) | جلد۳ | صفحہ۹۴ |
| قال الترمذی: | ھذا حدیث حسن صحیح | | |
| صحیح سنن الترمذی | رقم الحدیث (۱۹۶۵) | جلد۲ | صفحہ۳۶۵ |
| قال الالبانی: | صحیح | | |
| سلسلة الاحادیث الصحیحہ | رقم الحدیث (۹۸۲) | جلد۲ | صفحہ۶۷۶ |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۲۲۲۴۷) جلد۱۶ | صفحہ۲۸۰ | |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| المسند الامام احمد | رقم الحدیث (۱۷۰۱۹) | جلد۱۸ | صفحہ۲۶۰ |
| قال حمزہ احمد الزین: | اسنادہ صحیح | | |
| الادب المفرد | رقم الحدیث (۷۴۹) | | صفحہ۲۶۳ |
| صحیح الادب المفرد | رقم الحدیث (۷۴۹/۵۷۶) | | صفحہ۲۸۱ |
| تحفة الاشراف | رقم الحدیث (۹۹۹۶) | جلد۷ | صفحہ۳۳۴ |

Marfat.com

# فہرست



| | | |
|---|---|---|
| 1 | مریض کی عیادت | 5 |
| | معمولی سے معمولی تکلیف، گناہوں کا کفارہ ہے | 8 |
| | بیمار آدمی کو حالت بیماری میں اپنی عبادات واوراد کا پورا ثواب ملتا ہے | 10 |
| | بیماری گناہوں کو یوں کھا جاتی ہے جیسے آگ سونے اور چاندی کی خبث کو | 14 |
| | بیمار سے گناہوں یوں جھڑ جاتے ہیں جیسے خزاں زدہ درخت سے پتے جھڑ جاتے ہیں | 15 |
| | اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنے والا گناہوں سے پاک وصاف ہو کر | 17 |
| | ہر گناہ سے پاک | 21 |
| | اللہ کی طرف سے بھلائی وخیر | 22 |
| | جو اللہ کی رضا پر راضی اللہ اس سے راضی | 23 |
| | قیامت کو درجہ کی بلندی | 24 |
| | اھلِ بلاء کے اجر وثواب کو دیکھ کر اھلِ عافیت کی تمنا | 26 |
| | بیمار کی عیادت اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | 28 |
| | ضمانت الٰہیہ میں | 33 |
| | اللہ تعالیٰ کی ضمانت سب سے بڑی ضمانت ہے | 34 |
| | رحمتِ الٰہی میں غوطے لگانے والا | 35 |
| | ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں | 37 |
| | تیمارداری کرنے والا اہل جنت سے | 42 |
| | جنتی میووں میں | 46 |
| | جنت میں داخل ہونے والا | 48 |
| | کمالِ محبت | 51 |
| | حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بنفسِ نفیس تیمارداری فرمانا | 53 |



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 2 | حافظِ قرآن امام الانبیاء کی نظر میں | 59 |
| | مقرب بارگاہِ الٰہی | 63 |
| | قابلِ رشک | 64 |
| | نورِ الٰہی سے معمور | 66 |
| | مستجاب الدعوات | 70 |
| | رحمت کے سائبان تلے | 71 |
| | قدسیوں کا ساتھی | 75 |
| | اسلام کا علمبردار | 79 |
| | اَغْنَى النَّاس | 82 |
| | مشاق رسول | 86 |
| | اشراف اُلامت | 92 |
| | حیاتِ جاوداں | 97 |
| | نجات یافتہ | 102 |
| | عرش الٰہی کے سایہ میں | 108 |
| | والدین کے لئے رحمت | 110 |
| | اھل خانہ پر رحمت | 113 |
| | جنت میں | 115 |
| | حفاظ کرام سے چند گذارشات | 119 |
| 3 | حسن خلق | 131 |
| 4 | جمعۃ المبارک | 145 |
| 5 | توبہ | 163 |
| | باب التوبۃ | 167 |
| | دن اور رات کو اللہ تعالیٰ اپنا دست کرم پھیلاتا ہے تاکہ گنہگار توبہ کریں | 184 |


marfat.com
Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| | سورج کے مغرب سے طلوع ہونے سے پہلے تائب کی توبہ قبول<br>حضرت کعب بن مالک کی توبہ<br>مجلس میں اٹھنے سے پہلے استغفار سے گناہ معاف | 185<br>199<br>219 |
| 6 | زہد<br>زاھد اللہ کا محبوب ہے | 221<br>223 |
| 7 | رمضان المبارک | 235 |
| | رمضان المبارک میں ہر روز رحمتِ الٰہی<br>جنت میں بابِ الریّان سے داخلہ<br>روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں دوں گا<br>بناءِ اسلام<br>گناہوں کا کفارہ<br>صوم نصفِ صبر<br>دخول جنت<br>زمرہ صدیقین و شہداء میں<br>نارِ جہنم سے ڈھال<br>روزہ لا مِثْلَ لَهُ | 237<br>245<br>248<br>254<br>257<br>260<br>264<br>266<br>269<br>275 |
| 8 | بدعت | 279 |
| 9 | چمکتے موتی | 285 |


Marfat.com

marfat.com